[illegible]

[illegible]

۱۲۵۹۳

کلیات سحر

[illegible]

[illegible]

نور افزای احشای مہر درون روشنی فرمای قندیل ماہ تابان

سخن کلام معجز نظام اکسیر تاثیر فیض توقیع مقیم الدولہ راجہ امجد علیخان بہادر قائم جنگ مرحوم والی محمود آباد



متعلق دیوان قصائد و بلاغت عنوان جناب مرحوم و مغفور ممدوح الصدر مسمی بہ

در مطبع اودہ پرکاش لکھنؤ حسب سعی منشی جنید لال مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح امیر المومنین یعسوب الدین علی ابن ابی طالب علیہ السلام

ہون مین انگشت نما زیر سپہر اخضر | روز افزون ہی جو مثل مہ نو کسب ہنر

تیغ مصرع سی قلم اوسکو کری قطع رسا | شاخ طوبیٰ مری خامہ سی مقابل ہو اگر

اوج اپنی طبیعت کا بہم پہونچا ہی | طائر سدرہ سی ہی طائر مضمون برتر

جوہر نطق کی شہرت سی ہوئی ہین پوش | کان مین لعل مین بطن صدف مین گوہر

سخن پاک مرا پڑھتی ہین حوران جنان | شست و شو کر کی زبانونکو بآب کوثر

ہوتی ہین کاسۂ زانو سی دم فکر سخن | منفعل جام جم و آئینۂ اسکندر

کیا تعجب جو مری نطق کی شیرینی سی | نیشکر سان نئی خامہ سی نکل آئی شکر

مطلع

وصف مین اپنی طبیعت کی پڑھون اک مطلع
گو نہین اپنی تمنا اپنی زبان سی بہتر

ہون مین اک کان فصاحت کا جہان مین جوہر
ہی بلاغت مری دریای سخن کا گوہر

جسکو تھی کلبۂ احزان مین مجھی فکر سخن
چند شعر اپنی تعلّی کی جو لکھی یکسر

ناگہان عقل نی آکر کہا خاموش سحر
اپنی تعریف زبان سی نہین کرنا بہتر

سر گری پاؤن پہ کٹ کر نہ کہین مثل چراغ
رکھیئی زنہار قدم حد سی نہ اپنی باہر

شاخ طوبیٰ کی کہان اور کہان تیر قلم
طائر سدرہ کہان طائر مضمون کہین پر

باغ فردوس کہان اور کلام رنگین
کہان مضمون شراب اور کہان آب کوثر

ہو گیا ایسا تو مغرور عیاذاً باللہ
دین و دنیا کی سر مو نہین رکھتا ہی خبر

ہو دی ہی تیری زبان ہرزہ درائی مین دراز
کہین جلنی نہ لگی شمع کی صورت یکسر

اہل تمییز ہر اک تیری کریگا تکفیر
مرتبہ تیری تکبر کا گیا حد سے گذر

تب کہا اوس سی یہ مینی کہ خموش ای نادان
رمز عشاق سی زنہار نہین تجھکو خبر

سخت نادان ہی تو نام ہی گو تیرا عقل
زنگی جس شکل سی کافور رکھی نام بسر

فخر ہی مدح کا اوس شاہ جہان کی مجھکو
ذات سی جسکی منوّر ہی سپہر اخضر

خضر صحرای شریعت مہ اوج عصمت | مہر گردون امامت صدف دین کا گہر

مقصد آیۂ تطہیر لمرضات اللہ | اسد بیشۂ قدرت شہ تیغ اثر

رد ہی مطلع حق قافیہ بیت اللہ | راسخ علم خدا حبل متین داور

انت منی کا پیمبر نے کیا جبکہ خطاب | مرتبہ اوسکی امامت کا کھلا ہرا پر

وال ہی اوسکی امامت پہ علی مولاہ | کرون اک مطلع تازہ شہ تینا مین اب تر

مطلع

بارہا اوسکو پیمبر نے کہا خیر بشر | اسمین ہی شک جسی حقا ہی یہ عنوان اظہر

وارث رتبۂ محبوب خدا ہی بیشک | وصی ختم رسل زوج بتول اطہر

وہ دل و جان نبی یعنی علی عمران | مخزن جود و کرم شافع روز محشر

موج زن سینے مین ہی جوش ثنای شہ دین | اب وہ مطلع پڑھون جو بحر رمل کا ہو گہر

مطلع

کسطرح نام نہ مشہور ترا ہو حیدر | چیر ڈالا ہی شہا مہد مین تو نے اژدر

وصف مین ہی تیری سراپا لکھون کچھ اشعار | گرچہ یہ بات مری حوصلی سی ہی باہر

مدح تجھسے شہ فیجاہ کی کب مجھسی ہو | تیرا مداح رسول اور ثناخوان داور

ہان مگر کچھ مری تائید ادھر سی ہووے | بخشے وسعت مری گویائی کو رب اکبر

ہان سحر جلد سی اب تو رہ مقصد پر چل | ادہم خامہ کو اس راہ مین اب جولان کر

پڑہون وہ مطلع روشن مین ثنا مین اب | جسکے آگی ہو خجل مطلع مہر انور

مطلع

قبلۂ اہل یقین نور خدا کا مظہر | صدف کعبۂ ایمان کا تو یکتا گوہر

تیری ہی نور سی ظلمات جہان ہی روشن | اسی خورشید کی ذرّی ہین یہ شمس و قمر

تیری چہرےکا ہی جز روی نبی کون نظیر | پرتو رخ سی تری دونون جہان ہین انور

صاف ملتا ہی تری رخ سی جو روی یوسف | تیری تصویر کا گر وہ تہا جہا نمونہ مگر

حسن یوسف نی تری نور سی پائی ہی چمک | لمعۂ مہر سی جسطرح کہ روشن ہی قمر

ہی جبین آئینۂ نور تجلّی بے شک | چین پیشانی ہر اک وکشش موج کوثر

خود ہی فرق مبارک پہ نمایان اسطرح | جسطرح ہو مہ کامل پہ چمکتا اختر

ابروون تک ہی جو اک خط الف بینی کا | صاف اوس سی یہ عیان ہی تو ہی باور کر

ایک انگشت سی مانند پیمبر گویا | حسن حیدر سی ہوا معجزۂ شق قمر

نور ہی آیۂ والشمس کا عارض ہی عیان | زلف واللّیل کی تفسیر ہی خاری بر

لوح محفوظ ہی رخ اور قلم ہی کاکل | حال عالم ہی عیان اوسپہ خط زیبا اوپر

حشر تک ہاتھ نہ آئی مری مضمون کو دُم
وصف گر اوس تن پاک کا ہو منظور

گردن پاک ہی اک شمع شبستان صفا
سورۂ نور کی تفسیر ہی پا سر تا سر

قوت بازوی احمد ہین وہ بازوی قوی
سینہ ہی مخزن اسرار خدای اکبر

زیب تن ہی جو تری وہ زرہ داودی
حلقون کی چشمون سی ہوتا ہی یہی نظر

ہمہ تن چشم زرہ ہی پی نظارۂ حسن
بسکہ ہی جسم ترا نور خدا کا مظہر

ہاتھ مخفی ید اللہ ہین ماشاء اللہ
ید قدرت سی ڈہلا سانچی مین جسم انور

آستین ہای ید اللہ ہین تری دستانی
چار آیینی تری حفظ خدای اکبر

پنجہ وہ جس سی کہ خورشید کا پنجہ کانپی
قبضے مین جسکی کہ ہی قبضۂ شمشیر دو سر

کاٹ تلوار کا کیا تیری لکھون یا حیدر
جب صفِ جنگ مین کھینچے تو اوسی دشمن پر

جای جل خرمن ہستی عدو دم بھر مین
برق سان لشکر اعدا پہ وہ برسای شرر

کاٹی بس ایک اشاری مین وہ مانند خیال
راکب و مرکب و چار آئینہ و خود و سپر

پر بچھائی نہ جو اوس وزن زمین جبریل
پھر نہیں جان کا نہ باقی رہی عالم مین اثر

شب دیجور مین جسطرح نجوم رخشان
یون تری تیغ دو سر مین ہین چمکتی جوہر

ہی یہ چالاک وسبک ہاتھ ترا حملی کی وقت | ماری تلوار جو گردن پہ عدو کی جاکر

اس صفائی سی وہ گذر جای گلی سی اوسکی | سر جدا پہلی ہو مقتول کو پیچھی ہو خبر

جب صف جنگ مین تو نعرۂ تکبیر کری | سینہ پھٹ جای عدو کا وہین اور شق ہو جگر

جلوہ گر ہاتھ مین جب تیر کمان ہو تیری | خوف سی جان عدو جسم سی کر جای سفر

ہی وہ پرگیری تری تیر کی انی نفس سی پہلی | طائر روح عدو کی پہ وہ اڑتی ہی پہ

ہاتھ مین تیری جو نیزہ ہو میان جنگاہ | شکل غربال خوارج کا مشبک ہو جگر

تیغ احمد کی تری دست سی ہی پشت پناہ | پایداری تری قدمون سی ہی دین کو یکسر

زیر ران ہی تری گلگون سبک گام ہما | دلدل برق تگ و گرم روش و باد سیر

کیا کرون تیزی کا اوس رشک صبا کی مین بیان | جنبش باد سی ہلجای عنان اوسکی اگر

کرہ نار سی مانند شہاب ثاقب | گذری اور لای نہ گرمی عرق ماتھی پر

یہ نہین جلوہ نما شام کو گردون پہ ہلال | نعل اک اوسکا گرا ہی فلک اخضر پر

مینخ نعل اوسکی اگر ہوتی نہ پی استحکام | ٹھہری کب نقش قدم اوسکا زمین کی اوپر

تیر گر ماری تو اعدا پہ اوٹھا کر رہوار | پہونچی یہ جلد وہ برباد کن باد سحر

لگنی پائی نہ ابھی سینۂ اعدا پہ تیر
جا کی تو تیغ سی پہلی کری اوسکو بی سر

جلد ہی کب اوسکی احاطہ مین سخن کی آئی
بند ہو سکتی نہین مٹھی مین باد صرصر

تھوتھنی خوشۂ پروین ہی تو دم خط شعاع
ماہ تو نعل اگر ہین تو ہین سم قرص قمر

بات کچھ ہو نہ سکی تیری سراپا مین شہا
طول گو مینے دیا حد سخن سے باہر

مین تو کیا کاشی و حسان عجم با لب خشک
ما عرفناک سی ہین مدح مین تیری زخ سر

مستحد ذات تری ہی بہ نبی مرسل
مدح کر سکتا نہین جسکی کوئی جز داور

مرتبہ تجکو دیا ہی وہ خدا نے شاہا
جبھہ سا ہین در عالی پہ تری شمس و قمر

طالب مثل ترا دہر مین ہی فرض محال
یعنی چہرہ ہی ترا نور خدائے اکبر

دیکھیے چشم بصیرت سی تو آیا لولاک
شان مین تیری ہی لی ہی نور خدا اوپر

یعنی ہی نور ترا نور نبی سے واحد
کلمہ پہ تری مداح کی ہے مد نظر

روح تم دونون کی ہی ایک ہین گو دو قالب
آنکھین دو جیسے کہ ظاہر مین ہین ایک بصر

کند ہی طبع مری اب نہین یارای سخن
ہی قلم ہاتھ مین انگشت ششم سی بدتر

تجھسے تائید کا طالب ہی حسن علی عمران
لطف کر مجھ پہ تو اے بادشہ جن و بشر

کیا مین مدح کرون اور دل و جان سی تیری | پڑہون مطلع کہ خجل جس سی ہی صدف مین گوہر

نسخۂ ذاتِ علی نور سی لکہی سر تا سر | پاؤن تو نی جو رکہا دوش نبی کی اوپر

انبیا ساری ہوئی تجہسی کمک کی طالب | تیرا احسان ہی ہر ایک نبی پر یکسر

تیری باعث سی ہوئی توبۂ آدم مقبول | کشتی نوح بہی تیری سبب یا حیدر

نور تہا تیرا ابہی صلب خلیل اللہ مین | ڈہیر ہو لونکا بہلا آگ نہوتی کیونکر

تہا زبس نام ترا ورد زبانِ یونس | شکم حوت سی زندہ نکل آیا باہر

وقت داؤد مین آہن نہ کبہی ہوتا موم | تیری الفت کا اگر دل مین نہ کہتا وہ اثر

نام تہا تیرا سلیمان کی نگین پہ منقوش | اس سبب اوسکو ملی سلطنت جن و بشر

واسطہ دی کی ترا جبکہ طلب کی اولاد | دیا یحیی سا خدا نی ذکریا کو پسر

بسکہ الفت نی تری ایسا دیا موسی کو | ہم سخن طور پہ خالق سی ہوا وہ جاکر

نام ہو لیکن ترا ورد زبانِ عیسی | لب جان بخش مین باقی نہ رہی اوسکی وہ اثر

شب معراج جو کی سیر نبی نی بفلاک | دیکہا سب تجہی تماشا وہ بروی ستر

کیا عدالت کا تری حال بیان ہو مجہسی | باقی عالم مین نہین اب ہی مٹا ہی کا اثر

محتسب تاک مین ہی وہ ہو مین ٹہلا نیکی
نمی نکلتی نہین اس ڈر سی عنب کی باہر

دخل کیا ظلم کسی پہ ہو تمری ہیبت سی
شیر سی بچۂ آہو نہین رکھتا ہی خطر

چاند نی ظلم جو کرتی ہی کتان کی اوپر
منخسف بس اسی پاداش مین ہوتا ہی قمر

بس کہ مشہور ہی خونریز اسی جم پہ بس
تیغ ابروی ہی علم چشم تبان کی اوپر

حال بلبل پہ جو بیرحمی سی گل ہنستا ہی
لال منہ کرتی ہی بس سیلی باد صرصر

ہان سحر روک لی اب توسن خامہ کی عنان
ختم کر مدح یہ اشعار دعائیہ پہ

جب تلک گلشن عالم رہی سبز و شاداب
جب تلک الفت بلبل کا رہی گل مین اثر

رہی جبتک کہ زمین فرش برائی آدم
سقف جبتک رہی آئینہ چرخ اخضر

تا زمانی مین رہی شعر و سخن کا چرچا
طبع جبتک کہ سوی ملک سخن ہو رہبر

رہی سرسبز سخن میر امیان فصحا
بخش وسعت مری گویائی کو حد سی باہر

دیکھی جو میری مطالب ہین وہ آئین شتاب
نخل امید عدو کا رہی بی برگ و ثمر

تھو طیبہ سی یا ؤن نجف مین پی مدفن مین جگہہ
تابش حشر کو دامان علم ہو سر پہ

ہو بہرہ مند زیارت سی تری جلد سحر
پھر شاہ شہدا اپنا اسی زائر کر

قصیدہ در مدح امام ثانی عشر محمد ابن الحسن علیہ السلام

توان ساقی نوروز سی چمن ہی نہال — می نشاط سی ہر جام گل ہی مالامال

بہار خلعت نوروز کرتی ہی تقسیم — زر شگوفہ لیی نذر کو ہین سارے نہال

صبا کو حکم ہی فصل بہار آتی ہے — چمن سنے نکہت گل جا بی بہر استقبال

شکم سی حوت کی نکلا جو یونس خورشید — جلوس برج شرف مین کیا بجاہ و جلال

لٹا رہا ہی زر گل سی گنج باد آورد — کمال فیض پہ ہی خسرو بہار امسال

ہوا ہی جوش طراوت سی جہان سیراب — صدف کی منہ مین ہین قطرہای آب زلال

خزان گئی چمنستان مین اب بہار آئی — عوض سموم کی چلنے لگی دبور و شمال

زبان برگ گل و نسترن ہی کرتی ادا — ہزار رنگ سی شکر محول الاحوال

ثمر سجود مین ہین اور رکوع مین شاخین — قیام مین ہی ہر اک نخل اہل زہد مثال

اوٹھائی ہاتھ برای دعا ہی نخل چنار — پھلو نسی سبحہ بکف ہی ہر ایک شاخ نہال

ہر ایک شاخ جو تھی راست مثل تیر شہاب — سو برگ و بار سی خم ہی مثال برنگ ہلال

ق

نسمجھو نہر و چمن مین یہ آب سبزہ کا جوش — چمن مین خرمن گلہای تر کرو نہ خیال

سمایا ارض کی طینت مین بسکہ جوہر جود — خمیر خاک دفینونسی تھا جو مالا مال

بسان دست کریمان گنج گوہر بخش — لٹاتی نقرہ و زر ہی ہزار ہا مثقال

عیان ہی خاک سی جوش بہار آئندہ — ہی شیشہ وار زمین بسکہ تہ تمام احوال

گلونسی صحن گلستان ہی رشک عارض حور — پڑی ہی کیطرح خالی سحاب نی بیوبال

نہاد باد طراوتسی بسکہ ہی معمور — پیین نہ دودہ اگر ایک لمحہ بھی اطفال

طبیب نبض جو دیکھے جنون کی تشخیص — پری زدہ ہی بتائی جو کوئی کھولی فال

شفق سی چرخ نی اوڑھی ہی شال گلناری — زمین کی دوش پہ اچار باغ ہی شال

ہجوم لالہ و گل باغ پر نہین موقوف — زمین تمام ہی لطف بہار سی خوشحال

ہی رشک دامن گلچین ہر ایک دامن دشت — ہی غیرت سبد گلفروش ہر گودال

ہی رشک سینۂ شہباز ابر سی رخ چرخ — خجل کہین دم طاؤس ہین گلونسی جبال

نہین حباب عیان عکس آتش گل سی — یہ پڑ گئی ہین لب جو پہ آبلہ تبخال

ہی خوان ناز مین سبزہ چمن کی دامن پر — ادب سی مروحہ جنبان ہی موج باد شمال

لکھون جو رتبہ دوانی رنگ فیض بہار — قلم ہو شاخ گل اور غیرت رگ گل نال

دل ہانہ گیا ہی بہار نے رنگین
ہی غیرت رگ گل ہر قلم کی جدول مثال

ہی جوش سبزہ و گل سی یہ تنگ پست و بلند
کہ خاک دشت ہی سبز بر خمرہ و مین جبال

ہی بار یور زر گل زیب بخش ساعد شاخ
ہی شاخ سنبل تر پا ہی و مین خلخال

زبان بلبل شیدا پہ ہی یہ مطلع تر
عروس باغ کا خرم ہی دیکھکر جو جمال

مطلع

نہین ہی غنچہ پیچان نقاب روی نہال
بہار نی پی حفظ ثمر اوڑہا ہی مین جال

مزاج نازک گل سی ہی بلبلونکو جو خوف
بسان غنچہ زبان سوال بوسہ ہی لال

ہمیشہ لالی کی مکحل سی سرمہ کھاتی ہین
کہ تا نہ اونسی ہو سرد کوئی گرخت مقال

وفور نشو و نما ہی یہ جوش نامیہ سے
کہ دانہ گرتے ہی اک شاخ ہوتا ہی فی الحال

نہین ہی قوس قزح آسمان پہ جلوہ نما
یہ بیل ابر کی رنگی گئی ہی مثک لال

نہین یہ لالہ ستان و شقائق و نعمان
خزان کی خون سی رنگین ہوئی ہی تیغ جبال

قوای نامیہ سی ہی نمی مین یہ بالیدہ
کہ آسمان کو سمجھتی ہی سبزہ پامال

نمو ہی تخم شرر گل ہی سنگ خارا سے
نہین یہ لالہ خود رو نقاب روی جبال

ہی بسکہ ریشہ دوانی قوای نامیہ کی
سپند آگ پہ ہوتا ہی سبز و تر فی الحال

ہی دشت و راغ کی رشک پہ نذر و تم زمین
زبان جا رہی منقار کبک آسا لال

خرابی ہو گئی فیض بہار سی آباد
ہی تودہ تودہ گل و سبزہ جا بجای سنگ و سفال

الف کیطرح سی جس شاخ کا تھا قامت راست
ہی بار گل سی لچک کر خم اب وہ صورت دال

بنا ہی الف سرِ سرو باغ سنبل تر
ہی داغ لالہ و گل عارض چمن پہ خال

یہ رنگ سبزہ و گل ہر طرف ہی عکس فگن
کہ سنگریزون پہ ہی عالم زمرد آل

قوای نامیہ نی خشک و تر مین دخل کیا
دل عقیق سی سرزد شجر کی ہی تمثال

عجب نہین جو یہی ہی عروج نشو و نما
شجر عقیق کی بھی برگ و بار سی ہی نہال

زبس ہوا مین تری ہی جو ہو گلاب قلم
گلاب شاخ خون کو دیکھ فشار لیجی نکال

بنا ہی شاخ سرین گوزن دست چنار
ہین برگ و بار سی خمدار شاخہای غزال

نیام شاخ سی ہی تیغ برگ بید علم
کریگی فصل بہاران خزان کا استیصال

نہین لچکتی شگوفون کی بوجھ سی شاخین
کبادہ کھینچنے کی مشق کر رہی ہین نہال

ہی تختہ زرد چنبیلی کا زعفرانی کشت
شگوفی سی ہین نکالی ہنسی مین دانت نہال

چاسی ہین متبسم جھکای سر غنچے
ہین غش مین خاک پہ گل ہنستی ہنستی مست خیال

ترانہ سنج تو بلبل ہی ہی نغمہ خوان قمری
نسیم برگ کی جنبش سی دی ہی تال

بہار کھیلتی ہولی ہی وہ موسم ہی اس فصل
ہزار رنگ کی لاتی ہی سبھی انگ ابکی سال

ہی دست شاخ پہ سوزان شگوفی سی کانوز
ہوا اڑاتی ہی ہر لحظہ رنگ گل ہی بال

نہین ہی جامہ شفق سی پیرہن سرخ
یہ رنگ مہر کی پچکاری سی دیا ہی ڈال

غبار کاکل سنبل پہ ہی عبیر فشان
بہار لالی کی چہرہ پر مل رہی ہی گلال

یہ قمقمی ہین بھری رنگ سی ہری ہر سو
درختون مین ہین یہ نارنگیان کرو یہ خیال

کرون غزل وہ بہار یہ ای سحر موزون
ہو عندلیب بھی سنکی خرم و خوشحال

غزل

بہار باغ ہی ساقی پلا شراب وصال
چمن مین مست بہ رنگ صبا پھرون خوشحال

او تار نشہ کا کرتا ہی روی ساقی سرخ
کہ نیز ہوتا ہی لالی کا رنگ وقت زوال

کباب ہوتا ہی دل دیکھکر شراب کا رنگ
نہین ہی پاس جو ساقی آفتاب جمال

ہزار گل ہون شگفتہ پہ دل نہین کھلتا
مین باغ دہر مین شاید ہون غنچۂ تمثال

ہی فیض صبح بہاران سی گرچہ سب کو حصہ
ہون تیرہ بخت سبھی مین اسیر شام ملال

نکیون ہین کوکب بخت سیاہ سی ہین شاد
کہ خال یار کا رہتا ہی مدنظر مین خیال

اوسی سرور بھلا کیا گلونکی کھلنی سے
کہ جسکے دلمین کھٹکتا ہو خار رنج و ملال

کری گریز وہ مجھہ تیرہ بخت سی ہر چند
پر اوس پری کا نچھوڑونگا سایہ سان دنبال

جو سوی باغ خرامان ہوئی وہ سہی قامت
تو در تلک آئی ہار[illegible] استقبال

مقابل اوس سی ہوئی جو خورشید و ماہ کا منہہ ہی
جہان مین خلق ہوا ہی وہ بی نظیر جمال

رہا مین ای سحر امید وصل پر جیتا
وگرنہ ایک نفس زیست ہجر مین ہی محال

ثمر کا شاخ سی گر ہی کبھی پھسلتا پاؤن
تو ہاتھون ہاتھ اوسی لیتی ہی کیا نہال

ہی سیر باغ کا ازبسکہ ہر جوان کو شوق
اوڑائی سیر گلستان نی خوش قدونکی چال

بہم یہ عاشق و معشوق مین تو الفت ہی
کہ آفتاب سی شبنم ہی بہرہ یاب وصال

جو گوش گل سی سنے باغ نالہ بلبل
لہو یہ روئی کہ ہو جائی چشم نرگس لال

لکھون وہ مطلع رنگین کہ دیکھکر جسکو
بہار کو نظر آئی بہار نو کا جمال

مطلع

ستارہ ریز شگوفہ ہوئی زبسکہ نہال
ہی رشک چرخ مکوکب یہ صحن زمین مثال

ہوا یہ بوقلمون ہی کہ زاغ کی تصویر
جو کھینچین صفحہ پہ طاؤس کی ہی تمثال

یہ انبات وجہ تلک ہی اوج نشو و نما — کہ ہر خیابہ ہی چتر آسمان ہی تخت شمال

سپہر سا ہوئی بالیدگی سی بنکہ جبل — کہ سبزہ فلک سبز چیرہ ہی ہاین غزال

فسان چرخ کی رگڑ سی جو کہائی گردش سی — بسان تیغ ہوئی آبدار تیغ جبال

شعاع مہر سی روشن جہان ہی جو قلمرو — ہی زاغ شب تلک اب مثل مرغ زرین بال

ستم سی [illegible] کارونکو ہی فسردہ رسان — کہ زیر خاک گئی دہو جیدہ اعمال

نہ کسطرح سی ہو عالم تمام رشک بہشت — نسیم عدل سی وو زمین ہی مالامال

ہی اوسکا نصر جو ہی نہال باغ رسولؐ — بہار گلشن ایمان خدیو تخت جلال

ہی پارہ جگر پاک بضعۂ احمد — ہنر بہشتۂ قدرت کا آہنین چنگال

سرو رسینہ سرور ریاض مرتضویؑ — بہار باغ رسولؐ مہیمن متعال

نہو گرا وسکی تہو رسی پشت گرم بہار — کبھی نکر سکی فوج خزان کا استیصال

نہو جو ناخن تدبیر اوسکا عقدہ کشا — صبا سی غنچون کی حل ہون عقدہ اشکال

بسان حیدر صفدر ہی کافرون پہ اسد — نمونۂ اثر قہر ایزد متعال

زبان پہ اوسکی ہین مثل سوانح ماضی — تمام صورت حال فرمودۂ استقبال

نظیر اوسکا زمانی مین بعد جد و پدر | ہی چشم اہل بصیرت مین عین فیض محال

مطلع

پڑہون جو مطلع روشن اوسکی مدحت مین | کری جو مطلع خورشید حشر کو پامال

ہی جانشین علی زیب تخت جاہ و جلال | ہی اوسکی ذات سی دین نبی کو استکمال

حرام دشمنون پر اوسکی ہی نظارۂ حور | نعیم خلد ہی جسطرح دوستون پہ حلال

محب خاص جو مرتا ہی یاد مین اوسکی | نسیم خلد کی آتی ہی بہر استقبال

ہر ایک حور جنان غرفہ سی نکال کی سر | اشارہ کرتی ہی اور کہتی ہی تعال تعال

لکھی جو عاید عدیلہ جواب نامہ پہ ہی | کہ سنگے خاک نگین مین [illegible]

عریضہ لکھتا ہی جو مومن عقیدت کیش | وہ مشکلات کا ہوتا ہی بیگمان حلال

سخی ہی ایسا کہ بخشے اوسی خطا و ختن | جو مشکنافہ بکا اگر کری فقیر سوال

لکھون حساب جو زر بخشی امام کا مین | قلم ہو اک نی زرین طلائی تا ہو نہال

عطا ہو درہم و دینار ماہ و مہر تلک | طلب کی ہی جو فقیر اوس سخی سی ایک ریال

لکھون جو وصف کف دست گنج گوہر بخش | قلم ہو ابر گہربار نقطے عقد لآل

سخاوت اوسکی ہی تخمینہ سی فزون ایسی | کہ جنبش [illegible] سی خالی ہی [illegible] ہمیان

اثر ہی اوسکی مس دست پاک کا ایسا — کہ خاک ریتی در ریزہای سنگ و سفال

خدا کا مخزن اسرار ہی وہ بیشک و ریب — نبی کیطرح سی اعجاز مین ہی دست کمال

نبی تھی ہاتھہ مین اوسکے گہر دم انتیا — کف نبی مین کیا سنگریزون نے جو مقال

ملی ہی اسکو شجاعت علی سی ورثہ مین — بنای کفر مین ڈالی نہ کسطرح زلزال

بجا کہ خلق جہان ایک جسم و دل ہو کر — مقابل اوسکی ہون گاہی میان دشت قتال

بسان قوم ہوازن ہوا سی اوڑ جائین — جو لی نیام سی وہ تیغ ذوالفقار مثال

گروہ دشمن اوسکا ہو بدن زرد منہ ہو خشک دہن — زبان ہو خوف سی ہر ایک کی جون گرفتہ کی لال

قدم نہ بی مدد غیر اوٹھین بسان قلم — ہر ایک تیغ پکڑ لے نیام صورت نال

نگاہ گرم کری قہر سی جو دشمن پہ — وہ خشک جب ہو پی آب تیغ ہو فی الحال

گداختہ ہو یہ آہن خمیر تک بہ جائی — جو تیغ پوچھی کوئی ہاتھہ مین چلی رومال

ہلالکی تیغ سی یون جب ہو برش ہون دو در — کہ سانپ کیچلی دیتا ہی جسطرح سی ڈال

نہیب تیغ علی گر کری وہ میدان مین — تو دست بیژن و رستم سی چھٹ پڑی گوپال

عمود صبح سی جیسے فرار فوج نجوم — ہوا اوسکی ہیبت سر گرز سی صف ابطال

نگاہ قہر سے دیکھی جو آسمان کیطرف / تو ترک چرخ بھی ہتیار ہاتھہ سی ڈالی

رقم کرون وہ صفت مین اوسکی دو مطلع / کہ جنکے وارہی ہن بیچ کوکب اقبال

مطلع

جو آئی ہو کی مسلح وہ مہر چرخ جمال / بسان تیر ہون کور دیدہ [illegible]

کمان کی حلقے مین دیکھین عدو جو اوسکا جمال / ہی بیچ قوس کے غنچہ رخ عدو یہ خیال

جو سہم تیر کا اوسکی فلک تلک پہونچی / تو مہر و ماہ مشبک ہون صورت غربال

کمان ہی قوس اجل کہکشان ہی زہ اوسکا / ہر اک خدنگ مین تیر قضا کی [illegible] افعال

وہ آبدار لکھون اور ایک مطلع تر / کہ جسکی مصرع موزون ہین نخل بار آمال

مطلع

جو اوسکا تیر چلی سوی لشکر ابطال / بدن سی روح عدو نکلی بہر استقبال

علم جو تیغ دو سر شکل لام الف وہ کری / دوتا ہو دال کے مانند قد رستم زال

صفت مین تیغ کی اوسکی پڑہون جو مطلع عام / کہ جسکی خاک سیہ ہو ہر ایک دشمن آل

مطلع

کبھی جو میان سی وہ آبدار برق مثال / فرار خوف سی کرجائین مثل فیل جبال

اوٹھائی ہاتھ جو وہ کرکی تیغ تیز علم / تو زیر حوت ہو گا ذمین نہان فی الحال

کمر کوہ کی گر عکس تیغ تیز پڑے / شرار سنگ مین جم جائین جون [illegible] مثال

اگر نہ کاہ ہی کہ باد پائی منہ مین ہے
پناہ کوہ کو اوس تیغ سی ہی نہجت محال

پڑہی نہ فلک پہ تو یون کاٹ کر نکل آئی
کہ تیغ برق سی جیسی قلم ہو ابر کی ڈہال

کری نہ بازوی قدرت جو وقت رزم بلند
برنگ بحر ہو اجرام چرخ مین زلزال

نہان ہو حوت کی بلبلہ مین دوڑ کر بہرام
اسد حمل سی کری امن کی جگہ کا سوال

جو جبرئیل کی یاد آئی قصہ خیبر
اور آئی برّش تیغ علی کا دل مین خیال

برنگ غنچہ پہ تیر مردہ شاخ سدرہ پہ
ہجوم خوف سی اپنی سمیٹ لی پروبال

کرون نہین اوسکی اگر یاد پاکا وصف شتاب
زبان دہن مین ہو پیہ اضطراب برق مثال

کہ شکل سب اوپہ مجسم ہوا ہی عنصر باد
کہ اوسکی سایہ کو بھی ہمسری ہی اوسکی محال

خیال آتا ہی مجکو جو وصف کا اوسکے
زبان ہی کہتی کہ اس صلہ کو دیسی نکال

بجا ہی اوسکو جو ثانی ذو الجناح کہون
فلک خرام ہی وہ برق تک براق مثال

ہمرانک کا اوسکی ہی نام تیر شہاب
فلک پہ عکس سم و نعل کا ہی بدر و ہلال

اگر ستارہ دنبالہ دار دُم کو کہون
شجاع مہر سی وحشت کرو تو [illegible]

جو زلف حور سی ہی جھنگلو اوسکی نسبت دون
تو نافہ خشنی سی ہی آشفتہ اوسکا ہر اک بال

عبیر زلف اوڑاتی چلین بجای غبار — جو حورین دیکھ لیں وہ دلفریب اوسکی چال

دم خرام سم و نعل دیکھی جو وہ سکہی — رکاب مہر درخشان مین قطرہ زن ہی ہلال

دو چند ہوتا زحل سی کہین بطی السیر — نہ دیتی گر مہ کامل کو اوسکی سم سی مثال

جو اوسکی باگ اوٹھا کر وہ شہسوار جہاوی — عدو کو تو اپنی کری تیر مار جیکا خیال

نکلنی پائی نہ ترکش سی ناوک دلدوز — ہنوز شانی سی اوتری نہ چیچ چرخ شمال

وہ اتنی عرصہ مین مانند موج صرصر تند — برنگ سبزہ صف اشقیا گری پامال

جو وقت جست کری آسمان کو زیر قدم — تو اہل عالم بالا کو ہو سرور کمال

لب ہلال سی لی بوسہ رکاب سپہر — قمر ہو داغ جو دیکھی سم اوسکی بدر مثال

جو منع نعل سی دون جسم قطب کو تشبیہ — تو ماہ سی ہو وہ دہ چند گرم استعجال

سوار ہو کی جو پہیری وہ شہسوار اوسی — صبا کی دلمین مچی اور اوسکی ہمرہی کا خیال

ادہر تو موج روانی باد جنبان ہو — یہ شرق و غرب سی پہر آتی ہی جو بتہال

وہ تیز گام ہی ہنگام جست و خیز اسپا — نہ جسکی گرد کو پہونچی غزال وہم و خیال

جو فی المثل ہو عدو سر زمین خاور مین — ہو واقعہ اوسکی قتل [illegible] ہاتھ [illegible] خال

یہ ہاتھ قبضہ پہ کھلکر اوسی کری مہمیز — نکالی دامن زین سی جناح استعجال

کبھی نہ ایک وہ جب بھی نیام سی شمشیر — کھڑا ہو سر پہ وہ اوس خصم نگرفتہ کی فی الحال

زمیں ہی گرم تگاپو مدام مثل صبا — تخیلی مین بہی اوسکی شکل ہی اشکال

غرضکہ مدح و ثنائی جناب صاحب امرؑ — ادا ہو مجھسی کیا ہی مری نہ بانکی مجال

زبان احمد مرسل ہی اسکی ثنا ہر حال — کہ اوس ولی کا ہی مداح ایزد متعال

نہان ہو جیسی کہ خورشید زیر دامن ابر — وہ چشم خلق سی پنہان ہی اسطرح فی الحال

کتاب جسمین ہی اثبات غیبتِ شہ دین — حدیث رجعت اوسکی ظہور پر ہی دال

ظہور جب وہ کریگا خلاصۂ ایجاد — زمانہ عدل سی ہو جائیگا یہ مالامال

کوئی نہوگا زیادہ ستمگرونسی ذلیل — فقیر حاکم جابر کو کچھ نہ سمجھینگی مال

ضعیف ہونگی یہ مضبوط دی کہ نوک ناخن سی — ہر اک پلنگ نکالیگا خار پای غزال

نگاہ قہر سی دیکھی جو تشکر کیا طاقت — کریگا کاکل ہدہد مین شانہ چنگال

کریگا عدل سی اضداد خلق کو صلاح — کسی کی دل مین کسی سی نکچھ رہیگا ملال

خوشی سی رخت کتان ماہتاب پہنیگا — کریگی جانب مجروح چاندنی نہ خیال

یہ امر و نہی سی معمور ہوگا روی زمین
محرمات سی طبع جہانکو ہوگا ملال

جدا اگر نیکی گلو صوت خوش سی یون تحریر
کہ تار زلف سی بل جیسی شانہ ڈالی نکال

خمین ہین مین سمائین کی گنج قارون زر
کرینگی خشت سر خم سی می نمک کا سوال

سوا ہی زہد و عبادت نہوگا شغل کوئی
خدا کا فضل یہ بندونپہ ہوگا شامل حال

پھرینگی ملتی شیاطین ہی کف افسوس
رہی گی وسوسہ کرنیکی ایک کو نہ مجال

فروغ مذہب حق ہوگا نور بخش جہان
نہو گی ظلمت کفر و نفاق ذرہ مثال

وہ عصر مجکو بھی جلد سی یا خدا دکھلا
یہ آرزو ہی کہ دیکھون امام دین کا جمال

کرون رکاب ظفر انتساب مین اوسکی
جہاد لشکر اعدا سی با دل خوشحال

بہت سی مدحت غائب مین کی سخن سنجی
یہ وقت ہی سحر بیدل و شکستہ مقال

کہ اب حضور ہی مولا مین عرض کر مطلب
ہی اس قصیدہ کی کہنی کا غرض حال مآل

تنہا فلک نی نہایت مجھی ستایا ہی
زمانہ مستعد کینہ ہی بقصد جدال

بسان عقرب جرارہ نیش زن ہین عدو
اب اونکی کاوشونسی اک نفس ہی جینا محال

ہر ایک سمت سی ہی جا بجا نکا جوش خروش
تمام روی زمین ظلم سی ہی مالامال

کوئی بچاؤ کی صورت نظر نہین آتی | مگر ہو فضل ترا مجھ حزین کی شامل حال
شہا بروح جناب محمدؐ عربی | بروح شاہ نجف حیدر ستودہ خصال
بروح سیدۂ پاک بضعۂ احمدؐ | بروح اطہر سبطین شاہ وحی مقال
بروح پاک تمامی ائمۂ نجبا | بحق جملہ شہیدان دشت رزم وقتال
جو مومنین ہین مری دوست وہ رہین مسرور | عدو مری جو منافق ہین سب ہوون پامال
مرا سپہری جو دیسے غلام حضرت کا | رہی جہان مین سلامت مدام با اقبال
عطا ہو عمر خضر اوسکو یا امام زمان | کہ اوسکی سائہ دولت مین پیر ہون اطفال

گل نجوم ہین جب تک کہ زیب گلشن چرخ
گل مراد سی دامن ہوا وسکا مالا مال

مخمس بر ہفت بند ملا محسن کاشی علیہ الرحمہ

بند ۱

السلام ای ماہ اوج وتش ختم المرسلین | السلام ای ہل اتی افسر شہ بلغ العلمین
السلام ای نوربخش شمسہ عرش برین | السلام ای سایہ ات خورشید رب العالمین

آسمان عز و تمکین آفتاب داد و دین

السّلام ای قوت بازوی ختم المرسلین — السّلام ای ذات پاکت زیور عرش برین

السّلام ای افتخار عیسے گردون نشین — السّلام ای سایهٔ خورشید رب العالمین

آسمان عز و تمکین آفتاب داد و دین

السّلام ای شهسوار دوش ختم المرسلین — السّلام ای زیب عرش و زینت خلد برین

السّلام ای نفس پیغمبر امام المتقین — السّلام ای سایهٔ خورشید رب العالمین

آسمان عز و تمکین آفتاب داد و دین

باغ خلق و لطف کی ہین اک چمن ہشت خلد — نکہت گیسوی اوسکی ہین معنبر ہشت خلد

ہفت دوزخ حکم مین قبضہ مین کشور ہشت خلد — مفتی ہر جایہ دفتر خواجہ ہشت خلد

داور ہر شش جہت اعظم امیر المومنین

مظہر اکرام ایزد مطلع انوار غیب — عروة الوثقای دین گلدستہ گلزار غیب

شارح تاویل قرآن مخبر اسرار غیب — مقصد تنزیل بلّغ مرکز اسرار غیب

مطلعِ یتلوه شاہد مقطعِ حبل المتین

دیدهٔ علم الیقین آئینہ دار کشف — واصل حق چہره آرای نگار کشف

مالک لوح و قلم صورت نگار لو کشف | یعنی | عالم علم لدنی شہسوار لو کشف

ناصر حق نفس پیغمبر امام المتقین

ماحی آثار بدعت دافع بیداد خلق | ابن عم | مرجع ارباب حاجت منبع امداد خلق
ہی فقط لولاک کافی بہر استشہاد خلق | | صورت معنی فطرت باعث ایجاد خلق

بہترین نسل آدم نفس خیر المرسلین

تاجدار انت منی شہسوار لافتا | | جسکی اک ضربت دو عالم کی عبادت سے سوا
اختر برج شرف ماہ سپہر ارتضا | | صاحب یوفون بالنذر آفتاب انما

قرۃ العین لعمرک نازش روح الامین

گھر مین خالق کے ہوا پیدا وہ شاہ انس و جان | | دوش احمد پر چڑھا اللہ رے اوج قدر و شان
رونق عرش برین زینت دہ کون و مکان | | در جہان از راہ حشمت چون جہانی در جہان

بر زمین از روی رفعت آسمانی بر زمین

جو ترے فیض سے ہی شاہ دو مخزون مستفیض | | سبز کشت شش جہت ہی باغ وہ مامون مستفیض
ابر رحمت سے ہی جیسے ربع مسکون مستفیض | | از عطای دست فیاض تو گردون مستفیض

وز ریاض نزہت طبع تو رضوان خوشہ چین

شور ہی حشمت کا تیری قاف سی تا بقاف
جم تیرا محکوم ہی تابع سلیمان بی گزاف

کر سکی کب تیری آہ شرع سی خضر انحراف
کاتب دیوان امرت موسی دریا شگاف

پردہ دار بام قصرت عیسی گردون نشین

جلوہ تیری حسن کا ہی مہر محشر سی فزون
گر دہ تصویر تیرا روی یوسف کو کہون

کون ہی جز مصطفی کس سی تجھی تشبیہ دون
نقشبند کاف و نون از بد و فطرت تا کنون

ناکشیدہ چون تہ خار تو نقش مبین

خوف حق سی بسکہ روئی دیدہ گریان عمر
گو ہر طاعات سی معمور تہا دامان عمر

صبر و شکر و زہد و تقوی تہا سر سامان عمر
ناشنیدہ از زبان حصد تا پایان عمر

بی رضای حق ز تو حرفی کراما کاتبین

یا علی فوق المراتب ہی ترا جاہ و جلال
عالم ایجاد مین ہی ممتنع تیری مثال

ہمسری کی تجھسے مخلوقات کو کب ہی مجال
مثل تو چون شبہ ایزد در ہمہ عالم محال

در بود ممکن نہ الا رحمۃ للعالمین

آنکه از اسرار او محرم رسول اللہ بود
زوجہ اش زہرا و ابن عم رسول اللہ بود

از سرور شادیش خرم رسول اللہ بود
وز ملال خاطرش در غم رسول اللہ بود

آنکہ مداحش خدا ہمدم رسول اللہ بود
گر کسی ہمتاش باشد ہم رسول اللہ بود

بند دوم

تیری اوج قدر تک کب ہو بشر کو دسترس
ہمپر شہباز ہو سکتی نہیں ہرگز مگس

کیوں ہو نہ تیری محب کے خلد و رضوان کی ہوس
ای بغیر از مصطفےٰ نابودہ ہمتای تو کس

بستہ بر مہر توانید و مہر حور العین و بس

ہی مطیع الامر شہ ہر شی سماسے تا سمک
پھرتی ہین مرضی کی ہمرہ سبع سیارے تلک

حوت خاور کی تکلم سی شبل یونس خشر تک
مہرہ مہر از گلوی صبح برنارد فلک

گر نہ از مہرت برآید صبح صادق را نفس

عرش ہی مومن کا دل اور جلوہ حق تیری مہر
فرش اطلس کا نہ اوج جاہ مین ہین نہ سپہر

گر سہا کو دی ذرا پرتو تو ہو خورشید چہر
کیست با قدرت سپہر حیست با رای تو مہر

این ز قدرت مستعار و آن ز رایت مقتبس

ہمسری گردون کری منہ کو کہان ہی تو مہر — ظرف تہ کر لی وہ پیالہ جلوہ پائی تو مہر
آسمان ہی تو مقابل رو برو آئی تو مہر — کیست با قدرت سپہر و حیثیت یارائی تو مہر

این ز قدرت مستعار و آن ز رایت مقتبس

ہو شعاع مہر گرد مرکبان عز و جاہ — کہکشان جادہ کہ گرد ہی نہ ہی ان بی اشتباہ
پیش و پس فتح و ظفر ہو اس حبیب لطف الہ — کاروان سالار جاہت چون کنند آہنگ راہ

چرخ را بر دست پیش آہنگ بندد چون جرس

عمر و عنتر جب سا ہی وہ اک ضرب حیدر کرار — ہو نہ تن اوڑ سی بہرام کا گر شاہ ہی گر فرار
مبتذل ہی سام و رستم قید ہی اسفندیار — با شکوہ صولتت دستان نیاید در شمار

در پر عنقای مغرب کی شکوہ ار دم مگس

وہ دلاور ہی تو شیر بیشہ عبد مناف — ناخن ببر بیان مرگ ہی شمشیر صاف
ہی تن سیمرغ کو رعشہ میان کوہ قاف — ضرب دست تو گر دشمن بدیدی در مصاف

مرغ روحش بی گمان از بیم بشکستی قفس

تو ہین گر تمکین ہی پای وقار ارجمند	دانہ کنجد ہوا لوند اور البرز اک سپند
آسمان اک ماش ہو اک مونگ قاف سربلند	ور تنکہ ہمت ار بمیزان معانی بر کشند

از رہ خفت کم آید بو قبیس از یک عدس

کیا بیان ہو یا علی ہی جود تیرا لا تعد	ہل اتی سی ہی گواہی انما سی ہی سند
بحر جود و جوش ہمت کا کہون کیا جزر و مد	گر دل دریا عطایت موج بر گردون زند

لجہ گردون دران گرداب نماید ہمچو خس

فتح خیبر مین پایا ہی لقب کرار کا	ورد تھا جبریل کا جنگ احد مین لافتا
کیا بھلا تیری شجاعت کا بیان ہو ماجرا	اندران میدان کہ مردان سعادت جوی را

از رہ مردی عنان از دست بر باید فرس

تو لڑا تنہا نبی کی تو نے ہر جا کی مدد	بھاگ گئی انصار و مہاجر مین سی اکثر روز بد
سکستہ دشمن کو تجہ سی ہوا ہی تیر صمد	نشتر شمشیر شیران رگ وی نشتران نہد

چون طبیب مرگ گیرد ساعد جان را مجس

لشکر دشمن کواکب کی طرح ہو بی شمار	آدمی ذرّون سی افزون تر ہون کا ہزار

برق یان گرنا تھا مین لیکر تو ذوالفقار — از میان شرق میدان برائی جهروار

رایت دولت ز پیش و آیت نصرت ز پس

تو سلیمان شان ہی شاہا او رہو تیرا ہے سند — دیو و جن کی تاب کیا پہونچا سکین گزند

زنگ چہر فرنگی اوڑتین دہشت سی کانپی بند بند — خلق ہفت اقلیم گر آئین ہم رستان شکند

از سر مردی نیارد تاب میدان تو کس

سرچین بار سی چمکی برق تیغ آبدار — کب کی جھتبک نہ کرلی ار کب و مرکب کو چار

تڑپین بال و سپر بریده جبرئیل نامدار — درہم و برہم صفین جن الامان کی ہو پکار

صورتی گرد و مجسم فتح گوید آشکار

لافتا الا علی لا سیف الا ذوالفقار

بند سوم

ای ہمای فتح از تیغ تو شہپر یافتہ — صارم اسلام از نام تو جوہر یافتہ

آسمان از عکس دیت ماه و اختر یافتہ — ای سپہر عصمت از فرق تو زیور یافتہ

آفتاب از سایہ چتر تو افسر یافتہ

ہی غنی کونین مین تیرا گدای خاکسار ۔ خاک ہی اکسیر پارس سنگ در ای شہریار

ہی مس قلب معوّض یہان زر کامل عیار ۔ از غبار درگہ چرخ احترامت آشکار

کیمیا گر نسخۂ گوگرد احمر یافتہ

کیون نہو تو شاہ یکتا بے مثال و بے بدل ۔ جنہ بنی ہمسر ہو تیرا ہی تامل کا محل

نفس پیغمبر مجسم نور خلاق اجل ۔ بر امید مثل وبیت دست نقاش ازل

نقشہا بربست لیکن چون تو کمتر یافتہ

بخشش دست کرم کا تیری کیا کیجے بیان ۔ فیض تیرا سحاب نو بہاری ہمین کہان

سبز ہی کشت جہان تیا داب باغ کون و مکان ۔ آنکہ دستت ابر دریا کرد نسبت بیگمان

رشحۂ دست ترا دریای اخضر یافتہ

یا نبی اللہ صلت دم زمانای زدہ ۔ پای استغنا بہ تخت و تاج دارائی زدہ

بودہ در ماسوی اللہ کوس یکتائی زدہ ۔ آنکہ اندر آفرینش لاف بالائی زدہ

رفعت را از آفرینش پایہ برتر یافتہ

صعوہ ہو تیری مدد سی ای شہ عاجز نواز ۔ اوج گیر عرش اعلی با علو امتیاز

وہ ہی اوج شان تیرا ای بادشاہ سرفراز ‌ ‌ ‌ باز قدرت ہر کجا بال جلالت کردہ باز

طائران سدرہ را در زیر شہپر یافتہ

جوش فیض تر ہے تیری قلزم احسان میں جو ‌ ‌ ‌ آب گوہر میں حباب آسا ہو رتبہ چرخ کو

تہ نشین گوہر صفت ہر کوکب پرنور ہے ‌ ‌ ‌ روز فتح الباب زا بر دست دریا بار تو

نسر طائر افلاک چون بط شناور یافتہ

ای ید اللہ فوق ایدیہم نہ کیونکر ہے ترا دست ‌ ‌ ‌ ہر زبر دست قوی بازو کو دی تو نے شکست

وارث خاتم ہی تو قد سلیمان تجھ سے پست ‌ ‌ ‌ ہر کہ مُہر مِہر تو بر صفحۂ جان نقش بست

مخزن دل را چو کانِ زر تونگر یافتہ

کی گدای باب جودت حاجت زر داشتہ ‌ ‌ ‌ خاک درگاہ تو شکل کیمیا گر داشتہ

دولت کونین در صرف خود اکثر داشتہ ‌ ‌ ‌ ہر کہ دست حاجت خود پیش تو بر داشتہ

دست خود را تا قیامت حاجت آور یافتہ

روح ہی جسم لطیف و اطہر ای نور خدا ‌ ‌ ‌ کس میں ہے جلوہ حق کون ہے ہمسر ترا

عرش پر کرتا تھا تو تسبیح و تحمید خدا ‌ ‌ ‌ با صفای گوہر پاک تو رضوان سالہا

خاک خجلت بر جبین آب کوثر یافتہ

حق نے فرمایا تجھے نفس رسول اے مقتدا
معنی لولاک سے روشن ترا جوہر ہوا

میں علی سے ہوں علی مجھ سے محمدؐ نے کہا
ساقی کوثر نہ چندان مدح باشد در ترا

ای ز تو دریای فطرت کان گوہر یافتہ

حق نے کی تجھپر مباہات اے مدد گار ہمہ
ذوالفقار اللہ نے بخشی نبی نے فاطمہ

فخر ہے احمد کا تو اے یکہ تاز معرکہ
با خدا و مصطفےٰ رای تو یکرو داشتہ

وز خدا و مصطفےٰ شمشیر و دختر یافتہ

واسطہ دیکر ترا مانگی دعا آدم نے جب
کیونکہ ہو وے نہ ان تو الد و تناسل روز و شب

پھر ملی حوّا اسے اور توبہ ہوئی مقبول رب
علت غائی پیدایش ہے تجھ عالی نسب

گر نبودی ذات پاکت آفرینش را سبب
تا ابد حوّا ستروں بودی و آدم عزب

بند چہارم

ای چمن آرای این سرو روان مصطفیٰ
ابر رحمت آبیار بوستان مصطفیٰ

صورت نفس و دم و روح روان مصطفی ‏ ای معظم کعبهٔ اصل از بیان مصطفی

قبلهٔ دنیا و دین جان جهان مصطفی

ای امام و پیشوای پیروان مصطفی ‏ شمع رونق بخش بزم دودمان مصطفی

رکن کاخ دین مقام قدر و شان مصطفی ‏ ای معظم کعبهٔ اصل از بیان مصطفی

قبلهٔ دنیا و دین جان جهان مصطفی

مخزن اسرار حق صندوق سینه بیگمان ‏ اور زبان گویا کلید قفل اسرار نهان

مخبر صادق کی جو سبی بارہا تو نی زبان ‏ از نقود گوهر معنی لبالب شد دهان

تا نهادی لب بصورت بر دهان مصطفی

یا علی ہی فرش سی تا عرش تیرا دسترس ‏ تیرا نور پاک ہی نور خدا سی مقتبس

گو کرین پہلی خلافت غاصبان بوالہوس ‏ ای با استحقاق بعد از مصطفی غیر از تو کس

نا نهاده پای تمکین بر مکان مصطفی

ای ید الله آبیار گلشن ایمان ہی تو ‏ دی بساط خاک کو خون عدو سی شست و شو

کس عرق ریزی سی بخشا باغ دین کو رنگ و بو ‏ تیغ تا ان ابر بیت دریا دل که فتح الباب او

تازه دار وز آب نصرت بوستان مصطفی

عرش اعظم ہی ہی تیرا پایۂ عزت بلند
تجھی جبریل امین ہی معرفت مین بہرہ مند

باب شہر علم پیغمبر امام ارجمند
رہروان عالم تحقیق رہ کی بردہ اند

بی زمین بوس درت بر آستان مصطفی

آسمان در جستجوی مثل تو ہر سو شتافت
دست قدرت رخت یکتائی بی قد تو بافت

نیر اسمان فروغ از لمعۂ روی تو یافت
تا سپہر شرع دین پہ نور شد ہر گز نتافت

از تو روشن تر ہے بر آسمان مصطفی

دوش احمد پہ چڑہا کعبہ مین تیجی ای حق پرست
رتبہ ہی تیرا دو بالا عرش اعلی وہین پستی

ہی ترا کون و مکان سی لا مکان تک بند و بست
رفعت بالای امکان حضرت نا ممکن ست

در بود ممکن بود قدر و توان مصطفی

مجھسا مدحت خوان و افصح انبیین حق کی قسم
لکھنو سی تا بہ آمل ہندسی ہی تا عجم

دعبل و سحبان و اسمعیل سیان لیکر قلم
گرچہ در عالم باقبال تو ثنا کردہ ام

آنچہ حسان کرد روزی در زمان مصطفی

ہر بشر سے کیا ہو تیری منقبت یا بوالحسن — کون جانے تیرا رتبہ جز خدای ذوالمنن

معترف ہون اپنی بیعلمی کا کیا میرا سخن — لاف مدحی دران حضرت نمی آرم زدن

ای ثنا خوان تو ایزد از زبان مصطفی

انس و جن و ملک یہ لکھین شہ کی صفت جو — ہفت دریا روشنائی اور قلم ہر نخل ہو

ہر سر مو تن پہ ہو گویا تا قیامت مدح گو — از زبان خلق بر نیاید صفات ذات تو

در براید ہم براید از زبان مصطفی

ذات پاکت مظہر انوار لطف ایزدیست — آشکارا بر دل پاک تو اسرار خفیست

رای تو آئینہ صورت نمای معنویست — عرض حاجت بر تو حاجت نیست میدانی کہ چیست

حال اخلاص من اندر خاندان مصطفی

اندنون ہے آج تیرا ہی بلا مین مبتلا — چار جانب سے ہے نرغہ دشمنون کا ہو رہا

ناگوارا غیر کی امداد ہے دل کو شہا — منت خلقم بجان آورد لطفے کن عطا

وارہان از منت خلقم بجان مصطفی

ناتوان گردید از جور فلک بازوی من — نیست غیر از بیکسی ای یار ہم پہلوی من

هست لطفت اندرین دو بلا داروی من | بازآور باز آب رفته را در جوی من

روی بر رحمت بر شتاب ای کام جان آرزوی من
حرمت جان پیمبر یک نظر کن سوی من

بند پنجم

مسند ارشاد جایت یا امیر المؤمنین | جان فدای خاک پایت یا امیر المؤمنین

مفروض بر عالم ولایت یا امیر المؤمنین | ای ستوده در خدایت یا امیر المؤمنین

خوانده نفس مصطفایت یا امیر المؤمنین

مهر نور روی روشن سی فیض زان هی جنید | ابر نیسان بحر فیض عام سی هی بهره مند

نی پی مخفی عطا هی خلق و خالق گوشنید | خازنان کان در یا کیسه پر ساختند

روز بازار سخایت یا امیر المؤمنین

بحر جود و رحم فی نی گوه سیلان کی مدد | جوش ابر فیض فی عمان کو بخشا جذر و مد

پاره آتش نمط اید ست الله الصمد | بسکه لعل اندر دل کان خاک بر سر میکنید

از کف دریا عطایت یا امیر المؤمنین

انس و جان جن و ملائک ہین تیری تہہ زیر حکم	شش جہت ہی لی سما سی تا ثریا زیر حکم
ہون نہ کیون دستان سرکش کیون نہ شاہا زیر حکم	گردنان دہر را آوردہ سر با زیر حکم

بازوی زور آزمایت یا امیر المومنین

تجھ سی ہیت اللہ نی پایا شرف ای پاکزاد	باغ محفل مین تری ہیت ہی جنت سی زیاد
فصل گل مین آئی بلبل ہان تجھ بولی ہو کی شاد	از نسیم باد نوروزی نشاید کرد یاد

پیش خُلق جان فزایت یا امیر المومنین

حق نی بخشا ہی تجھی وہ رتبہ اعلی کہ بس	معجزات انبیا پہ یک قلم ہی دسترس
بحث کی تجھ سی نصاری کچھ تھی بیہودہ ہوس	آنچہ عیسی از نفس میکرد رمزی بود و بس

از لب معجز نمایت یا امیر المومنین

عرش اعظم سی کہین ارفع ہی تیری بارگاہ	مین یداللہ فوق ایدیہم ہو کہتا ہون گواہ
کوئی کیا جانی تیری رتبہ کو ای شیر اللہ	با ہمہ بالا نشینی عقل کل نابردہ راہ

زیر شادروان رایت یا امیر المومنین

قصۂ معراج سی واقف ہی ہر فرد بشر	گفتگو کی تیری لہجہ مین خدا نی بسر

جز خدا معلوم کسکو تیری رتبہ کا مقر | گر بدی بالا ترا ز عرش ہی جا بجی گر

گفتمے سما نجاست جایت یا امیر المومنین

تیری مدحی کا کب انسان کو ہی دسترس | طائر ادراک کی جلتی ہین پر مانند خس
دعوی مدحت کرین کیا شاعران بوالہوس | مدح گر شائستہ ذات تو باگیفت و بس

کیست تا گوید ثنایت یا امیر المومنین

مصحف ناطق ہی تو اسمین نہین کچہ اشتباہ | عالم تاویل قرآن ہی تو ہی ای شیر آلہ
مخبر صادق ہماری مدعا کا ہی گواہ | انچہ تو شائستہ آنی زروی عز و جاہ

کس نداند جز خدایت یا امیر المومنین

بیشمار اوصاف تیری ہین فضائل لا تعد | جمع ہو سکتی نہین گو لا کہ کیجی جد و کد
کاشی وہ سان سحبان نی نپائی جسکی حد | خاطر ہیچون من شوریدہ خاطر کی کند

وصف ذات کبریایت یا امیر المومنین

تیری مداحون کو خو ر آسمان کا کیا الم | شمع سان گر سر کٹی تو بھی ہین ثابت قدم
ہی صلہ حسن قبول اسکا امام باکرم | ما ہمہ از درگہ لطفت گدائی می کنم

ای همه شاهان گدایت یا امیرالمومنین

دانم آقای جهان مقداد و عمار ترا — تا جدا از فقر گویم کفش بردار ترا

جلوه بخش طور دانم نور رخسار ترا — غیرت موسی شمارم جمع زوار ترا

فهم انسانی چه داند قدرت کار ترا

کافرینش بر نتابد بار مقدار ترا

بند ششم

مهر عکس کوکب گوی گریبان شماست — عرش و کرسی سایبان فرش ایوان شماست

سر خط لوح و قلم طغرای دیوان شماست — آنکه فرمان قضا موقوف فرمان شماست

دور دوران فلک در پی دوران شماست

عرش را بر درگه تو خاکبوسی آرزوست — کوثر و تسنیم را از عکس تیغت آبروست

روز محشر جلوه زانوار آن روی نکوست — آفتابی کآسمانش در سایهٔ اقبال اوست

پرتوی از لمعهٔ گوی گریبان شماست

پیش جودت آبروی گوهر و یاقوت نیست — رتبهٔ اکسیر و خاک اندر کف فیضت یکیست

فیض عالی ظرفیت خالی آرزی ملیت | چشمه گرز وی محیط آفرینش قطره ایست

رشحه از لجه دریای احسان شماست

بحر اخضر پیش جودت چشمه ساری بیش نیست | چار این چرخ و فلک سقف و جداری بیش نیست

عرش زیر قصر قدرت خاکساری بیش نیست | انچه از وی عالم امکان غباری بیش نیست

صورت ده چندان رکنی ز ارکان شماست

قبلهٔ عالم ہے تیری مولد سی حرم | بہر اوج دین رکھا ختم نبوت پہ قدم

رتبہ ہے تیرا دو بالا رفعت عرش اوس سی کم | نسبت قدر ترا با اوج گردون چون کنم

زانکه اوج او حضیض فرش ایوان شماست

تجکو رزاق جہان حق نے کیا روز است | کیون نہو روزی رسان حق سے تیرہ و بت بہ دست

سفرہ جہان تیرا گسترده ہے بالا و پست | انچه گردون را بدو چشم جہان بین و نشست

بلغه دو قرصی نیست آنهم فضلهٔ خوان شماست

کرسی کا کیا مرتبہ ہے جو سر رفعت اوٹھائی | عرش کا کیا ظرف عالی حوصلہ کو تیری پائی

نخوت رفعت اگر عیوق کی دل مین سمائی | قبهٔ نه چرخ را چون دانه بر چینند زجای

مرغ تعظیمی که آن بر بام ایوان شماست

ذات پاکت مظہر حق موجد ارض و سماست
سینۂ بی‌نور تو گنجینۂ علم خداست

نائب ایزد توئی محکوم حکمت ماسواست
ہر گہر کاندر ضمیر کان امکان قضاست

صورت اظہار آن موقوف فرمان شماست

یا علی مشکلکشا ہی خلق و ممدوح اله
ہند مین مداح تیرا ہی سحر شام و پگاہ

مدح خوان ہی محتشم کاشان مین اپنی پناہ
بندۂ بیچارہ کاشی از دل و جان سال و ماہ

روز و شب در خطۂ آل ثنا خوان شماست

یا علی ہی کیون نہ تیری ذات عالی بیعدیل
انبیا کی ناصر اور اہل مصیبت کی کفیل

تو ازل سی ہی علیم علم علام جلیل
پیر مکتب خانۂ ابداع یعنی جبرئیل

با ہمہ ذہن و ذکا طفل دبستان شماست

در گروہ انبیا فردا برایت شوکتی ست
از لوای حمد در دولت درخشان رایتی ست

در حضور کبریایت طرفہ قدر و عزتی ست
ہر کجا در مجمع قرآن خدا را آیتی ست

از کمال فضل و رحمت خاص در شان شماست

اپنی فرزندون کا صدقہ اے شہنشاہ حجاز — اک نگاہ لطف سے کردے مجھے بھی سرفراز

دور ہو جائے دل سے حزن و یاس اے معجز طراز — بر در دولت سرایت رو بخاک نیاز

بادل پر درد با امید درمان شماست

اے دل شوریدہ تا کی شوق عصیان داشتن — حب دنیای دنی و میل دونان داشتن

یا امیر المومنین می باید ایمان داشتن — خواستن نہ و مطلب دل چشم احسان داشتن

درد پنہان پیش درمان چند بتوان داشتن

عاقلی نبود ز درمان درد پنہان داشتن

بند ہفتم

یا علی اللہ رے تیرا علو احتشام — تیرا روضہ کعبہ سان ہے سجدہ گاہ خاص و عام

کہتی ہے روح خلیل اللہ یہ صبح و شام — تا نجف شد آفتاب دین و دولت را مقام

خاک او دارد شرف بر زمزم بیت الحرام

وہ زمین ہے مشرق انوار رب العالمین — مخزن علم خدا و مدفن حبل المتین

رتبہ مین ممتاز ہے بیت المقدس سے کہین — کعبہ اصل ست بیشک نزد ارباب یقین

زانکه دارد عروة الوثقای دین ودین تمام

جب چڑھا دوش نبی پر ای امام اولین
ہوگئی معراج ایمان تا سر عرش برین

جلوۂ نور خدا رونق فزای ملک و دین
آفتاب آسمان دین امیر المومنین

والی ملک ولایت حاکم دار السلام

ساقی انہار جنت بادہ نوش جام وحی
حاکم ملک شریعت کاشف ابہام وحی

مظہر اسرار قدرت واقف اقسام وحی
مبطل بنیاد بدعت منشی احکام وحی

قاضی ملک شریعت دافع کفر و ظلام

تیری پیدایش کی باعث ہی ہی سب انس و جان
ہیں طفیلی تیری سب خلق زمین و آسمان

تو نہوتا تو نہوتا جلوۂ کون و مکان
سایۂ لطف نبی گر نبودی در جہان

صورتی بودی جہان از روی معنی ناتمام

عرش سی ہی تیرا قصر جاہ رفعت میں بہم
ہی ید بیضا سی شمع تجلی نقش قدم

جلوۂ نور خدا ہی ای امام محترم
ہر سپہر احترامت آفتاب از ذرہ کم

بر زمین حشمت ذرہ خورشید احترام

ای شہ دنیا و دین کس سے ہو تیری منقبت | روکش بال ہما ہے تیرا ظل عاطفت

جو گدا ہے تیرے در کا ہے سکندر مرتبت | با شکوہ شقہ دستار و رکن مسندت

تاج جمشیدی چہ و تخت سلیمانی کدام

انبیا سے تو ہے افضل تو نبی کی سب کی مدد | ہیں تری محکوم باد و جن انس و ام و دد

رتبہ وہ تیرا غلاموں کا ہے اے شیر صمد | انچہ در تعظیم و تمکین سلیمان میرود

اندکی بود آنہم از تمکین سلیمان تو وام

حاکم عادل ہے تو اے خسرو عالم پناہ | فخر ہے عرش بریں کا ہو جو فرش بارگاہ

جانشین صاحب لولاک ہے بے اشتباہ | اے سریر سروری آوردہ از جاہ تو جاہ

وہی جہان آفرینش بردہ از نام تو نام

عرش اعظم سے رفیع الشان ہے تیری بارگاہ | شمسہ خورشید درخشان قبہ پر نور ماہ

تاج دین بخش شہان گیتی ستان عالم پناہ | اے سپہر سروری آوردہ از جاہ تو جاہ

وی جہان آفرینش بردہ از نام تو نام

تیرا ہمسر آفرینش میں نہیں پیدا ہوا | ذات تیری جلوہ جاہ و جلال کبریا

چرخ سہمی کیونہ ہیبت سی تری یا مرتضی — تیر تدبیر ترا پیوستہ تقدیر قضا

نہبد از روی ادب بیرون ز فرمان تو گام

ای ید اللہ انت منی ہی کلام مصطفا — بارہا تجکو نبی نی لحمک لحمی کہا

مثل احمد انبیا سی ہی ترا رتبہ سوا — نسبت با سائر انسان خطا باشد خطا

گوہر پاکیزہ جوہر را چہ نسبت با رخام

نور خالق کا ہی جلوہ نور شاہ انبیا — نور احمد سی ہی مشتق صاف نور مرتضا

دو نو ہین اک نور پیدا دوی کو دخل کیا — مثل تو جز مصطفی صورت نہ بندد عقل را

معنی ایمان ما انیست روشن والسلام

قاسم نار و جنان ہی تو امام المتقین — ساقی کوثر ہی تو روز قیامت بالیقین

ہی محبون کا تری مشتاق رضوان شاہ دین — دیدہ کو غلمان کھڑی ہین منتظر ہین حور عین

زائران روضہ ات را بر در خلد برین

میرسد آواز طبتم فادخلوہا خالدین

قصیدہ در مدح بادشاہ جمجاہ حضرت سلطان عالم محمد واجد علیشاہ خلد اللہ

جشن نوروز ہی پھر انجمن آرای چمن
جلوہ افروز ہوی شاہد نسرین و سمن

رنگ غنچو پہ انھین نازش و انھین عنابی
پھول اترای اکڑتی ہین جوانان چمن

نرگس باغ ملاتی نہین نخوت سی آنکھ
سرخ ہین تمکنت حسن سی غنچوں کی دہن

ہر روش مخمل کاہی کو تصدق کیجی
نرم و نازک ہی بس سبزۂ صحن گلشن

رہی ہر برگ گل تر پہ ہی شبنم کی بہار
کہ جڑی لوح پہ یاقوت کی ہین دُرِّ عدن

جلوۂ شعلۂ بی دود ہر اک پھول پہ ہی
شمع گلریز تو ہر شاخ ہی تھالی ہین لگن

نکہت گل سی معطر ہی دماغ عالم
عطر گل مین ہی بسا ارض و سما کا دامن

پیچ دل کھاتا ہی ہر پیچ کی نظارے سی
ہی دل آویز بس کاکل سنبل کی شکن

پرتو لالہ و گل سی شفقی ہے یہ ہوا
کبھی سادہ نظر آیا نہ فلک کا دامن

ہری پتون سی نہین رنگ زمرد سبز
سرخرو آگی گل تر کی نہین لعل یمن

مہرہ ٹھیرہ ہون مطلع روشن کہ ہو مثل خاتم
ماہ نو سی فلک انگشت تحیر بدہن

مطلع

اوج پر ہی یہ مہ حسن عروس گلشن
گل نرگس ہمہ شب تارون پہ ہی چشمک زن

ہر روش جھاڑ کا جلوہ ہی اگر گلبن پہ
پھول تو نہین ہین سبز کنول ہین روشن

سایۂ لالہ و گل رنگ نیا لایا ہے
سودۂ لعل بدخشان ہی غبارِ گلشن

پھولا جامہ مین سماتا نہین شاہد باغ
دیکھکر آئینۂ نہر مین اپنا جوبن

سیم سادہ گل نسرین کی صفت پہ نثار
جعفری گیندی کی رنگت پہ تصدق کندن

جوشِ گل باغ پہ اس فصل نہین کچھ موقوف
دیکھو فیض ابر بہاریکا جہان ہی گلشن

کوہ سر سبز ہوی راغ ہوئی غیرت باغ
ڈھیر پھولون کی بیابانین ہین خرمن خرمن

زنگی او رہندی ہین اب و کشن سبزان ملیح
غیرت طوطی و طاؤس ہوئی زاغ و زغن

سایۂ کیہ گل کا زمین پہ دم طیران ہی چھڑی
سبزہ سبز کیطرح سی ہو یک چشم دزن

ہی نسیم سحری مین دم عیسے کا اثر
گل تر مردہ شگفتہ ہین میان گلشن

طبع تک ہی اثر باد بہاری ساری
گل مضمون ہین بھری ہین دامن دامن

شمع کی گل سی ہی بو بوی گل شبو آتی
عطر بیزی صبا کا ہی یہ جلوہ روشن

تار بارش ہین مسلسل صفت سلک گہر
سہرہ ہی بہر رخ تازہ عروسان چمن

سنگ و خشت اب ہین لطافت سی حریف آئینہ صفا سان
چار دیوار نہین مانع سیر گلشن

کوہ تک سبزۂ نورس سی ہوئی میناکار | جوشش گل سی ہی زمین صفحۂ تصویر چمن

مردہ دل وجد مین ہین آہ ری مستی بہار | زاہد خشک ہوئی بادہ کش تر دامن

قوت نامیہ ہی نشو و نما پہ مصروف | سبزۂ زاغ سر کوہ پہ ہی سایہ فگن

دست گلچین ہوئی شل پہ نہین تاک گل شمع | گل پہ گل شاخ سی نکلی جو بیک چشم زدن

کیا عجب لطف عجب ہی اسی چمن محفل مین | شمع کی گل سی ہویدا ہی بہار سوسن

تنۂ نخل بریدہ سی ہون پیدا شاخین | برگ و گل مین ہو نہان شاخ شکستہ ہمہ تن

دایۂ باد بہاری کو ہے منظور نظر | ہر روش پرورش و راحت اطفال چمن

سائبان برگ ہین جنبش مین ہے گہوارۂ شاخ | آب جو عکس شگوفہ سی بنی نہر لبن

بسکہ فصل بہاری ہی جہان مین رائج | بسکہ ہر طبع ہوئی زنگ خزان کی دشمن

زردروئی سی طلا کا ہی جو بازار کساد | کیا عجب گر زر مسکوک کا اوٹھ جای چلن

خشک ہون تاک سی حاسد وہ پڑہون مطلع تر | نظم کرتا ہون نئی طرز سی مضمون چمن

مطلع

قطرۂ شبنم کی ہوئی حسن فزائی گلشن | زیب آور دُرِ دندان سی ہین غنچین کی دہن

ق

بسکہ جان بخش ہوا ہی صفت باد مسیح | کوئی اس فصل مین جیتا جو بیمار ہی آہن

جو شرر سنگ سی نکلی نه کبھی هو معدوم
جلوه گر روی هوا پر هو وه جگنو بن بن

قوت نامیه گر ریشه دوانی دکھلائی
ق
تری یاد گری فیض طراوت روشن

کیا عجب شاخ اوگی نخل برنگ مرجان
ڈال دین منفق آتش مین جو تخم ارزن

اصل اشجار مین هی جوش نمو کا یه حال
مد نامیه هی بخش رها چرخ کهن

هو کی گل شاخ سی باهر مین نکلی غنچی
بطن گلبن مین جو اجتی هین اطفال چمن

قوت نامیه نی بسکه هی بالیده کیا
خارستون مین الجھتا هی فلک کا دامن

هی یه افراط طراوت کی جو چٹکی سی دبائین
کیا عجب پوست سی بادام کی ٹپکی روغن

ابر هی لطف ترشح هی هوا هی دلکش
بوی گل هوش ربا رنگ چمن توبه شکن

آب سی رنگ چمن هوتا هی افروخته تر
ابر تر آتش گل پر هی چھڑکتا روغن

دود کرتا هی سر شعله رطوبت باری
که چراغ آپ مین هی مثبت روغن روشن

بسکه هر جسم مین هی جزو رطوبت کو جوش
هر شجر صورت فواره هی شاخ فگن

کیا عجب جو هر فولاد بنین سرچشمی
هو روان جدول شمشیر مین آب آهن

سنگ خارا مین یه نرمی هی که مانند خمیر
کاسه گر هاتھ سی دی تیشه بنا لین برتن

اسقدر جوش رطوبت نی لطافت بخشی
موم سی نرم ہوا جسم کثیف آہن

بسکہ معدوم یبوست ہی تجنب کیا ہی
بال شیشے مین نہ آئی جو لگائی کہی گہن

ظلمت شب ہی کی کم نور بڑہا یون دن کا
یاسمن زار مین جس نہ تک مہ یک سیمین

وارستون مین شکوہ فلک اخضر ہی
تاری انگور کی دانی ہین جو شبنم مین

زاہد خشک کی تقوی کا خدا حافظ ہی
نہ کہ رندان جگر سوختہ تر دامن

اسباح گل جام بکف غنچہ گلابی در دست
بلبلین نغمہ سرا لطف ہوا توبہ شکن

الغرض دیکھ کی یہ جوش گل و رنگ بہار
ہوکی حیران لگا کرنی مین گلگشت چمن

ناگہان پڑ گئی اک چاند کی ٹکڑی پہ نگاہ
ہوگئین جلوہ رخسار سی آنکھین روشن

مہوشی عشوہ گری آفت جانی شوخی
گلرخی سرو قدی نوش لبی غنچہ دہن

نازسی سوی گل تر بحقارت نگران
شوخی سی دیدہ نرگس بطرف چشمک زن

قاتل خلق خدا جنبش تیغ ابرو
خرمن ہستی عاشق پہ نگہ برق فگن

رات بھیگی عرق شرم مین ڈوبی وہ بال
آنکھ سورج کی جھپک جاوی وہ چہرہ روشن

چاند سورج نی کیا شبکو ثریا مین طلوع
سرپہ تعویذ مرصع کی بیان کیا ہو پھبن

طرۂ مقیش کا جوڑی پہ نیا طرہ ہی — سانپ بیٹھا شب تاریک مین ہی اُگلی من

زلفین لہراتی نہین چاند سی رخسارون پر — کہ جھکی اک قدح شیر پہ ہین دو ناگن

روکش اختر تابان ہی سنہری افشان — نصف خورشید درخشان ہی جبین روشن

چشم فتان سی نکیون آنکھہ چرائی ہر کس — کیون نہ وحشت سی رہین کم جو چکاری ہین ہرن

جسطرف رخ کرین وہ ناوک مژگان دراز — دل مشبک ہون کلیجی مین پڑین سو روزن

غمزۂ چشم غضب عشوۂ ابرو آفت — عین فتنہ نگہ گرم قیامت چتون

کان کی بجلی سی ناخن بجگر ہی مہ نو — خرمن ماہ پہ بالا ہی بلا برق فگن

دُر دندان ہین یا موتیی کی کلیان ہین — لب ہین برگ گل تر غنچۂ گل تنگ دہن

نو گر گنجائش خندہ نہین تنگی کی سبب — غنچہ سان چین تبسم سی ہی لبریز دہن

وصف آب ور دندان و لب لعلین کی — کرتا ہون مطلع رنگین مین مضامین روشن

مطلع

عرق شرم مین تر ہین در خوش آب عدن — آتش رشک سی انگارا ہی ہر لعل یمن

سرمۂ دیدۂ بینش ہی سواد گیسو — نور عینین بصیرت ہی بیاض گردن

جلوہ گر کنج زنخدان مین نہین اختر خال — چاہ نخشب مین ہی گویا مہ مقنع روشن

رنگ پان پھوٹ نکلتا ہی صفائی دیکھو
می نکلے جو ان کی گلابی ہی جو گوری گردن

شمع روشن نہ کہی شعلہ ہی زلف رخ دودہی
آنکھیں بادام ہیں پستہ ہی دہن غیب ذقن

رخ روشن میں ہی خورشید درخشان کا فروغ
رو کش خط شعاعی ہی وہ چوٹی کی کرن

خرمن ماہ میں ہی دانۂ انجم کی بہار
حلقۂ طوق مرصع نہیں زیب گردن

طوق چنپا کلی ہیکل ہی گلی میں زیبا
خوشنما بازوون پر نورتن اُسکے جوشن

ہی گوری ہی ہر اک گول کلائی ایسی
شمع کی جسکی صباحت نے جھکا دی گردن

اوسکی ساعد سیمیں تو کی کلائی اوتری
پنجہ نے پھیر دیا پنجۂ مہر روشن

شاخ گل وار کلائی کی ہی نور سے بہار
چوڑیاں مینی کی ہیری کی کڑی اور کنگن

وہ برودوش کی خوبی وہ صفا سینہ کی
گات پر نوک تو انگیا کا نرالا جوبن

ادبھری وبھری تین وہ سخت نکیلی پستان
گدرا گدرا وہ شکم نرم وہ مخمل سا بدن

جلوہ گر ہیٹ پہ ہی آئینہ اُسکی کرتی
جس طرح چاند پہ ہو ابر تنک سایہ فگن

چھاتی کی لرتی ہی جو چمکا شکم صاف کا نور
چاندنی موہنہ پہ لیا ابر تنک کا دامن

وصف میں عکس شکم کی وہ لکھوں مطلع صاف
دیکھ کر جسکو پھڑک جاتی ہی اک اہل سخن

مثلِ آئینہ شکم صاف ہی شفاف بدن
ناف ہی جوہرِ آئینہ و یا عکسِ ذقن

چشمِ حیران کو ملا موی میان کا نہ سراغ
موشگافی پہ کمر باندہی بصر نی ہمہ تن

ثبوت واہمہ نی گرچہ بدقت سو بار
کیا انگشتِ مژہ سی باشارہ ایمن

آگی اب جوشِ حیا سی نہیں یارای کلام
صفتِ ناف ہوئی مُہرِ خموشی بدہن

بندِ شلوار مین لچھّون کا نہیں ہی جلوہ
ذو ذنب مین ہین پئے عقدِ ثریا روشن

بندِ شلوار نہیں زیرِ کمر جلوہ نما
ہی سرِ گنجِ نہان مارِ دو سر کا مسکن

ساق یا شمعِ سرِ طور ہین یا مشعلِ نور
یدِ بیضا کی طرح دونون کفِ پا روشن

زیبِ پا ایسی ہی اوس مہ کی جڑاؤ پازیب
کہ نہو جسکی بہا حاصلِ بحر و معدن

حسن بے مثل ہی ہر عضو ہی نکسک سی درست
سر سی پا تک ہی ڈہلا نور کی سانچی مین بدن

جلوۂ نور جو دیکھا تو گئی آنکھ جھپک
پڑ گئی غرفۂ دیدہ پہ مژہ کی چلمن

جوشِ حیرت سی ہا دیر تلک مین بیخود
مثلِ تصویر نہ مطلق رہا یارای سخن

متفکر مجھے پایا تو بہ گرمیِ ادا
مسکرا کر متکلم ہوئی وہ غنچہ دہن

بولی کیون ششدر و حیران ہی بہلا ہمنشین
سوچ مین کیسی ہی تیری جھکی ہی گردن

تب یامینی پیدا ہوئی چاند کی ٹک کہ چہرہ | غرق حیرت ہوئین نگہین آئینہ سان ہمین تن

خلق اللہ نی ایسی بھی کیا ہین بشر | یہ پیدا ہوئی یا حور ہی اسی شان کی چمن

دیکھا آنکھون نی نہ کانون نی سنا یہ انداز | نوع انسان مین تو ممکن نہیں ایسا جوبن

ہنسکی وہ بولی مجھی تو نی نہیں پہچانا | مین ہون مطبوع جہان تابع سلطان زمن

ساری مخلوق ہی طالب ہی جہان انکو مین عزیز | جان کی طرح دل خلق ہی میرا مسکن

نام دولت ہی مرا ہون مین کنیز اوس شہ کی | عدل سی جسکی ہوئی دشت و جبل رشک چمن

اوسکی فیض سی ہی جوش گل و سبزہ تر | بیخزان لطف سی اوسکی ہی جہان کا گلشن

دستگیر ضعفا دادرس مظلومان | تکیہ گاہ غربا کہف ہر آوارہ وطن

نائب مہدی دین ظل خدائے جلیل | حافظ شرع پیمبر و بتخانہ شکن

رائی انور ہی ز بس شمع ہدایت افروز | صاف ظلمتکدہ ہند ہوا ہی روشن

مالک فر فریدون و جم و جمشید | صاحب شوکت کیخسرو و عزم بہمن

مظہر رحمت و فتح علی اورنگ افروز | جاہ مین رشک سکندر ہی سلیمان زمن

بڑہ گئی فرحت و تنویر سریر و اکلیل | آسمان تخت ہی خورشید درخشان گرزن

صفتیں اوصاف حمیدہ ہین سب اوسمین ہین جمع — بنا اخلاق پسندیدہ کا سینہ مخزن

اہلبیت نبوی کا ہی یہ بس وہ پیرو — احسن اطوار تو افعال ہین سب مستحسن

حق نے کس طرحسی ہون ظل خدا کی حرکات — سایۂ شخص کا ہی تابع افعال بدن

گلشن خلق سی اوسکی اگر آجاہی نسیم — گل تصویر مین ہو نکہت نسرین و سمن

شاہد خلق کی ہو زلف اگر غالیہ بار — خاک ہو ہند کی خوشبو صفت مشک ختن

چشم بد دور عجب حسن خدا نی بخشا — شرم سی آنکھ ملا تا نہین مہر روشن

خواب مین دیکھتی یوسف بھی اگر حضرت کو — پھاڑتی اپنی گریبان کی بسان دامن

انور ابروی مہ نو سی تراش ناخن — چہرۂ بدر سی ہی نقش کف پا روشن

حسن یوسف دم عیسیٰ دل حیدر پایا — علم ادریس ملا عمر خضر خلق حسن

سامنی آنی مین خجلت سی شش و پنج کری — گر ہو ہر ہفت سی آراستہ بانوی ختن

متقی آپ ہی تقوی ہی شعار امرا — محو رضا [illegible] شاہ و سپہ سر و علن

عہد مین اوسکی ہی معدوم مناہی کا وجود — بسکہ ہی محتسب امرہ [illegible]

خشک ہوتا ہی رگ تاک مین خون بادہ — دختر رز سی نہو قطع عنب آبستن

پر پروانہ تلک شمع جلاے کیا تاب — تھی شب و روز جو سرگرم دم [illegible]

بسکہ ہی خوف ہین کم زور زبر دستون سی — شیر سی بھی نشست مین بہم کرتی ہین ہرن

اوٹھ گیا خلق سی فریاد و فغان کا چرچا — صحبت آب مین ہی کرتی نہین آتش شیون

پاؤن پھیلا کی ہین جنگل مین مسافر سوتی — خطرہ دزد کسی کو ہی نہ خوف رہزن

نام کو بھی کسی باب احدی نی بخشا — اثر حرز یمانی و دعای جوشن

ملک آباد ہی آسودہ رعیت ہی تمام — روز و شب رہتی ہین مصروف دعا مرد و زن

در سلطان پہ بنا سلسلۂ عدل بندھا — زنگ خوردہ ہوئی کسری کی زنجیر کہن

ہی یہ بخشندہ جاوید مگا فتح کی بعد — آب حیوان کا اثر رکھتا ہی آب آہن

اوٹھ گیا خلق سی یہ رسم خلاف وعدہ — کوئی عالم مین نہین غیر بتان عہد شکن

عہد شہ روح فزا عدل ہی جان بخش جہان — عہد جمشید صفت کسکو ہی خوف مردن

اوسکی طینت سی [illegible] — [illegible] صدف مین ہین گہر کا گ بدن

ابر نیسان [illegible] کی کرون گر تعریف — ہیر ہو مانند صدف گوہر غلطان سی دہن

صفت جود مین اوسکی جو دیکھون مطلع — جسکا ہر لفظ کرین زیور گوش اہل سخن

مطلع

موتی مانگی تو عنایت ہو اوسی بحر عدن
آل تمغا طلب لعل یہ ہو کان یمن

ق

اوس سخی سی جو کری کوئی فقیر ای سوال
جوشش قلزم احسان سی بیک چشم زدن

اسقدر موتیو نسی پاٹ دئی اوس سائل کو
بھونچی قوارہ صفت آب گہر تا گردن

جعفر برمکی و حاتم و معن و افشین
وام لیں اوسکی غلامو نسی سخاوت کا چلن

قاف سی قاف تلک اوسکی شجاعت ہی ہجوم
شور صولت کرہ ارض تی تا چرخ کہن

لرزی میں بید صفت ہی تن ابطال جہال
ہی زرہ اور جھلم پیرہن و برقع زن

فی المثل اوس سی اگر باندھیہ ور نخوت
روز پیکار مقابل ہو کوئی روئین تن

ہاتھہ پر لیکی کھلونوں کیطرح دی پٹکی
کوئی سالم نرہی مہرہ پشت و گردن

مثل شطرنج اوسی بازیچہ گہہ طفلان ہی
رزم رستم و یا معرکہ جنگ پشن

گر وہ میدان مین ہو سرگرم خدنگ اندازی
چار آئینون مین مانند زرہ ہوں روزن

گرز ماری وہ اگر رکنسکی دیو سی وار
[illegible] جیسا [illegible] کمر مین آ کے دم

سایہ گرز پڑی جسپہ ملی خاک مین وہ
ہڈیاں [illegible] زرہ پیرہن

دلجلا ہون شمع رو کی شعلہ آواز کا

ق

نامہ بر پہونچا ہی کیا نامہ مرا محبوب تک
بخت بر گشتہ ہی دشمن عاشق جانباز کا

باندہ دون بال کبوتر مین اگر مکتوب شوق
قطع ہو بازو سی رشتہ قوت پرواز کا

جی کو کاہش ہی تن لاغر ہی پتلا ضعف کا
دل پہ جادو چل گیا کس چشم افسون ساز کا

ہی دہان تنگ غنچہ زلف سنبل چہرہ گل ‌ ‌ ‌ نازبو سبزہ ہی اوس سرو سراپا ناز کا

شمع ہی پروانہ صورت ساز ہی عنبر خیال ‌ ‌ ‌ پردہ دل بن گیا ہی پردہ لعبت باز کا

مصرع برجستہ قد فرد ہی کیا اوسکا گلو ‌ ‌ ‌ سایہ اک موزون ہی مطلع میری سرو ناز کا

پیستا چلتا ہی دل ہر گام زیر ہر قدم ‌ ‌ ‌ حشر کرتا ہی بپا عالم حسن انداز کا

نقش پا ہی یار سی پیدا ہی تعویذ مرا ‌ ‌ ‌ پائمال ناز ہوں فتنہ کی انداز کا

کچھ بھی ہوتا ثیر اگر ہی دودہ دود جگر ‌ ‌ ‌ کر دی منہ کالا پھر تفرقہ انداز کا

عشق تار زلف سی ہی رشتہ برپا مرغ دل ‌ ‌ ‌ طائر پابند کو یارا نہین پرواز کا

دلمین پیوستہ ہین تیر ناز کی پر گرہیان ‌ ‌ ‌ مرغ جان کو ان پرون قصد ہی پرواز کا

ق

چٹکیون پر ہی اوڑاتی فندق انگشت یار ‌ ‌ ‌ پیستا ہی دل کبھی عالم خرام ناز کا

تھم تباقی ہو ہوا جستا ہی ان الفت کا رنگ ‌ ‌ ‌ طائر رنگ حنا ہوں خلل کیا پرواز کا

چٹکیان لیتی ہین دلمین سمیر نقش و نگار ‌ ‌ ‌ جامہ چین فی حسن یا چوڑانی پرواز کا

حق سبحانہ تجھی کیسی پری یا حور عین ‌ ‌ ‌ آدمی دیکھا نہین لیکن اس انداز کا

ابرو قاتل کشیدہ ہین کبیدہ چشم ناز ‌ ‌ ‌ کچھ مقرر ہی کرشمہ غمزہ غمتاز کا

دشت وحشت مین نہ بس ہی قدمونکا خیال
بید مجنون پر گمان ہوتا ہی سر ناز کا

عشق یار خوش گلو مین نی ہو فنا ہی گلو
کان کا پردہ ہر اک پردہ ہی گویا ساز کا

خط نکالا یار نی سر سبز کشت حسن ہی
زہر ہی عشاق کو انجام اس آغاز کا

مصرعہ قد تھا قیامت بیت ابرو فرد تھی
حاشیہ خط نی لکھا تازہ کتاب ناز کا

تیری دیوانی کا لڑکون کو نہین مشکل سراغ
راہبر ہی سلسلہ زنجیر کی آواز کا

کیون نہ ہون مرغ لب بس نغمہ سنج گرم کی
مرغ آتشخوار ہون مین شعلہ آواز کا

پردہ الفت مین کہتا ہی ستم عشاق
ای دل نادان عبث شکوہ ہی اس [illegible] کا

جسکی پروانہ فدا اوس شمع رو پہ ہو گیا
حوصلہ دیکھا سحر تیری دل جانباز کا

عشق ابرو مین ہی دل زخمی شمشیر جدا
یاد مژگان مین جگر ہی ہدف تیر جدا

قتل کرتا ہی کوئی اور کوئی تشہیر جدا
جرم الفت کی نہ تھا سی ہی تعذیر جدا

سر کبھی تن سی ہوتا ہی بت بی پیر جدا
قاتل اب ہاتھ سی کر قبضہ شمشیر جدا

سبب زیست ہی نظارہ حسن جانبخش
آنکھون سے ہوتی ہی کب یار کی تصویر جدا

ق

کمالیان وہی کی جو مُردونکو جلا دیتا ہی — ہی مسیحا سی لب یار کی تقریر جدا

تیری بیمار دہی عیسی گردون کو یہ فکر — ہر سحر پیش نظر رہتی ہی تدبیر جدا

کاسہ مہر مین ہی شربت عناب بھرا — کاسہ چرخ شفق مین ہی طباشیر جدا

سامنی تیری سخن خط مین ہی لکھا دشنام — سب سی تقریر جدا سب سی ہی تحریر جدا

سنگ در پر تری گڑا ہی ہمیشہ ماتھا — کہ ہوا لوح جبین سی خط تقدیر جدا

تیری سودائی کی زندانمین مچانی ہی ہجوم — شور ہی غل کا جدا نالہ زنجیر جدا

طرفۃ العین مین دل ہوتی ہین مژگان سی فگار — گرچہ زہ سی کبھی ہوتی نہیں یہ تیر جدا

وصل کی فکر ہمین ہجر جی اسکو منظور — اپنی تدبیر سی ہی خواہش تقدیر جدا

طوق منت نہیں گردن سی بڑھایا اوسنے — اپنی گردن سی ہو کیا طوق گلوگیر جدا

شدت ضعف نی اسدرجہ جھکایا مجکو — طوق گردن سی نہیں حلقہ زنجیر جدا

تیری ناوک کا ہی مشتاق جراحت دل زار — حلق ہی تشنہ آب دم شمشیر جدا

ہجر دلبر مین ہی وصل جان جہان سی ہی روا — جسم سی روح کو اب کرتی ہی تقدیر جدا

بسمل ناز ہو صد نزع ہی مشتاق جمال — ایکدم اور نہ ہوتا دم تکبیر جدا

مطلع گھوڑ خدا تجکو نہیں طفل مزاج
کر دیا یار جوان اسی فلک پیر جدا

زخم دل پر مری ہر روز نمک پاش ہی دھوپ
مشک افشاں ہی جدائی کی شب تیرہ جدا

آفتاب اوس سے کسب ضیا کرتا ہی
مہر سی چہرۂ روشن کی ہی تنویر جدا

آرزو ہی کہ رہیں لازم و ملزوم مدام
نہ سحر سی ہو الٰہی کبھی تنویر جدا

نہ حلم دیکھا غم ہجر یار سوفی کا
عبث خیال ہی اسی چشم زار سوفی کا

طلائی پر تو رخ سی ہی رنگ زلف سیاہ
ہر ایک بال ہی گویا کہ تار سوفی کا

یہ رنگ فیض ہی عکس کف نگارین سے
کہ خاک زیر قدم ہی غبار سوفی کا

خزاں کو دخل نہ ہی باغ حسن میں اسی سرو
شتاب کان سی پتا اوتار سوفی کا

خیال رہتا ہی شاید وہ خواب میں آجای
یہ ہی سبب ہی کی لیل و نہار سوفی کا

پلنگ مجکو پلنگ درندہ بنجائے
جو ہو خیال شب ہجر یار سوفی کا

زبس ہجر میں گشتہ ہی رنگ طلائی جانان
اوٹھیگا خاک سی میری غبار سوفی کا

جہاں کی توفی بنایا ہی چشمۂ خورشید
ہی آب چرخ کہ پانی ہی یار سوفی کا

نہ لیٹو رہٹ کی لواب مین چھیڑ تم ہمین
نکالو مجھ پہ دل سی غبار سونی کا

جھنجھوڑ و جاگو جب تک کہ ہین کھلی انکھین
کہتا ہی چشم نہ ہووے گا تا سونی کا

نکلیں وہ الکی باہین تو منہ پہ منہ رکھدی
مزہ ہو تب تمہین ساتھ پا سونی کا

مین جاگتا ہون بھلا یہ کونسی مروت ہے
ارادہ کرتی ہو تم یار پا سونی کا

بنالین اہل امارت عمارت زر و سیم
مگر بنے گا نہ ہر گز مزار سونی کا

یہ تیری چھپی رنگت نی شرمسار کیا
کہ منہ فق ہوا ایکبار سونی کا

کرن دوپٹی کی تیری تمام رہتی ہی یاد
ہمارے دل مین کھٹکتا ہی خار سونی کا

کہو نہ تم کہ نہین سوئے ہم بھی شب تجہ بن
بھرا ہی آنکھ مین اب تک خمار سونی کا

نہ نیند آئیگی تا صبح ای سحر شب ہجر
خیال شام سی کیجے ہزار سونی کا

دیکھنا قسمت مین اپنی شبنت و جشنت ناک تھا
وقت رخصت وہ نم نکلجاتا تو جھگڑا پاک تھا

مائل صید افگنی جب وہ بت سفاک تھا
مرغ جان عشقبازان بستہ فتراک تھا

ہجر مین الکو قرار ای راحت جان خاک تھا
جوش وحشت تھا گریبان تا بدامن چاک تھا

پردۂ مینا سی باہر آتی ہی مین بی اوڑا
دختِ رز پر بسکہ مدت سی نگاہ پاک تھا

صحبتِ ہمدم الفت تھی منظور آنکھ کو
ورنہ عیسی تھی وہ لب خال سیہ پاک تھا

ق

یاد آیا ہی کہ جب اوس بت سی تھی ہمکنار
دلکو کچھ بھی ہرگز نہ خوف گردش افلاک تھا

آب آتش رنگ سی مل جلکی ہوتا تھا کباب
ساقیا بن تیری لطف میکساری خاک تھا

کیا ملالت بن آئی رات گہری سی نیند
گرچہ شبنم کی وہ گل پہنی ہوئی پوشاک تھا

پھر بھی بچاری دیکھا اوس ماہرو کو بیحجاب
مین کتان کی شکل کیا پہنی ہوئی پوشاک تھا

کیون ہر یکسو کی مرقد مین مری کھدی
ہاکتا بعد از قضا بھی مین تو سوتی تاک تھا

ہجر ہجر حسن سی پانی ہوا خون جگر
جوش طوفان اضطراب دیدۂ نمناک تھا

کیون سحر دیکھی نہ باغ خلد مین صبح بہا
جیتی جی وہ جان شاہ صاحب ادراک تھا

اپنی کوٹھی سی جو وہ دلبر رعنا اوترا
بام کعبہ سی مین سمجھا کہ مسیحا اوترا

تن سی سر یار کی کوچی مین ہمارا اوترا
دوش سی بار جو منزل پہ مین پہونچا اوترا

شب کو مہر رخ جانان سی نقاب اوٹھی جب
مثل شمع سحری بدر کا چہرا اوترا

آج کسنی رخ پر نور سی اولٹی ہی نقاب ماہ کا منہ نظر آتا ہی جو اوترا اوترا

رخ پر اوس شوخ کی جو پڑی صبح نگاہ تن خورشید سی تا شام نہ لرزا اوترا

واہ ری جوش نزاکت کہ دم زینت زلف بوجھ سی شانہ کی اوس مو کا کاشانا اوترا

تن لاغر کو مری چاہیی باریک کفن مجکو دی ڈال کوئی ہو جو دوپٹا اوترا

چشمہ حسن پر ای یار نہین خط سیاہ لشکر زنگ ہی آکر لب دریا اوترا

کہنیون سی تری کٹوا دوگا ہاتھ ای نقاش نہ قلم سی تری اوس منہ کا جو نقشا اوترا

حسرت حسن سی پردی سی پڑی آنکھ تری بیچ جالی مین بدن سی جو دوپٹا اوترا

رہ گئی ضعف سی ہم نقش قدم کی صورت قافلہ منزل مقصود کو پہونچا اوترا

خون کوچی مین ترے سی ایک زمانہ کا ہوا سرخ جوڑا نہ ترا ای گل رعنا اوترا

گو بہت عشق زنخدان نی کنوئین جھنکوائے سر سی لیکن نہ تری چاہ کا سودا اوترا

سر کٹا تن سی تو بیڑا ہوا عاشق کا پار تیغ کی گھاٹ سی ہین عشق کا دریا اوترا

ہجر ساقی مین ہوئی بادہ کشی خواب و خیال حلق پر سی نہ کبھی جام نہ شیشا اوترا

کیا نزاکت ہی جو پہنی کبھی پھولون کے ہار کھائی سو بل کمر یار نی شانا اوترا

آج ہالہ نظر آتا نہیں مہتاب کے گرد
عمر وحشی کا ان سے شاید تری ہالا اوترا

نقل کی جا لب شیرین کا مجھے بوسہ دے
ساقیا منہ کا مزا ہے مرے اوترا اوترا

طرز رعنائی او ڑاسکتا ہے طاؤس کوئی
کبک سے کب تیرے رفتار کا چھاپا اوترا

تیک بد ہیں ہمین پیری نے سحر تمیز
شب بسر ہو گئی تب نشہ ہمارا اوترا

تجھ سے نہ اور ہم نے کبھی بیوفا سنا
تعریف غیر کی سنی اپنا گلا سنا

شرح عتاب یار نہ تو قاصدا سنا
بیمار ہجر کو نہ پیام قضا سنا

کہتے ہو تجھ سا آدمی دیکھا نہ تھا سنا
کیا تم نے میرے حال کا ہی دیکھا ہے کیا سنا

تعریف زہد خشک بس زاہدا سنا
رکھتا ہے بوریا کی ترا بوریا سنا

سودا ہے اک کریم سے بازار حشر میں
واعظ نہ ہمکو قصہ روز جزا سنا

ہے جان بلب مریض تمنا ہے گفتگو
دو باتیں جا کے ابے بت نا آشنا سنا

پایا تھا ہوں سو ہی وہ دشنی بت بجان زار
اہل وطن معاف ہو میرا کہا سنا

پایا سوال بوسہ لب پر جواب تلخ
کیا میں نے بد زبان کہا تو نے کیا سنا

غیرت سے اُڑ گیا رخ لعل یمن کا رنگ — تیری لبون کا وصف جو اے مہ لقا سنا

سنتے ہو سب جہان کے قصہ کہانیان — لیکن نہ درد دل کا مری ماجرا سنا

بے رحم تھا مگر نہ رہا ضبط یار کو — رونے لگا جو حال مری موت کا سنا

مین نے کہا جو قصہ درد شب فراق — بولی کہ یہ فسانہ تو ہے بارہا سنا

رکھی ہین عزت سگ جانان کے واسطے — کہنا نہ ہڈیون کو مری اے ہما سنا

کہنے لگا مین حال دل زار تو کہا — سر پھیر کر گیا خموش ہو بس بس سنا

تم بے سبب جو باتین سناتے ہو بار بار — کچھ میری بھی زبان سے برا یا بھلا سنا

انصاف گر کرو تو یہ کچھ ظلم کم نہین — کرتے ہو باتین غیر سے مجکو سنا سنا

اتنی نہین مجال سحر کی جو دے جواب
ہان ہان حضور آپ نے جو کچھ کہا سنا

باغ مین جام بکف ہر گل خندان آیا — مژدہ اے بادہ کشان موسم باران آیا

وہ سہی قد جو پئے سیر گلستان آیا — غل ہوا قمریون مین سرو خرامان آیا

جانفزا لالہ لب پر خط ریحان آیا — خضر فرحان طرف چشمہ حیوان آیا

ایک حالت پہ نظر صحرا و بیابان آیا
اس برس لیکی جیب مین طوفان آیا

شام کو جب مری گھر وہ مہِ تابان آیا
صبح کا صاف نظر چاکِ گریبان آیا

قصد بارش پہ جو ہی ابر بہاران آیا
نہین دیکھا ہی مری اشک کا طوفان آیا

ہوگا اب گلشن خوبی مین نیا رنگ بہا
سرو قد کی گل رخ پہ خط ریحان آیا

انتظار خط قاتل مین یہ محویت ہے
تیر آیا تو کہا قاصد جانان آیا

سنگدل وہ ہی یہ جوش جنون الفت
آیا جو طفل بھری سنگ سی دامان آیا

دردمندون کو تاسف تری مقتول پہ ہے
زخم پیکان سی ہی انگشت بدندان آیا

داغ چیچک کی نہین مصحف عارض پہ ترے
ختم آیت کی نشانی ہی نمایان آیا

ق

ہی دم جان شکنی وعدہ خلافی تا کی
دم لبون پہ مرا ای عیسی دوران آیا

قطع کر ڈال کہین رشتہ امید وصال
تنگ جینی سی ترا غمکش ہجران آیا

اک جہان لیکی چلا نقد دل و جان عزیز
خود فروشی پہ جو وہ یوسف دوران آیا

ناخدا ترس بہت سنگدل ترسائی
رحم عاشق پہ نہ تجکو کسی عنوان آیا

بیکسی پہ مری سب اپنی پرائی روئی
ہاتھ ملتا ہوا ہر گبر و مسلمان آیا

داغ خورشید قیامت ہی تو نالی دم صبح
عشق ہمراہ لیی حشر کا سامان آیا

تیر باران سی بھی قت مین ہی بدتر بارش
ہمکو کیا کام اگر موسم باران آیا

ہی یہ تقریر یا سحر ہی یا ہی اعجاز
جو گیا ہو کی ترا بندۂ احسان آیا

رتبۂ حیدر کرّار کی منکر ہین جو لوگ
ای سحر کیا وہ نہین قائل قرآن آیا

ہجر کی شب نالۂ گر آتش فشان ہو جائیگا
تار ہی انگار ہی تو مجمر آسمان ہو جائیگا

برق وش کا رخ جو پردی سی عیان ہو جائیگا
مہر دامان قیامت مین نہان ہو جائیگا

طوطی خط کا لب و رخ جب مکان ہو جائیگا
خطۂ مصر و حلب ہندوستان ہو جائیگا

وصف ابرو جب ادا و قت بیان ہو جائیگا
آشکارا جوہر تیغ زبان ہو جائیگا

وارد گلشن جو وہ سرو چمان ہو جائیگا
سرو شل سایہ سبزی مین نہان ہو جائیگا

وہ سمنبر باغ مین ہوگا اگر گرم ادا
سرو بازار بہار بوستان ہو جائیگا

شرم سی پژمردہ ہوکر غنچی ہو جائینگی گل
رنگ بو کیطرح نظرون سی نہان ہو جائیگا

ہمسری کا گر رقیب بوالہوس کو ہی خیال
خنجر قاتل سلامت امتحان ہو جائیگا

اشک و آہ آتشین جو کھلائینگی جوش اثر
گل زمین ہوجائیگی غنا آسمان ہوجائیگا

نالہ سے ہوجائیگا سحر زندگی سے جلد پار
کشتی عمر روان کو بادبان ہوجائیگا

چشم طوفان زا جو کھلائیگی اوج جوش اشک
موج پر غلطان حباب آسمان ہوجائیگا

دمبدم آنکھون مین ہے اک جوش طوفان سرشک
جسطرف رخ پھر گیا دریا روان ہوجائیگا

ق

جب سبکروحی ہوئی حاصل ملی معراج عشق
غم نہین کاہیدہ جسم ناتوان ہوجائیگا

مثل برگ کاہ مجکو ہر خط موج ہوا
پھر اوج بام جانان نردبان ہوجائیگا

خود فروشی پر ہی مائل یوسف ہر دل عزیز
نرخ کالای محبت اب گران ہوجائیگا

ابتدا ہی اور سحر مشہور ہی جادو طراز
رفتہ رفتہ شاعر معجز بیان ہوجائیگا

دخل اپنی نظم مین نہین کسی حسود کا
شیطان کو چرخ پر نہین یارا صعود کا

دیکھو شگوفہ سبزۂ خط کی نمود کا
طرہ ہی گرد شعلہ کی ہالہ ہی دود کا

موسم ہی وہی یار پہ خط کی نمود کا
نیرنگ ہی دو رنگی چرخ کبود کا

کفر انحراف ہی خم ابروی یار سی
بندہ مقر ہی کعبہ کی جانب سجود کا

کاوس کہیں جس سے وہ گرتا ہے منہ کی بھل | کرتا ہی جو فلک پہ ارادہ صعود کا

غرّہ عبث ہی ہستی ناپایدار پر | آخر مآل ایک ہی نابود و بود کا

اعلی کو نفع دست فرومایہ سی نہین | پہونچی کب آفتاب کو پانی ہنود کا

طینت جو پاک ہو تو نہین عیب سے جو باک | مریم پہ افترا نہ چلا کچھ یہود کا

سودا ہی الف سر مین جب تک ہی دم مین دم | عاشق کو کیا خیال زیان و سود کا

ساقی مدام شیشۂ مے کی ہی پیروی | مستی مین مشغلہ ہی رکوع و سجود کا

کاجل بنا ہی دیدۂ حوران خلد کا | رتبہ تو دیکھنا مری آہون کی دود کا

تیری رخ صبیح پہ خط جلوہ گر نہین | مسکن ہوا فرنگ حبش کی ہنود کا

عالی ہمم کو منفعت ایسی نہین پسند | نقصان غیر ہو جو سبب اپنی سود کا

رخ سی نہین ہٹاتا ہی زلفون کو شمع رو | شعلے سی قطع سلسلہ ہوتا ہی دود کا

کردی اشارہ ناخن ابرو سی غنچہ لب | ہو وا ہی طور عقدۂ دل کی کشود کا

دشمن اگر جہان ہو تو کب ہی سحر کو باک
کافی فقط ہی فضل خدا ہی ودود کا

ہمسر مہ کنعان ہو ترا ہو نہیں سکتا
ہم پہلوِ خورشید شہا ہو نہیں سکتا

چاہے جسے مارو جسے جی چاہے جلاؤ
کیا تم سے بتو نامِ خدا ہو نہیں سکتا

مرجان کیطرح لال بھبوکا ہیں تہِ پا
سرسبز کبھی رنگِ حنا ہو نہیں سکتا

سیرت بھی بڑا حسن ہے صورت ہی فقط کیا
تصویر سے ہو ناز ادا ہو نہیں سکتا

کب تا بزبان دوست کی آتی ہے شکایت
ہم سے کبھی دشمن کا گلا ہو نہیں سکتا

نیکی میں ملک ہے تو بدی میں ہے یہ ابلیس
کیا حضرتِ انسان سے بھلا ہو نہیں سکتا

رخ طائر دل کا طرفِ کوی صنم ہے
کعبہ سے پھری قبلہ نما ہو نہیں سکتا

دل عشق خط سبز میں افسردہ ہے اے خضر
یہ مزرعِ پژمردہ ہرا ہو نہیں سکتا

تدبیر سے رد ہو نہ سکی کلفت تقدیر
حیلہ سپرِ تیغِ قضا ہو نہیں سکتا

ہیں عاشق و معشوق بہم لازم و ملزوم
جوہر یہ عرض سے ہو جدا ہو نہیں سکتا

اے عیسیٰ جانبخش ترا تشنۂ دیدار
دیکھے طرفِ آبِ بقا ہو نہیں سکتا

جانبخش لعابِ دہن یار سے اے خضر
سرسبز ترا آبِ بقا ہو نہیں سکتا

گر ہاتھ لگانے نہیں دیتی ہو مری جان
کیا دور سے بوسہ بھی عطا ہو نہیں سکتا

بچتا نہین تا کا جسی قاتل کی نگہ نی
یہ تیر نشانہ سی خطا ہو نہین سکتا

وہ دشمن جانی ہی محبت کا برا ہو
ظاہر مین بھی مین اوس سی خفا ہو نہین سکتا

جنجال ہوا دام تری زلف کا صیاد
ایسا ہی پھنسا دل کہ رہا ہو نہین سکتا

دل غنچۂ تصویر بنا عشق دہن مین
یہ عقدۂ لاحل کبھی وا ہو نہین سکتا

لب بند ہین اللہ ری تو کی حلاوت
ہونٹوں سی مرا ہونٹ جدا ہو نہین سکتا

کیا انس ہی مجکو مرض عشق بتان سی
خالق سی طلبگار شفا ہو نہین سکتا

کیا نام کیا عشق کا بدنام زلیخا
محبوب سزاوار جفا ہو نہین سکتا

گو بزم مین و لطف شب ماہ ہی ساقی
پر بی گزک بوسہ مزا ہو نہین سکتا

اپنا یہ عقیدہ ہی سحر غیر ید اللہ
بندہ کا کوئی عقدہ کشا ہو نہین سکتا

دل بشوق شعلۂ رخسار دلبر اوڑ گیا
شمع پر ہوتی کو پروانہ سمندر اوڑ گیا

جب ہوا سی پردۂ رخسار دلبر اوڑ گیا
شرم سی رنگ رخ خورشید انور اوڑ گیا

سینہ مین ٹھہرا نہ سوز آتش فرقت سی دل
قطرۂ سیماب تھا بیتاب ہوکر اوڑ گیا

طبع عالم میں مخمر ہی کجی مانند تیغ
راستبازی کا مگر دنیا سی جوہر اڑ گیا

میری خون گرم سی شعلہ بنی جب تیغ تیز
صورت اسپند ہر جوہر چٹک کر اڑ گیا

تیری خون فی طائر رنگ حنا کو پر دیی
مرغ بریان جابجا حیرت سی کہ کیونکر اڑ گیا

تا نگہ گلشن پی گلگشت آیا جب وہ گل
طائر رنگ حنا بس ہو کی ششدر اڑ گیا

جب لکھا بیتابی دل کو تو فرط شوق سی
خود بخود نامہ مرا بنکر کبوتر اڑ گیا

جستجوی مہروش یہی کہ میری خاک کا
ذرہ ذرہ کرمک شبتاب بنکر اڑ گیا

رنگ رخ کو پر ملی ہیں اوس پری کی ہجر میں
جب ہوا کچھ دل چہ مہ منہ سی کافر اڑ گیا

در تلک آیا نہ وہ آئینہ رو پردہ نشین
شہرہ پر حسن ملاحت نہ اکا گھر اڑ گیا

ق

آنکھیں ملتا صبح جب وہ ترک تیر افگن اٹھا
نسر طائر ہو کی بیتاب آسمان پر اڑ گیا

تھم سی تیر مژہ کی سرخ ہو گئین فلک
بال و پر خط شعاعی سی لگا کر اڑ گیا

دی رہا میں نخچر اک کر مجھی ہنگام قتل
کیا برش کا خنجر قاتل سی جوہر اڑ گیا

ہو نمین وہ عشق مجسم جب تو پہلو سی اٹھا
جان کا آرام اہی حسن مصور اڑ گیا

ای پری دیکھی جو تیری ناز پا کی جست خیز
چڑھ گیا دم سر سی ہوش بال و حصر اڑ گیا

دیکھکر کوچہ مین مجکو ناز سی اوسنی کہا
کیون پڑا رہتا ہی تو یان کیا ترا گہر اوڑ گیا

قید الفت مین ہون مثل طائر رشتہ بپا
گر پڑا فوراً او جھکی دو قدم گر اوڑ گیا

تہا ہوا ہی شعلہ رخسار مین گرم طپش
آہ کی ہمراہ دل مانند اخگر اوڑ گیا

جلوہ رنگ صبیح مہوش دیکھا جو رات
چہرہ سی نور قمر کا فور ہوکی اوڑ گیا

شب جو ابرو ہی مشکین مہ عارض سی ہٹا
عنبر سارا ہی شب کا فور ہوکر اوڑ گیا

ناتوانی نی یہ کاہیدہ کیا مجکو سحر
جب ہوا آئی تو مین ہمراہ بستر اوڑ گیا

بگڑا ہی کچھہ ایسا وہ ستمگر نہین ملتا
مین اوسکو جو ملتا ہون تو خنجر نہین ملتا

چہرہ سی کبھی ماہ منور نہین ملتا
ایک اوسکی در گوش سی اختر نہین ملتا

تدبیر کرو لاکھہ مگر زر نہین ملتا
کاوش سی بجز رزق مقدر نہین ملتا

ہون جان بلب اللہ وہ جدائی کی تعب سی
جی چھوٹ گیا ہی جو وہ دلبر نہین ملتا

بھیجون کسی قاصد کی رسائی نہین اوس تک
ہدہد نہین ملتا ہی کبوتر نہین ملتا

نسبت جو تری کاکل مشکین سی ہین رکھتی
اب تیون کی مول بھی عنبر نہین ملتا

لڑکون نے مجھے سنگ یہ وحشت مین لگائی
اب نام کو بھی شہر مین پتھر نہین ملتا

چھینٹا تمھین وہ سجاتی ہین چپ کا ہر آن
دریای محبت کا شناور نہین ملتا

ہرجائی ہو مثل قمر خانہ برانداز
دو دن بھی مہینون کبھی گھر پر نہین ملتا

آہ آہ شرربار وہ مہ ہاتھ نہ آیا
ہیہات فلک خاک مین جالکر نہین ملتا

گرد پس محمل ہے نہ آواز جرس ہے
مجنون کو تری اب کوئی رہبر نہین ملتا

فرقت مین تن زار ہوا سوکھ کی کانٹا
ہی خار کہ وہ رشک گل تر نہین ملتا

بیتاب ہون جی چھوٹ گیا یار سے چھٹکر
دل بر مین تڑپتا ہی کہ دلبر نہین ملتا

جس چیز کی خواہش ہو وہ ملجاتی ہی آخر
اک عاشق صادق بت خودسر نہین ملتا

بجلی ہی ہنستی ہو جلانی کو ہمارے
کیا اور کوئی آپ کو زیور نہین ملتا

صورت نہ دکھاتا کبھی گر بوسہ نہین ہے
صاف آینہ رو کچھ ہی مکدر نہین ملتا

جب تک کہ صفت آینہ دل صاف نہ تجھسے
حق ان مین نہین ہوتا کوئی جوہر نہین ملتا

منظور شکست دل نازک ہی گرامی شوخ
کہدی سخن سخت جو پتھر نہین ملتا

ساقی کز لب بوسہ جو دیتا نہین ہمکو
مدت ہوئی لب سے لب ساغر نہین ملتا

اوس گل کی سوا کوئی کسیکا نہین طالب
بلبل کا گلستان مین کہین پر نہین ملتا

رکھین سر شوریدہ کو ہم پانون پہ کسکی
عالم مین کوئی آپ کا ہمسر نہین ملتا

کیون سوز نہان دل کو جلاتا ہی ہمارے
وہ شوخ جو اغیار سی چھپکر نہین ملتا

ہوتا ہی جہان زیر و زبر ایک ادا مین
چتون سی تری فتنۂ محشر نہین ملتا

اہی مست جنون ہجر مین کی دامن شب چاک
ہیہات گریبان سحر گر نہین ملتا

انصاف طلب کس سی سحر ہون یہ غضب ہے
دنیا مین کوئی صاحب جوہر نہین ملتا

دیکھی چاٹی لہو کس عاشق ناکام کا
منہ کھلا ہی آج قاتل تیغ خون آشام کا

پست ایسا ہی ستارہ بخت نافرجام کا
عمر بھر جلوہ نہ دیکھا یہ جبین کی بام کا

طبع عالی کو بجا ہی ادعا الہام کا
مرغ معنی [illegible] ہی صید [illegible] کا

دلنشین کیا ہو تصور بہر بت خودکام کا
میری کعبہ مین [illegible] نہین [illegible] کا

دلربا ہی خال ہی سبزہ رخ گلفام کا
صید ہو مرغ نگہ بی دانہ ہی اس دام کا

باندھ لایا غیب کی پردہ سی مضمون کہر
آج عنقا ہو گیا ہی صید میری دام کا

کھل گئی کنہ حقیقت دل پہ بی عشق مجاز
بی کمند و نردبان دیکھا تماشا بام کا

جلوہ ابہری کچھ اوس افشان کی ذرون سی بڑھا
حسن چمکا ریزہ جوہر تہی صمصام کا

رنگ یکرنگی جو پیدا ہو دوئی ہو جائی دور
حرف و یک جنس ہین تو رسم ہی ادغام کا

انقلاب دہر سی برگشتہ ہی وہ تیرہ بخت
جو ہی مانند نگین دنیا مین جویا نام کا

ہو چلا آغاز خط پر دل اوس رخ سی پہرا
صبح کا بہولا نہ آیا وقت پہونچا شام کا

چہرہ پر نور زیر حلقہ ہائی زلف ہی
مرغ زرین فلک گویا صید ہی اوس دام کا

آج اوج بخت سی ہی عرش پر اپنا دماغ
ہو گیا معراج زینہ اوس صنم کی بام کا

پہیر ڈالا گردش چشم صنم نی دل مرا
کیا کرون شکوہ جفا کی گردش ایام کا

زلف شبگون مین رخ پرنور ہی صبح بہار
دونون جانب ہی برابر فاصلہ دو شام کا

مرتی ہین بارخ و کاکل پر او پیمان شکن
کب تلک وعدہ ہیگا روز صبح و شام کا

تلخ کامی زندگی ہی لی خبر جلد ای مسیح
ہو چکا ہی کام تیری عاشق ناکام کا

تیری چشم شوخ نی ایسا گرایا آنکہہ سی
کوڑیون سی نرخ ارزان ہو گیا بادام کا

تیری چشم مست مین سرمہ کی دنبالی نہین
مردم بیمار تہامی ہین عصا بادام کا

زلف کی لٹ آگئی جب چشم مست یار پر
شاخ سنبل سے شگوفہ کھل گیا بادام کا

روح پرور کیوں نہ اوس قاتل کے ہوں شیرین کلام
جانفزا ہے زہر میٹھا تلخی دشنام کا

ایک عالم نرگس بیمار کا بیمار ہے
ہاتھ میں پیر و جوان کی ہے عصا بادام کا

زلف میں تیری پھنسے ہم پہلے پیچھے اور لوگ
طائر دل تھا ہمارا مرغ پا ہے دام کا

تیری زلفوں کی کشاکش نے کیا ہے دم خفا
صید لاغر ہوں نہ بوجھہ اوٹھیگا دوہرے دام کا

متصل اعجاز ساقی سے ہیں شمع و آفتاب
ساعد سیمیں ہے ساغر بادۂ گلفام کا

دیکھکر تصویر اپنی بگڑ گیا اوس بت کا ناز
ہاتھ مثل کلک یارب خشک ہو رسام کا

ق

ہے بہار گلشن عالم تو اے رشک چمن
بوستان مثل ریاض حسن ہے کس کام کا

زلف سنبل چشم نرگس چہرہ گل نسرین بدن
عطر گلنار ہے سمنبر ہے عرق اندام کا

ٹھنڈی ہی آہوں سے نکلتا ہے سینہ کا بخار
پھر کہاں گرمی جو در ہر دم کھلے حمام کا

ہیں کبھی میٹھی نگاہیں اور کبھی ہے زہر چشم
گاہ شیریں ہے مزا گہ تلخ ہے بادام کا

دستگاہ منفعت ہے گرچہ ہے بے آبرو
حسن بے پردہ ہے گویا آئینہ حجام کا

پڑھ بدل کر بحر مطلع آبدار ایسا سحر

جس سے ہوتا بندہ جوہر فکر کی صمصام کا

ابرو کو تیری شہر قلا ہی کیا قتل عام کا / منہ دیکھتی ہین ہسپر و ہی نیام کا

ہونٹون نی تیری خون کیا خاص و عام کا / دم بند ہی مسیح علیہ السلام کا

آئی بہار دشت و جبل ہین صد رنگ / دی جام ساقیا مئی یاقوت فام کا

ساقی کی ترش بات نی دی طرفہ چاشنی / مینہ خوش مزا ہوا لب شیرین کلام کا

اغیار بدقماش سی کھیلا جو گنجفہ / دہلا دیا حضور نی دل اس غلام کا

مشتاق اوسکی دید کا مثل کلیم ہون / رتبہ بلند طور سی ہی جسکی بام کا

کھدتی ہی ٹوٹ جاتی ہین وہ دل شکستہ ہون / کندہ اگر نگین ہو کوئی میرے نام کا

ہوتا نہ مین تو قیس کو ملتی کبھی نہ قبر / کرتا ہی دفن امام ہی مردہ امام کا

بندہ نواز آپ جو مجھسی ہوئی خفا / کہی تو کچھ قصور بھی آخر غلام کا

مجکو کیا شہید نہ شمشیر ناز سے / جوہر کھلا نہ یار تمھاری حسام کا

مین اوس سی کسطرح ارنی کا کرون سوال / یارا نہ ہو کلیم کو جس سے کلام کا

تو مجکو بات بات مین دیتا ہی گالیان / او بدزبان یہ کیا ہی طریقہ کلام کا

پختہ ہو جب کہ زلف سی کچھ سلسلہ ہے
کیا اعتبار ہی ابھی سودای خام کا

ساقی ہو اور بادہ برافروز جام ہو
ہی وصل یار یک شب شیرین کلام کا

قاصد جو حال خط مین تم ہو وہ ہی صحیح
کیا اعتبار اوسکی زبانی پیام کا

پھبتی ہماری و نے یہ کہتی ہی خلق سب
طوفان ہی یہ نوح علیہ السلام کا

کیونکر کرین نہ شکر سخن آفرین سحر
شہرہ ہی دور دور ہماری کلام کا

ہر اک نخل مژہ نی خوشۂ لخت جگر پایا
یہ ہمنی باغ عشق سرو گلرو سی ثمر پایا

جلا دل تن گھلا لب خشک مژگان کو بھی تر پایا
بس ای عشق بتان اپنی کیی کا خوب بھر پایا

تلاطم مین ہمیشہ بحر اشک چشم تر پایا
مری آہون نی کیا باد مخالف کا اثر پایا

تجھی یوسف سے بہتر ہمنی ای شک قمر پایا
کہ بوی پیرہن کا تیری جلوہ مین اثر پایا

تری ہونٹون نے پر برق دندان جلوہ گر پایا
بدخشان و یمن کو غرق آب گہر پایا

روان لخت دل اسکی سر شک چشم تر پایا
کہ لعل آتشین کو تشنہ آب گہر پایا

گلستان مین یاسمین کو مہیا ہی سفر پایا
گلون کو دستہ دستہ ابھی باندھی کمر پایا

مری گردش جو دیکھی نقش تک گھبرا گئی اوسکے
فلک کو مبتلا ہی علت دوران سر پایا

نگاہ خشمگان خاک کو سودا قیامت سے
ہماری نالہ ان نے صور قیامت کا اثر پایا

لب جانبخش سے ظاہر ہوئی اعجاز مسیحائی
خط ابرو سی روشن معجز شق القمر پایا

یہ حسن و ناز و شوخی کب ہیں حور و جن و انسان مین
نرالا ڈھنگ تیرا سب سے اے رشک قمر پایا

ہوا جب غیرت طبع ان غنچہ دہان سحر معانی مین
جو مضمون ہمنی پایا روشن لولوی تر پایا

ہوا ہی کعبۂ دل جلوہ گاہ حسن محبوبان
قیامت ہی بتون نے پھر خدا کی گھر مین گھر پایا

بنی یاقوت سودہ خاک نقش پای رنگین سے
غبار راہ مین کحل الجواہر کا اثر پایا

نہ سایہ بھی ہمارے ساتھ پہونچا دشت غربت مین
بگولون کو رہ سرگشتگی مین ہمسفر پایا

سر رہ بید آسا سر بزانوی تفکر ہون
نہ بار توشہ آیا ہاتھ نہ برگ سفر پایا

یہ نکتہ یاد رکھو ایک راحت ہی قناعت مین
سفر کو ظاہر و باطن مین ہم شکل سقر پایا

پریزاد و نہین زیبندہ نخوت خاکسارو نسی
ملائک کو بھی ہمنی جبہہ سای بشر پایا

بسان مشک می مخفی نہ بکھار از الفت کو
صبا کی طرح اے گل عشق کو بھی دربدر پایا

ترقی کمال اس عصر مین نقص و تنزل ہی
بسان بدر ہر کامل کو پھر قدر بدتر پایا

صدا ہی جنبش پا ترجمہ ہی قم باذنی کا
تری ٹھوکر سی اعجاز مسیحا جلوہ گر پایا

وقصدا یک شب مین لکھہ بابری تجہیہ کرتے دیتے
ہزار افسوس شمع آسمانہ ہم تمام زرہ سر پایا

چڑھایا نیزہ پر سر عاشق قامت کا اقاتل
مبارک اتنو نخل آرزو کو بار ور پایا

ق

خدا نے ہی زیادہ و کم دیا اوس سکی حصہ مین
سراپا ایک ہی اک عضو کو زیبندہ تر پایا

کمر نایاب مضمون ہی اگر مصراع قامت کا
مطول لن لب ہاتھ آنی دہان مختصر پایا

ہوئی آہ فلک پیما جو گرم صاعقہ باری
زبان برق پہ بھی الامان و الحذر پایا

خرابات جہان غفلت سرا ہی جا عبرت ہے
جسے دیکھا چشم شور مست بیخبر پایا

جو اوس بلقیس ملک حسن کپ بھیجا ہی خط میں
خدا یا کیا سلیمان کا تجھی نے نامہ بر پایا

نہ دیکھا روئے صحت دردمندان محبت نے
دوا کو بی اثر پایا دعا کو بی اثر پایا

تصور صورت معدوم کا اک نقش باطل ہی
بہت سی موشگافی کی مضمون کمر پایا

بتون کو بیکہ ناقص ہے یہ دعوی خدائی کا
کسیکو بی دہن پایا کسیکو بی کمر پایا

پر مرغ نگاہ مردمان کیونکر نہ جل جائین
ہمیشہ آتش رنگ حنا کو شعلہ ور پایا

طلائی ہوگئی چہرے کی رنگت دل لگانی ہے
خواص اکسیر کا الفت میں تیری سیمبر پایا

امید اوج ہی اختر کی فیض طبع عالی سی
ہمارا شاعری مین پست ہی گواہی سحر بابل

عدو آتی ہو نہیں اک پردہ نشین مہر فن کا
دل سوزان ہی پروانہ چراغ زیر دامن کا

مری جو مست ساقی کی صراحی اگردن کا
گرا خشت سر خم سی ہی زیبا اسکی مدفن کا

ہوا ہون ہجر مین ہی یہان یار سی لاغر
ارادہ وزن ہو اچہا بامنین ہی مسکن کا

گل داغ جگر سی ہی بہار سینہ سوزان
کھلا چاک گریبان ہی عجب دروازہ گلشن کا

ہوی گو سوکھ کر کانٹا چھوٹا کوی گلرویان
تن لاغر ہمارا خار ہی دیوار گلشن کا

کری تقلید اگر معشوق کی عاشق تو زیبا ہے
وہان سوزنی کا گہنا ہی تو یان زیور ہی آہن کا

بتان سنگدل کی عشق مین کیا جیتا ہون
خداوندا زبون ایسا نہو احوال دشمن کا

پھنسا زلفون مین جب دل خوف ترک چشم فتان ہے
اندھیری رات مین ہوتا ہی کھٹکا دو رہزن کا

یہ عشق نازنین مین ہون ضعیف و ناتوان ابتن
پڑی تنکا اگر سر پر تو سمجھون بوجھ سو من کا

نہین شام مسیحی سون اوس صبح صباحت کے
گل خورشید کی پہلو نہین لگو پہول سوسن کا

یہ کس خورشیدو کی عشق مین دیوانہ پھرتا ہون
شعاع مہر ہی تار ہر چاک جیب و دامن کا

چمک مین سنگریزی تھی ن تھی آب انجم رخشان
پڑی گر عکس روی بحر پر جھنارہ روشن کا

جلا تھی مین جلاین برق حسن روی رخشان سے
ہوئی پیا سنگ سرمہ جو پتھر تھا بدفن کا

کیسکی چار تھا پا ان کی مینہ چھپ بھٹ گئی مین
قلم پر ہو گیا جلوہ سراپا شمع روشن کا

قد و رخ کی تصور مین چمن مین گر کی زیبائی
اوڑین قمری کی ہوش اور بند ہو مرغ گلشن کا

منور گھر ہی سارا سرو قد رخ کی تجلی سی
نمونہ ہی تمام صحن مکان وادی ایمن کا

اوٹھائی پانچی اوسنی تو نور ساق پا چمکا
اٹھا ہی پردہ فانوس جلوہ شمع روشن کا

اسیر چاہ غم عشق تیابان مین مین نہین تنہا
منیزہ کی محبت مین ہوا کیا حال بیژن کا

پکارون معرکہ مین کیون نہ حیدر کو سحر ہر دم
خدا کی نام مین اوسکی اثر بخشا ہی جوشن کا

تیر مژگان نی دل فگار کیا
تیغ کا ابروان نی کار کیا

ضبط فریاد و آہ یار کیا
جسنے یہ جبر اختیار کیا

مجکو بیجرم سنگسار کیا
کیا غضب ہی ستم شعار کیا

تھا جسے شوق تجھسے ملنے کا
گور سے اوسکو ہمکنار کیا

خون سی بھری سنج جابی حنا
کیون نه تلوون کو ای نگار کیا

تیری رفتار بھی قیامت زا
جب چلا حشر آشکار کیا

گننی بھولا هزار بار وه شوخ
میری داغون کا جب شمار کیا

چھپی دندان کی تب دکھا کی چمک
دل مضطر کو بیقرار کیا

تنگی سی ہون یا دہن کا ہیده
تپ دوری نی یه نزار کیا

نه گئی گوش گل تلک آواز
شور بلبل نی گو ہزار کیا

بعد مردن بھی وا رہین آنکھین
اس قدر تیرا انتظار کیا

مر گئی ہم مگر چٹا کی لہو
تیغ قاتل کو آبدار کیا

ایک گلرو کی سوز فرقت مین
سینه داغون سی لاله زار کیا

چھوڑ کر کاکلون کو گالون پر
اک بلا سی ہمین دوچار کیا

پیچ مین لائی زلف کھلا کر
مبتلا کس بلا مین یار کیا

رات بھر ای سحر نه نیند آئی
صبح تک انتظار یار کیا

آوارہ ہو کی مین جو وطن سی نکل گیا
کانٹا سا اک رقیب کی تن من سی نکل گیا

فرقت مین قید رنج و محن سی نکل گیا
گھبرا کی مرغ روح بدن سی نکل گیا

دم کیا ہوای شوق مین تن سی نکل گیا
مشت غبار صاف کفن سی [illegible] گیا

زلفین اوٹھائین رخ سی جو اوس شکل ماہ نی
[illegible] پڑ گیا کہ چاند گہن سی نکل گیا

دیکھا جو اوسکی کاکل پرچین کا پیچ و تاب
بل شاخ آہوان ختن سی نکل گیا

آیا وہ لالہ رو تو ہوا رنگ گل ہوا
پردی مین بو کی صاف چمن سی نکل گیا

سوز غم فراق صبیحان سی بعد مرگ
کافور ہو کی جسم کفن سی نکل گیا

بی آب و رنگ اوس لب و دندان سی ہو کی صاف
موتی عدن سی لعل یمن سی نکل گیا

بی جرم ہو گیا ہدف ناوک بلا
کون آ کی کوی تیر فگن سی نکل گیا

حیران ہی اک جہان تری نقشہ کو دیکھ کی
کیا نقش کلک طرح فگن سی نکل گیا

غائب ہوا جنازہ سی یکبار جسم زار
اک تار تھا کہ چاک کفن سی نکل گیا

سوز دروں سی قبر مین بیتاب دل ہوا
سیماب وار جیب کفن سی نکل گیا

دیکھا جو ای صبا مری سرو چمن کو
کبر صفا دماغ سمن سے نکل گیا

دی سوز داغ عشق نے الفت میں عاشق کی دل نے جان
همراه آه دل بهی بدن سی نکل گیا

آخر ہوا مزاج نہ باتمطہی سمجھا یا چراغ عمر
شعلہ سا اک عدم کو وہیں ہی نکل گیا

اوس شوخ ہمسر گلبدن کا جو دیکھا خرام ناز
طاؤس منفعل ہو چمن سی نکل گیا

غربت کی شام چھا گئی نظروں میں اے سحر
نور سحر سواد وطن سے نکل گیا

جب سے ہوا ہی تجربہ سی وہ آرام جان جدا
جلتا جگر جدا ہی دل ناتوان جدا

کیا پھر گئی ہوا ہی جہان ہجر یار میں
دشمن مری زمین ہی جدا آسمان جدا

چشم پر آب جام ہی ساقی کی ہجر میں
لیتی صراحیان ہیں پڑی ہچکیان جدا

غصہ میں اوسکو پا گئی جنبش زبان
مہر سکوت بن گئی قفل دہان جدا

غیروں کی اقربا نے لی دل میں چٹکیان
ناخن سی گوشت کٹتی ہی انکی زبان جدا

کس کس کی اوٹھیں کرتی ہیں تشنیع و طعن ناز
ناصح جدا رقیب جدا دلستان جدا

عالم کشیدہ جسکی سبب تھا زہی نصیب
بی وجہ کھنچ رہا ہی وہ ابرو کمان جدا

گھر تک تمھارے کیا گئی ہم چور بن گئے
بدظن جدا رقیب ہیں تم بدگمان جدا

ساحل پہ یاد آ جو گیا روی بحر حسن
دریا بہا دیا لب آب بہم [illegible] جدا

قصہ ہی اپنا وامق و مجنون سی دلخراش
ان سب کہانیون سی ہی غم داستان جدا

دیکھو فسون آہ شرربار و چشم تر
اخگر فشان جدا ہین گوہر فشان جدا

باندھا ہی جوڑا یار نی رنج اسی بھا کی بال
شعلہ سی ہو گیا ہی بہت گرد [illegible] جدا

ممنون لاغری ہی تمہارا اسیر لطف
پانون سی ٹی ہتھیلی ہو گی ہو نہین بیڑیان جدا

اقرار کی ثبات ہی انکار کی ثبات
ہی ہی نہین نہین سی مری تجھ کو یہان جدا

کیا جذب شوق ہی دہن زخم مین ہی
مشکل زبان ہو وی نہ سر مو سنان جدا

ہم عاشقون کا ظاہر و باطن ہی ایک سا
مشکل منانا تھا نہین دل سی زبان جدا

اک مہ جبین کی جلوۂ عارض کی یاد مین
ہی تار تار جیب برنگ کتان جدا

جوش قلق نی پیر کہن سال کر دیا
دو دن سی ہو گیا ہی جو وہ نوجوان جدا

جلتی ہین بزم یار مین خاموش مثل شمع
ہلتا ہی گر زبان تو ہو نوک زبان جدا

ق
ششدر رہا ہون سکتۂ حیرت ہی ہجر مین
اک ہفتہ سی ہوا ہی جو وہ گلستان جدا

کہنی ہین ہی زبان نہ قابو مین ہاتھ پانون
مضطر دل و جگر ہی جدا جسم و جان جدا

ابرو سی ہٹ چکا ہی نہین گوشہ نقاب
زخمی جگر جدا ہی دل خون چکان جدا

سینہ سی تیر ناز نگہ پار ہو گئی
قربان ہی ہوئی نہ تمہاری کمان جدا

مدت پر آئی کہہ گئی ہمکو برا بھلا
انعام دی گئی وہ جدا ارمغان جدا

جنون ہی بچھ دل سی زنجیر ہی سبک
ہلکا ہوا نگاہ مین طوق گران جدا

ق

منعقد دیکہ لی ہی دو رنگی ہی ورق
ہی ال سی فرد فرد بشر کی زبان جدا

بد مغز ہین بصورت بادام توامان
ظاہر ملا ہی باطن اہل جہان جدا

کچھ اور اس زمین مین نگاہو کرو سحر
پر اس غزل کا رنگ ہوا ای مہربان جدا

ہین نخلبند حسن کی گلکاریان جدا
ہر پھول کی بہار سی ہی یان خزان جدا

انکھین ہین اشکبار جدا دل طپان جدا
نالان جرس جدا ہی یہ وان کاروان جدا

عالم فریب ہی گل رخسار و سرو قد
شوریدہ بلبلین ہین جدا قمریان جدا

آمد ہی میری گلرخ نازک دماغ کی
بلبل کہین چمن سی بنا آشیان جدا

ممکن نہین کی سایہ صفت ساتھ چھوڑ دون
تا ہو نہ روح جسم سی ایجان جان جدا

قمری کہان درخت کہان قد دلربا
سرو چمن الگ ہی وہ سرو جہان جدا

دل جلوہ گاہ نور خدا ازانہ ہو وہی صاف
اس مختصر مکان سی نہین لامکان جدا

خط خضر سی تو ہی لب جانبخش ہی مسیح
آب بقا سی لب ہی لعاب دہان جدا

ہی نقص چھوٹ جائین جو دو قول ملی ہوی
مہمل ہو لفظ جب ہو خط توامان جدا

ہین سرو باغ مین رخ رنگین کی سامنی
لالہ جدا گلاب جدا ارغوان جدا

بلبل نہ پھول رنگ چمن بی ثبات ہی
یان کب بہار گل سی ہی جا خزان جدا

سفاک آ رہا تو کبھی تیغ کی پرسش
عاشق ہو بوالہوس سی ہم امتحان جدا

مشک و عبیر سی نہین ملتی کسیطرح
اسبی ہی بوئی کاکل عنبرفشان جدا

دونون کا ایک حال ہی کس کسکو ڈھونڈھیی
پنہان کمر جدا ہی دہن بی نشان جدا

اللہ ری سوز دل کہ ہوائی کیطرح
ہوتی ہین آہ گرم سی چنگاریان جدا

مقراض ہجر رشتۂ الفت ہی سخت بات
کر دیتی ہی ملی ہوئی دل کو زبان جدا

پھینکی زمین پہ یار جو ناخن تراش کر
ہر بدر سی ہوا ایک مہ نو عیان جدا

ای باغبان ہی فصل بہار ہی خدا ہی ڈر
بلبل کا شاخ گل سی نہ کر آشیان جدا

سودا معاملات جہان کا ہی پر ضرر
اس چار سو مین سود سی کب ہی زیان جدا

خالی خیال یار سی ہتا نہین ہی دل
ہوتا نہین مکین سی کبھی یہ مکان جدا

نیرنگ حسن یار کی مفتون ہین چشم و دل
ہر رنگ مین ہی جلوہ عیان و نہان جدا

[illegible] وہ لالہ رو تو ہر اک گل سفید ہو
بو کیطرح ہو رنگ رخ گلستان جدا

ملتا نہین ہی ڈھنگ کسی سی مرا سحر
بندش جدا ہی رنگ جدا ہی زبان جدا

جگر جلا کیا شعلہ کوئی عیان نہ اوٹھا
چراغ عمر تو گل ہو گیا دھوان نہ اوٹھا

یہ دست ظلم سی اب ہم سی دلستان نہ اوٹھا
ہمین تو کوچہ سی اپنی کشان کشان نہ اوٹھا

مجھی یہ ڈر ہی کہ صدمہ نہ ہاتھہ کو پہونچی
تو میری قتل کو تلوار جان جان نہ اوٹھا

یہ ناز کی ہی کہ ہنگام ناوک اندازی
ہزار زور کیا چلہ کمان نہ اوٹھا

یہ رکھی ہین سگ جانان کیواسطی مینی
ہما برای خدا میری استخوان نہ اوٹھا

وہ ناتوان ہون کہ مرنی پہ بھی ہوا کی ساتھہ
غبار خاک سی بھی میرا دوستان اوٹھا

[illegible] چشم کی مانند دیکھکر تجھکو
زمین پہ جب سی گرا پھر ناتوان نہ اوٹھا

پھرا رہونگا کناری نہ مجکو دی تکلیف | چمن ہی موسم گل مین تو باغبان نہ اوٹھا

سلگ سلگ کی جلا سوزش درون سی سحر
بجھا فی آتش دل کوئی مہربان نہ اوٹھا

کیا بندہ مجھی حسن بتان کا | خداوند ابھرا ہو آسمان کا
اکر ناسارا بھولا سرو گلشن | جو دیکھا قد مری سرو روان کا
کیا پامال دل کو کیون مری جان | قصور ایسا نہ تھا اس بی زبان کا
یہ نقد جان ہی اور بازار وحشت | نہین خطرہ مجھی سود و زیان کا
نہین یہ مانگ فرق مہ جبین پر | عیان ہی خط فلک پر کہکشان کا
لب زخم تمنا ہوسگئے وا | خیال آیا جو اوس گل کی دہان کا
گلا موقوف کر خاموش خاموش | دل نالان یہ جھگڑا ہی کہان کا
نہایت ہی مزاج یار نازک | نہ رک جائی کہین دل بدگمان کا
خبر لی جلد ای رشک مسیحا | کہ ابتر حال ہی اس نیم جان کا

سنا کر یہ غزل لی داد سب سی

سبحۂ مجمع ہے بیان اہل بیان کا

اوٹھا جو پردہ رخ مہروش کا نور بڑھا
فروغ ماہ گھٹا اور چراغ طور بڑھا

فقط نہ شعلی کی بڑھنی سی اک غرور بڑھا
کہ جتنی ریش بڑھی زاہدوں کا زور بڑھا

زبان چرب بہت کر رہی ہی شمع دراز
کمال اسکو صباحت کا ہی غرور بڑھا

چراغ بزم ہوتا انفعال سی خاموش
نقاب چہرۂ روشن سی ای غیور بڑھا

ہی گرد مہر کی ہالہ دلیل خونریزی
گلی کی طوق کو خورشید وضرور بڑھا

ملایا خاک مین بی اعتنائیون نی تری
غبار خاطر نازک نہ بی قصور بڑھا

گہر مشابہ دندان یار ہین تو کیا
کبھی نہ قدر مین الماس سی بلور بڑھا

لڑین جو ساقی مہوش کی آنکھہ سی آنکھین
دوچند جام می ناب سی سرور بڑھا

نقاب منہ سی اوٹھائی جو صبح اوس مہ نی
نہ آفتاب کا حد افق سی نور بڑھا

ہوئی ہی گوہر نایاب جنس صدق وصفا
ریا کا گرم ہی بازار نرخ زور بڑھا

قمر کو ہی مری خورشید وسی کیا نسبت
کبھی گھٹا کبھی دو چار دن کو نور بڑھا

بہار آئی ابھی ہی برنگ لیل ونہار
غم فراق گھٹا وصل کا سرور بڑھا

تو کیا اوڑائیگا اوس رشک مہ کا طرز خرام | نہ اپنی حد سی قدم کبک بی شعور بڑھا

دو چار ہوتی ہی قاتل کی چڑھگئی تیوری | الٰہی خیر کہ قہر بت غیور بڑھا

گرا قدم پہ جو مین اوہ پانو سی پاکر | تو کس ادا سی وہ بت لگا کی ٹھوکر دور بڑھا

سحر یہ رہزن ایمان ہین احتیاط ہی شرط
زیادہ ربط بتون سی نہ بی شعور بڑھا

قفس مین نالون سی مطلب ہے یہ اسیرونکا | بہار مین نہ چھٹی ساتھ ہمصفیرون کا

نہ لوح دل سی ہوا محو نقش الفت یار | کہین مٹا ہی لکھا ہاتھ کی لکیرون کا

نہین میان لب سرخ دانت موتی سے | ہی درج لعل بدخشان مین جلوہ ہیرون کا

ہر ایک آہ گذرتی ہی چرخ اخضر سے | خیال کیجیی پلہ بہاری تیرون کا

بتون کی شعلہ عارض ہی اون دو خط مین نہان | الٰہی سرد ہو بازار ان شریرون کا

جلائی کیون نہ مجھی شعلہ رو کی آتش ہجر | کہ شور نالون مین قفس کی ہی صفیرون کا

مین نذر مست کرونگا کبھی نہ بیعت شیخ | جوان مست نگر کس طرح ہو پیرون کا

کہین بھی تیر ہی بی یار ہی کمان چلتا | جوان ہی کون جو محتاج ہو نہ پیرون کا

نہ بوسہ دینی مین تکرار کرشمہ خوبان
سوال رد نہین کرتی سخی فقیرون کا

ابھی بہار دو بہار کی آمادہ فراق کیا
خدا بُرا کری ای بت تری مشیرون کا

ہین عضو عضو مین پیوستہ بسکہ ناوک ناز
ہر استخوان مرا ترکش بنا ہی تیرون کا

شکستہ رنگ و سراسیمہ و پریشان ہین
نشان ہی یہ تری زلف کی اسیرون کا

بہا ہی تری کوچہ کی اسقدر دلکش
کہ پانون اوٹھہ نہین سکتا ہی راہگیرون کا

سحر ہزار کئی زمزمہ عنادل نی
نہ ڈھنگ آیا مری کلک کی صریرون کا

شیرین ہی لب چاہ ذقن اوس جمیل کا
چشمہ ہی اس کنوئین سی ملا سلسبیل کا

ہی عرش جلوہ گاہ ہماری کفیل کا
سدرہ سی بڑھ سکا نہ قدم جبرئیل کا

کشتہ ہون تیغ غمزۂ چشم کحیل کا
تربت مین ہر جریدہ ہو سرمی کی میل کا

ظل خدا ہی چتر شہ بیعدیل کا
زیبندہ مورچھل ہی پر جبرئیل کا

بیمار ناتوان ہون مین چشم کحیل کا
زیبندہ ہی عصا مجھی سرمی کی میل کا

ہاتھ ذری نازکی ہو نمایان خط کبود
سایہ پڑی پلک پہ جو سرمہ کی میل کا

چین تبسم لب شیرین ہی جانفزا
لہرایا موجہ دیکھہ کی مین سلسبیل کا

پیچیدہ مثل موج رگین دیکھہ بحر حسن
دم ہی حباب چشم مین اوس علیل کا

دشت جنون مین یاد خط سبز ساتھہ ہی
پیرو خضر میری رفیق سبیل کا

روز حساب لیگا خدا ای بتو حساب
عاشق کا خون یہ ہی نہین پانی سبیل کا

قاتل تجھی مطرب قصاص چاہیے
نغمہ ہی نالہ رقص ہی تپنا قتیل کا

طینت کا اپنی آب تواضع سی ہی خمیر
دونا جھکاؤ تمغا ہی تیغ اصیل کا

ساکن خیال ابر ہی چشم پر آب مین
یوسف کو شوق سیر ہی دریای نیل کا

ظاہر مین ہی نماز خدا دل مین بت کی یاد
زاہد یہ گھٹا ماتھی پہ ٹیکا ہی نیل کا

ہر روز ہی جو وعدہ فردا پہ ہی خصال
فردای حشر وعدہ ہی کیا تجہ بخیل کا

دل لیگیا وہ سحر بیانی وہی بات مین
نادان پہ چلگیا ہی فسون اوس محیل کا

صبح شب وصال چلا کاروان عمر
بانگ خروس شور ہی کوس رحیل کا

غافل جو صرف کرلیا اپنا وہی ہی مال
قسمت مین غیر کی ہی وہ خزینہ بخیل کا

تعرق کی گل پہ قطرہ شبنم کی ہی بہار
اوس گل کی ناک مین نہین جلوہ ہی کیل کا

ہی ملک دل جنود ہوس کا فرودگاہ
کعبہ پہ قبضہ ہوگیا اصحاب فیل کا

رنگین فزون ہی پنجہ مرجان سی لالہ رو
شانہ حنائی ہاتھ مین دندان فیل کا

دل ہی تڑپتا ماہی بی آب کیطرح
لہرانا یاد آتا ہی جب موج جھیل کا

چھوٹا ہی عیش باغ کلیجا ہی داغ داغ
جلوہ کہان سحر وہ بتان جمیل کا

کل جسکو بجاہ و آب دیکھا
آج اوسکو یہان خراب دیکھا

رخ اوسکا پس نقاب دیکھا
خورشید تہ سحاب دیکھا

گھر میری وہ یوسف آیا ایدل
بیدار ہون یا ہی خواب دیکھا

مہکی جو تری پسینہ کی بو
پانی پانی گلاب دیکھا

اندھیر کیا نمود خط نے
گھٹتے ہوی آفتاب دیکھا

بالون مین چھپایا یارنی منہ
ظلمات مین آفتاب دیکھا

ق

وہ غنچہ دہن جو کل نہایا
پانی مین کھلا شہاب دیکھا

جو موج تھی ایک شاخ گل تھی
گلرنگ ہر اک حباب دیکھا

تھی پیش نظر بہار گلشن — دریا مین کھلا گلاب دیکھا
کل وصل تھا آج ہجر اے دل — تقدیر کا انقلاب دیکھا
بی یار ہوا ہی گھر جہنم — جاتا نہین یہ عذاب دیکھا
لطف شب وصل کیا بیان ہو — گویا گونگے نے خواب دیکھا
پردے مین چھپے جھلک دکھا کر — ایجان نیا حجاب دیکھا
اوس بت کو کیا نہ رام اے دل — دیکھا ترا اضطراب دیکھا
موقوف نہین قد و دہن پر — ہر عضو کو لاجواب دیکھا
دنیا ہی عجب سرای عبرت — کیا کیا نہین انقلاب دیکھا
جو تخت نشین تھی آخر اونکو — ق — محتاج فروش خواب دیکھا
پایا نہ نشان گور بہرام — طاق کسری خراب دیکھا
اوس بت کی مزاج کی خبر لا — دیکھہ آ قاصد شتاب دیکھہ آ
اب نخل مراد بار لایا — جوبن پہ ترا شباب دیکھا
چھاتی پہ سانپ لوٹتے ہین — کس زلف کا پیچ و تاب دیکھا

چہرہ پہ گلال رنگ لایا — غرق شفق آفتاب دیکھا

وہ چشم ہی گرم ترکتازی — معمورۂ دل خراب دیکھا

ہوتا ہی تلف لئیم کا مال — اوقات نہ کر خراب دیکھا

سیدھی باتوں میں روٹھنا ہے — اور الٹا تیرا عتاب دیکھا

تب ہو مری سوز دل سی آگاہ — گر آگ پہ ہو کباب دیکھا

اول منزل ہی گور تاریک — اس رہ کا نیا حساب دیکھا

ناچار مسافر عدم کو — گرتے ہوے پاتراب دیکھا

دیوان سحر کی کل جو کی سیر
ہر شعر کو لاجواب دیکھا

نکالی کیوں نہ جعد یار بل ہر زلف کافر کا — چلی کیا اژدر موسی کی آگی مار ساحر کا

گذر مضمون عالی تک نہو ہر طبع قاصر کا — کہ شاخ سدرہ ہو کیونکر نشیمن نیز طائر کا

ہی عشق زلف و قد موزوں سی آشفتہ خیال ہر کا — نشیمن شب کو ہی ہر و آشیان گم کردہ طائر کا

پھپھولی سوزش عشق لب و دندان نے ڈالی ہیں — دل پر آبلہ پر ہی گمان عقد جواہر کا

دل و دین لیگئی وہ چشم فتان عین پیری مین
لٹا اسباب منزل کی قرین آ کر مسافر کا

تر شیر و کیون نہ مست ناز ہو جوش ملاحت سے
شراب تند ملتی ہی نمک کی ہو گئی سر کا

بنا ہی صفحہ اک خورشید فیض روی روشن سی
شعاع مہر ہی جو بال ہی کلک مصور کا

رخ پر نور کا اللہ ری فیض ضیا بخشی
بنا جرم قمر ہر ایک پردہ چشم ناظر کا

کتاب عمر فرسودہ ہی باد شیب سے ابتر
کھلا جاتا ہی شیرازہ سا اجزای عناصر کا

قفس مین جسم کی روح مجرد کو توحش ہی
کہ زندان ہی احاطہ چار دیوار عناصر کا

گیا دل جانب دلبر رہا مین مضطر و ششدر
نہایت شاق ہی خاطر کو چھٹنا یار شاطر کا

لب جانبخش کرتی ہین شہید چشم کو زندہ
چلی معجز نما کی روبرو کیا زور ساحر کا

ق
منور کلک مشکین دم مین ہو تیر شہاب آسا
لکھون گر وصف اوس خورشید رو کی حسن نادر کا

کشش مرکز کی شک ہی تو نقطہ غیرت اختر
ہلال و بدر سان روشن ہو ہر حلقہ دوائر کا

خطا کیا ہم نہی کی زاہد اگر صورت پرستی کی
جہان ہی عالم اسباب مین پابند ظاہر کا

کم ہو یا نہ ہین تیر انظین غنچہ سا سی نسبت کیا
نہین ممکن کہ یکسان حکم ہو معدوم و نادر کا

ق
لگا کرنی جو مشق خط مرا آتش کا پرکالہ
ہوا جوش آتش رنگ حنا سی پیر تو اثر کا

زمانہ پر زبان کلک تھی ساری نقاط آنکھ
ہوئین روشن مری نگاہیں تیری گمی دسوادی سے

برنگ شعلہ جوّالہ ہر حلقہ دوائر کا
غبار راہ مین پایا اثر کحل الجواہر کا

سخن عیب و ہنر تقریر سے انسان کا ظاہر ہو
ہو قدر شعر سے کھلتا ہی رتبہ و فکر شاعر کا

جلوہ فرما بام پر جب وہ مہ انور ہوا
رات کو بھی پردہ جب مہر رخ دلبر ہوا
جب مقابل شعلہ رو سے پری پیکر ہوا
جلوہ گر جب عکس مہر عارض دلبر ہوا
دم ہوا آخر ہوا یاد لب جان بخش مین
عشوہ و ناز ابرو و مژگان کا جب لکھنے لگا
نامہ بر شش ہو نہ او کھولا پانی جو مضمون غم
وادی پر خار وحشت مین جلا کیا دل خضر
آرسی میں زلف کے سودے میں ہیں جمشید وقت

نور مین کمتر سہا سے نیر اکبر ہوا
عقد پروین ہر سہی حق بالا امانور ہوا
آئینہ جل جل کے داغ رشک سے مجمر ہوا
آئینہ حیرت سے مہ اختر ہر اک جوہر ہوا
یان دم عیسی چراغ عمر کو صرصر ہوا
حرف نشتر بن گئے مصرع ہر اک خنجر ہوا
کب ہر اک آئینہ گر رستم سکندر ہوا
جو بگولا خاک سے اٹھا مرا رہبر ہوا
قامت خم گشتہ خاتم داغ سر افسر ہوا

موی سر شب ماہ نو بجلی ثریا گوشوار | عقد پروین سلک در بالا مہ انور ہوا

اسقدر ہی جوش رقت لف رخ کی یاد مین | دامن شب در گریبان سحر تک تر ہوا

عاشق سرگشتہ تیری یاد مین اے غنچہ لب | اپنی جامہ سی برنگ بوی گل باہر ہوا

یاد مژگان ہی جو ہر شب اپنی لگو خار خار | ق کیا فقط ہر تار بستر پشت کو خنجر ہوا

فرش مخمل مثل سوزن دل لگی کاوش سی بنا | رونگٹا ہر ایک جسم زار کو نشتر ہوا

برق دندان ہی سی مل لیے ہونٹوں سی عیان | آب حیوان پردہ ظلمات سی باہر ہوا

جو گرا آنسو کا قطرہ ہو گیا در نجف | مو کمر کی عشق مین اپنا تن لاغر ہوا

ہجر ساقی مین جی کلگون کو سمجھا مین لہو | کاسۂ سر جام شیشہ قامت بی بر ہوا

خار کیا کیا گل نی کھائی تو جو آیا باغ مین | داغ داغ ای ماہ کیا کیا لالۂ احمر ہوا

ہو گیا کافور ای خورشید رو تیری حضور | شعلۂ نور شمع کی پرواز کو شہپر ہوا

خود فروشی پر جو آیا رشک یوسف باغ مین | گل در شبنم بکف ہر غنچہ شخص زر ہوا

کر دیا اوس ماہ نی صحن مکان کو آسمان | جو گرا چھٹ کر ستارہ کفش کا اختر ہوا

ہر قدم پر مثل شاخ گل لچکتی ہی کمر | بار جسم نازنین کو پھولون کا زیور ہوا

شانہ آسا تیغ قاتل کو کیا دندانہ دار — بارہ کا ڈورا اگر مدعی تن لاغر ہوا

عکس عارض سے ہوئی تیغ ہلال ماہ نو — اختر تابندہ ہر اک حلقہ جوہر ہوا

ہاتھ دریا میں شرارت سے جو دھوئے آپ نے — پانی میں آتش فشاں رنگ حنا یکسر ہوا

بن گیا رشک شرر ہر قطرہ ہر اک موج برق — شعلہ جوالہ گرداب اور حباب اخگر ہوا

شعر میں لکھا جو میں نے وصف شاہ ذوالفقار
اے سحر تیغ زباں کے واسطے جوہر ہوا

بتا تو کونسا تازہ غمگسار آیا — کہ جس سے شیشہ دل میں ترے غبار آیا

ہر ایک نخل پہنکر گلوں کا ہار آیا — ہزار شکر کہ پھر موسم بہار آیا

مژگاں پہ جو پیدا تو اے نگار آیا — تری مزاج میں کب سے یہ انکسار آیا

نکل کے آنکھ سے آنسو مژہ تلک آئے — سرشک چشم کا منصور سوے دار آیا

صنم نے تیغ میں کیں گیسو میاں جو شب آ کر — جلایا رشک سے ہر پھول کو سنگھار آیا

نہ سوئے چین سے اک رات دل ربا جس سے — جو درد سر سے فراغت ملی بخار آیا

خیال شوخی قاتل نے کھو دیا آرام — لحد میں بھی نہ ہمیں ایکدم قرار آیا

گیا میں دشت کی جانب تو پیشوائی کو
جنون کو ساتھ لیے قیس کا غبار آیا

مجھے وہاں کی جو غیرت نے گرم صحبت
نہیں ہے لائق محفل یہ دلفگار آیا

تصور رخ گلرو جو باغ میں گذرا
ہر ایک پھول نظر میں بسان خار آیا

گیا جو باغ میں گلگشت کو وہ سرو سہی
چمن لیے طبق زر کی نثار آیا

تمام رات سحر انتظار یار کیا
سحر ہوئی پہ نہ اب تک وہ مہ عذار آیا

چشم سے کیوں نہ کرین خون جگر ہم پیدا
پھر ہوا تیغ بکف ماہ محرم پیدا

تیغ ابرو کی برش میں جو کرے خم پیدا
ناز خونریزی کی جوہر کرے ہر دم پیدا

اشک شوراب جو کرے دیدۂ پرنم پیدا
کعبے ہی کو ہے صنم اس میں ہو زمزم پیدا

تیغ الفت سے جگر ریش ہوئے ہم پیدا
غم لیے ساتھ ہوئے مثل سپر غم پیدا

صاف ہے گریۂ مولود سے ہمدم پیدا
کہ ہوئی مرگ صد افسوس ہوئے ہم پیدا

گردش چشم سے کیوں غمزۂ ابرو ہو نہ تیز
جب چڑھے سان پہ تلوار تو ہو دم پیدا

سرو کو ہمسری قامت موزون نہیں رتبت
پھلی کر لی روش ناز و چمن و خم پیدا

معصیت ہو تو ایمان ہے نہ خوف عذاب
کون باز آئے اگر کچھ بھی جو نہو سہم پیدا

جان دینی لٹ کی حلقہ میں جو دیکھی گردش
مہرۂ مار میں انھی کا ہوا سم پیدا

غیر سے گرم سخن بزم میں شب ہے وہ شوخ
جسکی جلنی کو ہوئی شمع صفت ہم پیدا

زخمی تیغ تغافل ہوں سر کار سے جراح
یہ وہ ناسور ہے جسکا نہیں مرہم پیدا

کشتۂ شرم ہوں میں اک بت ترسائی کا
چاہیے خاک سے ہو بچۂ مریم پیدا

لب وہ جانبخش ہیں تقریر حجاب آلودہ
بات اولٹی ہے مسیحا سے ہو مریم پیدا

کسطرح مجھسے محبت ہو پریزادوں کو
آگ سے خلق ہیں وہ خاک سے آدم پیدا

کیا مقابل ہو تری چہرۂ نورانی سے
حسن صورت تو کرے نیر اعظم پیدا

رخ روشن سے جو اوس کی ہٹی لٹ دراز
شب یلدا سے ہوا نیر اعظم پیدا

کیا کہوں حال شب وصل کی کوتاہی کا
چاند سے پہلے ہوا نیر اعظم پیدا

خاتم و آئینہ و جام سے باقی ہے نشان
نہ سلیمان نہ سکندر ہے نہ اب جم پیدا

ق

سر کشو سن لو زبردستوں کا آخر کو مآل
سوچ اس بات کا دل میں کرو اکدم پیدا

گرز سے کرتا تھا گل دیو کو پیوند زمین
آج ہیہات نہیں تربت رستم پیدا

شوخی چشم پریزاد ہی وحشت مین جو یانی
اپنی سایہ سی بھی صحرا مین ہوا رم پیدا

جلوہ گر چاند مین تا ری ہوی اللہ اللہ
رخ پر افشان سی ہوا اور ہی عالم پیدا

ق

کیون نہ ای جان جہان تو ہو عزیز دل خلق
مصر خوبی مین ہوا تجہ سا حسین کم پیدا

کلک نقاش جہان کا ہی تو نقش ثانی
فخر کیا ہی ہوی یوسف جو مقدم پیدا

سپر تیر حوادث دل پر داغ رہا
کیا عجب خاک سی میری ہو سپر غم پیدا

شاہ لولاک ہین یون علت غائی جہان
جسطرح لفظ ہو معنی سی مقدم پیدا

ای سحر رتبہ احمد سی ہی نسبت کسکو
پہلی ہر چند بظاہر ہوی آدم پیدا

پانی کیطرح سی نہ اسی رایگان بہا
قاتل تری شہید کا خون ہی گران بہا

ہمراہ اشک آہ دل خون چکان بہا
کیا رایگان بہا ہی یہ لعل گران بہا

ای چشم تر زمین بہا آسمان بہا
پست و بلند دہر کا نام و نشان بہا

کیا آب و تاب ہی لب و دندان یار پر
وہ لعل بی بہا ہین یہ موتی گران بہا

گر موج زن سرشک ہو دریای چشم سے
مثل حباب بحر میں چہے آسمان بہا

تشبیہ کیا تری رخ روشن سی دیجیے
سورج مین ہی کہان یہ ضیا او کہان بہا

طوفان نوح ابر مژہ سی ہی جوش زن
آنسو جہان گرے وان ہو گیا وہان بہا

ملبوس جسم سرخ نگارین مین دست و پا
سفاک آج خون کی تو ندیان بہا

دہوئی جو زلف غالیہ بار اوس نگار نی
عنبر بنا جو کف سر آب روان بہا

یون سیل اشک مین دل پر داغ کی ہی ضو
جیسی چراغ دین سر آب روان بہا

بی آبرو کیا تری دندان کی آب نی
دریا نی ہو کی ژالہ صفت جان جان بہا

روئی جو پہوٹ پہوٹ کی پاؤن کی آبلی
فیض قدم سی دشت مین بحر روان بہا

جب دل بہر آیا آنکہہ سی آنسو نکل پڑی
لبریز ہو چکا تو چہلک کر کنوان بہا

لگتی ہی چوٹ لین کلام درست سی
دیتا ہی جو ہی خون دم تیغ زبان بہا

ہر دم بہا بہا کی لہو مردمان چشم
تمنے تو اپنا آپ دیا خانمان بہا

طوفان نوح دہر مین پیدا ہوا سحر
آنکہون سی میری اشک کا دریا جہان بہا

جب سی چشم و کاکل دلدار پر مائل ہوا
مور در نج و بلای ناگہانی دل ہوا

عشق کا شاکی نہ فریادی ہون جور حسن کا
باعث رنج و قلق آہین ہوئین یا دل ہوا

کر کی بسمل خاک پر صیاد نی چھوڑا مجھے
صید لاغر تھا نہ مین فتراک کی قابل ہوا

بہر کسب نور اوس رخسار عالمتاب سے
پنجۂ خورشید مثل کف سائل ہوا

اشک کی جا ہی لہو رگہای مژگان سی روان
ٹکڑی ٹکڑی خنجر ابرو کی کج سی دل ہوا

ہی خرابات جہان مہمان سرا آگاہ ہو
ہوشیاری اوسی کی ہی بنا جو غافل ہوا

آ کی دنیا مین گنہ ہون سی بھرا دامان حرص
جز ندامت خرمن ہستی سی کیا حاصل ہوا

قتل کرتی ہی ادا کر دی دیت سفاک نی
خون سی رنگین ہاتھ دیکھی خونبہا حاصل ہوا

گالیان دین شکرین لب نی ترش ہو کر سحر
کیا مزہ ہی ایک بوسہ کا جو مین سائل ہوا

لکھون گر وصف اوسکی روی روشن کی تجلی کا
ورق خورشید تو ہر سطر پر عالم ہو تجلی کا

پڑا ہی عکس آئینہ مین کس برق تجلی کا
کف مشاطہ مین جلوہ ہی شفق سی کی ہتیلی کا

ستارا ہی ہر اک آویزہ ماہ نو سی بجلی کا
فروغ مہر عارض سی ثریا بنگیا ٹیکا

ترش رو تلخ گو ہر اک ملیح شکرین لب ہے
نکیون ہون دانت کھٹی کیون نہ دل ہو عشق سی پھیکا

چلی جادو طرازی کیا سو کج طبیعت کی
سخن اعجاز اثر ہی کلک دیں بیان سی کا

تماشی کی لیی رکھنی نہ انکھیں بنائی ہیں
بندھا تار نظر سی لطف ہے آنکھوں کی تیلی کا

جب اوسنی پان کھایا گھٹ نکلی پیک کی رنگت
گلی مین لطف ہی جیسی ہما ہی گلگون کی گلابی کا

بڑھا تیغ نگہ کا کاٹ جب سرمہ دیا اوسنی
اسی ڈورا نہ سمجھو کھل گیا ہی منہ سروہی کا

چین افشان ہی بلی پیشانی کی ابرو خمیدہ پر
ستارہ چاہیی جوہر ہوا اس تیغ ہلالی کا

نکل سکتی نہیں مچھلی تری بالی کی حلقہ سی
کہین گرداب بندان ہو نہیں سکتا ہی مچھلی کا

شتاب یک قدم قت جا نگتا ہی مہ جبین تجہ بن
ستارون پر گمان ہوتا ہی مجکو چشم افعی کا

گھٹتی ہو دلا اسکی عوض کیا قیامت ہے
طریقہ ہی یہی ایجان عاشق کی تسلی کا

تواضع سی کمال صاحبان اوج بڑھتا ہے
سبب جھکنا نظر آیا مہ نو کی ترقی کا

مشبک دل کو کرتا ہی سحر سرمہ کا دنبالہ
سری ہی ناوک دلدوز کی یا پھل نہی برچھی کا

جو سحر نی تجہ بن کیا قلق ودکھایا تھا
ساری رات انگارون پر مجھی لٹایا تھا

سرمہ سا قمرہ نی شتابانہ گل کھلایا تھا
خاک مین ملایا تھا کانٹون پہ لٹایا تھا

عکس روی روشن سے کیا فروغ پایا تھا — آفتاب ساقی نے جام کو بنایا تھا

پنجۂ حنا بستہ تازہ رنگ لایا تھا — زخم کیطرح ہمدم خون مجھے رولایا تھا

شب جو روی روشن پر گیسوؤں کا سایا تھا — ابر نے تہِ دامن چاند کو چھپایا تھا

رات دردِ دوری نے اسقدر ستایا تھا — جوشِ بیقراری سے دم لبوں پہ آیا تھا

شعلہ رو جو مستانہ بیحجاب آیا تھا — شمع کو سرِ محفل رشک سے جلایا تھا

صبح تک نہ جھپکی آنکھ شب جو تو نہ آیا تھا — بخت خفتہ نے مجکو رات بھر جگایا تھا

لب پہ پان کا لاکھا شوخ نے جمایا تھا — داغ لالہ نے گل نے خار رشک کھایا تھا

آفتاب سا چہرہ کسنے شب دکھایا تھا — چھپتے پھرتی تھی تارے صبح نے منہ چھپایا تھا

خواب مین زلیخا نے حسن یہ نہ پایا تھا — مثل تیرے یوسف کو حق نے کب بنایا تھا

ابر نسیم سحر دلبر میکشوں کی چھایا تھا
چشمِ جام مین ساقی خون مے بھر آیا تھا

اگر رونق افزا بے پردہ وہ مہر زمین ہوتا — تو باغ خانہ اوسکا رشک چرخ چارمین ہوتا

روان گلشن مین گر وہ نازنین شہر نگین ہوتا — الجا لو کیطرح پژمردہ نخل یاسمین ہوتا

مری پہلو مین گر دلبر ادا ہی ہمنشین ہوتا
تو کاہیکو بھلا مین اسقدر زار و حزین ہوتا

خفا ہوتا جو مجھ پر یار مین بیدم وہین ہوتا
دم شمشیر بران ہر خط چین جبین ہوتا

وہ دندان جو لعل لب سی کھلاتا وہ مہر شب
جو گرتا قطرہ اشک شمع کا در ثمین ہوتا

قرار بیقراران ہی مسیحای مریضان ہی
ہماری درد سی واقف نہین ہی جو تمہین ہوتا

کتان آسا گریبان سحر کی ٹکڑی ہوجاتی
جو مہمان غریبان شام سی وہ مہ جبین ہوتا

صفت مین خال لب کے لکھی ہا شعار چیدہ ہون
مری اشعار مین کسطرح دخل نکتہ چین ہوتا

مین لکھتا حال تب اوس سنگدل کی سختگوئی کا
دوات بیضہ فولاد و خامہ آہنین ہوتا

کشش سی عشق کی وہ حور شکل آکدن آتا
مجھی فرشت مصیبت غیرت خلد برین ہوتا

صباحت دیکھ لیتا گر چمن مین تیری چہری کی
یقین ہی اے گل تر زرد روی یاسمین ہوتا

قد بالا کو تیری دیکھ اے گل گلستان مین
جو غیرت سرو کو ہوتی تو پیوند زمین ہوتا

دل بی عشق جسکا دیکھتا ہون مین لکھتا ہون
شرح اس گھر کا یہ ہوتا کہ جب اسکا مکین ہوتا

[illegible] سینہ مین سخت جان ہر وقت مرتا ہون
مرا گھر ایک شب آرامگاہ نازنین ہوتا

خدا گواہی سحر ملنی انھین باتون سی ہی جانا

کہ چاہا اوسکا ہوتا ہی مرا چاہا نہیں ہوتا

تصور سلک دندان کا جو دلمین یار کی ہو پیدا
گہر ہی جو ہر اشک کا قطرہ در شہوار ہو پیدا

لحد مین گر خیال گیسوی دلدار ہو پیدا
فرشتہ قبر کا پیش نظر بشکل مار ہو پیدا

ہوا مین خاک جلکر عشق مین اوس آتشین خو کی
عجب کیا خاک سی میری جو موسیقار ہو پیدا

جو روی شمع رو کا مجکو رونی مین خیال آوی
جگر ہی شعلہ دل سی آہ آتشبار ہو پیدا

وہ دوہری بات کہتا ہی سوال وصل پر مجھ سی
کبھی اقرار پیدا ہو کبھی انکار ہو پیدا

جو منصور نگہ اوس مست کی آنکھون کی طرف جاوی
ہر اک موی مژہ نظرون مین مثل دار ہو پیدا

نہ بس ہی گل کو یاد چشم جانان کیا تعجب ہے
لحد پر جا ہی سبزہ نرگس بیمار ہو پیدا

مین دیوانہ ہوا ہون اوسکی چشم سرمگین کا
غل زنجیر سی کیونکر بھلا جھنکار ہو پیدا

لب زخم تمنا سی صدا تکبیر کی آوی
جو وہ معجز نما لی ہاتھہ مین تلوار ہو پیدا

دل پر داغ و چشم تر اثر اپنا جو دکھلائین
کہین نہرین نمایان ہون کہین گلزار ہو پیدا

منور ہوئین آنکھین نور سی ہم تیرہ بختون کی
الٰہی بام پر جلدی کہین دلدار ہو پیدا

وہ مجرم ہون ارادہ گر کرون توبہ کا مرتی دم
لب ہر زخم سی آواز استغفار ہو پیدا

یہ عقدہ حل کرو نہ اوسکی حد میں اکھی جا
جو رمز عاشق کا محرم اسرار ہے پیدا

تسلی کی لیے بھی بہی دیکھوں انکھوں تجی
جو دل میں اوس پری کی حسرت دیدار ہو پیدا

تصور تیری دانتوں کا نسو گرا ابر کی میں
نہ پھر قطرہ سی اوسکی گوہر شہوار ہو پیدا

تصور رخ کی گلرو کا جو آئی باغ میں مجکو
رگ گل میری نظروں میں بسان خار ہو پیدا

تصور رات کو اوس ماہرو کا دل میں گر آئی
ہر اک سینہ کا روزن صاف اختر وار ہو پیدا

کہا ہم آرزو میں اسی سحر اوسکی بر آئین
ہمارا کوئی بھی عاشق جو غیرت دار ہو پیدا

عشق میں کا بندہ ہر اک گبر و مسلمان ہوا
حسن ترا ای صنم رہزن ایمان ہوا

شور بہاران ہوا جوش کا سامان ہوا
چاک گریبان ہوا قصد بیابان ہوا

زلف کا سودا ہوا اباد یہ پیما ہوا
جان پہ صدمہ ہوا حال پریشان ہوا

ہی غم فرقت فزون جوش پہ ہی اشک خون
دامن دشت جنون سطحۂ عمان ہوا

طائر مجنون کی گھر بال ہوئی سر بسر
حلقۂ ہر موی سر مسکن حیوان ہوا

دور جو تجھسی رہا چشم سی دریا بہا
سطحۂ قلزم مرا گوشۂ دامان ہوا

ترچھی نگہ تیری یار کرتی ہی برچھی کا کام — دلمین نہین کب وہ سار ناوک مژگان ہوا

بدر ہی رخ شام بال طوق گریبان ہلال — کوکب صبح جمال گوی گریبان ہوا

جسم ہوا ناتوان طاقت جنبش کہان — طوق گران ہی گران طوق گریبان ہوا

عاشق رشک چمن تھا جو مین خستہ بدن — رنگ سی ہر داغ تن لالہ نعمان ہوا

یاد خط و زلف کی باغ مین جب آگئی — خار نظر مین مری سنبل و ریحان ہوا

دانتون سی لی سنگدل دُر ثمین ہین خجل — لب سی تری منفعل لعل بدخشان ہوا

مدحت ہر مہ جبین کی جو رقم ہر کہین — رشک سپہر برین ہر صفحۂ دیوان ہوا

وقت سخن جب تری گوہر دندان کھلے — رشک سی تاری جبلی نور درخشان ہوا

مصرعۂ برجستہ تھا قامت موزون ترا — سرو جو تجکو کہا خلق کو ہذیان ہوا

تجکو بھلا قاتلا تیغ کی حاجت ہی کیا — خلق کی آئی قضا جبکہ تو عریان ہوا

زلف جو رخ پر کھلی شام نمایان ہوئی — رات عیان ہوگئی مہر جو پنہان ہوا

جسکو نشانی تری ملگئی انگشتری — رتبہ مین وہ اپنی پری رشک سلیمان ہوا

تیری جدائی ہی شاق دشمن جان اشتیاق — تجھسی ہوا جب فراق موت کا سامان ہوا

رشک دہ گل ہین گال غیرت سنبل ہین بال — ہوگا چمن پائمال جب تو خرامان ہوا

دست حنا بستہ پر جیسی پڑی ہی نظر — پنجہ مژگان مرا پنجہ مرجان ہوا

رخ سی جو پردہ اوٹھا چاندسا چہرہ کھلا — مثل کتان صبح کا چاک گریبان ہوا

آبلہ پا قطرہ زن ہاین جو ہوا خستہ تن — غیرت صحن چمن دشت کا دامان ہوا

تونی کیا رخ نہان مجھسے کہ گر آسمان — ماہی بی آب سان چاک پہ غلطان ہوا

دیکھکر ای گل تجھی غنچون کی منہ کھلگئی — بند مری سامنی مرغ گلستان ہوا

حسن گلو سوز یار کرتا ہی دل افگار — آنکھ ہوئی جب دوچار جان کا نقصان ہوا

جنبش پا کی صدا دیتی تھی مردی چلا — غلغلہ حشر اوٹھا جب وہ خرامان ہوا

جلوہ شمع عذار جبکہ ہوا آشکار — دیکھ کی پروانہ وار دل مرا قربان ہوا

دیکھکی ہو تجھکو دنگ لعبت چین وفرنگ — حسن خط وخال سے رنگ ہنر ایمان ہوا

صبح وہ رشک قمر اوٹھگیا جب اے سحر
چاک برنگ سحر اپنا گریبان ہوا

مہر وش گھر سی دم صبح جو باہر نکلا — آفتابی لیے خورشید برابر نکلا

دوست سمجھی تھی سو دشمن سی بھی بدتر نکلا
دم جانبخش مسیحا دم خنجر نکلا

اوسکی آتی ہی حسین چھپنی لگی چار طرف
تاری بعد و مہ ہوی مہر منور نکلا

جب مقابل ہوا اون چاند سی خسار ون کی
ماہ اک کر یک شب تاب سی کمتر نکلا

سنکی آمد تری پھولا نہ سمایا عاشق
صورت نکہت گل جامہ سی باہر نکلا

ایک دم بھر کی ملاقات مین کیا کیا کہتی
کوئی ارمان نہ اس شوخ ستمگر نکلا

کسقدر منتظر ہی ہی تری ای عہد شکن
کھلی آنکھین ہین دم تن سی جو باہر نکلا

دم تکبیر کیا بوسہ کا قاتل سی سوال
نہ سخن اور زبان سی نہ خنجر نکلا

ہاتھ قبضہ تلک آتی ہی ہوا قتل جہان
نیمچہ میان سی قاتل کا نہ باہر نکلا

کھا گیا بات کو حیلہ سی وہ ٹکلائی کی
وعدہ وصل نہ منہ سی کبھی باہر نکلا

وسعت رحمت خالق نی کیا پاک حساب
حشر مین میری گناہون کا جو دفتر نکلا

مین تو کیا چیز ہون بہر لعم فلک تک ایسی کی
تیری کوچہ سی جو نکلا بھی تو دب کر نکلا

یاد مژگان نی تری جان لی میری اتنی کی
رگ جان پر جو پڑا ڈوب کی نشتر نکلا

پایا احمد نی ید اللہ کا ہمدست اوسکو
ہاتھ معراج مین پردی ہی جو باہر نکلا

ای سحر نقطہ یکتا کی صورت ٹھہر
نہ قدم دائرہ عشق سی باہر نکالا

روتی روتی چشم نی طوفان برپا کر دیا
ابر دریا بار کو پانی سی پتلا کر دیا

جلوہ رخ نی ہر اک موتی کو تارا کر دیا
عقد در کو غیرت عقد ثریا کر دیا

دل کو وحشی اور مجھی پابند سودا کر دیا
چشم افسون ساز نی کیا جانیی کیا کر دیا

پان کھا کر سرخ ہر دندان مینا کر دیا
تو نی ای نا قدردان موتی کا مونگا کر دیا

غنچہ لب تو نی چمن کا رنگ پھیکا کر دیا
سیوتی گل کو کیا لالی کو گیندا کر دیا

سرخ تر بات تکلم سی لب نازک ہوی
سایہ زلف سیہ نی رنگ میلا کر دیا

دل ہی بحر بیکران عشق کامل پر محیط
قدرت حق دیکھنا قطری کو دریا کر دیا

پڑ گیا شیرین ادا کی جب لب نوشین کا عکس
لیتی لیتی ہاتھ مین لیمو کو میٹھا کر دیا

ای ملیح اتنی ترش روئی تری اچھی نہین
زندگی سی جی ہر اک عاشق کا کھٹا کر دیا

حسن گر اللہ نی تجکو دیا ای گلبدن
مثل بلبل عشق میری دل مین پیدا کر دیا

جو کوئی آیا تو لی بیٹھی کہانی عشق کی
تم نی مجکو اپنی بیگانی مین سودا کر دیا

ہوگیا زندہ دل مردہ مرا اک بات مین
تمنی ای ہونٹون سی اعجاز مسیحا کردیا

اسقدر رویا مین دیوانہ فراق چشم مین
دشت کو غیرت دہ دامان دریا کردیا

کالی کالی اپنی آنکھون کو دکھا کر دشت مین
تو نی ای خوش چشم آہو کو چکارا کردیا

مجکو الفت مین نہین دنیا و ما فیہا کا ہوش
ای مسیحا کیا جانی لیوس شوخ نی کیا کردیا

محفل یار مین جانا ہمین آسان ہوگا
داغ جب سر پہ عیان شمع کی عنوان ہوگا

رخ جو اوس ماہ کا پردیسی نمایان ہوگا
اپنا مانند کتان چاک گریبان ہوگا

اپنا بی برگی غربت مین یہ سامان ہوگا
خضر رہ ہر شجر سبز بیابان ہوگا

ہم جو روئینگی تری واسطی ای شاک مسیح
جوش گریہ سی عیان نوح کا طوفان ہوگا

مست الفت تری سیف تو کیطرح ہونگی آسر
خط سی خس پوش جو چاہ زنخدان ہوگا

منہدی ہاتھون مین اگر اپنی لگائی تو نی
تیری گردن پہ صنم خون مسلمان ہوگا

حشر مین لونگا عوض جامہ دری کا تجھسی
ای جنون ہاتھ مرا تیرا گریبان ہوگا

مرو ہی سمجھینگی زمانی مین قیامت آ گئی
تم چلوگی تو عیان حشر کا سامان ہوگا

رشک یوسف جو ہوا مصر مین جا کر سکا
مشتری شکل زلیخا مہ کنعان ہوگا

زور تیرا جو سنا مست ہے جنون تو اک روز
چاک ان ہاتھون سے دامان بیابان ہوگا

کب تلک عہد شکن وزر کا تیرا ہے عجب
وعدۂ وصل وفا بھی کسی عنوان ہوگا

دیکھ پائیگا نہ مجھسا کوئی عاشق قاتل
قتل کر کی تو مجھی خوب پشیمان ہوگا

پردۂ ابر مین شرما کی چھپی گی بجلی
ای سحر برق صفت یار جو خندان ہوگا

کمند زلف مین دل ترک شہسوار بندھا
مبارک آپکی فتراک مین شکار بندھا

جو شب تصور دندان صاف یار بندھا
بندھا جو گوہر مضمون وہ آبدار بندھا

رولایا آپ نی صورت ہے کہاکی ویا مین
کھلی جو خواب سے آنکھہ آنسوونکا تار بندھا

سدا رہی یونہین اوراق وزر شب ابتر
نہ اس کتاب کا شیرازہ زینہار بندھا

تری فراق مین ٹپکا کمر سی بھر سفر
ہزار بار کھلا اور ہزار بار بندھا

کہان کہان نہ گئی فکر آسمان پہ چڑھا
کمر کا یار کی مضمون نہ ایکبار بندھا

قصور عشق کرو عفو یا سزا دو مجھے
کھڑا ہون میں سی مثل گناہگار بندھا

کسیکی ہستی نہ بر آئی بعد مرگ مراد
وہ چاہ چھپر نہ کھلا جو سر مزار بندھا

فراق یار مین ٹوٹا نہ صبح محشر تک
سحر جو شب کو مری آنسوؤں کا تار بندھا

تصور تھا جو شب ان تنک نجم ثاقب کا
نہ خوش آیا ہمین چشمک زنی کرنا کواکب کا

دکھاؤن گر مین جلوہ آفتاب فلک ثاقب کا
نقاب چہرۂ خور ہو گریبان صبح کاذب کا

وہ محفل مین جو آیا مہ جبین چھپنی لگی ہر سو
قدم کب مہر کی آگی رہی ثابت کواکب کا

وہ مہ گھر سی نکلتا ہی نہین مانند قطب اپنی
منجم کسطرح قائل ہو نہین سیر کواکب کا

نہین قطب ہی یہ سینی کی رخ تابان جانان پر
منجم دیکھہ جرم مہر مین جلوہ کواکب کا

کرونگا امتحان مین اپنی اور دلبر کی نامونکا
کوئی مجکو سکھاوی قاعدہ مطلوب و طالب کا

زحل غیر سیہ مشتری وہ ماہ تابان ہی
اثر ثابت ہی سعد و نحس سی اکثر کواکب کا

معما حل ہی یہ شطرنج کی فرزین بیدق سی
کبھی مغلوب بھی ہوتا نظر آیا ہی غالب کا

ہمارا نام لیکر شعر مین اہل زبان کہتی
صفاہان تک گیا شہرہ ہماری فکر صائب کا

خدا آسان کردیتا ہی مشکل اپنی بندونکی
وہی ہی مرد جو کرتا نہین شکوہ نوائب کا

نہ کیون مضمون عجائب ہون ہی فکر علی کے
سحر بندہ ہون اوسکا جو کہ مظہر ہی عجائب کا

رخ منور جانان تہ نقاب رہا
ہمیشہ ابر کی پردی مین آفتاب رہا

ہمیشہ آتش فرقت سی دل کباب رہا
بسان نبض تب غم سی اضطراب رہا

ہمیشہ زلف کی سودے مین پیچ و تاب رہا
پہنسا بلا مین دل خانمان خراب رہا

شب وصال بہی نوبت نہ بات کی آئی
ادہر تو خوف رہا اوسطرف حجاب رہا

نہ جب گناہ کا یارا رہا ہوا تائب
رہا مدام سیہ مست تا شباب رہا

رہی مدام عنایت رقیب پر اوسکی
ہمیشہ یار کا مین مورد عتاب رہا

مین بی ثبات رہا یون محیط عالم مین
کہ جیسی بحر مین دم بھر کوئی حباب رہا

رہی جہکائی ہوئی سر عروس کیصورت
غضب تو یہ ہی شب وصل بہی حجاب رہا

شب فراق مین تڑپا کیا مین بستر پر
برنگ پارہ سیماب اضطراب رہا

پڑا نہ چین جوانی مین بی حسینون کے
مرا شباب مری جان کو عذاب رہا

ہمیشہ علم محبت ہی کو کیا تحصیل
بغل مین دابی ہوی عشق کی کتاب رہا

دکھایا گل تر کو جو اوسنی یہ پھول سا رخ — وفور شرم سی گلشن مین آب آب رہا

نظر جو آ گئی لبہای سرخ یار اوسکو — ہمیشہ خون جگر رشک سی شہاب رہا

بہشت مین بھی روان ہین شراب کی نہرین — تجھی شراب سی کیون زاہد اجتناب رہا

سحر نہ کیون مجھی عادت ہو خاکساری کی
ازل سی بندۂ عشق ابو تراب رہا

کیا موزون جو وصف اوس سرو قد کی قدِ موزون کا — ہی رشک سرو ہر مصرع مری اشعار موزون کا

نقاہت سی بدن لاغر ہی ایسا تیری مفتون کا — کہ رشک ابر اسی جا یہ ہی شاخ بید مجنون کا

پڑی ہین تیری مژگانی کی ایسی ناوکون زخمی مین — کہ ہی زنجیر کی کڑیون پہ عالم چشم پرخون کا

بنا ہی میکدہ ماتمکدہ ساقیِ گلگون بن — صدا ہی قلقل مینا بنا ہی نالہ محزون کا

ق

دل خم جوش مین ہی لوٹتی ہین مست بھٹی پر — ہی گلگون کی ساغر پہ ہی عالم چشم پرخون کا

ہجوم گریہ سی اک نوح کا طوفان بپا ہی — مری آنکھونسی عالم ہو گیا جیحون و سیحون کا

ہوئی الفت کہ آ نکلا کبھی ناقہ جو لیلی کا — غبار اوٹھکر پس محمل چلا تربت سی مجنون کا

کسی لیلی ادا کی عشق مین کھوئی ہی جان مینی — مری تربت پہ سایہ چاہیی ہی بید مجنون کا

بسر ہوتا ہی انگو یاد مین روی منور کی
تصور رات بھر رہتا ہی اوسکی زلف شبگون کا

اگر دیکھا شتا ہی تمھاری چشم فتان سے
صنوبر مین پتا ملتا ہی کچھ کچھ قد موزون کا

پہر ہوتی ہی نخالفون کا جبین ترا مری سر سے
یہ بخیہ اونی نے گو آکر بہت جھاڑا ہے بھونکا

جو تو اے شمسوار حسن آتا ہی مری گھر تک
مہ نو نعل بنتا ہی زمین پر تیری گلگون کا

سحر حق نی کیا ہی صف اوسکی چشم و ابرو کا
کلام اللہ مین آیا ہی سورہ صاد کا نون کا

گذرا ہجر مین ای شک مہ ہمین کب تھا
کہ رات بھر شرر افشان ہر ایک کوکب تھا

خوشی کا ہجر مین ساماں بن آیگی کب تھا
ہلال عید ہمین یہ شک نیش عقرب تھا

ہر ایک شمع ہی شرہ بنگیا رگ یاقوت
رولانا ہجر مین خون یہ تصور لب تھا

بچا لیا لب جانبخش کی تصور نی
ہمین فراق مین جینی کا آسرا کب تھا

می ولا ہی علی کی خمیر ہی طینت
ازل سی نہ اپنا وان مین نہ مشرب تھا

کھلا یہ نور قمر جب وہ بی نقاب ہوا
کہ جز زم ماہ یہ سب کو گمان کوکب تھا

ملا گلی سی نہ افسوس وہ مہ خوبی
نہ عید کو بھی برآیا جو دل کا مطلب تھا

وہ ماہ بام پہ جب بیحجاب آتا تھا
تو لکھنؤ پہ گمان سوادِ نخشب تھا

سوار کون ہوا چاندنی کی سیر کو رات
کہ نور صبح سی روشن غبار موکب تھا

امید وصل پہ کاٹی ہی ہجر یار کی رات
ہجوم درد سی حال اپنا ورنہ [illegible] تھا

مسی نی شب یہ دیا حسن تبسم کو فروغ
چمک مین ہر دو دندان مثال کوکب تھا

مین اوس مدرسۂ اول کا ہون سحر طراح
کہ جبرئیل امین جسکا طفل مکتب تھا

ایسا تپِ فراق نی لاغر بنا دیا
جسم نزار رشتۂ بستر بنا دیا

رویا جو یاد کر کی مین دندان صاف یار
ہر اشکِ آبدار کو گوہر بنا دیا

رنگِ مسی سی سرخ لبون کی ہوئی بہار
گلبرگِ تر کو لالۂ احمر بنا دیا

اک شعلہ رو نگار کی سوز فراق نی
دل کو سپند سینہ کو مجمر بنا دیا

اوس بت پہ کچھ اثر نہ کیا اپنی آہ نی
کیا دل غرور حسن نی پتھر بنا دیا

کرتی ہی کاوشین رگ جان سی بصد خلش
ہجر صنم نی آہ کو نشتر بنا دیا

خون جہان کی جسکو ہی اوس سی بازپرس
جسنی کہ میری ترک کو خنجر بنا دیا

ساقی نی اپنی ہاتھ سی مجکو دیدی جو آب
ساغر کو آفتاب منور بنا دیا

ہی گل چمن میں تیری رخ نوبخش سی
سورج مکھی کو مہر منور بنا دیا

سودائی اپنا کر لیا تیری گیسوؤن نی یار
شبہای تار کا مجھی خوگر بنا دیا

مجکو سحر کیسی کمر کی فراق نی
تار نظر کی طرح سی لاغر بنا دیا

تیری ہر موی مژگان ہی عوض تپ خونریز کا
ابروی خمدار میں جوہر ہی تیغ تیز کا

ہی جہان دیوانہ بوی زلف عنبر بیز کا
صید آہوی ختن ہی دیدۂ خونریز کا

کیون نہ ہر دم ہو سمند حسن جانان تیز تگ
سایۂ زلف سیہ میں ہی چلن مہمیز کا

یار کی لبہای شیرین کا ہوا جسدم سی شور
خون مرقد میں ہوا دل خسرو پرویز کا

دشت کو جب میں سوار توسن وحشت گیا
خار صحرا میں اثر پیدا ہوا مہمیز کا

گر نہ بعد مرگ خاک عاشقان برباد مفت
توسن جانان نہ کر آہنگ جست و خیز کا

بسکہ کرتا ہی وہ قاتل مشق قتل عام
میان میں خنجر نہیں رہتا کبھی خونریز کا

عشق شیرین میں کیا کیون آپکو تیشہ سی قتل
کوہکن نی سر نہ پھوڑا خسرو پرویز کا

یاد چشم مست ساقی کی جو ہوتی ہی سحر
چشم گریان مین ہی عالم ساغر لبریز کا

کسنی بی رنج رہ عشق مین رتبا پایا
ہاتھہ موسی نی جلا کے ید بیضا پایا

پائی جان روح ملی نور تجلا پایا
جسنی پایا تجھی اوسنی نہیں کیا کیا پایا

لاکھہ غنچی ہوی گل باغ جہان مین لیکن
غنچہ لب کا نہ دہن ہمنی شگفتا پایا

رہی تصور جو در گوش صنم کا اوسکو
واہ قسمت نی عجب عرش کا تارا پایا

سیر کی ہمنی خرابات جہان کی برسون
نہ مگر کوئی حسین دہر مین مسیا پایا

آگیا دھیان مجھی اپنی گرفتاری کا
دل کسیکا خم گیسو مین جو لٹکا پایا

کیون خوشی سی نہ ہون صبح رت ساغر خندان
جام می ہاتھہ سی ساقی کی چھلکتا پایا

ای سحر بانون رہ عشق مین دہرتی تو ہین آپ
جان کا ہمنے اسی راہ مین کھٹکا پایا

شب ہجران جانان مین نہ تشلی ہی دل کا
کہ جسکا ایک شعبہ تیغ بنا مرغ بسمل کا

زیادہ ہو مجھی وہ سایہ بال ہما سی بھی
پڑی سر پر مری سایہ اگر شمشیر قاتل کا

عیان لچکا دوپٹی کا سہنین ہی گرد چہرے
مہ نو دیکھ لو ہالہ بنا ہی ماہ کامل کا

تماشا کر چکی فوارہ خون شہیدان کا
ٹھہر کر کوئی دم تو دیکھی اب رقص بسمل کا

نشانہ تیر غیرت کا بنا ہی دیکھ وہ انکھین
مشابہ ہی اسی سی دیکھ لو بادام چھلکا کا

جلو مین چلی پہنچی تلک وہ شان ہی ویسی
مجھی ہی رشک آتا دیکھ تیرے جشن محفل کا

جلایا نی نہ کیونکر عشق سرکشی عاشق سے
فزون ہوتا ہی سرکشی سی جلے شمع محفل کا

ہوئی منظور آرائش جو گھر کی آئینہ رو کو
لگایا اپنی گھر مین آئینہ اوسنی ہی دل کا

مین ہنستا ہون تو اوس گل ہی اپنا یاد کرتا ہون
نظر آتا ہی گلشن مین چمکنا جب عنادل کا

تری چاہ ذقن مین دیکھتا ہون دل جو عاشق کا
تو مجکو یاد آجاتا ہی قصہ چاہ بابل کا

جگہ سونی کو پائی ہی نہ بھی کنج شہیدان مین
مری سر پہ احسان کیا شمشیر قاتل کا

مقر اہل زبان کیونکر نہ ہوئین فکر صائب کے
سحر دیوان میرا رشک ہی دیوان بیدل کا

پلائی گر وہ گل گلشن شباب شراب
ہو بو مین رشک دہ نکہت گلاب شراب

خوشی آتی فرقت ساقی مین کیا کباب شراب
گزک ہی لخت جگر دل کا خون ناب شراب

وہ رشک مہر جو ہو کی بیحجاب شراب
تو موج بادہ بنی برق آفتاب شراب

یہ دور چشم صنم مین زمانہ ہی سرخوش
کہ پی رہی ہین بہم رند و شیخ و شاب و شراب

چمن مین جوش گل و سبزہ ہی لب جو سے
ہوا ابر ہی لا ساقیا شتاب شراب

جو مست الفت ساقی ہین وہ قیامت کو
اوٹھینگے قبر سی کہتی ہوئی شراب شراب

وہ ماہ نشہ مین شب ہو گیا خفا مجھسی
ترا برا ہو بس ای خانمان خراب شراب

نہ نشی مین بھی کہلا ہمسی شوخ مست کا دل
کہان مزاج کا کرتی ہی انقلاب شراب

ہی عکس عارض خورشید وار ساقی سے
پیالہ برج شرف رشک آفتاب شراب

سمجھتے ہین اوسی بہتر ہم آب حیوان سے
جو تیری ہاتھ سی ہو یار دستیاب شراب

جو ملی وہ دست حنائی مین شیشہ می کو
تو عکس عارض گلگون سے ہو شہاب شراب

جو مست الفت آل نبی ہین اونکو سحر
بروز حشر پلائینگے بوتراب شراب

بسکہ یاد زلف مین ہی جانگزا فرقت کی شب
ہی دم اژدر دم سرد ہوا فرقت کی شب

تھی شرر فشان جو آہ شعلہ زا فرقت کی شب
قلعہ آتشبار تھا گردون بنا فرقت کی شب

ہین مہیا سارے سامان قضا فرقت کی شب
ہو گا اب ہر روز کا جھگڑا ادا فرقت کی شب

تارے ہی ہین اخگر افشان ہو ہین غم چہیتاب ہن
چرخ آنکھون مین ہے حیرت سی بنگیا فرقت کی شب

تارے چشم غول ہوئی چاندنی ہو سفید
اوس کی ہی مین ہی مجھکو لگی بلا فرقت کی شب

دل سے غم دور نہ دیکھون چاندنی یا جان شاد
آئی گھر میری اگر وہ تھا فرقت کی شب

وصل مین ہوگی خجالت بسکہ ہی اسکا خیال
کر نہین سکتا مین اوس کا گلا فرقت کی شب

زندگی بی لطف ہی بر مین نہین وہ آفتاب
می کی بدلی زہر ہی ساقی پلا فرقت کی شب

یاد آئی کسکی رفتار قیامت اسمجھے
آفتاب حشر ہر ذرہ بنا فرقت کی شب

اوس مہ پردہ نشین کا جبکہ آتا ہی خیال
آنکھین ہی کھلاتی ہین تارا رہا فرقت کی شب

صدمہ دوری سے آئی لاکہ نہ ہی لب پہ جان
میر می نی مین بچا کیا باقی ہا فرقت کی شب

تو تو تھا مشغول سیر باغ وہان غیرونکی ساتھ
رات بھر یہان سر ٹپکتا مین رہا فرقت کی شب

ہر در و دیوار پہ میرا کی عالم گلزار تھا
خون میرا ہتا تو ہر گل کھلگیا فرقت کی شب

چشم اعمی مجکو ہر اک روزن دیوار ہے
گھر کا دروازہ ہی کام ار رہا فرقت کی شب

ہجر معشوق مین نظر آیا جو مجھ سب کو ماہتاب
دل کتان کی طرح ٹکڑی ہوگیا فرقت کی شب

آفتاب حشر ساں مجکو جلاتا ہی قمر
کم نہین ہی قیامت سے ذرا فرقت کی شب

قصہ کوتہ دل ہلنی کی کوئی صورت نہ تھی
گر نہ ہوتا ذکر لب نزاعت کا فرقت کی شب

خون دل سی پنجہ مژگان نگارین ہو
لالہ رہا ہاتھو نمین ملتا ہی حنا فرقت کی شب

دل پر اک بجلی گری جب یاد آیا ہمدمو
اوس پری کا خندۂ دندان نما فرقت کی شب

زخم دل پر تن ہی چھڑکا نمک ای رشک ماہ
چاندنی دیتی ہی کیا کیا مزا فرقت کی شب

وصل مین کاہیکو ہوتی پھر ندامت اسقدر
تجھپہ گر ای ماہ ہو جاتی فدا فرقت کی شب

دل لگانی کو کرینگی ہم بھی فکر طول زلف
جسقدر جی چاہی بڑھ ہی بیجا فرقت کی شب

ساق سیمین کی تصور مین جو تھا سوز و گداز
شمع آسا جسم جل جلکر گھلا فرقت کی شب

اسقدر ایذا اوٹھائی ہی کہ مر کر بچا
پھر نہ دکھلاتا سحر کو یا خدا فرقت کی شب

رشک گل کو جیتہ اگر دیکھ پائی عندلیب
آشیان اپنا گلستان سی اوٹھائی عندلیب

گر کری تاثیر آہ شعلہ زای عندلیب
دست گلچین آتش گل سی جلائی عندلیب

تو اسی شبنم نہ ای گلچین بی پروا سمجھ
دامن گل پہ ہین اشک دیدہ ہائی عندلیب

بی ثباتی پر گلون کی اشک حسرت کی عوض
خون آنکھون سی الٹی زمزمی بہاتی عندلیب

کیون نہ روتا دیکھکر مجکو ہنسی وہ غنچہ لب
نغمۂ شادی ہین گل کو نالہائی عندلیب

سبزۂ نوخیز کا اوس غنچہ لب کی ہون اسیر
موج رنگ گل ہوئی زنجیر پائی عندلیب

دیکھ پائی گر مری اوس سرو گلرخسار کو
قہقہی ہون کبک کی فریاد ہائی عندلیب

دام زلف پر شکن مین ہی دل نالان پھنسا
سنبل پیچان ہوا زنجیر پائی عندلیب

عشق گل مین خاک گلشن کو ہی سرمہ جانتی
خار مژگان ہین برای دیدہائی عندلیب

عاشق گلرو ہون کہدو یا نصیحت کری
برگ گل تربت پہ لالا کر چڑھائی عندلیب

سیکھ لی عاشق نوازی نازنینو نسی صنم
گل کی سر پہ ہی چمن جا ہی پائی عندلیب

کیون کمر سی تیری وابستہ نہون تار نفس
رشتۂ جان ہر رگ گل ہی برائی عندلیب

پھولسی رخسار تیری اک نظر گر دیکھ پائی
آنکھ پھر گل پر پڑی تو خار کھائی عندلیب

تیرہ بختون کو سحر دیکھا نہین رنگین بیان
زاغ کو ہی کوہلی کسدن صدائی عندلیب

دیکھ لی بی پردہ گر وہ روی پرنور آفتاب
شرم سی فی الفور پھر ہو جای مستور آفتاب

کیون نہو تجہسی خجل ای شعلہ طور آفتاب ۔ برق دندان جلوہ رخسار پر نور آفتاب

تب سی رہتا ہی ہمیشہ زرد و رنجور آفتاب ۔ شاید اوسکی چشم جادو کا ہی مسحور آفتاب

آنکھ کس منہ سی ملائی چشم بد دور آفتاب ۔ تجہسی ہمچشمی کا کب کہتا ہی مقدور آفتاب

صبح گردن شام گیسو قد شہاب ابرو ہلال ۔ دانت تارے مہ جبین رخسار پر نور آفتاب

حسن تیرا قدرت یزدان ہے تو ہی بی نظیر ۔ ہین خجل آگی ترے ماہ و پری حور آفتاب

جو ہین عالی طبع فیض اونکا ہی نزدیک و بعید ۔ نور بخش دہر ہی ہر چند ہی دور آفتاب

اپنی چشم مست کا سرخوش ہی تو ای رشک مہر ۔ ورنہ کسنی آج تک دیکھا ہی مخمور آفتاب

تیری آگی ای مسیحہ اوڑ گیا چہرہ کا رنگ ۔ ہی سفیدان بی وزردن مثل جام بلور آفتاب

کور باطن کو بھلا خوش آئی کب میرا کلام ۔ قدر کب کہتا ہی پیش چشم بی نور آفتاب

منفعل ہی بسکہ تیری حسن عالم سوز سی ۔ منہ ادہر کرتا نہین ای شعلہ طور آفتاب

بیحیائی ہی اگر ہی گرم لاف ہمسری ۔ آپ خوش پوشاک ہی او پر ہی باتن عور آفتاب

ہمسری تیری کف پا سی کسی کیا تاب ہے ۔ حسن مین ہرچند ہی ایجان مشہور آفتاب

اک نظر گر وہ کف پا کی حنائی دیکھ پای ۔ رنگ چہرہ سی اوڑی ہو جای کافور آفتاب

سالک عرفان مین رخ انور کی کھلا آفتاب — برق ہو سیماب ہو رہ جاے کافور آفتاب

وہ بلا سوزش ہی ہر داغ تن مین تحریر بین — دیدۂ عاشق مین ہے اک قرص کافور آفتاب

تو جو ہووے ہر ہفت سی آراستہ قربان ہو — بدر زہرہ ماہ نو غلمان پری حور آفتاب

اللہ اللہ عکس رخسار منور کا فروغ — آئینہ بنجاتا ہی ای غیرت حور آفتاب

ایک شب تجھسی کبھی گر اقتباس روشنی — تا قیامت ماہ سی ہو سائل نور آفتاب

پاوی گر اوس زہرہ وش کو مائل رقص سحر — نذر دی تار شعاعی بہر طنبور آفتاب

جلوۂ روی مخطط سی ہوا دیپوش کیا — آج ہالی مین نظر آتا ہی محصور آفتاب

چشم کی مستی کا باعث ہی فروغ حسن رخ — می نہو جب تک نہ دیکھی آب انگور آفتاب

پی کی می اوس شوخ نی چہرہ کو دی ہی آب و تاب — دیکھ لی دیکھا نہو جسنی کہ مخمور آفتاب

جلوۂ عارض نی تیری ہی گھٹایا اسقدر — ترمریسی کم ہے پیش چشم ای حور آفتاب

سامنی تیری مرنی دیکھ ہی ناشستہ — آنکھ نخوت سی گو پہنچی بہت دور آفتاب

تیر مژگان کا نشانہ گر کری ابرو کمان — رخنہ رخنہ ہو نہ یان سینۂ پر نور آفتاب

آتش رشک رخ روشن سی جلتا ہی مدام — کیا علاج اسکا طبیعت سی ہی مجبور آفتاب

اسکی آمد دیکھکر مجھسی ہوا وہ مہ جدا
کہدو اب میری سیہ بختی ہی ہمراہ آفتاب

گرمی بازار نخوت سر بکر ای برق وش
زلف شبگون کو اوٹھا رخ سی ہی کافر آفتاب

سایہ سان پیچھا نہ چھوڑونگا ترا ای شاہ پری
دیکھی دونگا نہ تجھکو تا بمقدور آفتاب

عکس روی روشن ساقی سی کیا چمکی شراب
جلوہ گر پایا میان جام بلور آفتاب

جو ہی عالی رتبہ اورون سی نہو خواہان فیض
ماہ کا احسان نہین کرتا ہی منظور آفتاب

بیحجابی عالم مستی مین ہی عین حجاب
پردہ مینا مین کب ہوتا ہی مستور آفتاب

کیون نہو تیری در دولت پہ حاضر صبحدم
آینہ داری کی خدمت پر ہی مامور آفتاب

جلوہ کسکی روی روشن کا ہوا پرتو فگن
بنگیا ہی خاک کا ہر ذرہ پر نور آفتاب

جا سحر کو دینا سایہ مین لوای حمد کی
یا علی جب ہو سوا نیزی پہ محشور آفتاب

جان بلب عیسی نفس ہی ہجر کا بیمار آپ
بی سبب کیون ہو گئی ہین در پی آزار آپ

دیدہ و دانستہ فتنہ کرتی ہین بیدار آپ
دیکھتی چلتی ہین اپنی شوخی رفتار آپ

کسکو دہمکاتی ہین دم دم کھینچکر تلوار آپ
مرتی ہین مجروح ناز ابروی خمدار آپ

دل میں کیا کیا ہیں کہیں ان بھر میں سو بار آپ — حلقہ حلقہ ہی کمند کاکل خمدار آپ

گر خریدار ہی کریں ایسی مشتری خسار آپ — ماہ کنعان آپ کی بکتی کو سر بازار آپ

تھے سے دیکھیں تو سوئی کس گلزار آپ — آنکھ دکھلاتے ہیں یہ نرگس بیمار آپ

چشم جادو گر سے لڑ لڑ کر بلا میں پھنس گئیں — اپنی ہاتھوں سے آنکھوں نے لیا آزار آپ

منہ سے بولیں یا نہ بولیں یا پہ آئیں یا نہ — کیا ہمارا زور اپنی دل کی ہیں مختار آپ

شکوہ وعدہ خلافی پر نہ بولی ات نکھ — ہم سے اتنی بات پر ایسی ہوئی بیزار آپ

دود خط گھیریگا اکدن شعلہ رخ کو ترے — سرد ہو جائیگی ساری گرمی بازار آپ

چاہیے کہنا خیال آغاز میں انجام کا — حسن پر اتنا نہ اترایا کریں سرشار آپ

سدرہ ہے عیب قاتل کیا بلائی کوئی آنکھ — چشم دربان بنگیا ہر روزن دیوار آپ

باہیں گردن میں جو ڈالیں بنسی بولا وہ گل — منہ لگاتی ہی ہو میری گلی کی ہار آپ

رہتی ہیں ہر دم گریبان گیر الجھتی ہیں مدام — بات کہتی ہوتی ہیں اتنو گلی کا ہار آپ

آئینہ ہمنی دکھایا تھا جب وہ بناو — صورت تصویر حیران ہوگیا دلدار آپ

کیا کسیکو ہو بھلا وعدہ وفائی کی امید — شام تک ہیں بھول جاتی صبح کا اقرار آپ

آنکھہ ہی یہ چشم سحر سامری جیتون فسون
لب ہین عیسی کہتی ہین اعجاز کی گفتار آپ

گاہی ہاہی آئی بھی تو ساتھہ لائی غیر کو
ایسی ملتی ہی مجھی ملی ہی یار بیکار آپ

روزہ داروں کیطرح اکدن مرے گھر بھی تو عید
کاش ہو کھلاوین ہلال ابرو خمدار آپ

وعدہ فردا وفا ہو گا نہ تا فردای حشر
واہ ای صاحب ہین کتنی صادق الاقرار آپ

دیدہ و دانستہ اوسکی چشم کی عاشق بنی
ای مسیحا ہمسی جو پوچھو تم ہوی بیمار آپ

ہین شب یلدا سی طولانی اگر گیسوی دوست
تاری ہین افشان کی فی ماہ کامل روی دوست

آنکھہ نرگس ہی بعینہ گل سی نگین روی دوست
زلف سنبل ہی صنوبر قامت دلجوی دوست

مشک اذفر ہین اگر خال سیاہ روی دوست
دود عنبر آتش رخسار پر ہین موی دوست

چال آفت ہی قیامت قامت دلجوی دوست
آفتاب روز محشر ہی فروغ روی دوست

لوٹتی ہین سانپ چھاتی پر مری فرقت کی رات
یاد آجاتا ہی جب پیچ و خم گیسوی دوست

جو رہی نظرونمین میری وہ بت عالم فریب
جنت الماوی سی بہتر ہی بہار کوی دوست

زندگی سی موت بہتر ہی اگر ہنگام نزع
چہرہ ہو پیش نظر اور زیر سر زانوی دوست

ہی کف پا غیرت آئینۂ اسکندری
جام جمشیدی ہین گویا کاسۂ زانوی دوست

نکہت گل سی ہمارا خشک ہوتا ہی دماغ
لا ہماری سمت باد صبحگاہی بوی دوست

بسمل تیر نگہ ہی طائر قبلہ نما
روی دل رہتا ہی سوی کعبۂ ابروی دوست

شش ہون مثل شانہ یارب دست مشاطہ شتاب
تا لگی اوسنی بنائی صاف جعد موی دوست

کوڑیالا سانپ آبیٹھا ہی گنج حسن پر
سلک گوہر سی نہین الجھا ہوا گیسوی دوست

سیج پر پھولونکی سو جاتا ہی جب وہ نازنین
صد برگ گلبرگ سی چھلجاتا ہی پہلوی دوست

روضۂ رضوان ہی وہ سر رشک چمن کا خانہ باغ
حور کی پہلو سی بہتر ہی کہین پہلوی دوست

صاف ہی جالی کی کرتی کی نشانو سی عیان
کھل گیا ہی جوہر آئینۂ پہلوی دوست

غزہ ہی گر مکروہ تو یہ بیگیان سے بار روح
روی دشمن سی مشابہ ہی نہایت خوی دوست

گر پڑی جا کر پانون پر غش کا بہانہ کیجیے
سر کسی صورت تو پہونچی تا سر زانوی دوست

چشم مردم خیرہ ہوتی ہی شعاع نور سی
پنجۂ شعلہ شاخ نخل طور ہین بازوی دوست

ہین کرے اور تعویذ ہاتھ آئی جو اوسکا دست بند
حرز جان سمجھون ملے گر جوشن بازوی دوست

اٹھ قاتل سی لٹی ہی کیون نہ خون و بن سحر
دل پہ خنجر زن ہی دم غمزۂ ابروی دوست

بسی ہے دل میں بتان خود سر و خودکام کی صورت
نظر کعبہ میں پھر آنے لگی اصنام کی صورت

بنائی رنج فرقت نے یہ مجھ ناکام کی صورت
نہ دیکھی خواب میں بھی راحت و آرام کی صورت

تف سوز الم سے سینہ ہے حمام کی صورت
مکدر دود دل سے چشم ہے گلخام کی صورت

چمن میکش ہے وہ نرگس مخمور ساقی میں
ہر اک غنچہ ہے شکل شیشہ اور گل جام کی صورت

ہجوم ضعف سے دست و زبان پر اب نہیں قابو
نہ کیوں ہو جائے عنقا نامہ و پیغام کی صورت

ہوائی زندگی تا ساز ہے شبہائے فرقت میں
بجھا دل ماہتابی پر چراغ بام کی صورت

خطا ہے دیدہ و دل سے کیا تشبیہ دی عاقل
کہاں وہ چشم فتان اور کہاں بادام کی صورت

دماغ میکشی کب ہے خیال چشم و ابرو میں
نہ اوترا طاق سے شیشہ نہ دیکھی جام کی صورت

جدا کرتا ہے گردوں صدمۂ سنگ حوادث سے
اگر دو دل ہوں توام دہر میں بادام کی صورت

فراق مہوش میں زلف مشکیں کا تصور سے
نہ کیوں تاریک نظروں میں سحر ہو شام کی صورت

نظر آتا ہے پشت لب کا سبزہ عکس ابرو سے
کہ ہے آغاز میں پیش نظر انجام کی صورت

جہان کو مست کرتا ہے نظارہ حسن ساقی کا
صراحی ہے اگر گردن تو ہیں آنکھیں جام کی صورت

چمن کی سیر سے نفرت ہو ہر قمری و بلبل کو
جو دیکھیں وہ سمن بو سرو گل اندام کی صورت

سحر صبح وطن بھی اب بنی ہی شام غربت کی
لیالی سی فزون تر ہی سیاہ ایام کیصورت

ہین نخل دار کوچہ دلدار کی درخت
سر بار لاتی ہین چمن یار کی درخت

ظاہر ہین جابجا غنچہ و گل انگشت آ
رشک حنا ہین مری گلزار کی درخت

کیا انتظار یار ہی او گتی ہین بعد مرگ
بالای قبر نرگس بیمار کی درخت

لاشی لٹکتی ہین کہین لٹکی ہین سر کہین
مردم گیا ہین کو ہی ستمگار کی درخت

عشق سہی قدان سی نہ پایا بر مراد
لائی نہ پھل کبھی مری گلزار کی درخت

اللہ ری نور حسن خداداد کا فروغ
ہین نخل طور کوچہ دلدار کی درخت

جا سیر کو کہ نرگس حیران ہی منتظر
شبنم سی اشکبار ہین گلزار کی درخت

خط نی مٹا دیا ہی سحر حسن گلرخان
پر خار ہو گئی گل رخسار کی درخت

لہرا گئی شعلہ رو کی چہرہ روشن کی برات
شمع سان روتی کٹی ہجر بت پرفن کی رات

اشک باران جا عقدہ بالہ ہی بدلی دود آہ
ہی شب تار یک ہجران سی خجل ساون کی رات

زلف کی پردہ مین چشم و نگہ کرتی ہی قتل
پردہ داری کرتی ہی ہر دزد رہزن کی رات

جس مصیبت سے بسر کی ہی شب ہجران دوست
یون نہ متیابی سی ای خالق الٰہی دشمن کی رات

بلبل نالان کی صورت نعرہ زن تہا ہجر مین
سامنی تصویر تہی اوس غیرت گلشن کی رات

تہا جو مجہ دیوانہ کو گیسوی بت سی سلسلہ
بیڑیان حدادنی پہنائین مجہی سوسن کی رات

جائینگی اوس گل کی کوچہ مین یہی تعبیر ہی
خواب مین دیکہی ہی ہمنی سیر گلشن کی رات

رنج فرقت مجکو عیش وصل غیرونکو نصیب
روکی میرا دن کٹا ہنستی کٹی دشمن کی رات

دیدۂ تر کی سفیدی مو سیاہی سی کہلا
دونون آنکہین مینہ کی ہی بہادون کی ساون کی رات

ایک ساعت بی خیال دوست ہنا کفر ہی
مرد عاشق تن کا دن ہی مرد عاشق تن کی رات

ای ہجر کس عیش سی تمنی بسر کی صبح تک
عید کا دن ہو گئی وصل بت پرفن کی رات

جیب کیون نرہی تازہ گرفتار محبت
وا ہو نہین سکتی لب اظہار محبت

بی مہر ہی وہ کب ہی سزاوار محبت
بر ہم زن ہنگامۂ بازار محبت

سمجہا ہی نہین صاحب آزار محبت
دشمن بہی نہ یارب ہو گرفتار محبت

معلوم ہو تب صدمۂ آزار محبت	اللہ کری تو ہو گرفتار محبت
اک روز شگفتہ نہوا غنچۂ امید	سینی مین کھٹکتا ہی ہا خار محبت
ہوتی ہی سحر مرگیا ای شاک مسیحا	آخر نہ بچا آپ کا بیمار محبت
کرتی ہو مداوا مرا ای کار طبیبو	اچھا نہین ہونی کا یہ آزار محبت
یہ عاشق و معشوق مین بھی ربط نہوگا	الفت مری غمخوار مین غمخوار محبت
مرجائینگی اکدن جو یوہین عشق رہیگا	آخر مرض الموت ہی آزار محبت
آسان نہ تھا جسکو اوٹھا لیتی فرشتی	انسان ہی تھا جس سی اوٹھا بار محبت
پوچھو جو دوا شربت دیدار دوا ہی	ہمکو مرض عشق ہی آزار محبت
عقبی مین جہنم سی یہ کسطرح بچینگی	دنیا ہی مین جلتی ہین گنہگار محبت
دشوار ہی چھپنا مین اگر لاکھ چھپاؤن	چہری ہی عیان ہین ہی آثار محبت

جو چاہیی وہ دیجیی تعزیر سحر کو
موجود ہی حاضر ہی گنہگار محبت

شمع سان ہجر کی روتی ہی کٹی رات کی رات	شب ایام طپش ہو گئی برسات کی رات

کاٹی عیاری نی شکوونمین ملاقات کی رات
یار پرفن نی مری ساتھہ عجب گھات کی رات

آہ کی درد سی ہوتا ہی جہان تہ و بالا
ہجر کی دن کو بناتا ہون مین برسات کی رات

یاد کاکل مین شب ہجر کا جو عالم ہی
کالی اس طرح سی ہوتی نہین برسات کی رات

باتین بہکی جو سنین اسکی شرابی آنکھون
طرفہ تقصیر مری یار نی اثبات کی رات

آیا وہ ماہ نہ شب کو تو قلق کیا کیا ہی
تارے گنتی ہوئی آنکھون مین کٹی رات کی رات

مجکو ہی عید اوسی روز ملی تو جس دن
ہی شب قدر مجھی تیری ملاقات کی رات

یار سی روٹھہ کی کروٹ کو بدل کہ لیٹا
نہ تو بولا نہ ہنسا یا ہی نہ کچھہ بات کی رات

کیا کہون ہای کٹی وصل کی شب کیسی جلد
ہو گئی صبح نہ مہلت ملی اک بات کی رات

شام سی صبح تلک سینہ زنی کی مین نی
یاد آئی جو مری آنکھ تری گات کی رات

کیون سحر کو نہ ہو دعوای سلیمانی آج
آگئی ہاتھ انگوٹھی جو تری ہات کی رات

زلف دلدار مین ہی مشک ختن کی نکہت
نازنین جسم سی آتی ہی سمن کی نکہت

غیرت عطر ہی اس مست کی تن کی نکہت
ناف مین نافہ آہوی ختن کی نکہت

مرض ہجر مین بیمار تمنا کو سنگھا / قوت دل کی لیی سیب ذقن کی نکہت

تونی چوٹی مین جو چنبیلی کا ہی ڈالا موباف / پھول کی بو سی ہی کم مشک ختن کی نکہت

کاکل مشک فشان آئی جو تربت مین یاد / رشک عنبر ہوئی کافور کفن کی نکہت

ہاتھ سی تنی پہنچی جو تو کاٹ کی پھینکی ابھی گل / شمع کی گل سی نمایان ہو سمن کی نکہت

کوچہ سی اوس گل نازک کی صبا لائی ہی / آج مہکی ہی جو گلہای چمن کی نکہت

زلف ساقی کا پڑی ہی عکس جو ساغر مین مگر / می مین پیدا ہوئی ہی مشک ختن کی نکہت

رشک گوہر ہین تیری سارے دانت / برق تابان ہین پیاری پیاری دانت

اودھی مسی سی جب سنواری تمنی دانت / شب ہوا رنگ لب ستاری دانت

دانت سلک گہر کی گھٹے ہین / جب لبون سی کھلی تمہاری دانت

زلف افشان سی عقد پروین ہی / رخ سی روشن قمر ستاری دانت

کبھی بجلی اگر چمکتی ہی / یاد آ جاتی ہین تمہاری دانت

شب کو تاری ہین جلوہ گر ہوتی / کیون نہ مسی سی ہون سنواری دانت

اپنا منہ آئینہ میں دیکھو سحر
وہ لب نازک اور تمہاری ذات

قسمت نے پھر فراق کی مجکو دکھائی رات / دھڑکا تھا ایک عمر سے جسکا وہ آئی رات

یاد آئی گوری گوری جو تیری کلائی رات / اے شمع مجھے نہ گھڑی بھر کل آئی رات

منہ خون سے اوتر گیا فق رنگ ہو گیا / غصہ سے باہر وہ جو تیوری چڑھائی رات

رویا میں اوسکی دل سے کدورت نکل گئی / آئینہ رو سے ہو گئی آخر صفائی رات

شیشہ میں ہمنے رشک پری کو لیا اوتار / ہر چند ناک بھون بہت اوسنے چڑھائی رات

مجرا شب وصال میں لی بیٹھی حساب / فرقت میں ایک بھی شب فلک نے گھٹائی رات

انکار کرتی ہو جو ملاقات غیر سے / مانا کہ مجھ تک آنیکی فرصت نہ پائی رات

افشان اگر چھٹی تو چھٹی پر وہ کیا ہوئی / مسی کی ہونٹھ پر جو دھڑی تھی جمائی رات

تڑپا کیا تصور دلبر میں شام سے / کل صبح تک مجھے کسی پہلو نہ آئی رات

آنکھوں نے کر کے اشک فشانی بچا لیا / پھونکی تھی آہ گرم نے ساری خدائی رات

آیا جو یار ضعف سے گو ہم نہ ہل سکے / در تک پر اشک و آہ نے کی پیشوائی رات

مردم فریب ہی جو سواد شب وصال
آنکھون مین مثل سرمہ کی گھل کر سمائی رات

یاد سحاب زلف مین روتا ہون زار زار
ساون کی جھڑی کبھی نظر مین سمائی رات

کیا نازکی ہی مین تھا تصور مین ہمکنار
گرمی سی صبح تک نہ اوسی نیند آئی رات

سیدھا بزور زلف گرہ گیر کو کیا
کی دست شانہ نی مری عقدہ کشائی رات

تھی گرم ناز حسن جب آیا وہ مہروش
تارے چھپے نہ آنکھ کسی نی ملائی رات

کیون لڑ رہا ہی صبح سی پوچھے نہ شب کی مجھ
کس دیدہ سی آنکھ قمر سی لڑائی رات

خواہان نقد جان ہم نظارہ لب تھی
دل مانگتی تھی مانگ تری رونمائی رات

سمجھا کہ اوسنی پانو مین مہندی لگائی ہی
جاری ہوئی جو آنکھ سی آنسو حنائی رات

یارون کی آنکھ یا مثال پہ بھر گئی
اوس مہروش نی رخ کی کاکل اٹھائی رات

بولا نہ منہ سی ہاے ری تقدیر کا لکھا
کی اوس صنم کی آگی بہت جبہہ سائی رات

ہالہ سی آج آیا ہی باہر ہمارا چاند
اوترا ہی طوق یار نی منت بڑھائی رات

سویا لپیٹ کی جو ملک یار سی سحر
مدت کی بعد چین سی بس نیند آئی رات

رابطہ جب سے گیا اوس بت عیار سے چھوٹ
غم ملا خواب گیا دیدۂ بیدار سے چھوٹ

نگہ شوخ نے سیکھی ہین پھکیتی کی ٹھاٹھ
مردم چشم صنم لڑتی ہین تلوار سے چھوٹ

خون عشاق سلامت نہ رہینگی [illegible]
جائیگا رنگ حنا گر قدم یار سے چھوٹ

دست نازک پہ صنم کی ہی گمان رنگ ترا
ای حنا جلد کہین تو کف دلدار سے چھوٹ

ای سحر خانۂ دلدار سے یون نکلا
جسطرح جاتا ہی نوکر کسی سرکار سے چھوٹ

بیوفا کا ہی انتظار عبث
دل نادان ہی بیقرار عبث

وا نہوونگے یہ عقدۂ مشکل
آبلون سے ہی ربط خار عبث

گل کی دامن تلک نہ پہونچینگے
ہاتھ [illegible] ہی ہین خار عبث

ہی سنان مژہ خلش افزا
نہین دل مین یہ خار خار عبث

سلک دُر لاؤن اشک کی مانند
پہنی ہو موتیی کا ہار عبث

کافی ہے ناز ابروی مژگان
[illegible] ہی خنجر عبث کٹار عبث

پی کی ہی عشق چشم میگون مین
کون پیدا کری خمار عبث

دی کی زلف سیاہ یار کو دل — اس بلا سی ہوی تو چار عبث

زلف چھوٹی پہ کیون الجھتی ہو — طول کرتے ہو بار بار عبث

حور وش سی پری کو کیا نسبت — نور سی ہے مثال نار عبث

رمضان مین نہ کہہ سحر تو غزل
نہ سحر ہو گنہگار عبث

کیا کرسکیگا آ کی فلاطون مرا علاج — عیسی ہی ہو نہ چشم کی بیمار کا علاج

تسکین ہوی یار سی پاتا ہی اہل دل — لا ای نسیم صبح مری درد کا علاج

صورت نہین شفا کی بجز وصلت وصال — ای میری جان ہی مرض ہجر لا علاج

آؤ اوس غیرت مسیح کی گھر مجکو لیچلو — دار الشفا مین ہوتا ہی بیمار کا علاج

تجویز زہر مار ہی سودای زلف مین — مسموم زہر چشم کا ہی جانگزا علاج

بوسہ ہی ہوشدار ولب کا مری دوا — ہی تلخکام عشق کا خوش ذائقہ علاج

گھبرا وسکا دیکھتی ہی ہوا اضطراب — ہمکو ہوا نظارہ دار الشفا علاج

مجکو سونگھا دو بو عرق زلف یار کی — سرسام عشق کا ہی یہی لخلخا علاج

گیا دیکھتا ہی نبض مریض فراق کی
بیسود ہی طبیب سراسر دوا علاج

درمان عشق آپکی قانون مین نہین
اے مہربان ہی مرض الموت لا علاج

حامی سحر ہی قبر مین مومن کا بوتراب
اور درد معصیت کا ہی خاک شفا علاج

عکس معشوق نی بڑھایا جلوہ تحریر موج
تیرہ چشم برق کو برقی لگی خونریز موج

پیچ مین لاتی ہی دل جین جبین بحر حسن
صفحۂ دریا پہ اس صورت کہان تحریر موج

زلف بحر حسن سے پیدا ہی جنون کا سلسلہ
طوق گردن ہو بھنور پاؤن مین ہو زنجیر موج

عین حادث ہی گواہ صنع صناع قدیم
جزر و مد بحر دیکھہ اور قلت تکثیر موج

کاوش اہل جہان سے صاف دل کو کیا ضرر
خار ماہی کو کبھی دیکھا نہ دامنگیر موج

ہی یہ نقشہ عاشق گریان کے جوش اشک کا
صفحۂ دریا پہ پانی دیکھہ لی تصویر موج

آب دریا عکس عارض سے سنہرا ہو گیا
پایہ کا رنگ طلائی بنگیا اکسیر موج

صاف باطن سے پہونچی آشناؤن کو گزند
گردن ماہی قلم کرتی نہین شمشیر موج

بھولا حیرت سے روانی بیشش جسم صاف یار
پا ہی دریا کو سلاسل بنگئی زنجیر موج

ہے مجنون کے نظر مین بنتی ہی ہر ریگ روان
حلقہ گرداب سے ملتی ہی جب زنجیر موج

دلکو آتی ہی حباب دیدۂ تر سے ابرو کی یاد
تیغ بران ہوگئی پیش نظر تحریر موج

بجھ گئی پانی مین عکس مہوش سی آفتاب
برق رخشان پر ہی جستجان ہر اک نخچیر موج

نور سی ہی برق رخشان ہی میان آفتاب
ساغر صہبا مین ای ساقی نہین تقصیر موج

لیون تہ ہو سی تلاطم ہو میان بحر اشک
ہوتی ہی دریا مین بابستگی تکثیر موج

پاک ہی لا ہی ستم سی صاف طینت کا خمیر
جوہر قطع وبرش کہتی نہین شمشیر موج

سایۂ انگشت لف پیچان ہوتی ہی بانہین جب
پیچ وتاب آر پیدا کرتی ہی نخچیر موج

بحر عالم مین جوان ہو کیا وہ سیدھی چال سے
پیچ وتاب وکجروی ہی سرخط تقدیر موج

بہہ گئی جوہر مین عکس چین پیشانی ہی آب
آب آئینہ مین بھی آئی نظر تصویر موج

ناتوان ہون عشق چشم زلف مین مثل حباب
اوٹھ نہین سکتا قدم سی لنگر زنجیر موج

عشق بحر حسن مین لاغر ہون ایسا ای سحر
آشنا سمجہی رو یکتنہ چشم ہی تصویر موج

کس طرح ہو ہلال نہ دل نگاہ کج
رہتا ہی میری ماہ کا طرف کلاہ کج

کس کسکو دیکھیی ابھی سیدھا بنا گئی
یوہین اگر رہیگی تمھاری نگاہ کج

رہتی ہین عاشقون کے دلو نمین خلش فزا
عقرب کی نیش ہین تری مژگان سیاہ کج

آتا ہی مکر کی جو چلی سی پھیر کی
کجرو ہی خود نہین ہی تری ہی کلاہ کج

بیجرم پھر گئی ہی نظر ہمسی آپ کی
رہتی ہین کیون ہمیشہ بھوین بیگناہ کج

صحبت اثر کجون کی نحوست بار ہو
ٹیڑھا ہزار سلسلی سی ہو نہ راہ کج

کرتا ہی قتل دیکھیی کسکو یہ بانکپن
رکھی ہی آج یارنی سر پر کلاہ کج

سیدھی یہ بات ہی کہ نبھی گی نہ دور ستی
تونی اگر نگاہ کی ای رشک ماہ کج

قسمت کا پھیر ہی جو نہ آیا وہ رشک ماہ
ورنہ ہماری گھر کی تو کچھ تھی نہ راہ کج

ہوگی نہ چار آنکھ وہ ناز کہ نگاہ ہم
دیکھو سحر نہ یار سی کرنا نگاہ کج

گردون جو ای صبیح تری دیکھ پای صبح
غیرت سی پھر نہ خلق کو صورت دکھای صبح

بی آبرو ہو خندۂ دندان نمای صبح
سکھا ہی یہ کر وہ غنچہ دہن مسکرای صبح

رخ رشک مہر دانتون مثل تارونکی ہی چمک
گیسو مین رنگ شام گلی مین صفای صبح

گردن پہ عکس جلوہ جعد سیہ نہین | ہی فاصلہ ہی شام نمایاں قفای صبح

کس سیم تن وش کی رو می مصفا کی یاد سے | روتا ہون دیکھ خندہ دندان نمای صبح

آئینہ مہروش ہوئی سب ہی سر سفید | کیا ہی اثر ہی آہ ہماری دعای صبح

ہی زخم دل کو مشک سواد شب فراق | مثل نمک سفیدہ نور صفای صبح

کیون ہو نہ روی ریختہ پس نقاب | رہتا ہی آفتاب درخشان قفای صبح

عشق گلوی یار مین دی ہم نی اپنی جان | گل کر گئی چراغ ہمارا ہوای صبح

بعد طلوع مہر ہو پھر مائل غروب | وہ ماہ بی نقاب جو کوٹھی پہ آی صبح

کر دی سیاہ وصل کی شب ہی سپہر چرخ | ہان وہ آہ دل ابھی ہوتی بنای صبح

دکھلائی گر وہ گرمی نیر توس کی صفا | اڑ جای رنگ فق ہو رخ نیر ضیای صبح

کھٹکا شب وصال ہی روز فراق کا | یارب غروب مہر ہو شین از فنای صبح

ممکن نہین شعر و غ طفیلی کیواسطے | ہمراہ آفتاب کی ہی انجلای صبح

دیوانہ کر دیا تری کرتی کی چاک نی | کیونکر نہ اپنا چاک گریبان کھای صبح

خورشید غرق ہو عرق انفعال مین | وہ رشک مہر ہو کی جو عریان نہای صبح

یہ سب ہین وی اثر شب ہجران یار مین — فریاد شام زاری شب نالہای صبح

خورشید کو ہی شوق طواف حریم یار — ہر روز کیون نہ جامۂ احرام لای صبح

ہوتا نہین ہی کم کبھی طول شب فراق — برسون سی اپنی آنکھ نہین آشنای صبح

ناوک صدای مرغ سحر ہی شب وصال
مین اہی سحر ہون کشتۂ تیغ جفای صبح

دل مضطرب ہی پارۂ سیماب کیطرح — گرم طپش ہون ماہی بی آب کیطرح

دن بھر ہی بانگ مرغ گلستان ہون نالہ کش — گرم خروش رات کو سرخاب کیطرح

اوس حور وش کا ہو رخ روشن جو بی نقاب — منہ فق ہو آفتاب کا مہتاب کیطرح

پہنی قبا تو رنگ طلائی کی عکس سے — اطلس جیطرح اوڑھنی ابھی کمخاب کیطرح

تو بال کھولی شب تو ستاری نثار ہون — اوڑ اوڑ کی تجھپہ کرمک شبتاب کیطرح

بحر حبا مین موج کی صورت ہین پیچ و تاب — چکر مین روز و شب ہین گرداب کیطرح

کس رشک آفتاب کی جلوی ہی ای سحر
گردش مین ہی یہ چرخ جو دولاب کیطرح

ایذا ہی خلق میں ہی نگاہ شعار چرخ | کب بی سبب ہی گردش لیل و نہار چرخ

منعم نہو فریفتۂ کاروبار چرخ | ہی بی ثبات یاری ناپایدار چرخ

کر ترک رسم کینہ وری کجروی کو چھوڑ | غمزی دکھا نہ او شتر بی مہار چرخ

دن زندگی کی بھرتا ہی انسان امید میں | دل ہین اسیر پنجۂ دار و مدار چرخ

بالیدہ ہو جو دیکھی تشبیہ ست یار | مژگان کا پنجہ بڑہ کی بنی پشت خار چرخ

تا چرخ آہ جاتی ہی اور نالہ تا بعرش | یہ ہی ستون چرخ تو وہ ہی منار چرخ

مستان جاہ کی نہیں جاتی ہی بیخودی | پر زور ہی کمال می پر خمار چرخ

درویش اپنی آنکھہ سی دیکھا ہی شاہ کو | ای منعمو نہیں ہی ذرا اعتبار چرخ

گیا اوج بعد مرگ ہی مجھ خاکسار کا | ہی میری خاک افسر فرق وقار چرخ

کیا ای سحر جہان میں تلون مزاج ہی
جو بیوفا و عربدہ جو ہی نگار چرخ

اوس شک مہر کی نہیں منت پذیر سرخ | چھایا ہی آفتاب کی اوپر سحاب سرخ

ہی اشک خون سی چشمہ چشم پر آب سرخ | ہوتی نہ کسطرح یم خون کی حباب سرخ

ساقی کی عکس خط سی کیون ہو شراب سرخ
ہوتا ہی صبح رنگ سی خ آفتاب سرخ

اعتدر ہی گرمی آتش رنگ نگار کی
عکس قدم سی ہوتا ہی رنگ گلاب سرخ

آتی کبھی ہاتھ ہین جو رکھ رنگت لال گیی
سفاک ہو گیی تری خنجر کی آب سرخ

ق

تب میکشی کا لطف ہی جو رات چاندنی
اور رنگ وہی ساقی مست شباب سرخ

ابر سیہ چمن مین جو چھایا کھلی ہون گل
پیش نظر ہو سبزہ قدح مین شراب سرخ

منظور ہی جو دست نگارین کو خون مرا
شنجرف سی لکھو مری خط کا جواب سرخ

اس فصل مین جہان نئی سر سی جوان ہوا
منہدی سی نئی اہد و نی کیا ہی خضاب سرخ

جلتا ہی سوز رشک لب لعل فام سی
کس طرح رنگ پائی نہ یاقوت ناب سرخ

مرتی ہی مرتی پا چکی ہم اپنا خونبہا
چہرہ ہوا جو یار کا وقت عتاب سرخ

یارب کسی کا خون نہو میری ہاتھ سی
پائی یہ روسیاہ نہ فرد حساب سرخ

پیری مین غصہ چہری پہ جای عجب نہین
ہوتا ہی وقت صبح سحر آفتاب سرخ

قد نارون ہی زلف سیہ نارون کی شاخ
آہو تو چشم شوخ ہی ابرو ہرن کی شاخ

کشتہ ہون چشم مست کا لازم ہی پیرہن
جامی جریدہ تین غزال ختن کی شاخ

کیونکر نہ میری جسم کی داغون سی ہو
باقی بہار گل سی ہی نخل چمن کی شاخ

پیری مین کیا عذوبت اشعار کا مزہ
شیرین ہی لاتی بار درخت کہن کی شاخ

خوش چشمون سی کسی ثمر مدعا ملا
خالی ہی برگ و بار سی ہر یک ہرن کی شاخ

اوس گل بغیر سرو ہین جسم طوم میل مست
ہر شاخ نخل گل ہی مجہی گرگدن کی شاخ

لکہون جو سرو قد کی تن نازنین کا وصف
لازم ہی جامی کلک تراشون سمن کی شاخ

اوس سرو سبز رنگ کا مداح ہون سحر
سرسبز کیون نہو مری نخل سخن کی شاخ

والشمس اگر ہی قسم روی محمد
تو مقصد واللیل ہین گیسوی محمد

اس رنگ نہوتا کبہی مطبوع طبائع
آتی نہ گل تر مین اگر بوی محمد

کیون خاک مدینہ کو شرف ہو فلک پر
فردوس سی بہتر ہی کہین کوی محمد

مین دور رہون ہر چند مگر طائر دل کا
منہ قبلہ نما وار ہی ہر آن سوی محمد

درکار وسیلہ نہین درگاہ خدا تک
کافی ہی فقط سلسلہ موی محمد

قمری کی طرح طوق غلامی ہی گلی مین | ہی سرو سہی قامت دلجوی محمد
دل صدقی ہین نقش قدم پاک نبی پر | سو جانین ہین قربان سر موی محمد
کیون مجھ اجب عینی نہ زیارت ہو نبی کی | محراب حرم ہی خم ابروی محمد
کیا نور ہی اللہ کہ روشن ہو زمانہ | بی پردہ اگر رات کو ہو روی محمد
خالق نی جو تھا خلق کیا اوسکا نہ ہمسر | بی سایہ بنایا قد دلجوی محمد
معراج مین بھی امت عاصی کو نہ بھولے | کیا پھر شفاعت تھی تکاپوی محمد
بی حکم خدا بات نہ کرتی تھی پیمبر | تھا وحی کلام لب حق گوی محمد
ہی دست خدا سر پہ سر لطف و کرم سی | ہی پنجہ حق شانہ گیسوی محمد
رتبی مین سلیمان و سکندر سی زیادہ | ہین خاک نشینان سر کوی محمد
کیا چشمہ حیوان پہ تفاخر ہی خضر کو | ہی کوثر و تسنیم پہ قابوی محمد

وصف شہ مردان مین سحر ایک غزل اور
مداح علی تو ہی ثنا گوی محمد

طوبی ہی اگر قامت دلجوی محمد | ہی قد علی سرو لب جوی محمد

گہ دوش نبی مطلع معراج علی ہے | گہ جای ید اللہ ہی پہلوی محمد
حیدر کی زیارت مین عبادت ہی نبی کی | ہی روی علی آئینہ روی محمد
تھا سینۂ احمد کبھی زیر سر حیدر | گہ زیر سر پاک تھا زانوی محمد
آنکھین نہ کھلین بعد تولد نہ پیا دودھ | جو سی غ زبان منھ کھانہ تا روی محمد
تکبیر کہی کلمہ پڑھا حق کی ولی نی | آیا جو نظر کعبۂ ابروی محمد
بی خوف عدو بستر احمد پہ وہ سویا | اللہ ری جانباز و رضا جوی محمد
مجروح ہوا تیغ ستم سی جو سر پاک | آشفتہ ہوی قبر مین گیسوی محمد
گھر علم خدا کا ہی اگر شاہ رسالت | ہی ذات ید اللہ در مشکوی محمد
وہ جان نبی لحمک لحمی ہی تو بیشک | حیدر مین ہی علم نبی و خوی محمد
کیا منہ ہی کسیکا جو کری مدح ید اللہ | مداح ہون جسکی لب گفتگوی محمد

مشکل کی جو عقدی ہین سحر کی انھین وا کر
ای دست خدا قوت بازوی محمد

چہری کو کہتا ہی نور النعت حیدر سفید | چین پیشانی ہی مثل موجہ کوثر سفید

کر لی منہ اشک غم شبیر سے گر سفید
ای سحر تا ہو تری اعمال کا دفتر سفید

جلوہ گر ہین الف مین یون کان کی گوہر سفید
خوشنما ہون جیسے کالی رات مین اختر سفید

ہجر مین یہ کہتی ہی دل یاد رخ انور سفید
تیرہ بختی ہی کہ ہی چاندنی سی گھر سفید

انتظار یار مین اللہ رے جوش بکا
روتی روتی ہوگئی ہین دیدہائی تر سفید

تیری موی پر صبا سی منفعل ہین روز و شب
زرد رنگ مہر ہی روی مہ انور سفید

واہ رے رخ لب اے میکش غنچہ دہن
ہی برنگ جام گل بلور کا ساغر سفید

کب ہین وہ شایان تشبیہ لب و دندان یار
لعل ہین بدرنگ سرخ اور بی صفا گوہر سفید

خوشنما ہی اشک خون سی چشم عاشق ساقیا
ہی شراب سرخ کو زیبندہ تر ساغر سفید

شوق سبزان و شراب سرخ پیری و خضاب
بیحیائی ہی سیہ کاری ہو اجب سر سفید

نام کو بھی خون ہمارے جسم لاغر مین نہ تھا
قتل کرنے پر ہوا آب دم خنجر سفید

زینت مہتاب ہین ای ماہ تارے چاندنی
ہو مرصع گوہر و الماس سے زیور سفید

کہکشان مین شب کو تارونکی جھپک جاتی ہی آنکھ
دیکھکے تیغ سیاہ یار کی جوہر سفید

جا بجا ہی موی ابرو سی نمایان جلد صاف
جلوہ گر تیغ صفاہانی مین ہی جوہر سفید

اک صبیح سنگدل کا کشتۂ بیجرم ہون
صورت مرمر ہی تربت کا مری پتھر سفید

چھوتی ہی بت کا رین سی وہ ہمسنگ لعل
گر مجھی ماریں بتان سیمتن پتھر سفید

ق
شرم سی تیری طلائی رنگ کی اہی نگار مہر
کچھ فقط چنپا نہین اور لالۂ احمر سفید

اوڑ گیا رنگ حسینان قلب ماہیت ہوئی
چاندنی کیطرح دھوپ اور نقرہ سان ہین زر سفید

گھر مرا بیت الشرف ہی جلوہ دلدار سی
پرتو خورشید عارض سی ہین بام و در سفید

بدر کامل کیطرح کلجام ہین روشن تمام
روزن دیوار و در ہین صورت اختر سفید

یا الہی تیغ قاتل سی نچھوٹی رنگ خون
ہو قیامت تک نہ میری خون کا محضر سفید

ساعد سیمین جانان سی جا ہی کیا ہمسری
شمع ہی چربی کا پتلا گرچہ ہی پیکر سفید

ساق پا ہی یار روشن اوسکا بکھرا ہی بدن
گو سراپا شمع کافوری کا ہی پیکر سفید

واہ ری رخ کی ضیا اللہ ری نور بدن
چاندنی کو زرد کرتا ہی ترا بستر سفید

حیلہ گر ہون لعل لب سی گر در دندان یار
موتی کیطرح ہو رنگ گل احمر سفید

چاند سی چہرہ کا تیری گر پڑی گلشن مین عکس
چاندنی کیطرح سی ہو لالۂ احمر سفید

اسقدر جوش صباحت ہی سمنبر جسم پر
سیوتی سی ہی بدن کی جلد نازکتر سفید

ماہ تابان میں کلف ہی ماہ عارض پاک صاف
چاندنی میلی ہی رنگ چہرۂ دلبر سفید

یہ دوپٹی کی نہیں ہین دونون انچل دوش پر
اس ہری پیدا ہوئی پرواز کو شہپر سفید

نور ایمان سی اگہی ظلمت عصیان ہو دور
منہ سحر کا ہو میان مجمع محشر سفید

حیا سی وہان ہین لعل درفشان بند
یہان ہی ناتوانی سی زبان بند

جمال یار کا ہی گرم بازار
ہوئی ہی حسن یوسف کی دکان بند

ہمین کہتی ہین صاحب بیمروت
نہ منہ کھلوائیی رکھیی زبان بند

نہین آئینہ مین تصویر تیری
پری شیشہ مین ہی ایجان جان بند

کیا ہی گر کرم منہ سی بھی بولو
رہیگی شرم سی کب تک زبان بند

تکلف برطرف اب کھل کی بیٹھو
قبا کی کھول دو ای مہربان بند

در بیداد گر دون جب سی ہی باز
ہوا ہی یک قلم باب امان بند

گمان خواب ہی مجھپر جہان کو
خیال یار مین آنکھین ہین نہان بند

کریگی دور سی نظارۂ گل
در گلشن نکرای باغبان بند

جبین یار پر چمکی جو افشان ‏— ہوئی چشم نجوم آسمان بند

ذقن پر خط نہین ای سحر پرہی ‏— نظر آئین بھنور مین مچھلیان بند

بلا کا ہزن ہی چشم سحر پرداز ‏— فلک پر بھی ہی راہ کہکشان بند

پئی دیدار سیہان آنکھین کھلی ہین ‏— ہوی دیوار کی روزن وہان بند

رکی مژگان سی کیونکر آمد اشک ‏— بندھی دریای جوشان پر کہان بند

ملونگا تجھسی جب تک دم مین دم ہی ‏— جدا ہون بند سی گو جان جان بند

رہی گردش مین جب تک جام خورشید ‏— نہو یا رب در پیر مغان بند

مکدر آمد خط سی ہین عارض ‏— ہوا ہی آبگینی مین دھوان بند

عیان گردن سی عکس صہبا ہی صاف ‏— پری آسا ہی شیشی مین دھوان بند

سحر ہین سب علوم شاعری یاد
کہان کشتی کی بھولین پہلوان بند

دونون ہتیلی چاند ہین دونون عذار چاند ‏— تمثی جہان کی منہ کو لگائی ہین چار چاند

ہنتای منہ کو جو چڑھی لاکھ بار چاند ‏— اوس رشک آفتاب سی ہی شرمسار چاند

رخ پر تری جبین په تری دانتون پر تری
سورج فدا ستاری تصدق نثار چاند

دیکهونگا آج دونون لب و دونون قوه بهوین
کل شب کو مینی خواب مین دیکهی هین چار چاند

جویا هی تیرا صبح سی گر مهر شام تک
رهتا هی شب کو طالب دیدار یار چاند

غره گیا جو تو نی نه آیا تو میری پاس
مر مر کی یه تمام هوا هی نگار چاند

ابرو کی تیغ ڈهونڈهنی لگتا هی دل مرا
جب دیکهتا هون مین رمضان کا نگار چاند

قربان تمهاری منه په صنم لاکه آفتاب
ان ابروون په آپ کی صدقی هزار چاند

سارا مهینا خیر سی اور عیش سی کٹی
دیکهو سحر کا منه جو نظر آئی یار چاند

شعله طور مرا هاتهه مین لی کر کاغذ
ید بیضا سی فزون تر هو منور کاغذ

دم تحریر خط یار جو آنسو نکلی
دل پکارا که خبردار نه هو تر کاغذ

بار جوش چشم کو خط خامه مژگان سی لکهون
پرده دیده تر سی نهین بهتر کاغذ

پڑهتی هی یار کا خط هو گئی دل کی ٹکڑی
هو گیا حق مین مری همدم خنجر کاغذ

جوش گریه سی هوتا خط کا نه لکهنا معلوم
بهیجدون یار کو نامه کی عوض تر کاغذ

لالہ پر وصف لکھوں سرخ حنائی کا اگر
شاخ مرجان ہو قلم برگ گل تر کاغذ

شرح طومار الم ہو گی نہ وقت تحریر رقم
یک قلم مملکت دل کا ہی ابتر کاغذ

بنگیا کھینچتی ہی نقشہ جو ترا شوق کا ہی
خامہ سورج کی کرن ہووے منور کاغذ

شعر موزون لب لعل کا گر وصف لکھوں
ہو عقیق شجری وار شجر کاغذ

شمع سوز اور گداز تپ فرقت جو لکھوں
پر پروانہ صفت خاک ہو جلکر کاغذ

کار مقراض کری موج ہوا او اگر نصیب
لیچلی جانب دلبر جو کبوتر کاغذ

خود غلط یار کو خط لکھنے کی مجھے دھن ہی
نہ قلم ہاتھ سی چھٹتا ہی نہ دم بھر کاغذ

ورق سادہ بنی صاف جبین کا تختہ
روئی رنگین کی پسینی سی جو ہو تر کاغذ

اے سحر مہر رخ یار کا لکھوں میں جو وصف
صبح صادق کا ہو دامان منور کاغذ

کیونکر لا ہو سکا ضبط فغان آخر کار
کر دیا یار کو رسوا ہی جہان آخر کار

نہ گیا گردش قسمت کا اثر بعد فنا
لوح مرقد کی بنی سنگ فسان آخر کار

ہجر میں بسکہ بہی ورد زبان نالۂ گرم
بن گئی شعلہ مری منہ میں زبان آخر کار

سوز فرقت سی مثال صدف پر گہر
آبلون سی ہوا لبریز دہان آخر کار

اشک و آہ شرر افشان سی کھلا عشق کا راز
آبرو لی مری ای چشم و دہان آخر کار

اوسکی زلفون کی تصور مین ہوا دلکو جنون
پڑ گئی پانون مین زنجیر گران آخر کار

جاہ دنیا پہ کر منعم ناداں تکیہ
خواب ہی عشرت فانی جہان آخر کار

پادشاہان فلک تبہ و خورشید کلاہ
ہوگئی پردہ خاکی مین نہان آخر کار

سایہ چتر و علم مین جو رہا کرتی تھی
گور مین سو گئی بی نام و نشان آخر کار

ہون وہ گم گو کہ اثر سی نہ خاموشی کی
شمع تربت سی ملی ہائی نہ زبان آخر کار

اہی گلو حسن دو روزہ پہ نہ اتنا پھولو
چمن حسن پہ آئیگی خزان آخر کار

مکتب عشق مین تدریس جنون کی جو سحر
ہمہ دان ہوگیا مین ہیچمدان آخر کار

سر سی پا تک کہین باقی نہین آرام نظر
حسن ایسا ہی کہ کرتی ہی نہین کام نظر

جلوہ رخ سی شکم پر تری ٹھہری نہ نگاہ
دھوپ مین آئینہ پر کرتی نہین کام نظر

کھولکر آنکھ جو اپنا ہی نہان کو دیکھا
طبع ہر شخص مین آئی طمع خام نظر

سایا زلف مین دیکھا ترا روی درخشان	کام خورشید پہ کرتی ہی وہ شام نظر
شام سی منتظر آمد ساقی جو رہا	تا دم صبح رہی بس طرف بام نظر
تر دماغی ہوئی حاصل جو لڑی ہی انکھ	رکھتی ہی یہان اثر روغن بادام نظر
چھایا دیکھا رخ خورشید پر اک ابر تنک	آئی جب رخ پہ تری زلف سیہ فام نظر
جب سی آتا نہین وہ ساقی سیمین ساعد	صورت شیشہ ندیکھی نہ پڑا جام نظر
بیگنہ کتنی کیئی قتل تبا ای قاتل	ڈوبی آتی ہی لہو مین تری صمصام نظر
بیمروت کو دیا دل یہ ہوی نادانی	کی نہ آغاز مین ہمنی سوی انجام نظر
آنکھ جھپکی نہ ہم ذبح تلک ہای ری شوق	رہگئی جانب صیاد تہ دام نظر
جمع عشاق ہین نالون سی بپا ہی محشر	طرفہ آتا ہی تری کوچی مین کہرام نظر
دل ہی تصویر خیالی بتان کا مسکن	کعبہ مین پھر بجدا آتی ہین اصنام نظر

منتظر آنیکا اوس ماہ کی رہتا ہی سحر
رہتی ہی جانب در صبح ستی تا شام نظر

رشک سی گل چلگئی خسار جانان دیکھکر	دم بخود بلبل ہوئی مجکو غزلخوان دیکھکر

زخم تن مین مسکرائی تیغ بران دیکھکر
جو سخی ہین شاد ہوتی ہین وہ مہمان دیکھکر

مست بیخود ہو گیا مین چشم جانان دیکھکر
دل کو اک سودا ہوا زلف پریشان دیکھکر

کیا اکڑتا تھا ہمیشہ سرو گلشن مین مگر
ہو گیا سیدھا قد موزون جانان دیکھکر

چھپ گئے تارے ہوا رنگ رخ مہتاب زرد
نور افشان جبین نور افشان دیکھکر

خاکسارون کا پڑا ہی ای صبا پر غبار
جھاڑ او مست می نخوت کا دامان دیکھکر

کیا رقیب روسیہ نے دلمین کھایا پیچ و تاب
شب کو میری ہاتھ مین گیسوی جانان دیکھکر

سنگ غم سی استخوان ہین پیسہ ای اہل نظر
پس گیا مین گردش چشم حسینان دیکھکر

بوالہوس کو کوی جانان سے نکلون ہو جینا
رنگ فق ہوتا ہی لڑکو کا دبستان دیکھکر

تھا بہت نازان یہ اپنی خودنمائی پر مگر
آئینہ حیران ہوا تصویر جانان دیکھکر

جب شب فرقت مین باندھا چشم نے ونیکا تار
پانی پانی ہو گیا ابر بہاران دیکھکر

ہو گیا اپنا گریبان مثل سنبل تار تار
آج دست غیر مین اوس گل کا دامان دیکھکر

ہی جو ذوق سیر دیکھو مری سینی کی داغ
جائیے گلشن کو پہلی یہ گلستان دیکھکر

عندلیب گلشن الفت ہون مین جلد و طن
ہو مقابل مجھ سی ای مرغ گلستان دیکھکر

بسکہ عشق شک یوسف نے کنوئیں مین جھکوادی ہین | چاہ سی نفرت ہوئی ہی جو زخوبان دیکھکر

باغ الفت مین گل و شبنم کی صورت ہی سحر
یار ہنستا ہی ہماری چشم گریان دیکھکر

داغ سوزاں کا نہین جاوہ دل بیتاب پر | شمع روشن ہی مزار کشتۂ سیماب پر

عشق مین ان کی ہمیشہ دستی طائر سیماب پر | لوٹتا ہون ہمت مرغ دل بیتاب پر

برقوش نی موی سر رخسار پر چھوڑی نہین | چھا گئی کالی گھٹا خورشید عالمتاب پر

نقش پائی گل کھلاتی چاندنی کی سیر مین | طرفہ گلکاری ہوئی ہی چادر مہتاب پر

پلکین ہین نی تیر وزیر مصحف صورت ہی جزم خال | محو مطلق ہو مین اس قرآن کے اعراب پر

عین کعبہ چشم زمزم ہی ترا چاہ ذقن | بیٹھی وہ ابرو ہین فائق منبر و محراب پر

بسکہ ہی یاد سحاب لف مین باران اشک | لوٹتا ہون برق کی مانند فرش خواب پر

دن کو رویا رات کو سویا نہ یاد زلف مین | چھا گئی آشفتگی ایسی دل بیتاب پر

چونک چونک اوٹھتا ہون گھبرا کر جو لگجاتی ہی آنکھ | متصل خواب پریشان دیکھتا ہون خواب پر

کر سوال بوسہ [illegible] ہی سحر جسن | کشتی سائل رواں ہو موتیون کی آب پر

بوسہ دندان ہنایا ہو گئی رسوائی خلق
آبرو کھو بیٹھی ناحق اک در نایاب پر

یاد ہی اوس گلبدن کا زخم مخمل ساید ن
پڑتی ہی کب آنکھ اپنی قاقم و سنجاب پر

ق

جانگزا خورشید وہن ہی شب ماہ فراق
ہو شہاب آتش فشان ہر دم دل بیتاب پر

چشم افعی ہین ستارے اژدہا ہی کہکشان
مار ابیض کی ہی کینچلی کا گمان مہتاب پر

آفتاب حسن سی روشن نہین ہر موج مے
لوٹتی ہین بجلیان جام شراب ناب پر

کسقدر تاریک ہی اپنی شب تار فراق
رشک تارونکو ہی نور کرمک شب تاب پر

ماہتابی پر ہوا وہ مہر وش جب بے نقاب
ای سحر چھوٹی ہوائی چہرۂ مہتاب پر

جان عالم جو ہین مائل ستم ایجادون پر
ٹوٹی پڑتی ہین پریزادہ پریزادون پر

جان دیتا ہون نہین ایسی ستم ایجادون پر
جنکی سایونکو بھی ہی فوق پریزادون پر

تارے ذرے ہین جلوخانۂ انور کی تمام
صورت کاہکشان جلوہ گری جادون پر

طوق فرنجیر کی اب خلق خریدار ہوئی
تیری دیوانون کا احسان ہی جلادون پر

میری یوسف کا خریدار ہی سارا عالم
کچھ نہ بندون ہی موقوف نہ آزادون پر

کس لیے کھنچی گلشن مین جھکین تعظیم سرو
بندگی قد کی تری فرض ہی آزادون پر

[illegible]ک مین لاتی ہین ہم آہ بتان بےرحم
کان دھرتی نہین عشاق کی فریادون پر

چشم وحشی ہی تری قاتل ہی اے شوخ
یہ وہ آہو ہین کرین حملہ جو صیادون پر

پھر بہار آئی ہی عشاق کا خون جوش مین ہی
تیز نشتر کرین قدغن ہو یہ فصادون پر

آبرو لیتی ہین عشاق کی پر آب آنکھین
ایک ساون پہ شرف کہتی ہی اک بھادون پر

پیچ عشاق پہ ہی آہ عدم دیکھتی ہین
چست باندھی ہی کمر یاریٔ بیدادون پر

قتل کرتا ہی وہ عشاق کو ترسا ترسا
فوق میری بت ترسا کو ہی جلادون پر

باغ مین آئی جو وہ سرو قد سنبل مو
قمریان لین نہ بسیرا کبھی شمشادون پر

حسن توبہ شکن اوس بت کا ہی اللہ اللہ
زاہد اک سمت ملک غش مین ہین سجادون پر

شاعری کا مری پایہ ہو سحر کیون نہ بلند
میری استاد کو ہی فوق سب استادون پر

ہین فدا کس جان دیتی ہین دم مرگ پر دام پر
مرد اوسی کہتی ہین جو مرتا ہی اپنی نام پر

پرتو افگن ہی جو مہرو کا ساقی جام پر
برق کا عالم ہی ہر موج مئی زرفام پر

کرتی ہین وہ دست حنائی سی وہ کنگھی بام پر ‌ ‌ ‌ مہر ڈوبا ہی شفق پھولی ہی وہ شام پر

دیکھنی چاند آیا ہی وہ مہر سیکر بام پر ‌ ‌ ‌ ہی بیاض صبح کا جلوہ سواد شام پر

زلف چھوڑی مجکو دکھلا کر رخ گلفام پر ‌ ‌ ‌ یعنی وعدہ صبح کا موقوف تھا شام پر

عیسی مرجائینگی گر لعل لب خود کام پر ‌ ‌ ‌ خون ہوگا خضر کا خط زمرد فام پر

ابر بھی رو رو دیا دیکھا جو مجکو اشکبار ‌ ‌ ‌ برق تڑپی بیقراری دل ناکام پر

خواب مین بھی سوجھتی ہی گر کبھی تیر وصل ‌ ‌ ‌ آپ ہنس دیتا ہون اپنی خیال خام پر

کسقدر ہی جسم سرخ مہروش پر آفتاب ‌ ‌ ‌ ہی رگ یاقوت جو ہی رنگ سا اندام پر

بلبلون کی ہی گرفتاری کا گر صیاد شوق ‌ ‌ ‌ رکھدی گل وانی کی بدلی حلقہای دام پر

کیا ہی نسبت سرو قد کی نرگس مخمور سی ‌ ‌ ‌ سرخی ایسی خوشنما کب ہی گل بادام پر

وعدہ دیدار تا کی مجمع عشاق ہی ‌ ‌ ‌ جلوہ گر ہو شکل خورشید قیامت بام پر

دل ہی سینہ مین پھڑکتا مرغ بسمل کیطرح ‌ ‌ ‌ ق ‌ کسطرح پہونچون بھلا اب مین سی ہی بام پر

خود شکستہ بال ہون طاقت کہان پرواز کی ‌ ‌ ‌ کوئی طائر بھی نہین دیتا ہی مجکو دام پر

تشنہ دیدار آنکھین کان مشتاق کلام ‌ ‌ ‌ اکتفا کیونکر ہو صاحب نامہ و پیغام پر

رحم کا کیا تذکرہ کرتا نہین وہ رحم بھی
اندنون آیا ہی دل ایسی بت خودکام پر

پردہ اوسکا اوٹھا دی روشن نقاب
کھل گیا ہت سی از عشق خاص و عام پر

کشتگان چشم قاتل کو جلاتا ہی بدن
ایک پستہ ہو گیا سر سبز دو بادام پر

صاف اوسکی آتی ہی نکہت جسم سرخ یار کی
پیرہن اوجلا گلابی بنگیا اندام پر

کیا بلا وہ حسن ہو گا ہی تصور کا مقام
جنکی مثل حباب نور ہوون بال و پر اندام پر

عشق مژگان خار پیراہن ہی جی بچھین سی
کار نشتر رونگٹی کرنی لگی اندام پر

ہجر ساقی مین ٹپکتا ہی آنکھین سی آب
سنگ پر شیشہ کو پٹکو خاک ڈالو جام پر

لائی ہی تازہ شگوفہ خون عاشق کی بہار
برگ گل ہر ایک جوہر بنگیا صمصام پر

میری خون نی دی چمن بندی کی جوہر کو بہار
تختہ لالی کا کھلا قاتل تری صمصام پر

ای سحر ہمکو بھی ہی اپنی دل خون دین ناز
فخر آئینہ پہ اسکندر کو جم کو جام پر

انتظار یار مین سویا نہ دم بھر رات بھر
میری آنکھین وا رہین مانند اختر رات بھر

خاک کروٹین لی ہی فرقت مین بستر رات بھر
خنگ تھی مجکو جا بی بالش سی رات بھر

وصل و ہجر یار مین ہی ایک حالت پر جنون ق ایک دم پایا نہین آرام دن بھر رات بھر

صبح سی تا شام بلبل کیطرح ہون نوحہ گر شمع کی مانند ہون گریان شب و شیون رات بھر

شام کو جب شب نظر آتا ہی فرقت مین ہلال یاد ابرو پہ پھرتی ہی دل پہ خنجر رات بھر

شام سی تھی دل کو تیری عارض و زلف کی یاد صبح تک دیکھا کیا مین ماہ و اختر رات بھر

جوش پر ہجر بتان مین بسکہ ہی دیوانگی جا ہی صندل آشنا سی ہی پتھر رات بھر

خار و خارا آشنای پاو سر ہین عشق مین بسکہ دشت و کوہ پر پھرتا ہون دن بھر رات بھر

ہی جو مار زلف جانان کا تصور جانگزا رہتا ہی ورد زبان کالی کا منتر رات بھر

مہوشن کے ساتھ دیکھی چاندنی کو تھی یہ شب اوج پر تھا کیا مری طالع کا اختر رات بھر

بہر تسکین دل مضطر فراق یار مین دیکھتا ہون جانب ماہ منور رات بھر

کہکشان سی کھلاتی ہی عالم زبان یار کا چشم اعمی ہین شب دوری کی اختر رات بھر

جب سی زلف یار کا سودا ہی مجکو ای سحر
خانۂ زندان مین وہ آتی ہین پتھر رات بھر

دل ہوا بیمار نکہتین یار تیری دیکھکر ہو گئی پامال ہم رفتار تیری دیکھکر

چھوڑونگی بات کرنا ہم بھی تجسی ای نگار
عار آتی ہی ہمین اب عار تیری دیکھکر

اشتیاق قتل مین ہر رگ پھڑک کر رہگئی
جوش مین آیا لہو تلوار تیری دیکھکر

نشہ اوتر گیا ہ ای گل اُسکی آنکھہ کا
مست ہونہین نرگس سرشار تیری دیکھکر

ابتو غیرون سے تجھی فرصت نہین ای شعلہ رو
جلگیا مین گرمی بازار تیری دیکھکر

کیا کہون جو لوٹتی ہین سانپ چھاتی پر مری
رخ پہ بکھری زلف شکبار تیری دیکھکر

سامنی میری چل ای کبک یاد آئی مجھی
اک پری کی چال یہ رفتار تیری دیکھکر

آتش غیرت سی اب مین کیا کہون کیسا جلا
باغ مین گل شکل ای دلدار تیری دیکھکر

کسقدر شوق شہادت ہی ہمین ای جنگجو
سر جھکا جاتا ہی بس تلوار تیری دیکھکر

رات بھر کی اسنے مین سے ہوش اب باقی نہین
دل الجھتا ہی مرا تکرار تیری دیکھکر

وا ہی ناکامی کہ منزل تک پہنچکر رہ پڑے
دور سی ہوتی ہین اب دیوار تیری دیکھکر

غرق عالم کو نکرنا ای سحر بہر خدا
ڈر ہی مجھکو چشم دریا بار تیری دیکھکر

نہین ہے زلف مشکین جلوہ گر اوس بت کی گردن پر
یہ ٹکڑا ابر کا سایہ فگن ہی ماہ روشن پر

مسی مالیدہ لب سے یار کی رہتی ہے شرمندہ
نہیں شبنم کی قطرے ہی پسینا روی سوسن پر

وہ گل ہے سر سے لیکر تا قدم اک نور کا پتلا
نہ کیون ہو لاف زن قد اوسکا نخل دشت ایمن پر

نقاب اپنے رخ روشن سے جب اوسنے اوٹھائی ہے
رہا کرتا ہون پروانہ چراغ زیر دامن پر

سوا نیزہ پہ خورشید قیامت جلوہ گر ہوتی
عیان ہے جلوہ روی صنم پشت توسن پر

سحر تو کوستا تھا صبح کو خون ہو گیا اوسکا
شفق کا خون بہا ہے ای سحر اب تیری گردن پر

جسم صاف یار سے زیبندہ ہے ملبوس سبز
شمع ساعد شعلہ پنجہ آستین فانوس سبز

اوس سہی قد کو نکیون پوشاک ہو مانوس سبز
سرو کا گلشن مین آتا ہے نظر ملبوس سبز

سنگ سے سائی فلک پامال کر دی فوج غم
چاہ ذقن کو ہو اگر گشت دل مایوس سبز

زرد رو پیش خدا جوش یاسی دل سیاہ
مثل طوطی کو ہے اب خرقہ سالوس سبز

کبک کو ہی رد کرتا ہر روش طرز خرام
تیری گلی کیا ہوا ہی گل جلوہ طاؤس سبز

کھا لیا تیری شجر کی قبا پر زہر رشک
کیون نہ ہوا ہی گلبدن رنگ تن طاؤس سبز

پشت لب نیلی ہوئی جوش خط اک دیکھنا
ہے نموی سبزہ سے پیش از کنار و بوس سبز

ای سحر ہون کشتۂ سرو جوان سبز رنگ
چاہی در تربت بھی ہو مثل پر طاوس سبز

کیون تیری رخ سی نہ ہو کاکل خمدار دراز
روز محشر سی ہی فرقت کی شب تار دراز

ذکر کاکل ہی تصور مین تری ورد زبان
شب ہی کوتاہ کہانی ہی مری یار دراز

شمع سان تا بفنا خشک نہ ہوگی مری اشک
رشتۂ جان سی بھی ہی آنسوؤنکا تار دراز

ہر گھڑی کرتی ہو ثابت مری کوتاہی عقل
یون زبان تھی کبھی صاحب کی نہ زنہار دراز

قتل وہ ابروی کج کرتی ہین تا بہ نگاہ
کسقدر ہی مری سفاک کی تلوار دراز

آنسوؤن نی مری بخشی ہی عجب نشو و نما
کہ ہوا نیزہ سی صحرا کا ہر اک خار دراز

دشت غربت مین ہون سرگشتہ مگر تیغ نما
خضر و عیسی سی تری عمر ہو الہی یار دراز

حیرت افزا ہی تری گردن وہی تابان
شمع سی شعلہ ہوا ہی شوخ ستمگار دراز

قصر و تطویل کو کیا حسن خداداد مین دخل
زاغ کی مرغ گلستان سی ہی منقار دراز

دل شوریدہ نی دی یار کی مژگان پہ جان
میری منصور سی ہر چند نہ تھی دار دراز

طول صحبت سی ہوئی تیرہ نگاہون مین ذلیل
بیش ازین تھی نہ زبان ای بت طرار دراز

لب میگون پہ نہین ہی تری مژگان کی نگاہ
ساغر می پہ کہی ہاتھہ ہین می خوار دراز

کب تہا یوسف پہ یہ انبوہ خریدارون کا
لکہنو سی ہی کہان مصر کا بازار دراز

ہجر مہوش مین ہین سرگشتہ ہم آوارہ وطن
کرلی دست ستم ای چرخ جفا کار دراز

عین حجبت ہی حماقت پہ یہ ای اہد خشک
ہی دم خر سی جو شملہ ترا مکار دراز

ای سحر ظلم مین ظالم ہین برابر دونون
ایک ہی کاٹ مین چہوٹی ہو کہ تلوار دراز

منہدی ہی جو وہان رنگ زن ای کف افسوس
خونابہ دل یہان ہی حنائی کف افسوس

گلشن سی گیا کون جواب آتی ہی پیہم
ہر برگ کی جنبش سی صدا ای کف افسوس

رہتا ہی مری غم مین اگر سینہ زنان دست
پیدا ہی جلاجل سی صدائی کف افسوس

تو باہی نگارین سی ہمین کرتا ہی پامال
ملتی ہین کہڑی اپنی برائی کف افسوس

تا زیست عیادت کو نہ آئی مری صاحب
کیون نعش پہ ملتی ہوئی آئی کف افسوس

ہاتہو مین مری ہان غیر لگاتی ہین جو منہدی
خوناب جگر سی یہان ہی حنائی کف افسوس

ملتا ہون بس ہاتھہ تری ہجر مین دن رات
تربت سی بہی آئیگی صدائی کف افسوس

روئی کی عوض آگئی ہنسو میری سرنگے | پامال کرو نقش سجائی کف افسوس

انجام ہی شادی کا سحر رنج و مصیبت
آواز جلاجل ہی صدای کف افسوس

جھالون کے موتی ہین رخ دلبر کی آس پاس | تارے ہین جلوہ گر مہ انور کی آس پاس
چنپا کلی نہین رخ انور کی آس پاس | پھوٹی کرن ہی مہر منور کی آس پاس
شیرین لبون کے گرد پھرین کیون نہ بوالہوس | مجمع مگس کا ہوتا ہی شکر کی آس پاس
قاتل نے سر اوتار کی ممنون یہ کر لیا | پھرتی ہی روح دستۂ خنجر کی آس پاس
ای محتسب ابی خدا کر نہ اتہام | مین کب گیا تبان سمنبر کی آس پاس
کنڈل نہین ہین چاندسی عارض پہ جلوہ گر | ہالہ ہی نور کا مہ انور کی آس پاس
ظلمت گریز کرتی ہی جب آفتاب سے | کیا آئی سایہ یار کی پیکر کی آس پاس
بلبل مون اوس حسین کا نہین جیب مین دخل غیر | کانٹی نہین ہین میری گل تر کی آس پاس
بناتی نی آفتاب کا ہالہ بنا دیا | خط طلا نہین لب ساغر کی آس پاس
بیری کی بجلیون کی تڑپ سے یہ کہنا کہ ہین | دو برق ایک مہر منور کی آس پاس

کانون کی بجلیان نہین رخ کی ادہر ادہر
ہین دو ہلال اک مہ انور کی آس پاس

چہپ چہپ کے روز خانۂ اغیار کو گیا
ہو نکلا مہ جبین نہ مری گھر کی آس پاس

بگڑی کبھی جو روش تو بہت بنائی بات
گو تھی بشر کبھی نہ کبھی شر کی آس پاس

سودائی زلف یار کا چھوٹی نہ سلسلہ
زنجیر مین کھدو قبر پہ چادر کی آس پاس

شیعون کو خوف تشنگی حشر کیا سحر
کوثر پہ ہونگی ساقی کوثر کی آس پاس

رنگ لاتی ہی جنون فصل بہاران ہر برس
چاک کرتا ہون بہ رنگ گل گریبان ہر برس

فصل گل مین داغ ہوتے ہین فروزان ہر برس
خوش قد ہوتا ہون مین سرو چراغان ہر برس

گل کھلاتا ہی گل رخسار جانان ہر برس
سینہ ہو جاتا ہی داغون سی گلستان ہر برس

ہی رلاتا مجکو رو رو کر ابر باران ہر برس
جوش زن آنکھون سی ہو جاتا ہی طوفان ہر برس

فصل گل مین پھرتا ہون طرف بیابان ہر برس
پیشکش ہی سو دست خار دامان ہر برس

خانۂ زنجیر قدمون سی مری آباد ہی
ای جنون آباد کرتا ہون مین زندان ہر برس

گل تری چھلی کی کھاتا ہون مین تن پر گلبدن
سینہ ہوتا ہی چمن فصل بہاران ہر برس

عاشقوں کی روز افزوں ہے نہ کیوں آشفتگی
بڑھتی جاتی ہے تری ہی زلف پریشاں ہر برس

ق

اے جنوں تیری بدولت ہم ہیں ہولی کھیلتے
اشک خوں سے رنگ کا ہوتا ہے ساماں ہر برس

چشم تر سے پچکاریاں خاک بیاباں ہی پر
دامن دشت جنوں کرتا ہوں افشاں ہر برس

ہوتی ہیں آلی مری زخم کہن مانند گل
جب ہرا ہوتا ہے سبزہ غنچہ خنداں ہر برس

آب و دانہ ہند سے اوٹھنے نہیں دیتا سحر
کربلا جانے کا تم کرتے ہو ساماں ہر برس

بھولی ہمیں نہ ہجر کی بیداد فراموش
تا حشر نہ ہوگی تری بیداد فراموش

تو کر مجھے گو اے ستم ایجاد فراموش
ہوگی نہ مرے دل سے تری یاد فراموش

وہ سرو سہی قد جو خراماں ہو چمن میں
قمری کو ہو رعنائی شمشاد فراموش

شانہ کا جو اوس سرو کے زلفوں میں گذر ہو
شمشاد کو آرے کی ہو بیداد فراموش

اوس سرو سہی قمری صفت الفت ازلی ہے
کیا دل سے ہو یاد قد آزاد فراموش

ہاروت صفت دیکھ کے اوس زہرہ جبیں کو
کرتے ہیں وہ صومعہ آباد فراموش

ہم ہو چکے پیر اور زباں تک نہیں آتا
اب تک تو نہیں آپ کا ارشاد فراموش

گر نہو دل بیرحم سی اوس بت کی مقابل
سختی کو کری بیضہ فولاد فراموش

اسلام زبانی ہی دلی یاد بتان ہی
کافر نہو کی لذت الحاد فراموش

لبہای شکر خا جو تری خواب مین دیکھین
شیرین کو کرین خسرو و فرہاد فراموش

بت منہ جو لگاتی نہین ناقوس کی مانند
کرتا ہون یہ نالہ و فریاد فراموش

دیکھین ترا نقشہ تو کرین حیرت دل سی
تصویر کشی مانی و بہزاد فراموش

حورون کو کہان یاد ہین گر مر گئی اونسی
جنت مین بھی ہونگی پریزاد فراموش

نام اوس بت ترسا کا ہی دن رات وظیفہ
اذکار فراموش ہین اوراد فراموش

یا لغز سی شوا ہی بچپنا سحر اوسکا
شاگرد کی گر رہ استاد فراموش

کیون نہون دیوانی تیری حسن پری یار غش
ہو پری دیکھی جو تیرا سایہ دیوار غش

ہی جو حسن نازنین پر یہ دل بیمار غش
اب تو آتا ہی ہمین دن بھر مین سو سو بار غش

تو نی دکھلایا فروغ حسن جب ای برق وش
مثل موسی ہو گئی سو طالب دیدار غش

ہون ریاض عشق کا وہ عندلیب نغمہ سنج
گر سنی نالی مری ہوجای موسیقار غش

یاد مین تیری فقط ناقوس ہی نالان نہین
سکتہ و حیرت مین بت ہین ہمہ تن ای یار غش

ناتوانی سی یہان سو بار آئی لب پہ جان
وہان نہ اکت سی اگر طاری ہوا اکبار غش

پھر گئین نرگس کی آنکھین بند ہین غنچون کی منہ
کیا بہار حسن گلرو پر ہوا گلزار غش

اب اوٹھینگی سوی محشر کی خواب گر سی
ہم ہوی دیکھی جو اوسکی ناز کی رفتار غش

روغن بادام چھڑکو چہرہ پر چاہی گلاب
چشم بیمار صنم پر ہی دل بیمار غش

آدمی کیا ہی جو تجھکو دیکھکر بیخود نہو
روز ہوتین جب ملک ای مہروش دو چار غش

طائر دل کو ہی الفت سوز غم سی اسطرح
آگ پر ہوتا ہی جیسی مرغ آتشخوار غش

ابتو یہ عالم ہی اوسکا جسطرف نکلا وہ شوخ
مر گئی دس بیس اگر تو ہو گئی دو چار غش

ہون سپاہی کیون نہ رکھدون تیغ ابرو پر گلا
ہیز ہی وہ جسکو آئی دیکھکر تلوار غش

کاش اسی حیلہ سی رخ پر میری چھڑکی گلاب
یا الٰہی مجکو دن مین آئین سو سو بار غش

ای سحر فرقت مین کسدن یاس ہو جاتی نہین
دو گھڑی مین کب مجھی آتا نہین دو بار غش

نور بیتا ہی ہین پیش دندان ناقص
روبرو چاند سی منہ کی مہ تابان ناقص

لب پان خوردہ سی ہی لعل بدخشان ناقص — خط رخ سی خط یاقوت رقم خان ناقص

ماہ کامل ستی ہی رخ کو یہن کیا نسبت دون — کہ یہ تشبیہ ہی ای مہر درخشان ناقص (ق)

روز افزون ہی ترا حسن خدا داد اور چاند — کامل اک شب ہی تو اونتیس دن اسکا ناقص

تیری چتون کی ادا دیدۂ نرگس مین کہان — چشم بی نور ہی ای سرو خرامان ناقص

آپکا راگ مین ہرگز نہ سنونگا واعظ — رند کامل کا نہین ہوتا ہی ایمان ناقص

جوش مستی نمک تہ بہ سبی ہی پاک مدام — سرکہ می ہو تو نہین زاہد نادان ناقص

نالیان پڑ گئین رخسارون پہ روتی روتی — گذر سیل سی ہی سطحۂ میدان ناقص (ق)

بدلی دنی سی رنگ شرۂ خون آلود — جوش دریا سی نہو ہنجۂ مرجان ناقص

کفر و دین زلف و رخ یار کا ہی شام و سحر — دیر و کعبہ مین ہین اب گبر و مسلمان ناقص

خط مشکین تری ابرو کی چہپی یون قاتل — جیسی ہو مورچہ سی خنجر بران ناقص

اہل رفعت کی خصو مین ہی نقصان کمال — پیش خورشید سحر ہی مہ تابان ناقص

وعدۂ وصل سی کیونکر ہو تسلی دل کو — سخت دل سست ترا عہد ہی پیمان ناقص

طبع عالی نی چڑہایا ہی فلک پر اسکو

گو زمین ہی سحر بی سر و سامان ریاض

بن گئی ہی ہو کے کامکان ای رشک غلمان ہو ریاض
غول کی آنکھین گل نرگس بیابان ہو ریاض

گر اسیر کاکل پیچان پی گلگشت جای
موج رنگ گل بنی زنجیر زندان ہو ریاض

تو نہ ہو گر پاس تو سرو سہی بنجائین خار
ہر روش ای رشک گل مجھکو بیابان ہو ریاض

خون دل ہو تو جو اوس رشک چمن کی یاد مین
ہر گلی گلزار کا تختہ ہو داماں ہو ریاض

رنگ گل اوڑ جای جب گلگشت کو آوی وہ گل
نرگس و سنبل سی حیران و پریشان ہو ریاض

گر بہار افزای سینہ ہون گل داغ فراق
چاک ہو دروازہ گلشن گریبان ہو ریاض

گر گیا پامال وہ خورشید روی گلعذار
شبنم تر سی نہ کیون ہر صبح گریان ہو ریاض

گر دی گلگشت ہو رونق فزا وہ رشک حور
عرش تک پہنچی دماغ اوسکا یہ نازان ہو ریاض

ہر شجر ہو فخر طوبی نہر رشک سلسبیل
سبزہ ہو ریحان جنت باغ رضوان ہو ریاض

روندتا ہی جای سبزہ گل کو وہ سرو روان
کیون نہ میری طرح انگارون پہ غلطان ہو ریاض

شمع عارض کا تری جس شب پڑی گلشن مین عکس
دود سنبل شعلہ ہر گل ہو چراغان ہو ریاض

شبنم افشان ہو جو چشم اشک ریزان سحر

دیکھہ ای بلبل ابھی تو غرق طوفان ہی ریاض

گیسو کا قصہ لب پہ ہی پایا جواب خط	سودا ہی لفظ دل کو ہی سر مین ہوا ہی خط
سودا ہی لف یار تھا پہلی وبال جان	نازل کہان سی ہوگئی سر پر بلا ہی خط
روز وصال شام نہو صبح حشر تک	ای کاش درمیان سی نکل جا ہی یا ہی خط
چاہ ذقن سی جوش مین ہی آب زندگی	کیونکر نہ زیر پردہ ظلمت چھپا ہی خط
کیونکر بنفشہ زار غزل کی زمین نہو	موزون ہزار طرح سی کی ہی بنا ہی خط
مجھہ ناتوان کو بال کبوتر مین باندہ دو	جانون ہوا ہی شوق مین خون بجا ہی خط
وہم ملک تلک ہی رسائی وہان محال	تا کوی یار کون مرالیکی جا ہی خط
کس شد و مد سی کرتا ہی نامی رقم مدام	ق جب تک نہ آیا خط نہ کبھی ہکوا ہی خط
پرچہ سفیر کو نہ دیا جز جواب صاف	اب عاشقانہ لکھتی ہین غم لیسوا ہی خط
کیا یاد نامہ بر ہی دل بیقرار کو	لب پر کبھی ہی ہای خط اور گاہ وا ہی خط
قاصد جو آیا روح گئی پیشوائی کو	حسرت رہی کہ یار کا پڑہنی نہ پا ہی خط

ہر شب دعا ہی فالق الاصباح سی سحر

پیش از طلوع مہر مری مہ کا آئی خط

شگفتگی گل تر سی نہ سبزہ زار سی خط
ہی بلبل دل عاشق کو خار خار سی خط

نہ لالہ زار سی نہ سیر آبشار سی خط
ہی داغہای دل و چشم اشکبار سی خط

نہ تر ہون آہ لب تشنہ زلال وصال
گلا اوٹھا ہی دم تیغ آبدار سی خط

بدن کی ٹوٹنی مین ساقیا ہی کیفیت
تجھی ہی نشہ سی غفلت مجھی خمار سی خط

برنگ گلشن تصویر باغ دہر مین ہون
نہ دغدغہ ہی خزان کا نہ کچھ بہار سی خط

لگا کی تیر مجھی منفعل ہوا تو کہا
کسیکو خاک ہو ایسی اوچھی شکار سی خط

پسند دلکو ہی اس تہ شیر و ملاحت حسن
زبان کو بوسہ لبہای شہدبار سی خط

گھڑی گھڑی ہی ہوئی آشفتگی بخت فزون
ہوا نصیب عجب یاد خط یار سی خط

بسان شیشہ ساعت ہی انقلاب مدام
کہ آبگینہ دل کو ہی اس غبار سی خط

ہین خار نرگس و گل مشک دانہ و سبزہ
ہی جب سی چشم و رخ و خال و خط یار سی خط

تم اپنی چشم کی مستی کی قدر کیا جانو
سنو شراب کا رندان میگسار سی خط

ہی یاد قامت موزون مین جوشش سیل سرشک
غرض نہ سرو سہی سی نہ جویبار سی خط

سحر ہی نام خدا دل کو عشق قامت یار
یہ حق ہی پر اثبات کہ منصور کو ہی اسی حظ

بی نقاب اوس مہ کا ہو گر روی رشک افزای شمع
شرم سی فانوس کے پردہ مین بس چھپ جای شمع

کیون تربت پر غریبونکی چڑہائی گل بھلا
تیرہ بختی سی مگر گل قبر پر ہو جای شمع

شمع اور پروانہ کو کب دم مستا مین ہی یار
جلنی چہپنی جای پروانہ اور اوسنی جای شمع

ہی تصور روی جانان کا مجھی شمع فزا
ہی چراغان سی نہ مطلب نہ ہی پروای شمع

بعد مردن نام عاشق کو زیادہ ہی نمود
بجھ گئی پر عالم ہستی مین گل کہلای شمع

صحبت ناجنس مجکو قید سی کچھ کم نہین
حلقہ فانوس ہی زنجیر پہرای شمع

حسن گلرویان کو عاشق کی دیتا ہی جلا
ہی پر پروانہ برگ غنچہ گلہای شمع

ای سحر گر شام کو آئی وہ مہوش بزم مین
صورت شمع سحر بی نور بس ہو جای شمع

دیکھکر تجکو نکیونکر زرد ہو وی نور شمع
صبح کو بی نور ہو جانی کا ہی دستور شمع

وصل مہرویان سی زخم دل کو کیا ہو التیام
مرہم کافور سی اچھا ہو کب ناسور شمع

حسن جانان خط کی آنی سی بھلا کیا ہوئی کم
اوڑ نہین سکتا ہی ملک شمع سی کافور شمع

جو ہین مشغول وہ فارغ ہین بلای عشق سی
چاندنی سی کچھ ضرر پاتا نہین ناسور شمع

سامنا کرتا نہین تیری رخ پر نور سی
پردۂ فانوس مین رہتا ہی جسم عور شمع

بزم مین دیکھا جو اوس رشک چمن کی حسن کو
اوڑ گیا رنگ گل تر کیطرح کافور شمع

کیون نہ اوس پردہ نشین کا حسن بڑہ جای دلا
پردۂ فانوس مین ہوتا ہی دونا نور شمع

مر گیا ہون شعلہ رو کی مین صباحت دیکھکر
ای سحر میری کفن مین جا ہی کافور شمع

جاؤ گر تم بی پروانہ شبستان ہو باغ
پٹر شبو کی بنین شمع فروزان ہو باغ

سنکی آمد تری مشل چمن آرایش
پیشوائی کو عجب کیا جو خرامان ہو باغ

بن تردد نہ ثمر ہاتھ لگی گل نہ کھلے
شبنم تر سی جبتک عرق افشان ہو باغ

جا ہی گر تو پی گلگشت گل تازہ کھلے
گل جلین آتش غیرت سی چراغان ہو باغ

کھولی زلفین جو وہ شمشاد سہی قامت جا
بال سنبل کی ہون ولیکہ پریشان ہو باغ

حسن بی پردہ سی اوس رشک چمن کی ہی خجل
چار دیواری مین کسطرح نہ پنہان ہو باغ

تو سنو پاس تو گلبن ہو مجھے خارستان
دیدۂ غول ہر اک گل ہو بیابان ہو باغ

توجہ گلگشت کرے آتش غیرت ہو تیز
گل ہر اک شعلہ بنے مجمر سوزان ہو باغ

آمد آمد جو تری باد بہاری سے سنے
لب ہر غنچۂ بشگفتہ سے خندان ہو باغ

صدقے چہرے پہ ہو گل زلف پہ سنبل ہو نثار
سرو قامت پہ فدا حسن پہ قربان ہو باغ

جو روش سیر اسحر گر دے گلگشت آوے
نہر تسنیم بنے روضۂ رضوان ہو باغ

تجھ تبسم سے ہزاران گل چہ ہیں روشن چراغ
دفع کر سکتے نہیں ہیں ظلمت مدفن چراغ

رو برو تیرے ہیں آئین بے نوائی جون چراغ
سامنے خورشید کی ہو جس طرح روشن چراغ

چہرۂ روشن نہیں زیر نقاب اے مہ ترا
چاند بدلی میں چھپا ہے یا تہ دامن چراغ

روے روشن کی تجلی سے دم سیر چمن
شمع ہیں شبو کی چہریاں لالۂ گلشن چراغ

مہر عارض جب ہوا بے پردہ روشن گھر ہوا
بنگیا دیوار جانان کا ہر اک روزن چراغ

جو ہے روشندل کبھی پابند زیبائش نہیں
دیکھ لو کالا ہمیشہ رکھتا ہے مسکن چراغ

ہے سیہ خانہ مرا فرقت کی شب از بس مہیب
طاق کا کام اژدہا ہے سانپ کا ہے من چراغ

مثل پروانہ نثار اوسپہ ہو میرا مرغ روح — شمع رو آکر جلاتی گر نہیں مردن چراغ

دشت وحشت مین ہے جس جا تیری مجنون کا مزار — غول آنکھون سے ہین کرتی قبر پر روشن چراغ

ہی سراپا پر مری سرو چراغان کی بہار — بسکہ ہین سینے پہ زخم تیر داغہای تن چراغ

می سی کر رخسار آتشناک کو افروختہ — حسن کی دولت پہ لای مہر فرش روشن چراغ

چہرہ پر نور اوس خوش قد کا ہی حیرت فزا — سرو موزون پر نظر آتا ہی یہ روشن چراغ

گر پڑی ہی عکس رخسار آتشناک کا دریا مین — موج کی تہ سی ہو گرداب کا روشن چراغ

داغ دل زیر زمین ہین مثل مشعل مشتعل — مجکو کیا درکار ظاہر ہین سر مدفن چراغ

مار زلف یار کا مارا ہون ہین بی گفتگو — کیون نہو خاموش کہتی ہی سر مدفن چراغ

راہی روشن پہونچی کیا کنہ تجلی کو تری — بجہتی ہین یہان عقل عقل کل کی پی مدفن چراغ

پھونکدی لعل مسی مالیدہ سی گر وہ سحر
غنچۂ گل شمع بنجائی گل سوسن چراغ

وہ سرو سبزہ رنگ ہی جو نوق فزای باغ — سرسبز ہی بہار جنان سی فضای باغ

وہ گل جو ہو بہار فزای فضای باغ — ہو لبکہ باغ باغ نہ پھولا سمای باغ

ای باغبان نہال نہ بیگانہ جانکر ॥ ہم بھی کسی زمانہ مین تھی آشنای باغ

وہ عندلیب ہون کہ بجز روی گل ہمیشہ ॥ دل مین عشق گل ہی سر مین ہوای باغ

گلشن ہی تیری عارض گلرنگ کی بہار ॥ بلبل سی بھی یقین ہی اب چھُٹ جای باغ

جسکا جنون بہار مین صحرا کی راہ لی ॥ ایسی ہی مصحفی پر اسنی آئی ہوای باغ

سودائی قد یار کا جب پائی سرو کو ॥ سنبل سی کیون نہ پانو مین بیڑی پہنای باغ

ق

رنگ خزان بہار دکھاتی ہی مصحفی ॥ کیا ہمکو ہجر غنچہ دہن مین خوش آی باغ

نوحہ نوای مرغ چمن جیب گل ہی چاک ॥ ماتم سرا سی کم نہین عشرت سرای باغ

غنچہ گلابیان گل و شبنم ہین جام مل ॥ میخانہ ہی بہار مین عشرت سرای باغ

ہر صبح پیشوائی کو جاتی ہی بوی گل ॥ بلبل ہزار جان سی کیون ہو فدای باغ

جوش جنون ہی عشق مین اک گلعذار کی ॥ سر مین ہوای دشت ہی دل مبتلای باغ

پروا نہین ہی غنچہ دہن لالہ زار کی ॥ ہر داغ گل ہی سینہ پہ غیرت فزای باغ

بلبل وہ ہون کہ جسکی ہی ہمراہ جوش گل ॥ رونق دہ بہار ہون مین خوش نوای باغ

ہر جا ہی میرا غنچہ منقار گل فشان ॥ جاؤن مین جسطرف ہی ہمراہ جای باغ

غفلت مین سیر گل سی سحر ہون گرفتہ دل
باد سموم سی ہی زبون تر ہوای باغ

جاتا ہی دل کھنچا رخ دلدار کیطرف — بلبل بہ جذب شوق ہی گلزار کیطرف

رخ ہی کمان ابرو خمدار کیطرف — سینہ ہی ناوک مژہ یار کیطرف

دل نی کیا رخ ابرو خمدار کیطرف — یہ صید خود رواں ہی کماندار کیطرف

مائل ہی دل قد و مژہ یار کیطرف — منصور حق پرست چلا دار کیطرف

بلبل کا اژدحام ہی گلزار کیطرف — اہل طمع رجوع ہین زردار کیطرف

پرزہ مریض چشم کو لکھہ غیرت مسیح — نسخہ شفا کا بھیجدی بیمار کیطرف

صدقی ہین جسکی کفش کی ہر گل پہ بلبلین — پاپوش اوسکی جاتی ہی گلزار کیطرف

میخانہ می پرست کو بیت الحرام ہی — واجب ہی سجدہ خانہ خمار کیطرف

بیتاب دل ہی طائر قبلہ نما کیطرح — رخ ہی کمان ابرو خمدار کیطرف

انکھی جو دیکھی پاؤن جو نقش قدم تری — دیکھون نہ مہر و ماہ کی رخسار کیطرف

ابرو کی سمت نیچہ مژگان نہین دراز — ہی ہاتھ ترک چشم کا تلوار کیطرف

طاؤس باغ و کبک دری کھائی ٹھوکرین
دیکھین جو تیری ناز کی رفتار کیطرف

جان اپنی بیچکر مہ کنعان ہو مشتری
وہ خود فروش آئی جو بازار کیطرف

ق

کاکل کا سرکشی سی ہوا پر دماغ تھا
میل فروتنی نہ تھا دلدار کیطرف

کاکل کا بل نکال دیا دست شانہ نی
لایا کشان کشان قدم یار کیطرف

ہوتی ہی شام قتل سحر مین ہی دیر کیا
خم صبح سی ہی سر تری تلوار کیطرف

گیسو ہی حور سی ہی فزونتر بہار زلف
ہی سنبل بہشت برین تار تار زلف

ہی بر دون سی ملک کی دونی بہار زلف
روشن ہین دو ہلال سی شبہای تار زلف

کرتی فسون طرازی مین ہی مو شگافیان
مشاطہ ہی کھلا ہی شانی سی مار زلف

آشفتہ سر بسر ہی پریشان ہی مو بمو
تو ہی بنی صبا سبب انتشار زلف

بخشا یہ آفتاب رخ یار نی فروغ
روشن خط شعاع سی ہین تار تار زلف

مانند اہل رنگ سراسیمہ کیون نہو
رخسار صاف یار ہین آئینہ دار زلف

افسون عشق لب ہی سحر مایہ حیات

لو | شعر ایک چاہیی تہا پانی زہر مار زلف

دشمن جان ہری ہوئی ہای فراق — حق نہ دشمن کو بھی دکھائی فراق

دوستو قہر ہی بلا ہی فراق — ہو نہ دشمن بھی مبتلای فراق

کب تلک مین سہون جفائی فراق — کہین یارب ہو انتہای فراق

کاش عیش وصال ہو یارب — کاہش جان و تن ہی ہای فراق

خط مین اوسنی لکھا ہی مژدہ وصل — ہوئی صد شکر انتہای فراق

گردش چشم یار کا صدقہ — پیس مجکو نہ آسیای فراق

نکلی کیونکر دہوان نہ آہ کی ساتھہ — دل جلاتی ہین شعلہ ہای فراق

تو جو آئی ابھی مرض جائی — شربت وصل ہی دوای فراق

ہین گردش مین مثل سنگ فسان — سان تیغ ستم چڑھای فراق

جھانک آئی ہزار مرتبہ گور — ہو بیابان خاک ناجرای فراق

اوٹھہ مسیحا ہماری بالین سے — پاس تیری نہین دوای فراق

ہڈیان سرمہ کر رہا ہی مرے — پنجہ زور آزمای فراق

دیکھین کیا کیا ابھی دکھلای فراق		بیقراری و درد و کاہش جان

تا تم وصل مین سحر شب و روز
درد اپنا ہی ہای ہای فراق

جلوہ کیا محو تجلی کو ترے رخ دکھلای برق
جب علم ہو آہ سوزان دی نشان ہو جای برق

خندہ دندان نما ہی ہار ہی شرمای برق
شعلۂ رخ کی تجلی دیکھکر جل جای برق

نام ہمچشمی کا کس منہ سی زبان پر لائی برق
سیر کی آہ شعلہ زا کی سامنی ٹھہرائی برق

دھیان نہین قد کی کمر کی جب لچک آ جای بلا
زرد ہو تیر شہاب ثاقب او شرمائی برق

کان کی تجلی تم نی دیکھی تہ کاکل اگر
پردۂ ابر سیہ سی پھر نہ باہر آئی برق

ہی مسجل چین پیشانی سی منشور جمال
سرخط لوح جبین مہر ہی طغرائی برق

رعد نالی ابر دود دل ہی باران سیل اشک
ہجر مین ہر لحظہ آہ شعلہ زا ہی جانی برق

آنکھین روشن ہین خیال مہر روی یار سی
یہان شب تاریک فرقت مین نہین دیکھی برق

یاد زلف و رخ مین ہیچ نین اشکبار و بیقرار
گہ ہوائی ابر ہی سر مین کبھی سودائی برق

دور سی گوش یار کی آنکھین چراتی ہین نجوم
بجلیون سی لعل در آتش نہ کیون ہو جای برق

پرتو افگن ہی جو مہر رخ ساقی جام مین
جلوۂ موج مئی زرفام سی شرماۓ برق

سینہ سی یاد دلا کر [illegible] انہون جو نکلی آہ گرم
جو شرر چمکا ہوا پر ہو گیا ہمتاۓ برق

وقت رقت سوز دل سی بیقراری [illegible]
دل جلا ونکو عین بارش مین ہی ایماۓ برق

سرد مہر سی یہ تو نکی لکو ہی افسردگی
اشک ہین شاک تگ آہ رسا ہمتاۓ برق

ابر مژگان سی ہی جوش اشک خاموشی مین
احتیاج رعد ہی ہرگز نہ کچھ پرواۓ برق

اۓ سحر جین جبین یار کی لکھون جو وصف
خط مسطر صفحۂ قرطاس پہ بنجاۓ برق

پھولتی ہی لب پہ یا جو سر شام شفق
کرتی ہی خون دل عاشق ناکام شفق

یاد آتا ہی کسیکا رخ پر قہر و عتاب
دل سی عشاق کی لیجاتی ہی آرام شفق

منفعل عارض روشن سی ہی خورشید
سرخ جوڑی سی خجل ہی بت گلفام شفق

گر جن زلف و رخ و رنگ مسی بانسی ہم
جمع یکجا ہین سحر رات دل و شام شفق

چلی مسی سی نہ کیون پان کی لاکھی کا رنگ
جلوہ گر چرخ پہ ہوتی ہی سر شام شفق

ہو کی ظاہر سر گردون پہ جو ہوتی ہی نہان
بی ثباتی کا ہمین دیتی ہی پیغام شفق

دیکھوں وفی ہیں نہ کیوں عارض وگیسو کی بہار
لطف برسات میں بنتی ہی سر شام شفق

خونبہا ملنی کی محشر میں بھی امید نہیں
خون عشاق کا گردن پہ ہوا نام شفق

بام پر وہ رخ گلفام نظر آنی اگر
چرخ پر پھولنی کا کی نہ کبھی نام شفق

نہ ہٹی گیسوؤ شبگون سی نقاب گلنار
دیکھ لیلو تم جو کسی روز سر شام شفق

یاد آجاتی ہی کس مہ کی گلابی پوشاک
دیکھتی ہو جو سحر روز سر شام شفق

کھو بیٹھی تیری ظلم کی ہاتھوں سی جان تلک
کیوں میری جان ضبط شکایت کہاں تلک

دل مہ کا داغدار ہوا زرد رنگ مہر
پہونچا جو شور حسن ترا آسمان تلک

میں شمع سی سوا متحمل ہوں جور کا
جلتا ہوں چپ ہیں ہلتا نہیں ہے زبان تلک

روغن بنی ہیں اشک فقط داغ دل کی آہ
جلتی ہیں مثل شمع مری استخوان تلک

اب مجھی پیک آہ نی بھی کج ادائی کی
پہونچائی کون حال مرا دلستان تلک

بولی کہ مار کھانی کی ہیں یہ نشانیاں
پہونچا جو ہاتھ کاکل عنبر فشان تلک

مجھکو بہت ستانہ فلک ورنہ دیکھنا
کر دونگا غرق تجکو میں رونگا یہان تلک

اوٹھتا نہین ہی ہاتھہ بھی دعا کی
پہونچا ہی اپنی ضعف کا عالم یہان تلک

ہونا قبول ہو نہ سکی زمانہ کی ہاتھہ سے
پہونچا کبھی ہما نہ مری استخوان تلک

گویا ہی میری صحبت کی اوس پر زبان شمع
سر کٹ گئی پہ یہان تو نہ اوٹھا دھوان تلک

حور و پری بہشت و پرستان نہین ہین
ہی شور حسن یار یہ کہان سی کہان تلک

ای سرو تا زمین ہی تو جویا نہین ترا
کوکو کنان تلاش مین ہین قمریان تلک

تنہا نہین ہی طوق گلو کا ہی دم خفا
تنگ آگئی ہین پانون کی اب بیڑیان تلک

سیپارہ ہای گل ہی پہ نہین یاد مین نقط
ازبر ہی عندلیب کو اب بوستان تلک

ہر چند بال بال ہو تن پہ زبان حال
آئی نہ راز عشق سر مو زبان تلک

احوال کیا کہون تن زار و نزار کا
فرقت مین گھل گئی ہین مری ہڈیان تلک

کچھہ اوس سی حال دل تمہین کہنا ضرور ہی
آخر سحر خموش رہو گی کہان تلک

تنگ ہی ہمیشہ دل غنچہ دہان سبز رنگ
اب تو وہ کہانہ باغ سبز سرو روان سبزہ رنگ

کیون نہ دلونکو خون کرین یہ دیتان سبزہ رنگ
سنج لبون کو کرتی ہی صحبت پان سبزہ رنگ

ای شہید ناز کو کرتی ہو پامال کیون
دل ہی حنا کیطرح خون ای سرو چمان سبزہ رنگ

شوق خدنگ افگنی تجکو ہوا ہی دیکھیے
کرتی ہی کسکو ہدف تیری کمان سبزہ رنگ

دیکھیی کشت آرزو ہوتی ہی کب تک ہری
کب ہو شگفتہ دیکھیی غنچہ دہان سبزہ رنگ

بنت عنب سے عشق ہی ہون مے پرست ہون
صورت شیشہ چاہیی مجکو مکان سبزہ رنگ

نیلا ہوا زبرجد سبز لطیفہ دیکھینا
بوسون سے کیا کبود ہی وہی لبان سبزہ رنگ

بات کی بات مین ہی سبز نخل مراد عاشقان
ہنسکے کری جو گفتگو سحر بیان سبزہ رنگ

ابر بہار سی ہی عشق تیز ہو جوہر بیان
صورت دشنہ چاہیی مجکو زبان سبزہ رنگ

پیش ازین تھی چشمہ آب حیات جانفزا
خط کی نمو سی ہوگئی زہر لبان سبزہ رنگ

حق نی بنایا خلد مین بہر حسنؑ و حسینؑ
ایک مکان سرخ رنگ ایک مکان سبزہ رنگ

سرو تر اقد سہی ہی لب جویبار حسن
بہر لباس چاہیی آب روان سبزہ رنگ

بندہ ہوی ہین اسکی گرم ہی ترکتاز ناز
خضر یہ کہتی ہین کہین راہزنان سبزہ رنگ

زہر جفا سی ممتلی سب ہین یہ آپ نرگا
دام قضا ہی ای سحر عشق زنان سبزہ رنگ

بیداد ناوک مژہ سے جو پیکان ہے دل
ہر دم بسان طائر بسمل طپان ہی دل

بیمار نرگس چشم سیاہ بتان ہی دل
پامال خوش خرامی سرو جوان ہی دل

بی پردہ حسن لیلیٰ تھا جب سے ہو گیا
سینہ مین چاک چاک برنگ کتان ہی دل

باطل خیال فسق ہی عاشق پہ نا ہوا
ناحق مری طرف سے ترا بد گمان ہی دل

اشکون کا کاروان جو روان ہے باضطراب
ہر دم جرس کی طرح سی گرم فغان ہی دل

سرگرم اشک و آہ ہون مانند شمع مین
اختر فشان ہی چشم تو اخگر فشان ہی دل

ای بت نہ کر تو کعبہ صاحبدلان خراب
حرمت ضرور ہی کہ خدا کا مکان ہی دل

او بے چشم نیم باز پہ جب سی پڑی نگاہ
بیمار ہی ضعیف ہی لی و ہیجان ہی دل

یہ صورتین تو سب ہین بظاہر نیاز کی
ہی بی دہن جو غنچہ لب اور بی زبان ہی دل

نوشین لبون کے وصف سے شیرین ہی کام جان
عذب البیان زبان ہی تو رطب اللسان ہی دل

ابرو و مژہ نگاہ بہم ہین خلش فزا
مقتول زخم خنجر و تیر و سنان ہی دل

کاتر ار کوئی یار کو ہمتین ہین ڈھونڈھتی
کب ہی مصفیر طالب سیر جنان ہی دل

ای بت ہزار بار ہمین آزما چکا
اللہ اب تلک بھی ترا بد گمان ہی دل

کس برق وش کا خندۂ دندان نما ہی یاد
بی لعل ناب بوسہ یاقوت لب ندے

بجلی کیطرح سینہ مین ہر دم طپان ہی دل
لی مشتری جہان کہ جنس گران ہی دل

قد جھک گیا سخن نکیا عشق خوش قدان
ہم پیر ہو گئی ہین و لیکن جوان ہی دل

رشک سحاب دیدۂ گریان ہی آج کل
محسود برق نالہ و افغان ہی آج کل

چشم پر آب غیرت عمان ہی آج کل
دریا کا پاٹ گوشۂ دامان ہی آج کل

دل مائل نظارۂ مژگان ہی آج کل
اس شیر کو ہوای نیستان ہی آج کل

دل کو خیال کاکل پیچان ہی آج کل
سنبل کیطرح حال پریشان ہی آج کل

سر مین ہوای سیر بیابان ہی آج کل
تلوونکو شوق خار مغیلان ہی آج کل

ہی جوش اشک چشمۂ چشم پر آب مین
فوارہ وا ہر سر مژگان ہی آج کل

خون روتی بسکہ دست حنائی کی یاد مین
مژگان برنگ پنجہ مرجان ہی آج کل

ساقی پہونچ چمن مین کہ ہی لطف میکشی
جوش و خروش ابر بہاران ہی آج کل

سیر بہار حسن صنم ہی جنون فزا
صد چاک گل کیطرح گریبان ہی آج کل

افسوس نہ عاشقی سی ہوا دہ پری سا — دیوانہ بھی رشک سلیمان ہی آج کل

زنجیر [illegible] دل شیفتہ بہت ہی اے — پھر ذوق قید سلسلہ جنبان ہی آج کل

ای خضر دل [illegible] جان بخش [illegible] — ظلمت نقاب چشمۂ حیوان ہی آج کل

ہر شب شب برات ہی ہر روز روز عید — ہی جشن وصل دل مراشادان ہی آج کل

لکھتا ہون وصف گوہر دندان یار کا — نوک زبان کلک در افشان ہی آج کل

ترچھی نگاہ یار کی برچھی سی کم نہین — مجروح ناز چشم دل و جان ہی آج کل

کیونکر نہ آہ گرم سی بوی کباب آے — دل سوز ہجر یار سی بریان ہی آج کل

کوچہ ترا بہشت ہی طوبی ہی سرو قد — دربان کو تیری تبہ رضوان ہی آج کل

رہتا ہی اب تو تیغ بکف ترک جنگجو — شاید ہماری قتل کا سامان ہی آج کل

بندہ ہی ہین رشک لعبت چینی کی حسن کی — اک بت ہمارا رہزن ایمان ہی آج کل

خال سیاہ یار ہوا ہی عدوی دل — ہندو کو فکر قتل مسلمان ہی آج کل

ہر تار زلف مصحف رخ پر ہی بوسہ زن — کافر کو پاس تبہ قرآن ہی آج کل

فیض جنون سی ہاتھ عجب مرتبہ لگا — پا بوسہ گاہ خار بیابان ہی آج کل

کیون غیرت بہشت نہو اپنا خانہ باغ — اک رشک حور گھر مری مہمان ہی آج کل

تار نگاہ رشتۂ سلک گہر بنے — ہر اشک شاہوار گوہر غلطان ہی آج کل

شعلے بجای آہ نکلتی ہین متصل — آتش فشان مرا دل سوزان ہی آج کل

تارے چمکتے ہین سر آفتاب پر — ہر قشقہ جبین پہ افشان ہی آج کل

رہتی ہی یاد عارض حیرت فزای یار — آئینہ وار دل مرا حیران ہی آج کل

کیونکر دعا وصال کی مانگون نہ حق سے مین — دل مبتلای فرقت جانان ہی آج کل

دل پیستی ہی گردش چشم سیاہ یار — کاوش پہ مسی گردش دوران ہی آج کل

پیش نظر نہین وہ بت خانمان خراب — عالم مری نگاہ مین ویران ہی آج کل

آیا ہے دیکھنے وہ مرا اور بدن کے داغ — دریا پہ لطف سیر چراغان ہی آج کل

آئینہ دیکھتا نہین یار ہی غرور کے — ایسا وہ خود نمائی پہ نازان ہی آج کل

دوزخ ہی باغ ہجر مین شعلی ہین گل تمام — میدان حشر صحن گلستان ہی آج کل

بیجا ہی شوق شہ کی زیارت کا اے سحر
دل کو ہوای ملک خراسان ہی آج کل

تڑپتا ہی عاشق ابرو کا مطلق زیر خنجر دل
مہم عاشقی کو کر گیا کس حسن سے سر دل

ہوا ہی تجھ قتاب داغ سودا سی منور دل
بنایا عشق رخ نی مطلع خورشید محشر دل

تڑپتا مرغ بسمل وار ہی سینے مین مضطر دل
ہجوم بیقراری سی بنا لوٹن کبوتر دل

عجب خاطر عشاق ہجر آئینہ رو سے
بسان شیشہ ساعت نہ کیونکر ہو مکدر دل

وہ قاتل کر رہا ہی امتحان چالاک دستی کا
ثبات و صبر کی تو بھی کہا دی آج جوہر دل

ملی ہم خاک مین لیکن اوس کافر نی کی نرمی
بتان سنگدل کا یارب آہن ہی کہ پتھر دل

وہی شیدا تمہارا ہو وہی مستی کہ ہی لعنت
کلیجہ جسکا لوہی کا ہو جس عاشق کا پتھر دل

نہ پایا چین ہی نی وہ گھڑی اس عشق کی تھوڑی
رہا اک عمر مثل شیشہ ساعت مکدر دل

دیا دل تمھی اودسی ملگیا بوسہ غنیمت ہی
سحر اب چپ رہو تم بھی حساب دوستان در دل

ترے ہی رخ سی ہین شرمگین بار پھول
تجھی چاہی ہی بار گیا ہار پھول

پہنتا ہی بالی مین کیون بار پھول
تو رخسار گلرنگ پر وار پھول

گل داغ تن پر ہی جوش بہار
کروں کیا شب ہجر دلدار پھول

لب و عارض یار کا جنی خیال
نہ غنچہ کی خواہش نہ کام پھول

جماخون مراتب نمایان ہوے
جہت تیغ سے ستمگار پھول

مین ہون گل خون کا شہید ستم
نہ رکھو سر قبر رکھنا پھول

ترا روے رنگین اگر دیکھلے
تو بلبل کی نظرون مین خار پھول

ترے آگے ہی نار ون پا بہ گل
گئی ہاتھ اور پاون اکبار پھول

سراپا وہ قاتل ہی رشک چمن
دہن غنچہ قد سرو رخسار پھول

چمن کا ہی جوہر جو تلوار مین
عیان ہین میان سپر چار پھول

تو اے گل اگر بہر گلگشت جاے
تصدق کرے تجہپہ گلزار پھول

بدن پر نہ صدمی سی پڑجائین نیل
سمجھکر اوسی ای ستمگار پھول

جب سی ملنا کردیا تونی بت خودکام کم
جان مضطر سی ہماری کر گیا آرام رم

خون دل تک روچکی ہین فرقت دلدار مین
ابتو چشمون مین نہین باقی برائی نام نم

تو نکھائیگا جو ترک چشم کی خونریزیان
گور وحشی کیطرح کرجائیگا بہرام رم

یار محرم سے عہد طفلی مین قد لاغر جھکا
بوجھہ پڑتا ہی تو ہو جاتی ہی شاخ خام خم

دیکھی گر وہ عارض صاف اور چشم پر خمار
آئینہ پھینکی سکندر توڑ ڈالی جام جم

عمر بھر پچھتائیگا صیاد ورنہ آشنا نہین
توڑتا ہی تیرا اسیر عشق زیر دام دم

بسکہ بیخود ہجر مین رہتا ہی چشم آہوی شوخ
ہوش مین آتا ہی تیرا عاشق ناکام کم

وصل کی شب بھی نہ عیاری سے باز آیا وہ
صبح تک دیتا رہا محبوب سیم اندام دم

مین بھی آ پہونچا تری گھر پاشنہ کوب وہ
بھیجتا ہی سر بسر لکھکر بری پیغام ہم

یار نی وعدہ کیا ہی آج آئیگا ضرور
شام سی کیون مضطرب ہی دل الٰہی خیر ہم

اوٹھہ گیا پہلو سی جب آئی سحر وہ شوخ چشم
مثل آہو کر گیا دل سی مری آرام رم

طمع مال نہین خواہش اقلیم نہین
طمع خو کردہ سودای زر و سیم نہین

ضعف سے طاقت تن طاق ہی ٹکڑی ہی جگر
حال دل خاک لکھون طاقت ترقیم نہین

مہربان یار ہوا فضل خدا سی یارو
جور اغیار کا مطلق ہمین اب بیم نہین

سجدہ محراب مین ابرو کی ہوا فرض العین
کس پہ جب بھلا ہی بت تری تعظیم نہین

سبزۂ خط کی نظارہ ہی پہ کہتا ہی گل
دست یاقوت رقم خان کی بہ ترقیم نہین

رنج و راحت ہین جہان گذران مین توام
نوش کس جا ہی جہان نیش کا بھی بیم نہین

صاد و یا فی نی کیا کھینچکی نقشہ تیرا
ہی سر صاد نمایان یہ دہن میم نہین

اے سحر تیغ کا جھمکنا بھی ضرر کرتا ہی
خالی آزار سی کج خلق کی تعظیم نہین

وصل کا مژدہ جو پہونچا کان مین
جان سی آئی ہماری جان مین

ذکر حسن اس کا ہوا دیوان مین
سورۂ یوسف بھی ہی قرآن مین

قوت دل ہی تو قوت روح ہی
کیا مزہ ہی تیری منہ کی پان مین

نزع مین بھی وہ عیادت کو نہ آئی
مرگئی عاشق اسی ارمان مین

گر ہو جاتی پاس میری ہوتی جاؤ
ایک دو باتین تو سن لو کان مین

بیوفا عیار کہتی ہو کسے
ایسی کلمے اور ہماری شان مین

مل نہ مل مختار ہی آیا نہ آ
ہم تری ممنون ہین ہر آن مین

گلبدن چٹکی کا کیا پہنی وہ گل
چٹکیان لیتی ہی جی چٹکی ران مین

پیش عاقل بدتر از حیوان ہی وہ
آدمیت گر نہو انسان مین

حسن و قبح ای عقل گر بیکار ہی
فرق کیا انسان او حیوان مین

ماہ کی منزل بنی ای مہر وش
جو ہلالی ہی تری دامان مین

زاہدو کہتی ہو مجکو بت پرست
کھوتی ہو ایمان کیون بہتان مین

ضبط اشک و آہ مجسی ہو سکے
جبر یہ ہرگز نہین امکان مین

زنگ لب پر کسطرح سرسبز ہو
شوخ ایسی کب ہی لالی پان مین

بندگی تیری ہی خط سرنوشت
مہر آسا ہون تری فرمان مین

سجدہ ہی کرتا ہون سو بیت الصنم
بت خلل انداز ہین ایمان مین

کر چکی جو رنگ اک عالم کو آپ
کیجیے اب تو سرو ہی میان مین

کیا طلائی رنگ ہی ای کان حسن
زرد ہی سونی کا تپنا کان مین

وصل کو کہتا ہون تو کہتا ہی یار
تم رہو گی بس اسی ارمان مین

ناامیدی اوسکی رحمت سی ہی کفر
آیا ہی لاتقنطو قرآن مین

ای سحر اوس شاہ دین کا ہون غلام

آیا ہی لولاک جسکی شان مین

مہر روی یار ہو گر جلوہ افگن آب مین — جرم بدر آسا ہو ہر گرداب روشن آب مین

باغ حسن یار ہو گر عکس افگن آب مین — بلبلی گل ہوین کیونکہ آتا ہی گلشن آب مین

گر ہو تیر اشعلۂ رخ برق افگن آب مین — شور کی جا ہی یقین پیدا ہو شیون آب مین

گر گیا کیا عکس زلف عنبرین روشن آب مین — سانپ لہرین بلبلی ہین سانپ کی من آب مین

آئینہ مین کب ہی عکس لب یاقوت فام — دیکھ لی ہی جوہری لعلون کی معدن آب مین

اسقدر رویا مین تیری یاد مین ای بحر حسن — تر ہوا کوسون تلک صحرا کا دامن آب مین

یار کی دریا مین زلف عنبرین ہووی نہین — گھول ڈالا مشک گویا سیکڑون من آب مین

چشم تر مین جلوہ گر لخت دل سوزان نہین — صورت ماہی سمندر کا ہی مسکن آب مین

غرق ہو وہ بھی جو ہو ظالم کی شرکت کا شریک — ڈوبتی ہی چوب بھی ہمراہ آہن آب مین

چشم طوفان زا اگر دکھلائی اوج جوش اشک — سنبلہ ہو غرق ڈوبی مہ کا خرمن آب مین

گر پڑی دریا مین عکس ابروی قتال خلق — دم مین ہو ہر موج چین بسان تیغ آہن آب مین

طالب دنیا سی ہی عزلت گزینون کو گریز — در نہین بچتی صدف کا گو ہی مسکن آب مین

کاوش موج طپیدن سے ہے صفا دل میں ضرر / خار ہی کب موج کا دل ماہی میں آب میں

اس میں ہی غفلت میں وہ بند و دانی ہی نہ گئی / کسی نے دیکھا ہی آگ بہر کا رفتن آب میں

پیرہن آب رواں کا جا بجا ہے گلشن / مثل موسی آپ کہلاتی ہیں عریاں آب میں

جوش گریہ سے چراغ داغ روشن ہو گئے / یہاں شب فرقت ہوئی تاثیر روغن آب میں

بحر دنیا میں ہیں اکثر اہل تمکین پست قد / خس نہ ڈوبی تہ نشین ہو جاتی کندن آب میں

ہے سبکرو صوت موج ہوا سے شہسوار / تر نہیں ہوتی ہیں نعل سم توسن آب میں

سیر دریا جانگزا ہے حبب سے ہے سودائی زلف / موج موج اپنی لیے بنتی ہے ناگن آب میں

انکھیں جوش حلاوت سے بنی دریائے شور / گر لب شیرین کی ہی تشنہ شوخ پرفن آب میں

غرق اپنی آنسوؤں میں ہی مرا جسم نزار / مثل فوارہ کھڑا ہوں تا بگردن آب میں

پنجۂ رنگین شرارت سے جو دہوتی شعلہ رو / آتش رنگ حنا ہو برق افگن آب میں

شمع ساں لہرین فروزاں ہوں بھنور مثل چراغ / پنجہ ساخی شاخ مرجان کے ہوں روشن آب میں

گر پڑے دریا میں عکس عارض رشک چمن / پانی کی چادر بنی گلچین کا دامن آب میں

بلبلو شبنم نہیں ہیں پیش رخ رنگین یار / آتش گل سرد ہو ڈوبا ہی گلشن آب میں

ڈر جو ہی چور نگ کا تیغ نگاہ تیز سے
بہتی ہی بکثر نہنگ اور حوت جوشن آب مین

آبداری تیغ ابرو کی کری گر امتحان
پانی کا مینڈھا اٹھی موجون کا جوشن آب مین

گر ملوث ہون جہان سی پر کنارہ ہی مجھے
تر نہین ہوتا کبھی ساحل کا دامن آب مین

سایہ تیری قد بالا کا پڑی گر بحر حسن
جا ہی مرغابی ہو قمری کا نشیمن آب مین

جوشش دریا کی خم ہی کشتی می ہی روان
زاہدان خشک کا بھی تر ہی دامن آب مین

بنگئی زنجیر پا ہر موج دریای سرشک
ہو گیا رام اہی جنون وحشت کا توسن آب مین

جوشش تت سی رگ ابر بہاری کیطرح
تر رہا کرتا ہی اب ہر تار دامن آب مین

چشم و دندان کا جو ای گل پڑ گیا دریا مین عکس
ہر حباب اختر یہ ہوگا نرگسین آب مین

دیکھہ عکس حسن و قد یار دریا مین سحر
جلوہ گر ہی صاف نخل دشت ایمن آب مین

خیال کاکل و روی نگار رکھتی ہین
خوشی مین دل یہ ہین لیل و نہار رکھتی ہین

نہ دشمنی سو نہ ہزار رکھتی ہین
گلے تمھاری تو ہم بیشمار رکھتی ہین

زبس جہان مین ہم آغوش یار سینی ہوے
لحد سی بھی نہین خوف فشار رکھتی ہین

ہم جسم میں نہین کیون نام زلف کہلاۓ
جو مرغ دل کا یہ عزم شکار رکھتی ہین

گیا ہی سینہ کی داغون سی تنگ ہو دم
ہم ایک جا یہ خزان و بہار رکھتی ہین

خدا کی واسطی اے خود فروش اس ہمت
کہ نقد جان لیے پیش نثار رکھتی ہین

جلایا خوب رخ و زلف و خال و خط نی ہمین
جگر پہ لالہ نمط داغ چار رکھتی ہین

خوش آتی اونکو نہین سیر باغ جنت کے
جو گلرخون کی گلی مین قرار رکھتی ہین

غزل لکھ اور سحر اس مین بین تو جلدی
کہ اشتیاق سخنور ہزار رکھتے ہین

خیال عارض گلگون یار رکھتی ہین
یہ پیش چشم ہمیشہ بہار رکھتی ہین

عجب بتان فسونگر شعار رکھتی ہین
کہ جسکو زلف دکھاتی ہین یار رکھتی ہین

یہ کسکی دست حنائی سی شب کو پی تھی شراب
کہ سرخ آنکھین ہین اب تک خمار رکھتی ہین

بیان خاک کرین اپنی ناتوانی کا
کہ بال بھی تن لاغر پہ بار رکھتی ہین

جھکا ہی جاتا ہی اک سمت جسم چلنی مین
یہ پھول بدھی کی شانی پہ بار رکھتی ہین

یہ کیا غضب ہے جو در تک نہ آنی پاتی تھی
وہ لوگ اب تری محفل مین بار رکھتی ہین

جھجکتی تو کہ ہمین اور کچھہ خیال نہین
فقط ارادہ ہوس کنار رکھتی ہین

بسان شیشۂ ساعت مین انقلاب عجب
جو خاکسار ہوئی دل مین غبار رکھتی ہین

نہ کیون ہمارا سخن سنکی جل مرین حاسد
کہ مثل سنگ وہ ہین بین شرار رکھتی ہین

جگر عدو کا پھٹا دیکھہ خامۂ دو زبان
قلم مین ہم اثر ذوالفقار رکھتی ہین

بسان کشتۂ سیماب ای سحر ہم بھی
نہین کہین ہین پہ ہر جا قرار رکھتی ہین

تو ہی پری ہی مین عاشق دیوانہ وار ہون
اسجان لاکھہ جان سی تجھپر نثار ہون

مشتاق گل نہ مائل باغ و بہار ہون
ای ہمصفیر تشنۂ دیدار یار ہون

شیدائی زلف و شیفتۂ روی یار ہون
مین مبتلای گردش لیل و نہار ہون

بیتاب ہون کبھی تو کبھی اشکبار ہون
بجلی کبھی ہون اور کبھی ابر بہار ہون

کانٹا ہوا ہون سوکھہ کی اوس گل کی ہجر مین
کیونکر نہ مین رقیب کی نظرونمین خار ہون

ہی ہی نہین نہین نی تمھاری کیا ہی قتل
کہہ ڈالو ایکبار تو ہان مین نثار ہون

اک سرو سبزہ رنگ نی دیوانہ کر دیا
برگ خزان رسیدۂ فصل بہار ہون

جو کھلا دی اپنا چاند سا منہ غیرت پری
نظارۂ جمال کا امیدوار ہون

وصل ان وہ صنم کا گرچہ بظاہر محال ہی
لیکن خدا کی فضل سی امیدوار ہون

اب وعدۂ وصال سی جی شاد کیجیی
صدقی تمھاری کب سی مین امیدوار ہون

زندہ رہا ہون جھیلکی فرقت کی سختیان
چار آنکھ کیا کرون کہ بہت شرمسار ہون

کچھ اور مجکو آپ سی خواہش نہین نہ تھی
بس اک نگاہ لطف کا امیدوار ہون

ہون سرمہ کیون نہ چشم کو اک کا ہی سحر
مین پائمال گردش لیل و نہار ہون

ساقی کا عکس رخ نہین جام شراب مین
ہی آفتاب جلوہ نما آفتاب مین

چہری کی یون جھلک ہی نمایان نقاب مین
بجلی پڑی چمکتی ہی گویا سحاب مین

عالم ہی لخت دل کا یہ چشم پر آب مین
نکلی ہی شفق کی جیسی عیان ہو سحاب مین

چشمہ ہوا ہی خط سی مکدر جو حسن کا
کسکی نظر لگی تجھی عین شباب مین

عالم ہی بجلیون کا یہ زلفون مین یار کی
دو برق جلوہ گر ہین تہ سحاب مین

زلفین جو اوسنی چہرہ پہ کھولین تو کھل گیا
دو سمت سی لگا ہی گہن آفتاب مین

افشان یہ ہوگا خون کسی بیگناہ کی | رنگین کرو لباس نہ اپنا شہاب میں

آیینہ کس پری کی ہی گلزار حسن کا | ہر رنگ کی چمک جو عیاں ہے حباب میں

اوس بت نی گالیان جو ہمین دین سنا کی آج | حاصل ہوئی مراد ہماری عتاب مین

پیری مین ہمکو شوق ہوا ہی شراب کا | ہی عشق آفتاب شب ماہتاب مین

دست حنائی اوسنی کمر پر جو رکھہ لیا | موئی کمر کہیں اور ہوا پیچ و تاب مین

کیا جانیی کہ سخت ہی کس نیند سو گیا | صورت بھی جو دکھاتا نہیں اب وہ خواب مین

مطلب یہ ہی کہ وا ہی یہان چشم انتظار | بھیجا کھلا لفافہ ہی خط کی جواب مین

بیدار کر نہ فتنۂ خوابیدہ کو دلا | خاموش رہ کہ نرگس فتّان ہی خواب مین

چلمن مین اسطرح سی عیان حسن یار ہے | لہرائی جیسی عکس قمر موج آب مین

وہ مست ناز ہاتھہ سی اپنی اگر پلائے | کیفیت شراب ملی ہمکو آب مین

شاید شب وصال کی اب صبح ہی قریب | بیوجہ دل نہین ہی مرا اضطراب مین

باندھی جو بیوفائی پہ تونی کمر تو کیا | باب وفا نہین تری دین کی کتاب مین

مرکر بھی ہی خیال جو ملنی کا یار سے | زیر زمین فشار سی ہین ہم عذاب مین

ہو وہن کی حسن پہ یہ تکبر نہین وا
یہ جہان فانی جہان ہی سدا انقلاب مین

شاید کسینی آج ہی کاکل کو بل دیا
بی اختیار دل ہی مرا پیچ و تاب مین

میت کا غسل ہو نہ شہیدان عشق کو
پایا ہی غسل خنجر قاتل کی آب مین

موتی نہین ہین جھالے کی خسار پر عیان
اختر چمک رہی ہین ثریا ماہتاب مین

یارب ہو اس سحر کو زمین نجف نصیب
ملجای خاک خاک در بوتراب مین

جستجو تیری کسی ہر سو نہین
کونسا دل ہی کہ جسمین تو نہین

پاس جب سی مہروش گلرو نہین
مثل شبنم بند یہان آنسو نہین

چاہتی ہین دل سی ہم مجبور ہین
دلبرا ای دلدار کچھہ قابو نہین

روز و شب یان اک طرح پر ہی بہار
داغہای دل گل خوشبو نہین

پھر ہوا بولا وصل کی شب مرغ صبح
دیکھہ لینا مین نہین یا تو نہین

چار دن کی آشنائی ہی تری
تجھہ مین ای گلرو وفا کی بو نہین

کبھی ہی قد کی تجسس مین ہی تو
بی سبب قمری تری کوکو نہین

عکس رخ سی ہین ستاری ننگ تمام
کم ثریا سی ترا انگشتری نہین

عقل کہتی ہی کہ ہی زاغ کمان
تل میان گوشۂ ابرو نہین

میکدہ ہین عشق کی دل ہی کزک
یہان کباب پہلوِ آہو نہین

ہجر مین بھی ہی تصور سی وصال
سنگ ہی خالی مرا پہلو نہین

گل بدن پہ گلبدن ہین داغ ہجر
رشک گلشن کب مرا پہلو نہین

چشمۂ خورشید مین ہی جوش موج
رخ پہ آشفتہ تری گیسو نہین

خوشنما ایسی اور اتنی تلخ گو
لب تری حنظل ہین شفتالو نہین

یا تو کل یہ قول اور اقرار تھے
یا اب وس الفت کی مطلق بو نہین

عیب سی خالی ہی تیرا مو بمو
کوئی چشم و زلف مین آہو نہین

صبحدم سیر چمن بی لطف ہے
ای سحر افسوس وہ گلرو نہین

گردش مین تیری ساتھ نہین ہم حباب ہون
تو آفتاب ہی مین گل آفتاب ہون

مخمور ہجر دیر سی ہین دل کباب ہون
ساقی پہونچ کہ تشنۂ جام شراب ہون

رونی کی بدولت گلین مین گہرفشان سحاب ہون
اک برق بیقرار دم اضطراب ہون

ہنسنی کی تیری یاد مین مرنی کی ہی یہ شکل
تو برق خندہ زن ہی مین گریان سحاب ہون

موج ہوا فراق مین کرتی ہی کار تیغ
مہمان کوئی دم کا بسان سحاب ہون

بحر جہان مین اپنی نمایش ہی بی ثبات
مین برق ہون شرار ہون نقش بر آب ہون

ابرو کا ہی اشارہ کہ قوس قزح ہون مین
کہتا ہی قد یار کہ تیر شہاب ہون

کرتا نہین شمار کوئی مجہ حقیر کو
مین فرد کائنات مین بیحساب ہون

زندہ رہا فراق مین تیری مین سخت جان
ای بحر حسن شرم سی اب آب آب ہون

عریان وہ ہون کفن نہ ملی بعد مرگ بہی
مدفن نہو نصیب وہ خانہ خراب ہون

غیرون کو دیکہنی نہین دیتا ہون روی یار
مین حسن بیحجاب کا گویا نقاب ہون

عنقا کیطرح چشم جہان سی نہان نہین
سکہلاتا اپنی ماہ کو طرز حجاب ہون

ساقی غنچہ لب سی گذرتی ہی لب بہ لب
گویا لب پیالہ ہون موج شراب ہون

ہوجای کوئی بات خلاف مزاج اگر
معذور رکہ کہ مست شراب شباب ہون

موی کمر کی عشق نی یہ بی نشان کیا
ڈہونڈہی کوئی ہزار نہ مین دستیاب ہون

مدت مری گناہونکی کہتی ہی ای سحر
طول شب فراق ہون و زحساب ہون

پامیاں خلق ہوں وہ میں گل دستی افتادہ ہون
سبزۂ بیگانہ ہون نقش قدم ہون جادہ ہون

آبرو ہو خاک اک ہر جائی پر دل دادہ ہون
اشک حسرت ہون نگاہ خلق سی افتادہ ہون

مثل آئینہ ہون ششدر محو روی سادہ ہون
صورت تصویر چپ حیرت زدہ استادہ ہون

عشق مین ہی جان و دل کو پیچ و تاب و اضطراب
مو سی آتش دیدہ ہون سیماب آتش دادہ ہون

آہ کی طاقت نہین اور آمد و لد ارہی
کس طرح تعظیم کو مین بی عصا استادہ ہون

ق

ای جنون وحشت ہی سنکر آمد فصل بہار
جامی سی باہر پی آوارگی آمادہ ہون

مثل بوی گل نکل جاؤنگا کپڑی پہاڑ کر
قاصد باد صبا کا منتظر استادہ ہون

مضطرب ہی عشق خال و رخ آتشناک مین
گرم شیون صورت سپند آتش دادہ ہون

وہ شرابی ہون پسینا ہو گیا میرا شراب
غرق بحر معصیت مانند موج بادہ ہون

ہو گئی صبح اور نہ نکلا گھر سی پیمان شکن
شام سی ہون صبح تک اب تک منتظر استادہ ہون

بسی ہوا تعبیر مین ناحق شیشہ ہای کی ساتھ
محتسب کا خون بہا تی پر نہ کیوں آمادہ ہون

سلسلہ پیر مغان کی خانوادہ کا ملی
بہر بیعت ہون ہتا دست سبو بادہ ہون

ٹھیس لگتی ہی نکلتی ہین شرر ہمراہ آہ
صورت چقماق ہین آتش بجان افتادہ ہون

الفت دست حنائی نی لگائی وہ مین آگ
ہین چنار کہنہ سان آتش بجان افتادہ ہون

میکشی کا عجب ہے پیر مغان مشرب پسند
دل ہی مین تیرا پیالہ پینی کو آمادہ ہون

ہو توجہ کی نظر کب سی کمر باندہی ہوی
مستعد پا ہی چراغ میکدہ استادہ ہون

مشکل ہی عشق و جنون کی کشمکش سی دی نجات
کفر و دین کی قید سی ای گبر و شیخ آزادہ ہون

منتظر کس گل کا ہون مین پا تو ان گس کیطرح
تکتکی ہی سوی تھامی عصا استادہ ہون

ق
کیا سبکروحی ملی ہی وصل مین یکی عشق مین
وصل کی شب مجھ ان یا سیماب آتش زادہ ہون

شبنم گلشن ہون یا کافور یا موج نسیم
بوی گل یا رنگ وہی عاشق دلدادہ ہون

کیون نہ لون ہر عارف معنی سی بیعت ای سحر
حضرت یا شیخ کامل ہی صاحب سجادہ ہون

برف موی سر ہوا لیکن میون کی دن نہین
صبح پیری ہی سپیدہ کاری کا غافل نہین

جانفزا الی مسیح اپنی بیت مین نہین
شہرت [illegible] نہین

واقف آئینہ زنگی سے دل مومن نہیں — ہے منافق جسکا یکساں ظاہر و باطن نہیں

جز خیال یار یکتا یہاں گذر ممکن نہیں — روشناس عکس غیر آئینہ باطن نہیں

کارواں عمر کا گویا جرس ہے دل مرا — سانس تب تک چلتی ہے ضبط فغاں ممکن نہیں

اپنا آنا تو نے ٹھہرایا ہے کر امر محال — اے ستمگر جان سے جانا تو ناممکن نہیں

ہے تن تپ یار رات بھر بستر پہ مچھلی کی طرح — بحر خوبی کل کسی پہلو مجھے تجھ بن نہیں

یہ سپیدی موے سر کی صبح پیری کی ہے شام — ہے لب بام آفتاب عمر باقی دن نہیں

جوش بیتابی دل سے صاف ثابت ہو گیا — سینۂ عاشق سوا سیماب کا معدن نہیں

سینہ کاوی کر رہا ہے تیشۂ عشق بتاں — اے فلک سینہ ہمارا لعل کا معدن نہیں

گرم پہلو رکھتی ہے بدلے تری اے شعلہ رو — باز دلسوز سینے فرقت کی تپ فرمن نہیں

داغ ہیں دلسوز عاشق ہمدم آہ گرم ہے — ایک ہم آغوش فرقت میں تپ مزمن نہیں

بے اثر تیر افسوں ہے جا نہ کر دم بازباں — اے پریخواں یہ جنون عاشقی ہے جن نہیں

یار کی چتون بظاہر اور ہے ہے دل میں خاک — اے بتو تم سے زیادہ کوئی بدباطن نہیں

ہو گئیں شبہائے وصل باہر و خواب و خیال — دیکھیے کب تک مری اے چرخ پھرتی دن نہیں

ڈھنگ ہوتا ہی چہلاوہ دیکہا چالاکیان
سچ تو نہی یہ بات تجہہ مین ہت ہی ایسی ہمان شگفتگین

کم ہری سی شوخی نین وحت کم تشین
وصف ہین بیان ہی خدائی کی دو فالمیکین

قاعدہ بی صرفہ تھا باطل کیا ہنی ایسی
دیکھہ صرفی قد جانان کا الف ساکن نہین

بغض صید ہی بقول مصطفی کفر و نفاق
ای سحر جسکو نہین حب علی مومن نہین

لحد مین خفتگان خاک اوٹھکر ساتھ چلتی ہین
قیامت پانون پڑتی ہی وہ جب گہر سی نکلتی ہین

ہماری چشم تر سی متصل آنسو نکلتی ہین
یہ سر چشمی برابر جاگتی سوتی اوبلتی ہین

شب سوز و گداز غم مین گرم آنسو نکلتی ہین
برنگ شمع فانوس استخوان تن مین پگہلتی ہین

دم تحریر سوز حال دل اوراق جلتی ہین
زبان خامہ کی سوزش سی گرم آنسو نکلتی ہین

صفا گوہر دندان سی کیا تارہی جلتی ہین
تگرک آسا حیا سی سیپ مین موتی پگہلتی ہین

بنا سر و چراغان غمہا سی فرقت سی
شرارہ آگ کی اب ہر بن مو سی نکلتی ہین

مناقی بیڑیان ہین غل مچا کر پانون پڑ پڑ کر
کبہی سودائی لف یار مین گہر سی مچلتی ہین

سر انگشت فندق بند ہو تو نہین ویاتی ہین
دل پامال کو مہندی لگی چنگی سی ملتی ہین

اشارہ ابرو و مژگان سے کرتا ہی غیر و نکو — دل آشفتہ سر آپۂ بیداد چلتی ہین

بہار باغ و گلہا ہی چمن کی بیثباتی پر — شجر سب بکف قلم گویا کف افسوس ملتی ہین

خیال یار کی مرہون منت ہین شب فرقت — کوئی دم کنج عزلت مین اسی صورت بہلتی ہین

پھری ہی فی معنہ کیا آنکھ ان جادو نگاہون سے — جو دیکھین خواب مین ہمکو تو وہ تیوری بدلتی ہین

نہین جنبش کی طاقت حسرت دیدار مین قائم ہی — جھپکتی ہی پلک مردم کف افسوس ملتی ہین

نشانی اوس پری کی جانتی ہی ہمکو پیاری سے — یہ چھلا کب سلیمان کے انگوٹھی سے بدلتی ہین

طمع ہی اک نظر جو شناسان معانی سی — مرصع ہین مضامین یا جواہر ہم اوگلتی ہین

لب و دندان کی رنگ و آب کا پاتا ہون جب مضمون — تو اوس دم لخت دل ہمراہ اشکون کی نکلتی ہین

نہایا کون سحر حسن و خوبی حوض مین آکر — کہ فوارے خوشی سی نیزہ نیزہ بھر اچھلتی ہین

شب تاریک فرقت کی بیان کیا ہو لیلا کی ہو — دل اسفندیار و رستم دستان دہلتی ہین

پلائی کسکی چشم مست نے دارو ہی بیہوشی — کبھی ہین بیٹھتی اوٹھتی کبھی گرتی سنبھلتی ہین

مریض چشم و لب کے حال پر سب کو تاسف ہے — فلاطون و مسیحا بھی کف افسوس ملتی ہین

ق

ہوئی بزم طرب اوس بن الہی مجلس ماتم — دل عشاق مثل شمع سان نہین تنہا وہ جلتی ہین

خمیدہ قد ہیں جب تک آسمان سایہ ہی تا شگوفہ کا
معنی نوحہ خوان آہ شمع کی آنسو نکلتی ہیں

ہوا ہی اہل میخانہ کا دل خون سے سحر ساقی
ہی گلگون شیشی اوسکی منہ سی اگلتی ہیں

بلا ہی جان ہی لینا دل اور اوسکو ٹھنا ہم
تقاضا سن کا ہی بار ان بھر ہیں مچلتی ہیں

بتان سنگدل کیونکر نہ سرگرم شرارت ہون
شرر اکثر دل ہر سنگ خارا سی نکلتی ہیں

ادا سی ہنکپتا ہی پیک وہ بت پان کھا کھا کر
تماشا ہی شرر لعل بدخشان سی نکلتی ہیں

یہ ہمسی سرو مہر ہی گرم بازاری سے قیبون سی
تری سودائی ہیں جو مشتری ایما چلتی ہیں

نہ کیون بسمل ہون ناز ابرو قمر کا نسی جان و دل
دما دم تیغ ٹرقی ہی ہیا پی تیر چلتی ہیں

ق

نہیں بھولی سماتی پھول غنچی سکڑتی ہیں
پڑی گلگشت جب صحن چمن میں ٹہلتی ہیں

طلائی اشرفی لاتا ہی بھر پیشکش گلشن
گل نرگس جھکا کر سر قدم آنکھوں پہ ملتی ہیں

گلی میں یار اوس خورشید کی ہیں اون کانوں میں موتی
کہان ہیں پھولتی ہیں قمر اور مشتری ڈھلتی ہیں

لبوں میں اب کر شب زلف وہ کہتا تھا شوخی سی
سحر لعلوں سی ہم مار سیہ کا سر کچلتی ہیں

زلف ساقی سی ہی شرمندہ سحاب آسمان
جام مے سی منفعل ہی آفتاب آسمان

سن پہ ہی ہین تو گجر وہی ایسا فتنہ جو
کیا بلا ہوگا خدا جانی شباب آسمان

ہوگی فردائی قیامت مستی اسکی بازپرس
آج جو چاہو ستم کر لو بخواب آسمان

برق جھوٹی مرغ زرین فلک کو آتی ہین
مانگی گر شوق کزک مین وہ کباب آسمان

جا بجا وہ حسن سکا پوشیدہ ہو کیا زیر نقاب
مہر کا حائل نہین ہوتا حجاب آسمان

جب سے کرتی ہین مسیحائی لب جان بخش یار
شرم سے عیسی نے لی منہ پر نقاب آسمان

گر دم گریہ مری آنکھو سے طوفان ہو عیان
موج بحر اشک سے ٹوٹی حباب آسمان

کوزہ پشتی ہی لیں پیری گر دو دن
وسمہ شب لا کہ ہو صرف خضاب آسمان

تا فلک جائے تری گانے بجانے کا جو شور
ہاتھ سے زہرہ کی چھٹ جائے رباب آسمان

ایک جرعہ مین ہی کرتا اک جہان کو مست گیر
توڑ ڈالونگا سبوئی پر شراب آسمان

میری آہون کی ستون گر ہون نہ شرم سنگ گیر
سرنگون ہو خیمہ زرین طناب آسمان

برق وش کا خندہ دندان نما گر یاد آئے
بجلیان برسائے عاشق پر سحاب آسمان

قبضہ قدرت مین ہے جان عدو کی تیرہ بخت
ہے کمان قوس فلک ناوک شہاب آسمان

سہم اوسکی تیر کا تا چرخ ہی شورش فگن
خوف سے بیخواب ہتا ہی عقاب آسمان

سنو ہی خوان الشیاطین ہی خدنگ اندازتو
ہی ترا ناوک مگر تیر شہاب آسمان

روز و شب جو ہین اوج فلک پہ نذر
درہم و دینار ماہ و آفتاب آسمان

مثل احمد جب ہوا عازم عالم ناسوت کا
اک اشارے سی تری ہو فتح باب آسمان

پنجہ دست حنائی جب دکھاتا ہی وہ شوخ
زرد ہو جاتا ہی رنگ آفتاب آسمان

برق ہی یا بیقراری دل بیتاب ہی
یہ ہی دود آہ میرا یا سحاب آسمان

ای سحر ہین میری مولا کی فضائل بیشمار
مدح حیدر سی بھری ہی ہر کتاب آسمان

خونفشانی دم ہین کہاتی ہی وہ مژہ مردہ ہون
دلمین وہ پلکین چبہین نشتر سی پیکان خوردہ ہون

دیکھتا ہی پہلی وصل جانان ہاتہ وصال
مجہسی وہ آزردہ ہی مین جانسی آزردہ ہون

غمزۂ چشم کمان ابرو نی مارا ہی مجہی
زخمی تیغ نگہ ہون تیر مژگان خوردہ ہون

اشک کا جو قطرہ ہی آویزہ یاقوت ہی
خون دل روتا ہون مجروح لب پان خوردہ ہون

سبحۂ زاہد سی یہ تسبیح غضب کہتی ہی
بہر صید مرغ دل دام ریا گسترده ہون

ای جنون ہم فن دوزش مین فتنغ عشق کی
جور چوگان فلک سی چہ سیلی خوردہ ہون

دیدہ و دانستہ قاتل سے لگا دی اپنی آنکھ / دیکھنا میرا جگر یہ کہتا عجب دل الگردہ ہون

چل بسی ساری مزے دنیا کی ہمراہ شباب / عالم پیری ہی گویا بزم برہم خوردہ ہون

ای گل الفت چشم و لب و رخسار مین / اشک گرم و آہ سرد و خاطر افسردہ ہون

کیا بلا ہی برق عالم سوز پیش حسن گرم / آفتاب حشر کہتا ہی چراغ مردہ ہون

صبح پیری مین ہوا کافور لطف سوز عشق / داغ دل کہتا ہی ٹھنڈا ہون چراغ مردہ ہون

دیکھیی نبھتی ہی کیونکر بدزبان وہ شوخ ہی / ای سحر مین ایسی باتون کا نہین خوکردہ ہون

جان شیرین سی کہین آپ ہمین پیاری ہین / بات مصری کی ڈلی ہونٹھ شکر پاری ہین

ماہ نو ابروے کج دانت تری تاری ہین / گوری گوری ہین یہ رخسار کہ مہ پاری ہین

خوشنما خال تری ہین تو ہماری آنسو / مہ جبین گروہ ثوابت ہین یہ سیاری ہین

لالہ رو ہجر مین جانسوز ہی گلگشت چمن / برگ شعلی ہین شرر غنچی گل انگاری ہین

آنکھ اٹھتی ہی کشیدہ ہوئی قوس ابرو / تیر دلدوز نگاہون نی تری ماری ہین

قلزم اشک مین بخت دل سوزان دیکھو / بی ضرر تیر رہی پانی مین انگاری ہین

تو ہو جس شغل مین ہوتی ہی مری لگو خبر
ای پری وہم و گمان اُس کی ہمہ کاری ہین

شربت وصل سی ضعف مرض ہجر گھٹا
نوشدارو لب جانبخش کی نظارے ہین

چشم تر سی ہین خجل ہجر مین ساون بھادون
دل خزانہ ہی تو مژگان می فوارے ہین

قابل ربط نہین ای بت ہرجائی تو
ہم نباہینگی مگر قول جو کچھ ہارے ہین

جان دینا ہمین دشوار نہین الفت مین
تجھسے دل ہارے ہین ہمت تو نہین ہارے ہین

دیکھیے منزل مقصود کو کیونکر پہونچین
بار عصیان سی گران دوش پہ پشتارے ہین

پھول کی ہمنے چھڑی کھائی نہ تھی آج تلک
کوڑی موباف کی صاحب نی ہمین مارے ہین

نیل پڑ جاتی ہین کیا جلد بدن نازک ہی
سخت پچھتاتی ہین جب پھول اوسی مارے ہین

ای سحر ہجر کی شب ہی کہ کوئی دیو سیاہ
دیدۂ غول ہین گردون پہ نہین تارے ہین

چار ہو جائین جو اوس مست نظر کی آنکھین
چرخ پر جائین جھپک شمس و قمر کی آنکھین

لائی موسی نہ تجلی کی نظارے کی تاب
کسطرح دیکھینگی خالق کو بشر کی آنکھین

نہ یہ چتون نہ یہ شوخی نہ یہ گردش نہ بصر
کیا ہوا مانگین نرگس نے جو زر کی آنکھین

ہمروش تجھسی مقابل ہو قمر کس منہ سے
سامنی ہوتی نہین ستمگر کی آنکھین

آنکھ دکھلاؤ نہ دیکھو نگہ الفت سے
نیچی احسان سے کرو اہل نظر کی آنکھین

حور عین آنکھ چراتی ہے تری چتون سے
دیکھین ایسی نہین انسان بشر کی آنکھین

کیون نہ نرگس کی رہی آنکھ جھکی گلشن مین
کبر سے اوٹھتی نہین صاحب زر کی آنکھین

آ مری جان نہ اب آنکھ چرا اے شدا
ڈھونڈتی ہین تجھی اس خستہ جگر کی آنکھین

دم تھمنگ آگیا اللہ سے طول شب ہجر
ہین سر شام سے مشتاق سحر کی آنکھین

آنکھ اوٹھا کر کبھی عاشق کو نہ دیکھا تمنے
لاکھ مشتاق ہین اک ایک نظر کی آنکھین

آنکھ بھر کر جسے دیکھا اوسے بیمار کیا
نظر آئین نہین ایسی تو اثر کی آنکھین

خود نما تجھکو بنایا مجھے حیران کیا
پھوٹین اللہ کرے آئینہ گر کی آنکھین

جبتک دم مین ہے دم بطفیل سبطین
یا الٰہی رہین پر نور سحر کی آنکھین

دیکھکر عقد گہر زلف بت بیباک مین
چرخ پر پروین خجل جو شی ہے شاخ تاک مین

گھر ہوی ہین چھان عشق اپر و منفاک مین
مردم عالم کو سرمہ نے ملایا خاک مین

ہی شرر افشان جوہر مرہم آتش رنگ کا
بنگیا ہی شعلہ خنجر پنجہ سفاک مین

حجلہ انگور سی نکلا نہ تھا باہر قدم
تب سی ای رندو بیٹھی ہن بنت العنب کی تاک مین

سرمہ چشم مسیحی لب نی لی آخر کو جان
ہمکو دونون تیرہ کارون نی ملایا خاک مین

آنکھ ہی جام ہلاہل حب افیون خال لب
ایک کیفیت ہی قاتل زہر اور تریاک مین

ہمت عالی نہین پابند اسباب نمود
کب ہین اوتاد و فواصل خیمۂ افلاک مین

ہی عیان پہلو سی انگشت سلیمان سی نگین
ای پری کب ہی جڑاو کیل تیری ناک مین

کان بگڑی وہ برو جسکی ستارہ صبح کا
جلوہ گر ہی وہ جڑاو کیل تیری ناک مین

خاک ہمچشمی کریگا ابر تر رونی کی وقت
نوح کا طوفان بھرا ہی دیدۂ نمناک مین

اوسکی دل مین آہ میری کیا اثر پیدا کری
جا نہین سکتی ہوا دولتسرای پاک مین

عاشقان چشم و قد مین قیامت ہے شور و شر
عطر فتنی کا ملا کسنی ہی پوشاک مین

چھوٹ جاتی بالون سی قاتل کی یہ سودا ہی
عاشقون کو ہی تمنا سر بندھین فتراک مین

بوسۂ خال لب شیرین لیا اور جان دی
دیکھ لی تاثیر میٹھی زہر کی تریاک مین

گلرخی مین جستجو گر ہی تری ای ذوق طور
ہو ید بیضا کا جلوہ جیب ہر ولاک مین

خاکساری اہل جوہر کی لیتی ہی رونق ہے
آئینہ کیسی جلا پاتا ہی ملکر خاک مین

ہوگیا بہرام بھی لقمہ دہان گور کا
ملگئی ہین کیسی کیسی آسمان فن خاک مین

نقش پای رہروان سمجھو نہین اثر جادہ سی
دیکھو کیا صورت شجر ہین دشت وحشتناک مین

گلبدن نے پایا ہی گر تجکو کہین گل پیرہن
یاسمن کی صاف بو ہی ملگجی پوشاک مین

کسکا قد گور غریبان پر ہوا ہی فتنہ خیز
ہی بپا شور قیامت خفتگان خاک مین

چاشنی شہد لب سی بنگئی شاخ نبات
نیشکر کا ہوگیا عالم تری مسواک مین

جب مصیبت مین لیا نام علی راحت ملی
کیا اثر ہی اپی سحر حضرت کی نام پاک مین

لیگئین تاب و توان نرگس فتان دونون
مثل تصویر ہین محو دیدہ حیران دونون

خون رولاتی ہین کسیکی لب خندان دونون
زخمی تیغ تبسم ہین دل و جان دونون

مستی پان ہوئی جز زیب لب دندان دونون
جلتی ہون خاک سیہ گوہر و مرجان دونون

ہجر مین سینہ و سر سی کبھی ہاتھون کو ہی ربط
پھاڑتی ہین کبھی دامان و گریبان دونون

گنج پر حسن کی ہین گو کہ نگہبان لیکن
مار رہزن ہین تیری گیسو پیچان دونون

جا تی احمد و حیدر مین دوئی بد بین کفر
کور ہوتی نہ اگر دیدۂ عرفان درون

مہر و مہ کی یہی گردش کا سبب ہے مہ و سال
کہ شب و روز ہین سر پہ تری قربان ہو کر

کیا کرین سیر گل و لالہ ثبات انکو نہین
ہین سر راہ عدم بر بعمہ داماں درون

جلد اب حج و زیارت سی سحر ہو فائز
کہین پوری ہون آلہی مری ارمان درون

ناز مژگان صنم تیر قضا سی کم نہین
صاف دانتون کی چمک برق بلا سی کم نہین

آہ آتش بار گر برق بلا سی کم نہین
دود آہ عاشقان کالی گھٹا سی کم نہین

قتل کرتا ہی اداسی نہ ٹھوکر سی مجھے
آپ کو وہ بت سمجھتا اب خدا سی کم نہین

ہونٹھ ملتی ہی تری آتی ہی میرے تن مین جان
کوسنا تیرا مری حق مین دعا سی کم نہین

تیری باتو نہین عجب نام خدا اک لطف ہے
کج ادائی بھی تری ہی اک ادا سی کم نہین

خون عاشق صرف دست و پا کرو جا ہی لگا
سرخی عمین شوخی رنگ حنا سی کم نہین

تیری گیسو کیطرح اسکا بھی مو ذی نام ہے
یہ رقیب روسیہ کالی بلا سی کم نہین

مثل آہن سنگدل تہا صنم ملگیا
دل ہمارا جذب مین آہن ربا سی کم نہین

سر پہ جسکی پڑ گیا سایہ ہوا وہ بادشاہ — تیری دیوار ای صنم بال ہما سی کم نہین

جان تازہ اوسنی پائی حلق جسکا کٹ گیا — آب شمشیر صنم آب بقا سی کم نہین

خط کی آنی سی ہوا گو حسن وہ کچھ یار کم — خلق وہ افزون مگر یہان ابتدا سی کم نہین

جو مریض یار ہی اچھا نہین ہوتا کبھی — عشق اون بیمار آنکھون کا وبا سی کم نہین

سلطنت عشاق کرتی ہین یہان باوصف فقر — دلق کہنہ یہان لباس بادشا سی کم نہین

چار آنکھین سنگدل سی جب ہوئین دل پس گیا — گردش چشم صنم کچھ آسیا سی کم نہین

ہجر جانان جانگزا ہی کیا دوا سی فائدہ — نوشدارو اپنی حق مین سنکھیا سی کم نہین

ق

نشتر چشم غول ہی ہر اختر تابان مجھی — ہجر کی تاریک شب کالی بلا سی کم نہین

نخل ماتم ہین نہال اور نوحہ شور آبشار — بن تری بستان سرا ماتم سرا سی کم نہین

دل لگانا تھا کہ اپنی جان بحق تسلیم کی — ابتدای عشق کامل انتہا سی کم نہین

آہ مین اپنی کیون تاثیر ہوا ہی بت بھلا — قامت خم گشتہ محراب دعا سی کم نہین

خواہش کحل بصر دلکو نہین ہرگز بجز
خاک کوی دوست جسکو توتیا سی کم نہین

رخ روشن کا پڑے عکس اگر پانی مین	کہکشان موج ہو خورشید ہنو پانی مین
لب گلرنگ صفای دندان سے ترے	کان مین لعل ہے شرمندہ گہر پانی مین
چشم مخمور کو اس مستی نے ہے پایا جو حجاب	ظرف مے ہو گیا ہر ایک بھنور پانی مین
گرم ہو جوش گریہ سے ہوئی آتش عشق	ہے تماشا کہ ہے روغن کا اثر پانی مین
زیب تن روشنی کیا آب ان کا جو لباس	شرم سے ڈوب گئے شمس و قمر پانی مین
رشک اختر ہوا ہر ایک حباب دریا	شب نظر آیا جو مہر رشک قمر پانی مین
ماہ کا اور ترے عارض کا پڑا عکس جو شب	ایکجا جمع ہوئے شمس و قمر پانی مین
جنبش موج سے صدمہ نہ کمر کو پہونچے	نازنین ہو نہ کھڑا تا بکمر پانی مین
آشناؤنکو کرے قتل اگر وہ لب بحر	موج و گرداب بنین تیغ و سپر پانی مین
نہین پھولون پہ یہ شبنم ترے عارض کے حضور	شرم سے ڈوب گئے ہین گل تر پانی مین

مشک نافہ ہوا ہر ایک حباب آج سحر
بال اوس شوخ نے دہوئے ہین مگر پانی مین

ای گل تر یہ نہین نقش و نگار آستین	تیری ساعد سے ہوئی دونی بہار آستین

اشک خونین سے ہوئی رنگین بہار آستین
ہے رگ گل برگ تر ہر تار آستین

زلف مہ رو کی او دل عشق مین ہین دونون جا بجا
ایک ہے گر گل بغل اور ایک مار آستین

یاد دندان صنم مین اسقدر رویا ہون آہ
موتیون سے بھر گئی جیب و کنار آستین

شمع کو صدقے اوتارون ساعد پر نور پر
ہے حباب فانوس کو کرکے نثار آستین

چاہیے مردم ہو چشم حور مین عنوان جو پائے
گرد دامن اور پہونچی کی او غبار آستین

کفش پا اوسکو نزاکت سے نہ پانو کا بوجھ
ہاتھ بھی اوٹھنے نہین دیتا ہے بار آستین

ہمسری کا ابر باران تجکو دعوی ہے عبث
غرق عالم کو کرے اپنا فشار آستین

ہاتھ پر گل کھاتے ہین اوس گل کی تجلی سحر
یہان نہین کچہ حاجت نقش و نگار آستین

نہ ماہ اور نہ مہر فلک دیکھتے ہین
شب و روز رخ کی چمک دیکھتے ہین

نہ زائل ہوا درد سر کا دوا سے
بس اب سنگ پر سر ٹپک دیکھتے ہین

بہاتے ہین خون چشمہ چشم سے ہم
حنائی جو تیری کفک دیکھتے ہین

دل مضطرب پیچ کھاتا ہے کیا کیا
کمر کی جو تیری لچک دیکھتے ہین

تجھی دیکھتی ہین جو غیر و نہین محو نقش
تو حسرت سی سوی فلک دیکھتی ہین

ہماری طرح وہ بھی ہوتی ہین شیدا
تجھے زہرہ و شمس گر ملک دیکھتی ہین

ہوئی صبح آیا نہ وعدہ شکن تو
تری راہ ہم اب تلک دیکھتی ہین

اوٹھاتا ہی جب وہ رخ روشن سی پردہ
تتق نور کا تا فلک دیکھتی ہین

تری منہ کو کیا دین ملیحو نسبت
رخ مہر و مہ بی نمک دیکھتی ہین

ہی اک برق سی خرمن دل پہ گرتی
جو دانتون کی تیری چمک دیکھتی ہین

جو کہتا ہون دیکھو مرا حال اب تو
تو کہتا ہی ہان چل سرک دیکھتی ہین

سحر ہجر مہرو مین کیا کیا بلا ہین
سر شام سی صبح تک دیکھتی ہین

جلوہ مہر نبوت سی جو ہی انور زمین
ہی فلک سی لاکھ درجی تبہ مین بہتر زمین

نور اہلبیت کی ہوتی نہ حاصل گر زمین
مضطرب تھی صورت کشتی بی لنگر زمین

داغ ہی اوسکی غلامی کا جبین ماہ پر
کمترین بندگان ہی خسرو خاور زمین

جلوہ گر ہو بام پر آئی آفتاب برج حسن
لکھنؤ کی سر زمین کر غیرت خاور زمین

صبح کو اوٹھی پر چڑھا تو ماہ ڈوبا شرم سی | باختر تو نی بنائی مہر وش غار در زمین

[illegible] افزا ہی جہان جب سی ہی تو نی شگفت | خندہ زن ہی ہر زمان چرخ چہارم پر زمین

قبر مین نکہت فشان ہی بسکہ داغ عشق زلف | لیتی ہی خوشبو مثال حقۂ عنبر زمین

آہ آتشبار سی ہوتی اگر تفتیدہ خاک | جوش باران بہاران سی نہوتی تر زمین

جستجو ہی ملک چھوڑا ہی نکر مٹی خراب | کون ہی منعم اوٹھا کر لیگیا سر پر زمین

صرف کر ہمت نہ غافل ملک گیری مین تمام | آج اگر ہی زیر پا کل ہوگی چھاتی پر زمین

ذرہ ہای خاک خشان ہین کہ اک سی فزون | بسکہ جلوہ سیتی ہی مہر وش انور زمین

مسند و قالین سلطان اوسکی آگی خاک ہی | تیری کوچی مین ہی جسکا ہی ضم بستر زمین

جلوہ دندان سی تیری بسکہ پائی آب و تاب | بنگئی نہ آسمان شکل صدف گوہر زمین

ہی سخن سنجان عاقل کو تو سنگ امتحان | سخت پیش جاہلان ہی گرچہ پتھر زمین

رونق عالم ہی عالی ہمتونکی فیض سی | نیرین چرخ سی ہی روز و شب انور زمین

آہ سوزان [illegible] کا ہی وہ [illegible] | کیون نہو لبریز آتش صورت مجمر زمین

مست عالی ظرف دریا کش کو ہی جام آفتاب | ہی بطرمی آسمان مرتبہ ساغر زمین

خاک مین کیا کیا ملی خورشید سامان زرین کلاہ
قصر شاہی گور ہی مسند ہی خاک افسر زمین

ہونگی پھر ہم آبلہ پا دشت پیمائی جنون
تیز کر رکھی سر ہر خار کا [illegible]

خواب راحت مفت ہی گر ساتھہ ہین اعمال نیک
تجہ ہی خوش خوا یہ دامن باد زمین

زینت بازار مین سو یوسف ہر داغ عزیز
واہ مصر حسن ہی کیا لکھنو کی سرزمین

عکس کا گل جلوہ گر آئینہ عارض مین ہی
خاک مشک آمیز رکھتی ہی حلب کی سرزمین

ہند مین بیتاب ہی یہ خاک پای بوتراب
دیکھیے گا یارب سحر کس دن نجف کی سرزمین

تیغ کی آب سی شاداب ہین وہ گل ہمنشین
چمن جوہر شمشیر کا بلبل ہمنشین

سر تری پانون پہ کیون ہو نہ مرا لیل و نہار
سرو تیرا قد نوخیز ہی سنبل ہمنشین

خندہ و چشم دکھا نور رخ و زلف سیاہ
شب مہتاب مین خواہان گل و مل ہمنشین

کیون نہ حیران و پریشان رہین ہین صبح و مسا
شیفتہ رخ کا ہون آشفتہ کاکل ہمنشین

غم ہی کیا ہمسفرو مجکو تہیدستی کا
ساتھہ ساتھہ اپنی ہی نقد توکل ہمنشین

علم آہ علم خیل الم ہی جیب و دست
لیی ہمراہ یہ سامان تجمل ہمنشین

کر چکا قتل تو ہی پوچھتا سبب میرا نام
اپنی عیار کی قربان تجاہل ہونین

ہی شمع ہمیشہ کہا ہی سر مو نہین ملتی نہی زبان
گر رہا شمع کی مانند تحمل ہونین

دانہ دام مین اکی مجھی بھو لگیا [illegible]
اپنا صیاد کا مقتول تغافل ہونین

تو جو ہی شمع تو پروانہ جانباز نہ ہونین
تو اگر ہی گل شاداب تو بلبل ہونین

رات بھر کیون نہ بھلا خواب پریشان دیکھون
مو بمو جو خیال خط و کاکل ہونین

جانتا ہون کہ یہ ہی طالب مے ساقی
سنتا شیشے سی جو آوازہ قلقل ہونین

دم نہین مارتا ہر چند کہ دم ہی لب پر
گر رہا آہ تامل سا تامل ہونین

عشق ہی عین بجا اپنی مین گھلاتا مجھکو
بدر کی طرح سی پامال تنزل ہونین

ای سحر حضرت کاشی کی جگہ خالی ہی
قصد ہی ہند سی عازم سو آمل ہونین

محفل لالہ مین ہر شب گلنار پیدا کرون
شمع سان اک داغ جلا بھی پیدا کرون

دشت پیمائی کی رغبت دلمین پیدا کرون
لخت دل داغ اس مین لعل ناسفتہ پیدا کرون

خار مژگان پر گل لخت جگر پیدا کرون
اسطرح نخل محبت مین ثمر پیدا کرون

جوش بی برگی مین اک تازہ اثر پیدا کرون
نخل خشک آہ مین برگ ثمر پیدا کرون

گونہ عشق اوس جبین پی رنگت کا گر پیدا کرون
غنچہ آسا ہنستی ہنستی مشتعل [illegible] پیدا کرون

عشق گیسوی صنم مین گر ندا فی لیلیٰ آہ
شمع سان وہ جلوہ بالا ہی [illegible] پیدا کرون

بیکسی مین سایہ تک ترک رفاقت کر گیا
دشت غربت مین کہان سے ہم سفر پیدا کرون

دلمین اوس بت کی نہین جا میری گریہ و آہ
سنگ مین ہر چند گھر مثل شرر پیدا کرون

عشق چشم یار مین یہ انقلاب بخت ہی
سرمۂ کوری ہو گر کحل بصر پیدا کرون

موشگافی پر جو ڈالون ہاتھ مثل شانہ مین
کھال کھینچون بال کی اور وہ کمر پیدا کرون

تب بیان ہو وصف اوسکی شعلۂ رخسار کا
جب زبان گرم مانند شرر پیدا کرون

سنگباران ستم پر بھی تواضع کم نہو
ہمت ایسی مثل نخل بارور پیدا کرون

دست قاتل سی یہان تک مجکو شوق قتل ہی
شمع سان جب قلم ہو تازہ سر پیدا کرون

ای سحر لکھون غزل اب دوسری آب و تاب
اس زمین مین اور نخل بارور پیدا کرون

ہون وہ بلبل دلمین شوق تو باغ اگر پیدا کرون
غنچے کی کاشانۂ بی در مین گھر پیدا کرون

لالہ ہے جو کعبہ سی مین بتا اگر پیدا کرون
کفر و ایمان کی طرح ہر دلمین گھر پیدا کرون

ہی سمندر عشق مین ابہی سمیر پیدا کرون
کیمیا کا خاکسار ہی مین اثر پیدا کرون

مجھ ... سن داغ جا پیدا کیا
آفتابی دل سحابی کو سپر پیدا کرون

صاف ہاتون کی جو نے اکہا ہی چاک جا
سہو بخیہ رشتہ سلک گہر پیدا کرون

بلبلون نی طرز اوڑائی گر مری فریاد کی
دلمین ہی باتون کا انداز گر پیدا کرون

گر شب فرقت کرون نسبت جو گیسو مین دراز
دامن شب پہاڑ کر وہی سحر پیدا کرون

بال سر کاٹون تصور مین جو روی یار کی
مہر طالع ہو دل شب سی سحر پیدا کرون

دل لگا کر بیتہا ہی رنج ہو سکی بلا
دیکھی زر نا حق بھلا کیون درد سر پیدا کرون

پانی پانی شرم سی تجکو کرون دوبی کی وقت
جوشش اشک اسقدر ابی تر پیدا کرون

ای سحر لکھون غزل اس بحر مین اب تیسری
بی بہا بحر رمل سی پھر گہر پیدا کرون

بلبلی کا کل مین خیال رنج اگر پیدا کرون
ہجر کی شب شام ہوتی ہی سحر پیدا کرون

مرہم زخم دل مجروح اگر پیدا کرون
زہر مین سنگ جراحت کا اثر پیدا کرون

جوش حیرت صاف عارض کی کہا پیدا کرون
صورت تصویر آئینی مین گھر پیدا کرون

ہون وہ قانع گر ہوا ہی شیشہ زر پیدا کرون
خاک مین پیدا کی عطر شمہ کا [illegible]

لاغر ایسا کر دیا ہی عشق گلو و چشم
[illegible] شیشہ و ساغر مین پیدا کرون

بال سی باریک ہوا ہی کاش جسم ناتوان
روزن [illegible] کی گھر پیدا کرون

خون کی قطرون سی آتش جوش جشنون بعد قتل
شاخ تیغ یار مین گلہای تر پیدا کرون

زخمی تیغ نگاہ چشم مست یار ہون
پھر بخیہ رشتہ تار نظر پیدا کرون

پانی پانی ابر ہو دیکھی جو باران سرشک
برق کانپی آہ مین سوز اسقدر پیدا کرون

باندہون جوڑا بال جہر سی اوٹھا کر یار کی
شام کو پنہان کرون نور سحر پیدا کرون

ق

وصل کی شب صبح کی دہڑکی ہی ہو کر مضطرب
اسقدر آہی مہ عاقون مین اثر پیدا کرون

صبح ہوتی ہو پھر ظاہر کرون تا شام
پیشتر خورشید تابان سی قمر پیدا کرون

دل جلا وہ ہون کہ مثل شمع گر گردن کٹی
جای خون شریان مین دود جگر پیدا کرون

ق

قتل گر مجکو کری وہ عیسی معجز نما
مین بھی پھر شوق شہادت اسقدر پیدا کرون

شمع آسا تن گھلی ہر دم گلا بالیدہ ہو
شام سی تا صبحدم سو بار سر پیدا کرون

[illegible] ویران لگینگی تم ہی آکر کی یون | معدن یاقوت سی خشان گہر پیدا کرون
ہی [illegible] ہون گرم نالہ سنج فراق | مثل ققنس ہر بن مو سی شرر پیدا کرون

حشر کا سا ہی اٹھی کھاتی ہی مجہی شام فراق
کون صورت وصل کی مین اب سحر پیدا کرون

ہاتھہ وہ تیغ کی قبضی پہ اگر رکھتی ہین | پای قاتل پہ ہم اپنا وہین سر رکھتی ہین
گل لالہ کیطرح مال نہ زر رکھتی ہین | داغ دل رکھتی ہین او زخم جگر رکھتی ہین
جوش اشک آنکھونمین دلمین شرر رکھتی ہین | ایکجا آتش و آب آٹھہ پہر رکھتی ہین
آتش عشق کی سینی مین شرر رکھتی ہین | ہم سمندر کیطرح آگ مین گھر رکھتی ہین
سوز فرقت سی پڑی جسم پہ چھالی ایسی | غیرت خوشۂ انگور جگر رکھتی ہین
سرمہ آنکھونسی موجود ہی تکرار ہی کیا | گرم اقتل وہ منظور نظر رکھتی ہین
یاد مین کاکل و رخسار صنم کی دل پر | چھائی ہم غم کی گھٹا شام و سحر رکھتی ہین
موشگافی جو بہت کی تو یہ معلوم ہوا | نازنین بال سی باریک کمر رکھتی ہین
خرمن ہستی عالم کو نہو برق بلا | شعلۂ آہ جہانسوز سی ڈر رکھتی ہین

جنکی ہاتھ آئی ہی اکسیر قناعت ای دل
کب وہ مال و زر دنیا پہ نظر رکھتی ہیں

دخت رز پر کبھی پڑتی نہیں ہادی کی آنکھ
[illegible] مغبچہ پہ وہ پوشیدہ نظر رکھتی ہیں

اونکی رحمت طلبی دیکھ کی اڑتی ہی عرق
زیر لب ہو کہ سدا آتش تر پر رکھتی ہیں

اشک خوش آب ہیں یا لخت جگر ہیں خوشرنگ
مال دنیا سے یہ ہم لعل و گہر رکھتی ہیں

موشگافی جو بہت کرتی ہین یا نہ کبھی
کوچۂ زلف میں شاید وہ گذر رکھتی ہیں

رات دن کس لب پان خوردہ کا رہتا ہی خیال
چشم سے ہم جو رواں خون جگر رکھتی ہیں

ای سحر شام سی آج آنیکا کسکے ہی خیال
مردم چشم نظر جانب در رکھتی ہیں

جب سے جا اوس دلربا کی میری پہلو میں نہیں
دل کہ ہر دم ہی یہ بیتابی کہ قابو میں نہیں

ماہ نو کی پاس ہی اک اختر تابان عیان
خال مشکین ای صنم ابرو کی پہلو میں نہیں

شمع سان رہتا ہی اسکی ہاتھ سی ہر سو گداز
دشمن جان ہی مرا دل میری پہلو میں نہیں

اشرفی کی پھول پر قطری ہیں شبنم کی عیان
جلوہ گر ہیری تری گردن کی جگنو میں نہیں

اپنی دل کی ٹکڑی میں کھلاؤں یا لخت جگر
کو تماشا کاٹ کی تیری شمشیر ابرو میں نہیں

کیون حنائی ہاتھہ کمنی ہی کہائی دل نی | آگ پہ جنبش ہو طاقت کسی مین ہون
اہی سمندر پہ ہمین آگ مین کہتی ہین سب | طائر رنگ حنا دست پر پریدہ مین نہین
ہیچ میزان مین ہوئی ہی یکسان تجہہ سی | آج تُل بیٹھا وہ رشک ترازو مین نہین
ہی چمن پیش نظر اور بلبل تصویر سان | طاقت پرواز مطلق اپنی بازو مین نہین

ای سحر کیونکر شباہت ہو ان مین چشم یار کو
یہ شرارت اور شوخی چشم آہو مین نہین

ہمین زیست تجہہ بن گوارا نہین | تجہی دہیان مطلق ہمارا نہین
بجز یار جینا گوارا نہین | کہ غیر از وصال اسکا چارا نہین
پہر اہسی گر دل تمہارا نہین | تو کیون لطف کا وہ اشارا نہین
یہ تو میری نالون سی پتہر ہین آب | ہوا نرم کیون دل تمہارا نہین
یہ دل ہی کہ بیضہ ہے فولاد کا | کہ سخت اسقدر سنگ خارا نہین
مرا دل ہی یون چاک مثل کتان | اگر رخ ترا ماہ پارا نہین
ثریا ہی پہلو ہی مہتاب مین | تری کان مین گوشوارا نہین

نہیں درد ہجران کا کچھ بھی علاج | کسیکا مقدر ہی چارا نہیں

کہا مینے جب غیر آنی نہ پاوے | لگا کہنے تیرا اجارا نہیں

ہوئی تیری دوری سے نزدیک مرگ | تجھے پاس اب بھی ہمارا نہیں

ہوا قبر عاشق پہ کیون گل چراغ | اگر یار کا گل کا مارا نہیں

کیا آتش عشق مین کیون مقام | سمندر اگر دل ہمارا نہیں

نہ دیکھی کوئی چشم ایسی جسے | تری رخ پہ میل نظارا نہیں

جو قاتل کو ہی شوق مشق جفا | تو بندہ بھی ہمت کو ہارا نہیں

مین اپنا گریبان کرون کیا رفو | کہ باقی کوئی تار سارا نہیں

تم آنی نہ آنی کی مختار ہو | کسیکا کسی پر اجارا نہیں

ہی منظور شاید زمانہ کا جون | جو یہ سرخ جوڑا اوتارا نہیں

ہی ابجلی سی ناخن بدل ماہ نو | خجل ڈر سی تنہا ستارا نہیں

کمر بھی تو معدوم ہی ای پری | فقط کیا دہن آشکارا نہیں

کٹی عمر سنتی ہوئی ٹیڑھی بات | کبھی سیدھے جی ہی پکارا نہیں

شب ہجر مین غیر یاد صنم | کوئی اور مونس ہمارا نہین
دم نزع آنا ہو تو آ مسیح | کہ اب حاجت استخارا نہین
رہی ہاتھ کیون ہیلی مرقد لیلی | اگر شوق وصلت نے مارا نہین
ہوا موی کاکل کو کیون پیچ و تاب | بتو شعلہ گر رخ تمہارا نہین
تڑپنا سمجھتے ہین دور از ادب | کبھی دم تہ تیغ مارا نہین
کیا منفعل زیست نے ہجر مین | کرین کیا کہ کچھ بس ہمارا نہین
مجھے تو زلیخا کو یوسف عزیز | کہ معشوق سے کوئی پیارا نہین
پھری ہمسے کیون آنکھ دلدار کی | بتو غیرون نے اوسکو اوبھارا نہین
مین ہون آشنا صادق ای بحر حسن | تجھے مجھسے زیبا کنارا نہین
کبھی کر نہ ای آہ تیری سوا | کسیکا ہمین اب سہارا نہین

سحر وامق و رام و فرہاد و قیس
کسے عشق خوبان نے مارا نہین

نہایا ہو کی جو وہ بیحجاب دریا مین | تو زرد ہو گئی معتی کی آب دریا مین

جو اوترا شام کو وہ بیحجاب دریا مین | گمان ہوا کہ گرا آفتاب دریا مین

وہ دانت دیکھہ کی ہر گہر کا آب ہوا | صدف کا ہو گیا خانہ خراب دریا مین

نگاہ دیدۂ مستانہ کا اثر دیکھو | تمام عکس ہوا ہی شراب دریا مین

تری نہانی سی ای ماہ برج حسن وجمال | ہوئی ہلال وہی کچھہ آفتاب دریا مین

لگا دی مست حنائی نی آگ پانی مین | یہ آبلی ہین نہ سمجھو حباب دریا مین

نگاہ مست سی دیکھا جو اوسنی جانب آب | حباب ہو گئی جام شراب دریا مین

یہ کسکی حسن کی جلوہ کا محاسب ہے | ہر ایک موج ہی مد حساب دریا مین

وہ مہ جو کشتی پہ جام شراب ہاتھہ مین لے | ہون ایکجا یہ مہ و آفتاب دریا مین

یہ بو ہی جسم مین اوس گل کی جو نہانی سے | ہوا ہی آب برنگ گلاب دریا مین

نہین سوار ہی کشتی پہ وہ مہ خوبی | روان ہلال پہ ہی ماہتاب دریا مین

نچوڑی بال جو اوس مہوش نی غسل کی بعد | نظر پڑا گہر افشان سحاب دریا مین

یہ کسنی کاکل پرخم نچوڑی بل دیکر | جو موج موج کو ہی پیچ و تاب دریا مین

دکھائی وہ بت مہر و جو حسن حیرت بخش | ہو مثل آئینہ استادہ آب دریا مین

سنا ہی کشتی پہ وہ مست گرم جوشن ہی آج
بپا ہی صحبت چنگ و رباب دریا مین

ہر اشک سرخ سی ہو لخت دل عاشق زار
کھڑا ہو لیکی شراب و کباب دریا مین

ترے بغیر نہین لطف سیر آب یہ جو
بہی ہی جیسن جبین موج آب دریا مین

نہین کمند سی کم مجکو حلقہ گرداب
دکھاتی انکھین ہین ہر حباب دریا مین

حنائی ہاتھ شرارت سی سنی ہو مچھلی
ہر ایک ہو گئی مچھلی کباب دریا مین

نہ سونی دیگا تہ خاک سوز ہجر مجھے
مگر تلاش کرون جا بجا آب دریا مین

مست الفت ہون ولیکن می سے آلودہ نہین
دامن عصمت مرا آلودۂ عصیان نہین

زندگانی کا مزہ بی صحبت جانان نہین
موت کا سامان ہے ہجر یار کا سامان نہین

کس غزل مین وصف مہر عارض تابان نہین
مطلع خورشید سی کم مطلع دیوان نہین

خضر سی کم سبزۂ پشت لب خندان نہین
کون کہتا ہی ترے لب چشمۂ حیوان نہین

ہر نفس مین ہی دم باد بہاری کا اثر
غنچی کھلتی ہین لب گلگون سے خندان نہین

پرتو خورشید سی یاقوت نے پائی ہی تاب
لعل لب پر شوخی سرخی نگ پان نہین

میری نظروں سی نہاں ہی جب سی وہ یار حسین — جوش زن چشموں سی کس دن اشک کا طوفان نہیں

ابر ہی خورشید عالمتاب پر سایہ فگن — رخ ترا زیر نقاب ای مہروش پنہاں نہیں

درد سر ناحق بڑھاتی ہیں طبیبان جہان — پاس عیسی کی بھی درد عشق کا درمان نہیں

اوس پری کی خودنمائی کی ہی جسنی اختیار — کون انسان ہی جو مثل آئینہ حیران نہیں

پنجۂ مرجان ہی پنجہ پر کی گئی ہیں ہاتھ — لعل ہیں وہ لب نہیں موتی ہیں وہ دندان نہیں

بڑہان تک بی صدا ہین وہ رہی تاثیر ضعف — صورت تصویر کچھ تنہا مین ہی افغان نہیں

ق

کیا جوانان چمن ہیں پیش باغ حسن یار — شکل ہی یا پی سرو خوشبو سنبل ریحان نہیں

گو ہوا در زاد چشم نرگس بیمار ہے — گوش گل کس ہیں وہاں غنچہ میں دندان نہیں

بسکہ ہر لب پر ہی تیری مصحف عارض کا ذکر — ہند مین ہی کون ایسا جو حافظ قرآن نہیں

ای مسیحا تیری لب جانبخش کی جویا ہیں سب — کون ہی جسکو ہوای چشمہ حیوان نہیں

پیش رنگ لب نہیں کچھ منفعل لعل یمن — آب دندان سے خجل کب گوہر غلطان نہیں

سنبل تر ہی گل شاداب گو گھیری ہوی — گالون پر آشفتہ ای گل کاکل پیچان نہیں

پھرتی پھرتی رفتہ رفتہ ہو گیا دوران بسر — جب سی پہلو مین ہی وہ یوسف زندان نہیں

قطرہ ہی اشک تی شرمندہ ہین درثمین
ابر گوہر بار ہی کم دیدۂ گریان نہین

عقد پروین کا سر خورشید رخشان ہی مقام
تیری نورافشان جبین پر جلوۂ گرافشان نہین

آج تک رنگ مسی سی ہین لب گلرنگ سیاہ فام
لالہ زار حسن مین ایسا جان ناقربان نہین

صدقی ہی ابرو و مژگان پہ تیری عالم کا دل
کون ہی جو اس کمان و تیر پر قربان نہین

انتظار آئینہ رو مین بس نکلی ہی جان
قبر مین بھی بند اپنی دیدۂ حیران نہین

ای سحر ہی جہل ایمان الفت شاہ نجف
لائق تعذیر ہی جو اوس نام پر قربان نہین

دیکھون جو مہر عارض دلدار خواب مین
خورشید سی آنکھ کرون چار خواب مین

دیکھا جو دام کاکل خمدار خواب مین
دل ہو گیا بلا مین گرفتار خواب مین

دیکھا جو روی گیسوی دلدار خواب مین
کی چاندنی کی سیر شب تار خواب مین

گلبرگ تر پہ صاف رگ گل کا شک ہوا
کاکل جو دیکھی تیرے رخسار خواب مین

تعبیر ہی کہ بوسہ دندان ملی ضرور
آیا ہی ہاتھ گوہر شہوار خواب مین

کرتا ہون عرض مین جو کبھی وصل کا سوال
کہتا ہی مسکرا کی ستمگار خواب مین

اوس مہر وش کو خواب مین دیکہا ہی ہمکنار
شب بخت خفتہ ہو گئی بیدار خواب مین

ای چشم تار رونی کا ٹوٹی نہ عمر بھر
وہ رو گئی ہین موتیون کا ہار خواب مین

جاگی ہماری دیدۂ بیدار کی نصیب
عریان ہوا جو رات تن یار خواب مین

رہتی ہی سوتی مین بھی کہلی چشم منتظر
دل کو ہی بسکہ حسرت دیدار خواب مین

دکھلائی اگر لب یاقوت رنگ آپ
کوئی نہ لعل کا ہو خریدار خواب مین

نالون سی تو نہ فتنۂ خوابیدہ کو جگا
خاموش ای سحر کہ ہی دلدار خواب مین

چشم تر ہی رشک ابر نو بہاری اندنون
برق آسا دل ہی گرم بیقراری اندنون

پھر چمن آرا ہوئی فصل بہاری اندنون
پھر ہوئی سرسبز سرو جویباری اندنون

ہر طرف ہی جوشش ابر بہاری اندنون
ساقیا پھر آئی فصل میگساری اندنون

رات بھر پھر اوس گل خورشید رو کی یاد مین
صورت شبنم ہی جوشش اشکباری اندنون

نعل در آتش ہی ہر دم شوق مین قطبیان
شاید اونسی کان کی بجلی اوتاری اندنون

نامہ بر جا کر پھر آتا تک نہ کوئی یار سی
پھر گئی کیا ہا ہی پھر قسمت ہماری اندنون

یار کی فرقت مین پھر بیہوشیان ہونی لگا
پھر لگی ہونی غشی ہی مجھ پہ طاری اندنون

خاک اڑاتی پھرتی ہی صحرا مین مثل گردباد
عشق نی برباد کی مٹی ہماری اندنون

مین بھرنی کا نہین جوش جنون مین مثل بحر
لاکھہ پہنائی کوئی زنجیر بھاری اندنون

جانتی تھی جو وطلب صورت نہین پہچانتی
ہجر جانان مین یہ ہی خلوت ہماری اندنون

درد چھڑکا میکشون نی خرقہ سالوس پہ
کر کری شیخی ہوئی زاہد کی ساری اندنون

دوڑتی مین ہو ہو کر پیادہ ہر گل و سرو سوار
یار کی آئی چمن مین کر سواری اندنون

یاد دلواتا ہی وہ لطف گذشتہ وصل کا
ڈالکر باہین گلی مین پیاری پیاری اندنون

کیون مجھی چپ لگ گئی کھلتا نہین کیا بات ہی
کسکی باتین یاد آئین پیاری پیاری اندنون

انتظار سرو قد مین مثل نرگس ہی دُر
رہتی ہین ہر دم لگی آنکھین ہماری اندنون

کھٹکا رہتی خیال غمزۂ ابروی یار
پھر رہا ہی مین تازہ زخم کاری اندنون

[illegible] ہی دہان تنگ چشم مست کا
جوش پر ہی شورش فریاد و زاری اندنون

ساتھ اٹھتی ہی گرانی تن پہ فرط ضعف سی
زندگانی ہی تری عاشق پہ بھاری اندنون

عاشق آشفتہ سر کا ہی سراسیمہ مزاج
زلف مرغول اونہی پھر شاید سنواری اندنون

پھر گرا تیکا دل عشاق پر برق بلا
زیب دامن پھر لگی ہونی کناری اندنون

پھر لگاوٹ کہ کی اوسنی قتل کا سامان کیا
برچھی پھر ترچھی نگہ کی دل پہ ماری اندنون

یاد مین او مہوش کی اوڑ گئی انکھون سے نیند
رات بھر کرتا ہون مین اختر شماری اندنون

غیر نی اوس شوخ کی منہ سی لگا رکھی ہی حضور
خواب دل ہی پھر مری انکھون سی جاری اندنون

دین و دل صبر و خرد ہوش و حواس آرام و خواب
ہو گئی ہم سی جدا سب باری باری اندنون

شیخ صاحب بخت کی تاک جھانک اچھی نہین
دیکھ لی حضرت کی بھی پرہیزگاری اندنون

روی روشن مجھکو دکھلاتا نہین وہ رشک ماہ
اختر طالع نی کی ناسازگاری اندنون

ہجر کا دن ہی قیامت شام ہوتی ہی نہین
ای اجل جلد آ کہ ہون جینی سی عاری اندنون

مسی ہونٹون کا [illegible] شتاق اوس دلدار کی
گوہر دندان کی چمکی آبداری اندنون

ای سحر [illegible] بسکہ یاد قامت موزون یار
ہو چلی موزون طبیعت کچھ ہماری اندنون

اسیر زلف ہون غل حلقہ زنجیر کرتی ہین
بپا شور قیامت نالہ شبگیر کرتی ہین

نقاب منہ سی باہر چاند سی تصویر کرتی ہین
دل شب سی ہویدا مہر تنویر کرتی ہین

کھڑی ہو بام پر جب تماشا تو بھی آتی لیلی
تری مجنون کو لڑکی شہر کی تشہیر کرتی ہین

دل بیتاب عاشق کو جلا کر سیمبر بولا
ہم اس پارے کو اب خاکستر اکسیر کرتی ہین

تراش ناخن قاتل ہر اک تیغ ہلالی ہی
یہ ناقص ماہ کامل پر علم شمشیر کرتی ہین

پریخانہ بنا از مشق تصویر تصور سے
پری کو ہم فسون عشق سی تسخیر کرتی ہین

مری حالت پہ کیا ہاتہہ ہتکڑیان نہین ملتین
لہو آنکہون سی جاری حلقۂ زنجیر کرتی ہین

خم شمشیر ہی محراب کعبہ اونکی نظرون مین
دم تکبیر جو سجدہ تہ شمشیر کرتی ہین

اسی کہتی ہین تسلیم و رضا انصاف کر قاتل
قضا کا سامنا ہی اور تاخیر کرتی ہین

دہن سی پہول جہڑتی ہین جو گلگشت کو آتین
ہوا عنبر لیپ اوڑتی ہین جب تقریر کرتی ہین

نہ ہو نامی کا پڑہنا تا غبار خاطر نازک
خط اوس گل کو ہم [illegible] تحریر کرتی ہین

غرور حسن سے وہ بت خموش آئین تصویری
نہ تاب گفتگو مجہ مین نہ وہ تقریر کرتی ہین

حیا سے غمزہ آنکہ کی نگہ جلوہ گر ہین چشم گریان مین
سر مژگان تم کو نوک آتشگیر کرتی ہین

کیا ہی ہم نے اک بوسہ دہی رخسار رنگین کا
دیت دین خون ناحق کی نہین تاخیر کرتی ہین

شگفتہ غنچۂ دل ہوتی ہین ابرو کی غمزہ سے
یہ عقدی حل تمہاری ناخن تدبیر کرتی ہین

نگہ برچھی کہاتی ہی سر نظارہ ای قاتل
مقابل ابرو و مژگان کمان و تیر کرتی ہین

اسیری کی ز بس وادی وحشت مین منا ہی
رم ای صیاد کب تجہبی تری نخچیر کرتی ہین

غم الفت نہ سمجہو شیخ جی بازیچہ طفلان
فراق یار کی صدمی جوان کو پیر کرتی ہین

مریض چشم اون جادو نگاہون کا نہین بچتا
نہ افسون کارگر ہی نی عمل تاثیر کرتی ہین

تردد مین سحر کسکو دماغ شعر گوئی ہی
جو کچہہ کہتی ہین پاس خاطر تنویر کرتی ہین

عارض و زلف سیہ فام سی کچہہ کام نہین
راحت اب ہی سحر و شام سی کچہہ کام نہین

دل کو یاد بت خودکام سی کچہہ کام نہین
اب ہمین عشق بد انجام سی کچہہ کام نہین

دیکہہ اب سرو و صنوبر کو برائی تسکین
قامت یار دلارام سی کچہہ کام نہین

عنبر و مشک کی خوشبو سی کہون دلکو خوش
نکہت زلف سیہ فام سی کچہہ کام نہین

جان تک جاہی تو جای نکہرون بات کبہی
لب جانبخش دلارام سی کچہہ کام نہین

بیمروت کی ہین آنکہون سی مشابہ دونون
اسلئی نرگس و بادام سی کچہہ کام نہین

دشت پرخار مصیبت کی فضا بہتر ہی
چمن کوچہ گلفام سی کچہہ کام نہین

ان بتون کی لیی کیون کہیچی ایمان برباد
اب پرستاری اصنام سی کچہہ کام نہین

دلمین لاؤن نہ کسی بت کا تصور بخدا — اب مری کعبہ کو اصنام سی کچھہ کام نہین

بیوفا صحبت اغیار مین تو خرم ہی — یہان غم ہجر ہی آرام سی کچھہ کام نہین

ربط ہو غیر سی کس طرح نہ ہو ہمسی گریز — سچ ہی اب عاشق ناکام سی کچھہ کام نہین

ساقیا فصل بہار ہی ہی اور آغاز شباب — جام دی جام کہ انجام سی کچھہ کام نہین

اندنون پاس نہین جو وہ مہ خانہ فروز — سیر مہتاب و لب بام سی کچھہ کام نہین

دور ساغر می و محبوب ہی اور بزم طرب — گردش چرخ بد انجام سی کچھہ کام نہین

کور و کر طول جدائی نی کیا ای قاصد — اب غرض نامہ سی پیغام سی کچھہ کام نہین

دلمین یاد اوسکی ہی آنکھو مین تصویر اوسکا — شیشہ سی کام نہین جام سی کچھہ کام نہین

عشق اوس بت کا ہوا رہزن ایمان اپنا — دین ہی مطلب نہین اسلام سی کچھہ کام نہین

خال کاکل کی محبت سی چھٹا طائر دل — دانہ سی کام نہین دام سی کچھہ کام نہین

طائر رنگ حنا ہو نہین اسیر ای صیاد — فکر دانہ کی نہین دام سی کچھہ کام نہین

رند و میخوار مجھی کہتا ہی زاہد تو کیا — بات جب تک ہو تو الزام سی کچھہ کام نہین

تیری صحبت مین گذر ہوگا نہ کوچہ مین ترے — خاص سی کام نہین عام سی کچھہ کام نہین

پھر طواف در بت چاہیئے عریاں بدنی
ای جنون جامۂ احرام سے کچھ کام نہیں

کافر حسن ہوں میں اس بت ترسائی کا
جبل مراد یہ ہے اسلام سے کچھ کام نہیں

جی دیئے بیٹھے ہیں ہم اور تو بڑا کہتا ہے
باز آئی ترے انعام سے کچھ کام نہیں

فکر شہرت ہے نہ مطلق نہ تعلی سے غرض
ہوں نہیں گمنام سحر نام سے کچھ کام نہیں

بسا خیال رخ گلعذار آنکھوں میں
سحر مدام ہے جوش بہار آنکھوں میں

مدام نشہ سے ہے نو بہار آنکھوں میں
شراب جام میں ہے یا خمار آنکھوں میں

نہیں ہے خواب کی جا زینہار آنکھوں میں
بھرا ہے بسکہ ترا انتظار آنکھوں میں

نظر جدھر کو پھری پھر وہی نظر آئے
پھرا کرتی ہے تصویر یار آنکھوں میں

چرا لیا تری دزد حنائی دل کیسا
اڑا ہے لیگیا عیار چار آنکھوں میں

دل اہل درد کی لیتی ہوا و مگرتی ہو
نہ خاک ڈالیے صاحب ہنر آنکھوں میں

غبار خاطر مردم ہے خاکسار ترا
کھٹک رہا ہے جو مثل غبار آنکھوں میں

ہے دست مست میں تیغ سیاہ تاب کھنچی
نہیں ہے سرمۂ دنبالہ دار آنکھوں میں

شفق سحاب کی پہلو مین جلوہ آرا ہے | نہین ہین لخت جگر شکبار آنکھون مین
صفا تصور دندان نے اشک کو بخشی | ہی قطرہ قطرہ ڈر آبدار آنکھون مین
یہ ہولناک شب ہجر ہی معاذ اللہ | ق | کہ دخل خواب نہین زینہار آنکھون مین
فقط قلق لیی ہنین آب سرمہ مردم | کہ طفل اشک بہی ہین بیقرار آنکھون مین
تصور رخ و خط مین جو ہون سیر ستی | ہوئی بہار گل و سبزہ خار آنکھون مین
بھرا خیال ترا بسکہ شاہ کشور حسن | ق | کسیکی جا نہی زینہار آنکھون مین
بپا ہی آٹھ پہر شور دورباش ادب | کہ خواب تک نہین پاتا ہی بار آنکھون مین
خیال کاکل و رخ پھر رہا ہی پیش نظر | بھم ہی گردش لیل و نہار آنکھون مین
لیی ہون جیب مین دینار داغ دل کی نذر | گھر بھری ہین براے نثار آنکھون مین
پڑا ہی چشم مین رخسار آتشین کا جو عکس | بھم ہین ایک جگہہ نور و نار آنکھون مین
یہ کسکی چہرۂ گلرنگ کا تصور ہے | چمن چمن ہی شگفتہ بہار آنکھون مین
عقاب چشم کو تیری یہ ہی تجسس صید | کیا ہی مرغ نگہ تک شکار آنکھون مین
ہوا اشارۂ ابرو سی دل تہ شمشیر | نہ آنکھہ مار کی اب تیر مار آنکھون مین

سحر کنارسی اوٹھتا ہی جب وہ حسبِ دل
بھر آتی اشک ہین بی اختیار آنکھونمین

پاس وہ رشک آفتاب نہین — ساقیا خواہش شراب نہین
رخ پرنور پر نقاب نہین — جلوۂ برق ہی سحاب نہین
رنگ و بو مین خجل ہین گل تمسے — کب عرق روکش گلاب نہین
تیری چہرہ سی کیا مقابل ہون — مہر و مہ مین یہ آب و تاب نہین
ناتوانی سی لڑکھڑاتا ہون — محتسب نشۂ شراب نہین
دل جلاتا ہی آب آتش رنگ — می سی بیوجہ اجتناب نہین
چاند پر چھا گیا ہی ابر تنک — رخ روشن تہ نقاب نہین
بل کوئی دی رہا ہی کاکل کو — دل کو بیوجہ پیچ و تاب نہین
چھا گیا ہی خیال زلف ایسا — شب بھر آنکھونمین دخل خواب نہین
وصل کی شب جو غور سی دیکھا — ق — مانع گفتگو حجاب نہین
باعث تنگی دہن سر مو — دخل گنجائش جواب نہین

بحث کرتا ہے منطقی کا نطق | کب تری بات کا جواب نہین

یا وہ گو ہرزہ گو و دیوانہ | خط مین کیا کیا مری خطاب نہین

پیر چھوڑین سیاہ کاری کو | اس سی بہتر کوئی خضاب نہین

خواب و بیداری مین ہے خواب و خیال | ہوش و عقل و توان و تاب نہین

اوسکی دندان صاف کی آگے | آبروی دُرِ خوشاب نہین

کم ہوا داغ عشق پیری مین | دھوپ پھیلی ہی آفتاب نہین

رنگ لب اور فروغ دندان سے | در و مرجان مین آب و تاب نہین

ق

زلف پر چین یار کی آگے | ہو مقابل کسیکی تاب نہین

بو کہان سنبل و بنفشہ مین | مشک و عنبر مین پیچ و تاب نہین

داغ دل چاک جیب کی ہی قریب | صبح سی دور آفتاب نہین

تیرا ایجان ہی بلا گردان | چرخ گردش مین بیحساب نہین

ساری مضمون ہین ای سحر چیدہ
کون سا شعر انتخاب نہین

انسان کا دخل کیا کہ پرندہ کا گذر نہین ‏ خلد برین ہی کم ترا ای حور گھر نہین

کس رات سیل اشک روان تا کمر نہین ‏ کب چشمہ سوتی جاگتی ہر چشم تر نہین

لاغر ہون سوز آہ مین ہر گز اثر نہین ‏ یہ نخل خشک لائق برگ و ثمر نہین

بی فکر ہین نہین ہون شبستان دہر مین ‏ افسر بسان شمع جو پاتا سر نہین

قاتل کی پیش چشم ہوا محو داغ دل ‏ چلتی ہین تیر دستہ مژگان سپر نہین

تو آسمان حسن ہی چہرہ ہی آفتاب ‏ تار شعاع مہر ہی موی کمر نہین

پڑتا ہی عکس آتش رخ کا دم خرام ‏ ہو پیچ و تاب مین موی کمر نہین

اللہ ری تجلی رخسار آتشین ‏ بجلی تڑپ رہی ہی وہ رخ جلوہ گر نہین

روشن برنگ لالہ ہی ایمن ہی صحن باغ ‏ کم آج نخل طور سی کوئی شجر نہین

صبح شب وصال قیامت بپا ہوی ‏ ہی شور حشر نالہ مرغ سحر نہین

ہی جلوہ گر حمائل جوزا مین ماہ نو ‏ تیغ ہلالی آپ کی زیب کمر نہین

ثابت ہی جرم ماہ پہ سیارونکی چمک ‏ قطری عرق کی چہرہ دلدار پر نہین

فقدان جسم ہی صفت واجب الوجود ‏ حیران ہون کیون بتونکی دہان و کمر نہین

طی دیکھیں کسطرح سے ممالک عدم کے آہ
بے زاد و راحلہ ہوں کوئی ہمسفر نہیں

سرگشتہ رشک چرخ وہ گردش نصیب ہوں
پانو نہیں چکر اب ہے جو دوران سر نہیں

اے سرو لالہ رو عرق شرم سے ہے تر
شبنم کا چہرۂ گل تر پہ اثر نہیں

اوس شمع رو کے آفتاب چہرے کا عکس ہے
آئینۂ فلک میں نمایاں قمر نہیں

پہلو سے آفتاب میں پروین ہے جلوہ گر
اوس شاہ کی کانوں میں عقد گہر نہیں

اللہ کسقدر شب ہجران سیاہ ہے
تارا تک آسمان پہ کوئی جلوہ گر نہیں

زلف دراز سے ہے مطول شب فراق
مانند خال کنج دہن مختصر نہیں

جلتی ہیں جلوۂ در دندان یار سے
ہیں آبلے یہ دلمیں صدف کے گہر نہیں

جاری ہیں اشک داغ ہیں سینہ کے مشتعل
بارش سے آتش گل تر کو ضرر نہیں

تریاک خال ہے لب جانبخش یار کا
اب ہے مار زلف سے خوف ضرر نہیں

آتا ہیں اوڑ کے صورت پروانہ شمع رو
پر کیا کروں کہ ہائے ہے بال و پر نہیں

ق

ان شاعرونکے دیدۂ انصاف کور ہیں
کچھ اپنی حسن و قبح پہ انکو نظر نہیں

نرگس کو چشم یار سے تشبیہ دیتے ہیں
ابرو نہیں مژہ نہیں نور بصر نہیں

صبح وطن ہی شام غریبان سی بفروغ
وہ مہروش جو پیش نظر ای سحر نہین

رخت عریانی ہی کافی بار کی حاجت نہین
جسم و سر کو جبّہ و دستار کی حاجت نہین

رشتۂ جان جہان حاضر ہی بہر بیت دوش
ای بت ترسا تجھی زنار کی حاجت نہین

شوق ہی گردن کو مالی کا سفر ہی تیری
ای ستمگر موتیون کی ہار کی حاجت نہین

وہ مسلمان ہون نہین رشتہ جسکو کفر سی
اشک کی تسبیح کو زنار کی حاجت نہین

اپنی گھر مین ہی مجھی پیکان سان جاکر مدام
وحشت کی خواہش نہین کہسار کی حاجت نہین

جنبش مژگان و ابرو سی وہ کرتا ہی شہید
تیر کی حاجت نہین تلوار کی حاجت نہین

خوروش آگی تری مائل ہی پریکیت ہو دل
نور کی مشتاق ہم ہین نار کی حاجت نہین

وصل کی شب مین نہ پوچھو کیا ہی میری آرزو
راز دل ظاہر ہی کچھہ اظہار کی حاجت نہین

سینہ کوبی کی صدا یہان نغمۂ داؤدی ہی
چنگ و بربط رود و موسیقار کی حاجت نہین

نام زر سی چاہیی نفرت ہی اہل درد کو
یہان دوا مین شربت دینار کی حاجت نہین

وصل ہوتا ہی میسر ورنہ ہوتا ہی محال
گو نہ آتی تری بیمار کی حاجت نہین

گو بہر مضمون سبھی ہے دیوان مرصع اے سحر
جدول آب زر و زر نگار کی حاجت نہیں

نہا کر گر نکلتے ہین الف بہ پہ چین یار دریا مین
کہ ہی ہر موج پیدا پیچ و تاب طرۂ دریا مین

نہ ہی گر لالہ سا عکس گل رخسار دریا مین
تو ہو ہر موج شاخ گل کہلی گلزار دریا مین

قدم نا آشنا بحر محبت مین نہین دہرتے
گذر تیرا کو ہوتا نہین دشوار دریا مین

عناصر ہو گئی ہین مستحیل اشک کے دم سے
خبر نا آشنا کی ڈوبتا ہون چار دریا مین

لگی پانی مین آگ اک دود مع بحر سی اوٹہی
شرر افشان اگر ہو آہ آتشبار دریا مین

نہانی کو جو آتی ہی وہ مہ ہین آدہ کافر
بنی ہر موج وشن آب پر زنار دریا مین

جگر خون کر دیا اہی کف دست حنائی نی
ہمیشہ پنجۂ مرجان ہی کہاتا خار دریا مین

ہوا ہی برج آبی کوکب سیار کا مسکن
شنا کرتا نہین وہ مشتری رخسار دریا مین

بہار افزا ہی سیل اشک ہے بخت دل سوزان
چراغان کا تماشا دیکہہ لی ہی یار دریا مین

حنائی ہاتہہ ملکر دہو گئی گر وہ چاند سا مکہڑا
حباب انکا ہی ہون طشت مرغ آتش خوار دریا مین

تصور آیا کشتی مین اگر ابروی قاتل کا
مری آنکہون کی آگی پہر گئی تلوار دریا مین

گذرنا بحرِ الفت سے سلامت غیر ممکن ہے
پل و کشتی نہیں جز تیغ اس خونخوار دریا میں

گہر ہو پانی پانی گر پڑے ہے عکس دندان
صدف کی سرد کر دے گرمی بازار دریا میں

رکا ہے چشم کی پردے سے طوفان اشک جوشاں کا
سوا اسکے عجب کیا ہے کہ ہو دیوار دریا میں

اگر کشتی پہ دی حیرت افزا سے جو اٹھی موج
ہو مثل آئینہ ساکت یکبار دریا میں

طلسم تازہ و تر جوش طوفان جا و کھلادے
ہر اک موج آبگینی کی بنی دیوار دریا میں

کرے ہے عقل و بے تمیز قدر اہل جوہر کیا
کریں کیا مردم آبی در شہوار دریا میں

ستم آباد دنیا کب ہے جائے امن و آسایش
ہے قعر آب تا ماہی کو خوف خار دریا میں

ضرر ثابت قدم کو کیا زمانہ کی دورنگی سے
کہ زنگ آلودہ کب ہو تیغ کہسار دریا میں

گران تر ہو تیمو نسے قطرہ می کردیے آسی
الٰہی ڈوب جاوے شعلۂ خمار دریا میں

تلف اک اشک جوشاں سے ہے کشت چرخ اخضر کیا
ہوا آخر سن مہ غرق خس خار دریا میں

توکل جب ہو کامل گوہر مقصود ہاتھ آوے
صدف پاتی قناعت سے در شہوار دریا میں

سبکروحی سے لے نسان ساحل راحت تلک پہنچے
شناور غرق ہو پیری جو لیکے بار دریا میں

حباب آسا اگر کھولے کوئی چشم بصیرت کو
نہیں اک موج کا زاید و بیکار دریا میں

رقم صناع یکتائی کیا ہی نوک صنعت | لکھا ہی کلک قدرت نی عجب طومار دریائین

چڑھی ہین ہم ازل سی ساقی کوثر کی بیڑی پر
نہ ڈوبین گی سحر کشتی نہین درکار دریائین

ابرو ہی کاکل سیاہ نہین | برق ہی جلوہ نگاہ نہین

ہی وہ بدعہد اشتباہ نہین | صبح ہان ہی تو شامگاہ نہین

پاس وہ رشک مہر و ماہ نہین | کون دن مثل شب سیاہ نہین

خلد مین ہین شراب کی نہرین | زاہدا میکشی گناہ نہین

رخ پہ ہی مثل شمع جلوہ نور | پردہ کچھ مانع نگاہ نہین

بدر پہ ہی ہلال جلوہ نما | سر پہ کج گوشۂ کلاہ نہین

لب جانبخش پر تری ساقی | خضر خط کو ہنوز راہ نہین

جان جاتی ہی وہ نہین آتے | جھوٹ ہی دل کو دل سی راہ نہین

ق

ایک عیار ہی تو عہد شکن | قول و اقرار پر نگاہ نہین

سب ہی ہیہات ہان لا و نعم | ہان ہو تیری زبان پہ خواہ نہین

کاٹ مین تیغ مغربی ای یار — ہمسر خنجر نگاه نہین

الف قد یار کا ہی خیال — بی سبب شغل مشق آه نہین

تیر خاکی ہین سرمہ سا مژگان — آنکھون و دشنہ ہوا نگاه نہین

پھونکی دیتا ہی سوز فرقت یار — بی سبب جا لی دل تباه نہین

ہین نظر مین شرارہ تابہ گرم — ہجر کی شب نجوم و ماه نہین

کیون نہ یاد آئی صحبت شب و روز — اب ملاقات سال و ماه نہین

خود فروشی پہ یار مائل ہی — ہمکو ہیہات دستگاه نہین

سحر اوس مہروش کی فرقت مین
صبح کب مثل شب سیاه نہین

ناصحو ہجر مین راحت کا سرانجام کہان — تمکو آرام مبارک ہمین آرام کہان

ہجر ساقی مین مسرت کا سرانجام کہان — مین کہان بادہ کہان شیشہ کہان جام کہان

نئی احباب کی صحبت ہو مبارک تجکو — اب مرا دھیان بہلا ہی خیر و کام کہان

محو یاد رخ و کاکل ہون نہین مجکو خبر — دن کہان رات کہان صبح کہان شام کہان

یارب عیش منغص ہی رہی جو عیش شب ۔۔۔ چین آرام کہاں عاشق ناکام کہاں
رشک سے تن ہی نیا کی مری چھپ گئی ۔۔۔ اب شب ماہ میں ہی سیر لب بام کہاں
کب بھلا ہاتھ محبت میں بتان تک لایا ۔۔۔ سیر ہی جان آ کے یا ہی کیا بدنام کہاں

جلوہ ان کی یاد رخ و زلف صنم کی آخر
اب نہ ماہ کی سحر ہے کہاں شام کہاں

ہیہات نہ ہو جو بت مغرور بغل میں ۔۔۔ صد مو سے ہی ہے شیشہ دل چور بغل میں
عارض کی نہ نیزہ جو طرف لف سیہ فام ۔۔۔ اک چاند لی ہی شب دیجور بغل میں
تصویر ہی لیے شب کو شعلی کی حائل ۔۔۔ مثل کف موسی ہی عیان نور بغل میں
چھپا ہی تیری داغ کت لیے دوزخ سینہ ۔۔۔ دل ہی صفت خانہ زنبور بغل میں
پوشیدہ ہی واعظ کی بغل میں کتب وعظ ۔۔۔ یان شیشہ می ہتا ہی مستور بغل میں
چھوڑے گی بھلا ہم سی کہاں حسن پرستی ۔۔۔ فردوس میں بھی ہوگی کوئی حور بغل میں

یارب کہیں احباب پس مرگ سمجھ کو
فردوس میں بیٹھا ہی لیے حور بغل میں

کبک کو شوخی رفتار تری یاد نہین
ہمسر قامت رعنا کوئی شمشاد نہین

خود فراموشی مین بیہوشی مین ہی فرقت مین تری
جان اپنی ہمین اپنا جہان یاد نہین

میری قاتل کو بتا دی کوئی انداز جفا
ابھی کم سن ہی وہ اوسی طرز ستم یاد نہین

او ستمگار کری دل مین اگر تو انصاف
قابل رحم ہمین لائق بیداد نہین

قمریان چار طرف پھرتی ہین کوکو کرتی
باغ مین آج جو وہ غیرت شمشاد نہین

صفحۂ دل پہ دکھاتا تری تصویر نگار
مگر افسوس ہی مانی نہین بہزاد نہین

ای سحر کوچۂ کاکل مین ہی یا اور کہین
دل کہان بھول کی آیا ہو نہین کچھ یاد نہین

دل فرط اضطراب مین بسمل سی کم نہین
نالہ کشی مین لاکھہ عنادل سی کم نہین

تلخی نزع ہجر مین ہی شربت حیات
آب حیات مجکو ہلاہل سی کم نہین

تربت مین بعد مرگ اسی سی ہی روشنی
داغ جگر مرا مہ کامل سی کم نہین

ہاروت وار اسمین مقید ہین دل ہزار
چاہ ذقن ترا چہ بابل سی کم نہین

کہتی ہین لوگ میری تڑپنی کو دیکھکر
یہ بیقرار طائر بسمل سی کم نہین

آنکھین اگر ہین غیرت عمان فراق مین
خشکی مین لب مری لب ساحل سی کم نہین

ابرو ہی کج سوا ہین مہ نو سی حسن مین
رخسار نازنین مہ کامل سی کم نہین

عشاق مر گئی ہین لہو تھوک تھوک کر
اوس بت کا عشق بھی مرض سل سی کم نہین

لبہای یار زندگی ہی سوا مجکو موت سی
آب حیات زہر ہلاہل سی کم نہین

عاشق ہی ایک سرو گلستان حسن کا
نالہ سحر کا شور عنادل سی کم نہین

صبح کی تارے گلوی پر ضیا کی خال ہین
چاند کی ٹکری تمہاری کھڑی ہی گال ہین

ہی ثمر سبزہ پہ یہ نخچہ دونون لال ہین
ریختین دانتونمین نہین در نجف مین بال ہین

بارش خون ہی بر مژگان سی آنکھین لال ہین
خس مین انگارہی نہان ہین قفس مین لال ہین

چھوٹنا مشکل ہی قید الفت صیاد سی
ایک مرغ دل ہی اور زلفونکی دوہر جال ہین

آستین یار بھر اشک شوئی تو نہین
آنسوونسی بھیگتی رومال پر رومال ہین

روندتا ہی گل حسینونکی بھی مہ سرو روان
غنچہ و گل سبزہ بیگانہ سان پامال ہین

بھنکھ لیتی ہی کیون مرغ دل مرا پھنسی
دانہ ہی تل کا تل آنکھونکی ڈوری جال ہین

پیچ و تاب عشق کاکل کی اٹھاتے ہین یہان
آستین مین ہاتھ پاتی قلم مین پالی ہین

ہر شب اپنی طلعت زیبا دکھاتا ہی تو
اندنون ممنون مین کوکب اقبال ہین

چار سو سی ہی سحر کالی بلا کا سامنا
مبتلای عشق زلف چشم و خط و خال ہین

جہان نقشہ ترا ہم ای پری پیدا کرتی ہین
بنای خانہ ارژنگ برباد کرتی ہین

جو دلمین ہم خیال قامت آزاد کرتی ہین
ہزارون سرو اوسکی راہ مین آزاد کرتی ہین

غزالان ختن گرد آکی اپنی جمع ہوتی ہین
جو یاد چشم مین ہم نالہ و فریاد کرتی ہین

وطن چھوڑا بسایا دشت غربت آپکی خاطر
اب آگی حضرت ادریس کیا ارشاد کرتی ہین

نہین سہا یہ سختی بھی اپنی ہمین پیار فرقت کے
طلب کم حوصلہ ہم نہین امداد کرتی ہین

جو معنی ہم مراد رہین مطلب کو پہونچتی ہین
وہ تیری بیت ابرو پر ہمیشہ صاد کرتی ہین

یہ دیکھو خوبی قسمت عجب الٹا زمانہ ہی
دیا دل تک جنھین وہ ہی ہمین برباد کرتی ہین

ہی مملو صفحہ دل مشق تصویر تصور سے
پری خانہ نیا سینہ مین ہم ایجاد کرتی ہین

نہ کاٹے ای باغبان قمع سبزۂ خوابیدہ گلشن
کسی پر موسم گل مین نہین بیداد کرتی ہین

تصور میں سراپا کی بلائیں تیری لیتی ہیں
اسی صورت دل ناشاد کو ہم شاد کرتی ہیں

سحر ہم جنکی خاطر رات بھر سوتی نہیں ہی بھی
غضب ہی خواب میں ہمکو نہیں وہ یاد کرتی ہیں

منہ تیری طرف او بت ترسا نکروں نہیں
کعبہ ترا کوچہ ہو تو سجدا نکروں نہیں

سودائی بھی ہو جاؤں تو زنجیر سی الجھون
زلفوں ہی سی تری سلسلہ پیدا نکروں نہیں

گر دم بھی نکلتا ہی تو ای رشک مسیحا
احسان تری ہونٹوں کا گوارا نکروں نہیں

منہ خواب میں بھی تیری طرف کرکی نہ سوؤن
دھوکی بھی تری در پہ گذارا نکروں نہیں

تو آنکھ اٹھانی پہ رہی جان کرائی
وہ آنکھ چراؤں کہ اشارا نکروں نہیں

آنکھوں سی تری ای گل تر ہو جو مشابہ
نرگس کیطرف باغ میں دیکھا نکروں نہیں

گر آپ مسیحا ہیں تو پروا نہیں مجھکو
مرجاؤں تو مرجاؤں پہ دوا نکروں نہیں

گر ہجر کی غم میں ہو تن و جان کی جدائی
ملنی کی کبھی تجھسی تمنا نکروں نہیں

دل نیش پہ عقرب کی رکھوں ہی یہ گوارا
مژگان کا تصور کبھی بھلا نکروں نہیں

منصور صفت دار پہ چڑھنا ہی گوارا
نظارۂ سرو قد رعنا نکروں نہیں

یہان بل ہی بکتی کا سحر گر نہی کج خلق
ٹیڑہا ہوین جب تک اوسی سیدہا نکرو نہین

جیمین ہی تہ کہ ظاہر کی ملاقات کرین — آئی دم ہو نہ بہ تجہسی نہ کبہی بات کرین

کر گئی کوچ وہ دن اب ہمین گالی دو — بہر اغیار روان آپ سی سوغات کرین

کعبہ گر ہو ترا کوچہ نہ کرین ہم سجدہ — بت پرستی مین کبہی صرف نہ اوقات کرین

رہتی باز سبہی کین ہم بہی کنارہ کجرو — اتنے ہی طرح کوئی بات نہ بی گہات کرین

جام جم کاسہ دریوزہ سی مانگین کبہی — بادشاہی کبہی تیری گدا بات کرین

سنتی ہین یار یہی مہمان کہین مسایہ ہین — دل ہی بیتاب کہ کس طرح ملاقات کرین

ای سحر جب وہ ہین یار ہی ثابت نکیا
کونسی بات یہ ہم فخر و مباہات کرین

ہوتی ہی صبح رات ابہی جبین نہین — اب تک نہین کم آگہی ہوتی ہمین نہین

خاتم کی قدر دیکہہ لو کچہہ بن نگین نہین — کیا زیب اوس مکان کا جسمین مکین نہین

کہتی ہین لاکہہ ترک محبت کیو اسطی — کیا کہی اپنی دل کو کہ انجام بین نہین

ہمسے اونہین وفا کا یقین ہی گمان نہین
اونسے وفا کا ہمکو گمان ہی یقین نہین

کھچ جاتی ہی تیغ رقیبون کی جب یہ چہتا ہو شکن
تیوری چڑہا کی کہتی ہین مجہسی کہین نہین

کہنا مرا کہ مجکو صنم بھول جاؤگی
اونکا جواب ہین مری کہنا نہین نہین

ان دونون باتونمین جو ملا ہی سحر کو لطف
تا حشر بھولنی کا وہ ای نازنین نہین

حال دل کسی سی کہین ہم یہ تاب آتی نہین
ہی جہان دشمن کسیکو مہربان پاتی نہین

ہجر مین کیا پیچ و تاب دل سی گہبراتی نہین
کونسی شب گیسوی شبرنگ یاد آتی نہین

یہ ہمارا ہی کلیجہ ای بتان سنگدل
جان جاتی ہی شکایت تا بلب لاتی نہین

بیمروت ایکبھی وعدہ نہین ہوتا وفا
واہ دیدی کی صفائی آپ شرماتی نہین

مین جو کہتا ہون کہ مرجاؤنگا تو کہتا ہی یار
کسکو ہی پروا یہان کیون آپ مر جاتی نہین

کیا کہون مین کسقدر پیاسی ہین یہ نکلی جو
باقی ہین تلوار اگر وہ تو مجہی باقی نہین

لاکہ سمجہاتی ہین اونکو شیوہ و طرز وفا
ای سحر وہ حرکتون سی اپنی باز آتی نہین

خوشنما ہی چین تیغ ابروی خمدار کو | ورنہ بل بیکار کر دیتا ہی ہر تلوار کو

گر دکھاوی قاتل اپنی ابروی خمدار کو | کوڑیون کی مول بیچی کوئی تلوار کو

موذیون کی پرورش لازم ہی اہل آزار کو | نیش عقرب کو فلک دیتا ہی دندان مار کو

اشکباری کی اجازت دو جو چشم زار کو | پانی سی کر ڈالی پتلا ابر دریا بار کو

پیچ سکھلانی لگی مشاطہ زلف یار کو | ورنہ کرتی ہین فسونگر رام قلب مار کو

زیب ہی افراط موسی ابروی خمدار کو | عین جوہر بال ہین قاتل تری تلوار کو

ای بت ترسا دکھا دی چاند سی رخسار کو | آنکھین مت ترسی ستی ہین تیری دیدار کو

شوق کچھ ایذا رسانی سی ہی اہل آزار کو | ورنہ کیا ہوتا ہی حاصل ہر نفی سی مار کو

بوسۂ عناب لب ہی تشنۂ دیدار کو | کیا دوا دیتی نہین اس ملک مین بیمار کو

دی لب شیرین کا بوسہ تشنۂ دیدار کو | شربت اکثر ہین پلاتی مرتی دم بیمار کو

زہر گیسو نی دیا ڈرہا ہی گوش یار کو | سانپ کا چھلا بنایا مہرہ ہی مار کو

سرمۂ دنبالہ دار انسب ہی چشم یار کو | تکیہ ہوتا ہی عصا ہر مردم بیمار کو

دی گرہ مشاطہ نی موہای زلف یار کو | کھلگیا عقدہ کہ تہا درکار پیچہ یار کو

دیکھنا تاثیر جادو کی نگاہ یار کو
ناز کی چتون سکھائی روزن دیوار کو

باغ میں دکھلا کی ریحان خط رخسار کو
یک قلم کر دو شکستہ سبزۂ گلزار کو

کسنے دم بازی سکھائی اوس بت خونخوار کو
چٹکیوں میں ہی اڑاتا عاشقان زار کو

سرمہ نے بران کیا تیغ نگاہ یار کو
عین جوہر بنگیا ہی رنگ اس تلوار کو

لب پہ کہہ شیرین ادا لبہای شکربار کو
تلخ شہد زندگی ہی تشنۂ دیدار کو

ہجر میں کیا لطف عشرت مجلس چشم یار کو
تلخ پی می زندگی ہوتی ہی ہر میخوار کو

ہی کدورت بدنما اہل ہنر کیواسطے
چاہیی آئینہ سان دل صاف جوہر دار کو

نرگس و سنبل بلا گردان ہین چشم و زلف کے
ناروان کو قد پہ واروں چہرۂ گلنار کو

کسنے سکھلائی شرارت گرمی شوخی بجلی کے
تیری چتون کو ہنسی کی بات کو رفتار کو

خواب میں بھی شکل دکھلاتا نہیں تو سیف امر
طالع خفتہ ملی ہین دیدۂ بیدار کو

کیوں نہ مسی سی ہی قاتل تری دندان آبدار
ملگیا ہیرا کسیس اس تیغ جوہر دار کو

حرص افزونی مال و صدقہ سیم و ال
سلطنت میں بھی نہیں آرام دنیادار کو

تو مری افتادگی پر جا نہ ای زبان یار
پھاند جاؤں سایہ سان میں تو در و دیوار کو

ناتوانی سی گران ہی جامۂ ہستی مجھی
بار ہی اُس تار سر کو کیا کرون دستار کو

مثل تصویر آشنا کب ہی پلک سی یان پلک
آئینہ رو دیکھ مشتاق حسرت دیدار کو

مجھسی بولو یا نہ بولو پاس آو یا نہ آو
پر لگاؤ منہ نہ اتنا کر دو دو اغیار کو

خط کی آتی ہی چھٹی زلف سیہ رہزنی
کر دیا اندھا زمرد کی چمک نے مار کو

یاد ابرو مین ہو گئی غالب خیال زلف پر
دیکھ بچھو نی سر میدان بھگایا مار کو

ماہتابی پر رہا گرم تماشا شب وہ ماہ
پھلجھڑی سمجھا ہمارے آہ آتشبار کو

آفتاب برج خوبی وہ سپہر حسن ہی
طرہ سورج کی کرن کا چاہیی دستار کو

طور سمجھی ہین بلندی کو جو بام یار کی
وہ تجلی جانتی ہین جلوۂ دیدار کو

ایکدن ویران نہین ہنی کا صحرای جنون
حق رکھی آباد دائم عشق کی سرکار کو

بت پرستی ہی شعار کفر شک اسمین نہین
دخل کیا امر بدیہی مین بھلا انکار کو

دیکھ تسبیح سلیمانی تو یہ عقدہ کھلے
بیش دانا ہی علاقہ سنگ سی زنار کو

ایک ہی سفاک قاتل ہاتھ منہ ہوتا نہین
کر نہ لی جو سنگ جب تک صبحدم دیوار کو

سرفرازی کا ہی تمغا افسر داغ جنون
رخت عریانی ہی خلعت عاشق نادار کو

ای سحر مشہور ہی تو عبد شاہ بت شکن
توڑتا پھر کیون نہین اپنی بتِ پندار کو

سحر غرض ہی بتِ رشک ماہ سی ہمکو
نہی گی پھر نہ ملاقات سید ہی بات ہی

محال خاک سی اوٹھنا ہی نقش پا کیطرح
نہ روز ہجر کنارِ شیِ آسمان کو خضاب

وہ رند ہین کہ لیا کار خضر شیطان سی
کہان سی لاؤ گی پھر اپنا دیکھنی والا

وفا کرو نہ کرو ہم نہ تمکو چھوڑینگی
خدا نی اپنی کریمی کی شان دکھلا دی

فقیر سی نہ علاقہ نہ شاہ سی ہمکو
نہ دیکھنا کبھی ٹیڑھی نگاہ سی ہمکو

گرا یا یار نی ایسا نگاہ سی ہمکو
گلا یہ ہی اثرِ دودِ آہ سی ہمکو

ملا طریقۂ توبہ گناہ سی ہمکو
لگا وہ برچھی نہ ترچھی نگاہ سی ہمکو

ہین وضعدار ہی مطلب نباہ سی ہمکو
جو انفعال ہوا کچھہ گناہ سی ہمکو

یہ آرزو ہی سحر یار بیٹھکر سر راہ
بلا لی غیر ہی کی اشتباہ سی ہمکو

کرون سحر اگر مین صفتِ قدِ سروِ بالا کو
تراشون یکقلم پھر قلم ہر شاخ طوبا کو

دکھا دی گر وہ نور حسن رخسار مصطفا کو — نہ دیکھی طور پر موسی کبھی برق تجلا کو

دکھا دی ہے وہی انور دیدہ مشتاق شیدا کو — بنا دے مثل نی موسی ہر اک محو تجلا کو

خیال بوسہ وقت نزع ہے بیمار شیدا کو — لب جاں بخش سے کر زندہ اعجاز مسیحا کو

غلام بندہ کردیتا ہے عشق پاک مولا کو — نہ ہو باور تو سن لے حال محو و زلیخا کو

تری نازکدلی کا پاس آتا ہے مجھے ورنہ — ہلا دوں نالہ دل سے ابھی عرش معلی کو

ہوا جب عشق یکساں ہے تو انکا ذکر کیا ناحق — سلام اب ہے ہمارا مسجد و دیر و کلیسا کو

بھرا ہے جوش الفت ایک بحر حسن کا دل میں — کیا ہے بند میں نے دیکھنا کوزہ میں دریا کو

پریوش نے جو پہنی موتیوں کی جھالی کانوں میں — مقابل بدر کے دکھلا دیا عقد ثریا کو

نہ دیکھیگا کبھی جنت میں وہ رخسار حوروں کے — ہر اک پیرو جسے دیکھا ہے تیرے رنگ کف پا کو

چڑھی ہے بعد مدت تاک پر دخت رز مستوں کے — خلل ڈالو نہ صحبت میں نہ چھیڑو کوئی مینا کو

جہانمیں کسکی ہاتھ آتی ہے جنت آب ذوق دیکھے — ید بیضا دیا حق نے جلا کر دست موسی کو

نظر میں قمریوں کی سرو گلشن خار ہو جائیں — خراماں باغ میں دیکھیں جو اوس شمشاد رعنا کو

زبس خورشید رو ہے یار ہے پیش نظر ہردم — کیا ہے روز محشر ہجر کی شبہاے یلدا کو

ترا روی کتابی صفحۂ مصحف نظر آیا | دہن کو جزم سمجھاین تو مد ابروئی بیا کو

سحر کیا نیک و بد مین کو باطن کو تفاوت ہو
نہو معلوم روز و شب مین اصلا فرق اعمی کو

انس ہی وہ شعلہ وش ہی اس دل بیتاب کو | عشق نی قائم کیا ہی آگ پر سیماب کو
اشک نی بیقدر کر ڈالا در خوشاب کو | منفعل دل کی طپش نی کر دیا سیماب کو
گورا گورا جسم رشک مخمل کاشان تھا | منفعل کر دی سمور و قاقم و سنجاب کو
سیجا بانہ اگر وہ رشک مہ استادہ ہو | زرد کر دی ہو بہ صورت رخ مہتاب کو
نرگس چشم خمار آلود کو دیکھہ یار کی | نیند گہیری چشمہا نرگس بیخواب کو
سر جھکا دیتی ہین سجدی مین ہین جو نیتاک (؟) | دیکھتی ہین جب خم ابرو کی ہم محراب کو
باز آتی ہین عقاب چشم خونریز سی کب | کھینچتی ہین چشم دریا بار سی سرخاب کو
دیکھنی والی جو ہین گلزار حسن یار کی | زرد بتلا جانتی ہین مہر عالمتاب کو
صورت بیخوابی دلبر ہی جسی پیش چشم | خواب مین دیکھا نہین آنکھون نی روئی خواب کو

کس مزی سی پی لیا مانند فرہاد ای سحر

آب شیرین سمجھی تیغ یار کی آب کو

آب رواں ہو باغ ہو جام شراب ہو
ساقی ہو چنگ و نی ہو شب ماہتاب ہو

گر اوس پی کی ہاتھ مین جام شراب ہو
کیا رشک سی کباب دل آفتاب ہو

وہ رشک مہر بام پہ گر بی نقاب ہو
غیرت سی صبح زرد رخ آفتاب ہو

وہ رشک مہر صبح اگر بی حجاب ہو
تو آفتاب رشک گل آفتاب ہو

تحریر شوق وصل کو نامی مین دون جو طول
مکتوب اشتیاق کی مجلد کتاب ہو

گر خواب مین بھی وصل میسر ہو یار کا
سختی شب فراق کی آرام خواب ہو

ہی بادہ خوار غیر وہ بین وہ شمع بزم حسن
دل کیون نہ جل کی آتش غم سی کباب ہو

دیکھون جو دست غیر مین زلف تابدار
آشفتگی سی دلکو نکیون پیچ و تاب ہو

اک آگ سی لگائی ہی سینہ مین عشق نی
سیماب وار دلکو نکیون اضطراب ہو

ایجاد طرفہ ناز کیا ہی یہ شوخ نی
بگڑی کسی سی کام مجھی پر عتاب ہو

کیا نازکی ہی اوٹھہ نہ سکی دست یار سی
ساغر اگر حباب ہو شبنم شراب ہو

وہ رشک مہ نہائی جو دریا مین آن کر
ہر موج کہکشان ہو ستارا حباب ہو

بیگانہ اک جہان سے اسی نے ہمین کیا
ای سیل اشک تھمکی نکل چشم زار سے
آنکھیں ہین بند منہ نہ کھلا [illegible] لبین

پروردگار خانہ الفت خراب ہو
ایسا نہو کہ خانہ مردم خراب ہو
کیا لطف وصل مین ہی عجب ایسا حجاب ہو

دنیا کا عیش پھر بھی میسر ہوا سحر
سن شباب پر نہ کبھی دستیاب ہو

زلف دلدار مین ہے مشک ختن کی خوشبو
غیرت عطر ہی اس مست کی تن کی خوشبو
کاکل مشک فشان آئی جو تربت مین یاد
مرض ہجر مین بیمار تمنا کو سنگھا
ایک کلی مین کری مشک گلاب ای گل تر
ہاتھ سی اپنی جو تو کاٹ کی پھینکی انگل
بو نکر اوس گل رعنا کی صبا لائی ہی

نازنین جسم سی آتی ہی سمن کی خوشبو
ناف مین نافہ آہوی ختن کی خوشبو
رشک عنبر ہوی کافور کفن کی خوشبو
پھر تقویت دل سیب ذقن کی خوشبو
سارے دریا کو تری آب دہن کی خوشبو
شمع کی گل سی نمایان ہو سمن کی خوشبو
آج مہکی ہی جو گلہای چمن کی خوشبو

زلف ساقی کا پڑی عکس جو ساغر مین سحر

مئی گلفام مین ہو مشک ختن کی بو

چمن ہو بادہ ہو چھائی گھٹا ہو
بغل مین ساقی گلگون قبا ہو

بتو پر جسم ہوا اور بیوفا ہو
ہما [illegible] کو قہر خدا ہو

نہ کیون ہو دل خال و خط کا مبتلا ہو
نہین مٹتا جو قسمت کا لکہا ہو

پھرون ہمراہ تو سایہ ہون تنہا
بلائین لون تو کہتا ہے بلا ہو

بھلا اوس ماہ کا دل مجھسی پھیرا
رقیب روسیاہ تیرا برا ہو

حباب آسا دم آنکھون مین گرہ ہے
تو ای قاتل مرا عقدہ کشا ہو

دہن مین آب حیوان آنکھ مین زہر
جلاؤ مار ڈالو جسکو چاہو

ہی ضعف اب سد راہ کوی جانان
تو ہی ای آہ دم بھر کو عصا ہو

قد اوسکا ہی قیامت کا نمونہ
چلی تو شور شر محشر بپا ہو

تصدق رخ پہ تیری شعلہ طور
ید بیضا کف پا پر فدا ہو

محبت کی نظر سی دیکھہ جاؤ
شفا ہو جای لیکن تم جو چاہو

نہ لائی بو تن گل پیرہن کی
صبا گھر سی ہمارے تو ہوا ہو

وہ رخ ہی غیرتِ خورشیدِ محشر
قیامت کیون نہ قامت پر فدا ہو

وہ دیوانہ ہون گر جاؤن سوے باغ
تو موجِ رنگِ گل زنجیر پا ہو

جو دیکھی عکسِ مہتابِ عارضِ یار
گلِ خورشید مہر پر ضیا ہو

تمھین نظارہ سی احسنت ہی نحن
تم ای آنکھو مری حق مین بلا ہو

پہونچ جاؤن جو مین سن لدار کی پاس
رسائی پر اگر بخت رسا ہو

تمھین ہین جہانگی کو شیرین شمائل
ہمین پانی تو شربت کا مزا ہو

پڑین کانٹی زبان مین وقتِ تقریر
تہی مژگان اگر کاوش فزا ہو

کبھی جیتی نہ روز بد جو دیکھا
ہماری غم کی پروا او سکو کیا ہو

جدا ہو گلی کوچہ کا گل مین ہوا سے
تو عنبر بیز دامانِ صبا ہو

کیا تیغ نگہ سی دلکو مجروح
نمک چھڑکی تو اک تازہ مزا ہو

بلا سی گر نہین وہ صادق القول
سحر تم بات کو اپنی نبا ہو

جو ہے ہم کو بلا زلف کا سودا تو ہو
سعد پر چین صنم سلسلہ پا پھر ہو

طائر جان گل رخسار کا شیدا پھر ہو
مرغ دل قمری سرو قد رعنا پھر ہو

دل کہین آنکھون پہ اوس مست کے شیدا پھر ہو
نشۂ جام مے عشق دوبالا پھر ہو

عشق چشم اوس بت ترسا کا جنون افزا پھر ہو
پائے دل بستۂ سلسلۂ زلف چلیپا پھر ہو

پھر وہ آئی ہی صحبت وہی نقشا پھر ہو
می کشی بزم طرب مین لب دریا پھر ہو

غمزۂ خنجر ابرو خلش افزا پھر ہو
دل مین خار مژۂ یار کا کھٹکا پھر ہو

تو خزان مین جو بہار گل عارض کھلائی
فصل گل مین وہی سیر چمن آرا پھر ہو

صبح ہوتی جو تری لف مطول یاد آئے
روز دوری سی مبدل شب یلدا پھر ہو

اوٹھ گئی آپ جو پہلو سی مری جان گئی
آپ پھر آئین تو جینے کا سہارا پھر ہو

تو اگر قتل کری ہاتھ سی اپنی مجھکو
جیون سو بار تو مرنی کی تمنا پھر ہو

دل مجروح کو ہی زخم دگر کی خواہش
جان جان کو شمشیر ابرو سی اشارا پھر ہو

ہون وہ پروانہ جانباز کہ گردن جو گئے
شمع سان سر تن پُرسوز سی پیدا پھر ہو

خود فروشی پہ جو وہ یوسف ثانی آئی
مشتری ایک جہان مثل زلیخا پھر ہو

پھر بہار آئی ہی وحشت مین گریزان خلق سی ہم
بیکسی یار وطن گوشۂ صحرا پھر ہو

خار بستر ہی پھر اوس شوخ گل اندام کا فراق
ہی یقین جسم مرا سوکھ کی کانٹا پھر ہو

پھر بہار آئی گل داغ جنون ہو تازہ
کوبکو شہر مین دیوانونکا غوغا پھر ہو

پھر ہی تحریک تقاضا گریبان کی جناب
پانون کہتی ہین کہ چل بادیہ پیما پھر ہو

پھیلی وحشت دل پھر محبت یار
خون فشان دیدۂ تر آبلہ پا پھر ہو

بام پر جب ہی اوتری ہو بہت پھر صاحب
حشر برپا ہی نہ عالم تہ و بالا پھر ہو

چشم تر آپ یہ مین پھر بخت بگڑ جمع کرون
عید دریا مین چراغان کا تماشا پھر ہو

خاک سی میری بنائی جو کوئی دست سبو
دسترس ہاتھ تک اوس مست کے اپنا پھر ہو

وہ مسیحا نفس آجای جو پھر بالین تک
کشتۂ تیغ تغافل ابھی زندا پھر ہو

ہی وہ شوخ لائی جو پھر تو مرنی کا جواب
قاصدا بہر خدا میرا مسیحا پھر ہو

غنچہ [illegible] کا گرم ہوا پھر بازار
ہی یقین اس دل آشفتہ کو سودا پھر ہو

رشک شیرین [illegible] کا جو پھر بوسہ
کام جان چاشنی وصل سی میٹھا پھر ہو

مرہم وصل [illegible] مجروح کو پھر اچھا کر
بوسۂ لب سی ہین زخم کا ٹانکا پھر ہو

پڑھ غزل [illegible] کی قوافی تبدیل

محفل اہل سخن مین سخن آرا پھر ہو

پھر بہار آئی جنون کا سر و سامان پھر ہو
گل کی مانند مرا چاک گریبان پھر ہو

یاد دندان مین مری چشم جو گریان پھر ہو
دامن بحر بھرا اک گوہر غلطیدہ دامان پھر ہو

وحشتی اے مست جنون چاک گریبان پھر ہو
مدد ای وحشت تا سیر بیابان پھر ہو

پھر کھلی رہنی لگی سر سہی کی بال
مثل سنبل دل آشفتہ پریشان پھر ہو

سوز فرقت سی ہو پھر ہر بن مو شعلہ فشان
کثرت داغ سی تن سر و چراغان پھر ہو

چاک ہو مثل کتان پیرہن ہستی غیر
جلوہ گر گھر مری گر وہ مہ تابان پھر ہو

صاف دانتونکی چمک ہنسکی وہ کہا پھر اے شوخ
برق غیر شعلۂ صاعقہ سوزان پھر ہو

تو گیا جب سی یہی حق سی تمنا کی دعا
رونق باغ وہ شمشاد خرامان پھر ہو

تو جو آئی تو مری تن مین ابھی جان آجاے
غم دل دور ہو پھر عیش کا سامان پھر ہو

نظر آنین نہ رخ روشن بہی نہ تا تاریک
پھر وہ شب آئی تو صبح شب ہجران پھر ہو

پھر تمام آہ شب وصل ہوئی یار چلا
صبح کی ساتھ سحر چاک گریبان پھر ہو

مہر وش بی پردہ کوٹھی پہ چڑہ آیا شام کو
صبح کا دہوکا ہوا ہر ایک مرغ بام کو

ہی تہ شیشہ وفا یہ ہنسی ساقی گلفام کو
جا ہی می سرکی سنی ٹہرا ہی ہماری جام کو

زرد ہین بی نور ہین اپنی وہ نرگس ان نہین
کیا تری انکہون سی نسبت نرگس بادام کو

مرغ دل پیچ و خم کاکل ہین جبسی ہی اسیر
آشیانہ جانتا ہی حلقہا ہی دام کو

کیسہ مونس نالہ ہمدم رنج محرم غم رفیق
ہمرہ دلبر کیا رخصت دل و آرام کو

ہون وہ مست ساتگین چشم ای ہر دور رنگ
دور ساغر جانتا ہون گردش ایام کو

بنکی پروانہ فدا شمع قد موزون پہ ہو
دیکہ لی قمری اگر اوس سیم اندام کو

کیون وہ بت ہی نہ دشنام دی ہی یارب بتنگ
شوق ہی ناقوس کے آواز سی دشنام کو

شعلہ رخسار آتشناک و کہلا بی نقاب
کر دی خشک طور ای برق تجلی بام کو

یا تو ہر دم دیکہتی تہی ہمدم تہی ہمکلام
چشم و گوش اب ترستی نامہ و پیغام کو

ہی بہار صحبت یاران ہمدم مغتنم
دور جام آنجا ذکر ساقی نہ سوچ انجام کو

ہجر مین عالم ہی عالم ہر مرگ شہ زندگی
خواب و خور سی کیا ہی حسرت عاشق ناکام کو

ہی وہی نازک مین دہی چشم ساقی کا خیال
کیا پری کی ساتھہ شیشی مین اوتارا جام کو

کیوں نہو زلف سیہ میں جسن افشاں کو فروغ — آسمان پر جلوہ گر ہوتی ہیں تارے شام کو

ساعد ساقی لچکتی ہیں نہ شاخ گل — دست نازک کب اوٹھا سکتی ہیں بار جام کو

ترک چشم یار سے کرنے لگا تھا ہمسری — تیر مژگان نے مشبک کردیا بادام کو

سرخ چادر میں چھپائی یار نے زلفا ہی صبح — گردیا پوشیدہ داماں شفق میں شام کو

کیوں نہو جانبخش روح افزا فضای لکھنؤ — رشک انفاس مسیحا ہی ہوای لکھنؤ

گلرخوں سی بوستان ہیں کوچہ ہای لکھنؤ — کیوں نہ دل مانند بلبل ہو فدای لکھنؤ

رشک سے رو غیرت غلمان ہیں گلرخ سب — صحن جنت کی روش ہیں کوچہ ہای لکھنؤ

حور عین پر بعد مرنے کی نہیں پڑتی نگاہ — باغ جنت میں کہاں ہیں خوش ادای لکھنؤ

اور کی جاتا کیا کرتی تھی نہیں میں یاد آ [illegible] — دلمیں جوش شوق ہی سیر [illegible] لکھنؤ

مثل جنت کے لکو فرقت ایکدم ہی ناگوار — کس قدر دلچسپ واقع ہی فضای لکھنؤ

درد دلسی ہر گھڑی کیونکر نہو حالت بری — ہی خیال دلبران خوش ادای لکھنؤ

جسطرح مرغ چمن کو ہو قفس میں نظر آ — دل ہی میرا ان دنوں بیتاب سینے میں برای لکھنؤ

عمر بھر کافر ہون اوس بت کی اگر ہو اپہچ — ابکی باری گر خدا ہمکو دکھائی لکھنو

بانکپن شوخی کرشمہ ختم ہی اوس شہر پر — کیون نہون ان شوخی سی قربان اوسکی لکھنو

ای سحر اس گلزمین مین فرمہ پردازیان

کر چکا ہی عندلیب خوش نوا ہی لکھنو

اوس چاند کی ٹکڑ سکا جو اکرات گذر ہو — پر نور مرا گھر صفت برج قمر ہو

جب تک نہ جدا تیغ ستمگار سی سر ہو — ممکن نہین ای مرگ کہ مہم عشق کی سر ہو

مضمون تمہی انکا اگر پیش نظر ہو — ہر بحر کا دامن درشہوار سی بھر ہو

اللہ کری آہی دل اوس بت کا کسی پر — تب ہو غم ہجر کی لذت سی خبر ہو

ہون ہم ہی مضامین ہمہ تنگ کی عنقا — نایاب ہو جو بندش تعریف کمر ہو

اشعار مری سنتی ہین وہ کان لگا کر — جو مصرعہ یکتا ہو وہ اک سلک گہر ہو

اسدرجہ کھبی ہین مری آنکھون مین وہ مژگان — ناسفتہ نہ دیکھا کوئی ٹھکون کا گہر ہو

وہ رشک قمر پاس ہی اپنی نہ جو آئی — یارب نہ شب وصل کی تا حشر سحر ہو

اسد ہی قاتل تری چتون کی صفائی — دل تیر سی چھد جائی نہ سینی کو خبر ہو

بیتابی فرقت مین لکھون کس سے وہ شعار
جو مصرعہ برجستہ ہو بجلی ہو شرر ہو

فولاد کا دل لائی جو نازو سی کلی وہ تنہائی
پتھر کا کلیجا ہو ہمارا سا جگر ہو

سوئی جو نہالی پہ گل اندام سمنبر
پیدا گل تصویر مین بوی گل تر ہو

اے ماہ تری کان کی بجلی کی تڑپ سے
مثل مہ نو برق بہی ناخن بجگر ہو

تعلیم ادا کرتا ہی اور حسن سے آگاہ
آئینہ نہ کس شکل سی منظور نظر ہو

دکھلا مجھے اوس مہر جہانتاب کا جلوہ
ای آہ سحر تجھہ مین اگر کچھ بہی اثر ہو

دل بجھہ گیا یہ سرد ہی گرمی محبت
کیا دور جو ہر سنگ مین افسردہ شرر ہو

ای غیرت یوسف مری سیجا نکلی جا ہے
بندہ مین ترا اور تو خریدار دگر ہو

ق

کیا رخت بدن پر ہی فقط زور نہانی
تجھہ کام کرای دست جنون غیرت اگر ہو

فرقت کی شب تار ہی کچھ تار نہ باقی
ہو شام کا دامن کہ گریبان سحر ہو

صحت سی عزیز آہ وہ آزار ہی مجکو
اوس غیرت یوسف کا جو زانو تہ سر ہو

کیون نہ کی اوسکو دل بیتاب تڑپ بی
جسکی نگہ گرم سی بجلی کو حذر ہو

مشاطہ مجھی خوف ہی گر دیکھی کنگھی
بالو مین نہ پیچیدہ کہین موی کمر ہو

خوش آتی ہی نہ کیون مجکو سنہری تری نکہت
وہ کون بشر ہی نہ جسی خواہش زر ہو

گہیری ہی جو دوستی غیر نکیون اشک بہاؤن
بارش کی علامت ہی جو ہالی مین قمر ہو

دی ٹالی جو بوسہ تو کہی شفتالو لب کا
ای سرو عطا نخل تمنا کا ثمر ہو

وہ رشک قمر صبح مہیا ہی سفر ہی
فق کیون نہ بھلا رنگ سحر مثل سحر ہو

نہ دیکھو شہر کا عالم نہ گل رشک قمر دیکھو
مری یہ چشم تر دیکھو مری داغ جگر دیکھو

بھلایا ہمکو اور مطلق نہ کی اوسکو خبر دیکھو
ہماری آہ و سوزان کا ذرا یارو اثر دیکھو

بہار حسن دکھلاؤ نہ یہ ساعت اسی پیاری
نہ چشم غیر کی اب تم پہ ہو جائی نظر دیکھو

ہزارون خم اب مین کھا رہا ہون تیغ ابرو کی
نہیں منع نہ مونہ پرتا ہون مونہ میرا جگر دیکھو

بھلا یا دلسی ہمکو اور نہ لی مطلق خبر تمنی
یہی اقرار تھا ہمسی ذرا صاحب ادھر دیکھو

ہماری اس دل سوزان کا عالم دہیان مین لاؤ
کسی محفل مین گر ای شمع رو جلتا اگر دیکھو

شب وصل اوسکا ہی منہ بین کا کل اب کہنا
کہ گر چھیڑو گی مجکو مار کھاوگی سحر دیکھو

عشق ہی وہ لگو مری چشم ستمگار کی ساتھ | انس بیمار کو ہی مردم بیمار کی ساتھ

چشم ہی گرم ادا ابرو خمدار کی ساتھ | عشق ہی ترک ستمگار کو تلوار کی ساتھ

جسطرح پھول ہوائی سی جدا ہوتی ہین | لخت دل جاتی ہین یون آہ شرربار کی ساتھ

دل پہ داغ مرا مائل گیسو کیون ہو | ربط طاوس کو ہونیکا نہین مار کی ساتھ

غل کی یہان تاب نہین مجکو مسلسل نکرو | مین نکلجاؤنگا زنجیر سی جھنکار کی ساتھ

ہندو زلف کو ہی عاشق رخ سی کینہ | بغض کافر کو نہ کسطرح ہو دیندار کی ساتھ

چرخ ہر چند چڑھی ہاں مگر منہ کیا ہی | کہ مقابل ہو ترے چاند سی رخسار کی ساتھ

دن کو انجم کی ہی بند آنکھ تو خورشید کی رات | کوئی جاگا نہ مری دیدۂ بیدار کی ساتھ

باتین کرتا ہون مین غافل قفس سی صیاد | گرم بازی ہی گرفتار گرفتار کی ساتھ

میری ان اشک مسلسل کا قرینہ ہی نیا | یہ وہ سبحہ ہی جو وابستہ ہی زنار کی ساتھ

روح و قالب کی جدائی سی ہی ظاہر صاف | عاقبت دوست بھی کہتا ہی غبار کی ساتھ

عمر اپنی اسی حسرت مین بسر ہوتی ہی | ایک شب سوئی گلی ملکی نہ دلدار کی ساتھ

پھول رخسار سی شرمندہ ہین قد سی شمشاد | نہین تشبیہ ہی حسن کو گلزار کی ساتھ

شمع کیونکر تری چہرہ کو کہون اے مہوش
کور ہی نور کو تشبیہ جو دی نار کی ساتھ

اہل غیرت کو مناسب ہے نہ اوسکو چاہین
حور جنت کو بھی گر انس ہو دو چار کی ساتھ

آگیا راحت پہ زمین پہ خدا خیر کری
مست بیخود کو ہوا سابقہ ہشیار کی ساتھ

یا الٰہی سے جلدی سی نجف مین پہونچا
عشق رکہتا ہی سحر حیدر کرار کی ساتھ

گو ہاتھہ باندھی پانون پڑی لاکھہ بار ہی ہاتھہ
وہ شوخ حیلہ ساز نہ آیا ہماری ہاتھہ

کس آفتاب کے ہین پیارے پیارے ہاتھہ
مرجان کے دونون پنجے ہین ہیرے کی یاری ہاتھہ

مینی جو لین بلائین تو بولی وہ ناز سے
لو خوبی اختلاط کی رکہیی کناری ہاتھہ

ہم رو رہے ہین آپکو ہی سوجہتی ہنسی
بیوقت گدگداؤ نہ رکھو کناری ہاتھہ

لاتا چرا نہ نقد دل عاشقان ہزار
ق کرتی اگر نہ دزد حنا کو اشاری ہاتھہ

ہم کس سی داد خواہ ہون انصاف کیجیی
اس فتنہ گر کا ہی تمہارے تمہاری ہاتھہ

سیارہ کا فرنگ حنائی ناخون پہ ہے
لا فی ہین تو عرش معلی کی تاری ہاتھہ

یہ چہرہ ہی آفتاب ہتیلی ہی چاندنی
ناخن کی بدلی یار کو آئی ستاری ہاتھہ

پنجہ گر آفتاب کی پنجی کو پھیر دے
ای شوخ ماہ نو کی کلائی اوتاری ہاتھ

منہدی لگا کی اور فزون کی ہی آب و تاب
تا آبروی پنجۂ مرجان اوتاری ہاتھ

اوس غنچہ لب کی چھلی سی کھاتی ہین ہاتھی گل
گلدستہ بنگئی ہمری یکدست ساری ہاتھ

ای تجھی ہکنار جو ہونی کا اشتیاق
رہتی ہین ہجو و ہمین ہی پہلی پہ بھاری ہاتھ

کیا لنبی لنبی بال ہین کیا صاف صاف گال
کیا اوبھی ابھری گات ہی کیا پیاری پیاری ہاتھ

ہمسی زبانی بھی نکری وعدۂ وصال
تو ہاتھ پر رقیب کی ہیہات ماری ہاتھ

زنجیر کو سمجھتی تھی اک تار عنکبوت
ای ضعف بیشتر ازین تھی اپنی کراری ہاتھ

ای غیرت مسیح تری ہاتھ زیست ہی
بستر سی اٹھتو اوٹھتی نہین بی سہاری ہاتھ

دشمن ہوئی ہین تشنۂ خون شہ انام
عزت سحر کی ہی شہ مردان تمہاری ہاتھ

دلکو ہم بیچتی ہین یار وفادار کی ہاتھ
اوسکی بندی ہین جو بکجای خریدار کی ہاتھ

صاف ہین قتل ہین جیسی ہی دلدار کی ہاتھ
کبھی اس ڈھب سی نکلتی نہین تلوار کی ہاتھ

کیا بلا رقص ہی بسمل ہوئی ساری محفل
پڑتی ہین پانو تری ناکہ ہین تلوار کی ہاتھ

نگہہ کی زہر کا تریاق ہی خال لب لعل
طرفہ نسخہ ہی لگا آپ کی بیمار کی ہاتھ

برق وش ہنستا ہی آنسو جو وہان بہتی ہین
آبرو ہی مری اب چشم گہربار کی ہاتھ

دل بازی کی ہین خیال ان کی جو دیکھین معشوق
بکی اک آئینہ کسطرح سی دیدار کی ہاتھ

لیکھی گل لب رخسار و چشم و گیسو
ایک یوسف مرا ہیہات بکا چار کی ہاتھ

کیا بیان صبح شب وصل کی ہمدرد گرین
وہی جانی جو بکا ہو کسی عیار کی ہاتھ

پانون رکھا کبھی ہیہات نہ میری گھر مین
سیکڑون وعدے کیے تھے پہ گہ مار کی ہاتھ

ہمی تو آج جو چاہو وہ ستم ہمپہ کرو
منصفی حشر کو ہی ایزد قہار کی ہاتھ

پھولونکا ساعد نازک مین جو زیور پہنا
شاخ گل وا لچکنی لگی دلدار کی ہاتھ

لگنی چاند ہتیلی تو ستاری ناخن
آگیا نیچی جو خورشید سی رخسار کی ہاتھ

عکس مژگان ترسی آئینہ عارض پہ نہین
دامن گل پہ دراز آئی نظر خار کی ہاتھ

کیون نہ عاشق [illegible]
ہو جو یوسف بھی تو بک جاتا ہی دیوار کی ہاتھ

کشمکش مین ہی محرم ہی لگا زاری سی
باندھی جاتی ہین پس پشت گنہگار کی ہاتھ

میری آنکھون پہ نہین ابروی خمدار جھکی
ساغر می کیطرف پہیلی ہین میخوار کی ہاتھ

جنس الفت بھی ہی بازار جہان مین کیا
غیر غم کچھ نہین آتا ہی خریدار کی ہاتھ

خون عاشق جو بہایا تو ندامت کی سوا
خاک آئیگا نہ سفاک ستمگار کی ہاتھ

ق
مے پرستی مین یہ مجھ رند کی کیفیت ہے
بادہ خم جو پیتا ہو ساقی طرار کی ہاتھ

کہ سر دست سبو گردن مینا مین کبھی
پابند تھا ہو نہین کبھی سامنے خمار کی ہاتھ

ایک حیدر کی غلامی مجھی کافی ہی سحر
بندہ کونین ملک ہی جو بکی خار کی ہاتھ

پھیکی ہی بزم صورت مہتاب صبحگاہ
ساقی شتاب دور مے ناب صبحگاہ

پیری مے غفلت اے دل ناداں خدا سے ڈر
بہتر نہین مداومت خواب صبحگاہ

بی بوسہ کیا مزہ ہی صبوحی کا ساقیا
بیشک نہار منہ ہی مضر آب صبحگاہ

پیری مین حرص ہوتی ہی غفلت پسند ہے
شیرین ہی آدمی کی لیی خواب صبحگاہ

اوس مہروش کی گرمی بازار دیکھکر
ٹھنڈا ہوا چراغ جہانتاب صبحگاہ

شبنم ہی بھر خط عرق چہرۂ صبیح
نکھرا ہی رنگ سبزۂ شاداب صبحگاہ

کیا لطف عیش یار جو وہ مہروش نہین
اوڑتا ہی رنگ صورت مہتاب صبحگاہ

بسمل ہوا ہون ابروی ساقی کی یاد مین
خنجر ہی ہی موج میِ ناب صبحگاہ

یادِ چشمِ صنم نماز ہی تعقیب ذکر یار
ای شیخ ہمسی سیکھ لی آداب صبحگاہ

کل کل سی میر شام مقابل ہو کیا مجال
ہمسر گلی سی ہو یہ نہین تاب صبحگاہ

لاکھی سی پان کی شفق شام رو سیاہ
خط سی ہی زرد سبزۂ شاداب صبحگاہ

چھپتا ہی روز آخر شب ای سحر وہ ماہ
مین ہون قتیل دشنۂ بی آب صبحگاہ

[illegible]کھایہ آہِ گرم جگر سی ہوا ان سیاہ
گلخن صفت ہوا ہی رخ آسمان سیاہ

قسمت کبھی نہ ہو نگی جو ہین راہ راست پر
رخشان ہی تیری بانگ خطِ کہکشان سیاہ

فرقت مین یاد رہتی ہین گیسوی عنبرین
کیونکر نہ پیش چشم رہین دو جہان سیاہ

ہی روشنی کی دیدۂ اہلِ زمانہ تو
مردم صفت لباس کہہ ایجان جان سیاہ

طبعِ رسا کو ٹوک نہ لگ جاہی ای سحر
ہی حاسدانِ تیرہ درون کی زبان سیاہ

[illegible]کی معراج دوش احمد مختار کی
عرش سی ہی شان بالا حیدر کرار کی

ہی ولادت سی ور دست قدرت غفار کی — زینت ہوتی ہی توہی آج احمد مختار کی

بیخ و بن سی منہدم کیونکر نہو بنیاد کفر — آب ہی تیغ شہنشاہ اتری تلوار کی

کیون نہون چارا اوسکی شمشیر و سکی بنا — ضرب قہر حق ہی ضرب حیدر کرار کی

پہ سجہاتی ہی ملک رہتی ہین آنکہین حور عین — واہ کیا توقیر و عزت ہی تری زوار کی

یوسف مصر نجف کی ہو زیارت خواب مین — آرزو یہ ہی ہماری دیدہ بیدار کی

متحد ہین مثل جسم و جان محمد اور علی — ہی دوئی یان کفر گنجایش کہان ہی چار کی

احمد و حیدر ہین مہر و ماہ چرخ دین حق — چشم احول کو نظر آتی ہی صورت چار کی

شیر مادر سی کیا روز تولد اجتناب — تا زبان چوسی او سنی احمد مختار کی

ہی نبی شاہد و فضائل کا تری قرآن گواہ — دشمنون تک ہین تو طاقت نہین انکار کی

کیون نکرتی ملک بیعت طالبان ملک و مال — تہی ہیان توقیر یکسان مفلس و زردار کی

ہی وصی خاص ابن عم مصطفے زوج بتول — اوسکی ہوتی گر اطاعت چاہیی اغیار کی

عمرو و مرحب کو کیا میدان مین پیوند زمین — خاک مین شوکت ملائی فرقہ کفار کی

شاہ دریا دل کی ہین وہ صف سخا سی ابدا — منع کی مصرع ہین لڑیان گوہر شہوار کی

انت منی گر حقیقت مین ہی قول مصطفی — تاب حیدر کی ولایت مین کسی انکار کی

قول احمد سچ ہی الفت لیلیٰ جلد ہی — اور عداوت بی تکلف راہ سیدھی نار کی

بھر لون کس ... شت در سنگ تیکدہ — ہو نہ جس دلمین محبت حیدر کرار کی

قطعہ روضہ کا کلس ہی جو غنچہ مندیل چرخ — سیر دکھلاتی ہی جالی خلد کی گلزار کی

واہ کیا پر نور ہین گلجام روضہ کی تمام — خیرہ ہو جاتی ہین انکھین مردم سیار کی

تجھسے پوشیدہ نہین یا فی الضمیر انس و جان — اے شہ حاجت روا حاجت ہے کیا اظہار کی

دل کی جو مطلب سحر کی ہین انہین بر لا شتاب
تجکو ہی سوگند روح احمد مختار کی

پہلوی غیر مین صنم گلعذار ہی — مجروح خار رشک دل داغدار ہی

ہر دم خیال کاکل و رخسار یار ہی — دل مبتلای گردش لیل و نہار ہی

گلشن ہی بزم عشق عجب جو بیار ہی — ساقی ہی جام بادہ ہی بوس و کنار ہی

نرگس کی انکھ باغ مین کس سی ہی لگی — کس سرو قد کی آنیکا آج انتظار ہی

بس شعر و کا ذکر ہی جو زبان ہوا — سوزان زبان دہن مین بیان شرار ہی

روشن ہی کو ترنگ اثرِ عشق کا ہر رو — سینے پہ داغ ہجر چراغ مزار ہے

رکھتا تھا ہمسری کا رخ یار سی خیال — شعلہ اسی سی شمع کا بالا ہی دار ہے

کیا سبز جوڑ پہنتی ہی سبزہ کشتۂ حسن — افزون نہ کیون جنون ہو کہ جوش بہار ہے

کس طرح ہو نہ سوکھہ کی کانٹا تن نزار — مژگان کی یاد میں مری جی میں خلش خار ہے

گل ہو چراغ عقل ہمارا نہ کس طرح — ہر وقت یاد زلف بت گلعذار ہے

حاضر ہو لیکی آرسی کیونکر نہ ہر سحر — خورشید آسمان ترا آئینہ دار ہے

کانٹا ہو جلد سوکھہ کی اہی جسم ناتوان — منظور چشم دشمن بد بین مین خار ہے

دم آ رہا ہی آنکھون مین اہی غیرت مسیح — تیرا ہی انتظار دم احتضار ہے

سیراب کیون نہیں ہمیں کرتا ستمشعار — ہم تشنہ لب ہیں اور تری تیغ آبدار ہے

چھپتا کہیں چھپانی سی ہی حسن شعلہ رو — فانوس نور شمع کی کب پردہ دار ہے

آئینۂ فلک پہ ہی زنگ کف شفق — خورشید عکس کاسۂ زانوی یار ہے

کیا خاک مندمل ہون دل مضطرب کے زخم — یان پرشکیباش نکہت زلف نگار ہے

سودا ہوا ہی اس دل آشفتہ کا دوچند — جبسے کہ چشم و زلف دوتا سی دوچار ہے

ہر مرغ دل تڑپتا ہی ناوک کی شوق مین
قاتل کی دلکو جستجو ہی کہ ذوق شکار ہی

ہر سنگ میری سر کی تھوپنی ہوا ہی سرخ
دامان کوہسار نہین لالہ زار ہی

مانگین سو خدا سی جو ہین سوختہ جگر
دست دعا چنار کی ہر شاخسار ہی

ہالہ تمام عکس ہی بالی نگار پر
پروین کا نوربخش تیرا گوشوار ہی

ق

غنچہ بھی تیرا باغ مری داغ تن ہین گل
ہی آہ سرو واشک روان جویبار ہی

گلبانگ ہی صریر قلم مرغ خوش نوا
دیوان ہمارا باغ ہمیشہ بہار ہی

پوشیدہ کیا کرے ہو سخن کوئی دوست مین
دربان کی چشم روزن دیوار یار ہی

جان نہی ہی پیچ مین زلف بت سیاہ کی
دفن عاشق کو کر گلشن مین نیچی تاک کی

مر گئی دیوانی جو کوئی بت مہ پیار کی
سیر گلزار ارم کرتی ہین نیچی خاک کی

دیکھنی کو بام پر آیا وہ سیر خوش جبیل
ہم تو منت کش ہین اپنی دیدہ نمناک کی

آنکھ زیر دام تھا خاک پر صیاد کی
گیا تن لاغر مرا قابل نہ تھا فتراک کی

تا تیغ تک ساقی ہی کسی کی مجال
ہون نہ بوئی وہ صید جو قابل نہین فتراک کی

ذبح ہونیکا نہیں کچھ بھی اثر شکار انداز غم
شکر ہے سر فی لیے تو مری فتراک کے

بعد مردن بھی ہم مستوں سے چھوٹا نہ نشہ
رہتی ہیں قبر پہ ہما کی سی رگ تاک کے

وہ مسیحا آتا ہے گور غریباں کی طرف
بخت جاگے ہیں بہت خفتگان خاک کے

مر گئے پر بھی رہی سرگشتہ دور چرخ سے
کیسے چکر میں بگولے ہیں ہماری خاک کے

لطف دشمن بوسہ لبیں سے کچھ کم نہیں
ساخت پہ پیدا ہو تھی شانوں پہ ضحاک کے

بوسہ خط شی ہی صحت دل بیمار کو
زہر سے ہمنے اوٹھائے فائدے تریاک کے

حشر کے دن بھی زباں ہوگی ہیں ملن اونکے لا
کشتے ہیں غنچہ لب گلگون تن پوشاک کے

جلوۂ قاتل تہ شمشیر دیکھا خوب سا
مرتے دم ارمان سب نکلے دل غمناک کے

ضبط جوش اشک ممکن ہو تو ہم گر کا نہیں
سیل کب رکتا ہے روکے سے خس و خاشاک کے

خاک چھانی دشت بھر پھر میں نہ جاک تین ہیں
ہم گلے کیا کیا کریں اس گردش افلاک کے

نیک نیت تجھکو کوئی نہ کہیگا نہیں
محتسب بدنام ہو گا دخت رز کو تاک کے

عشق اوس حور شب کا بسکہ تربت میں رہا
رشک اختر بن گئے ذرے ہماری خاک کے

اے سحر ابی سبکدوشی کا سامان کر گئے

ہاتھ مین تلوار ہی آج اوس بت سفاک کی

جان دی ہی عشق مین اک سرو گلرخسار کے
سہرے لالا کے چڑہاؤ قبر پہ گلنار کے

خواب مین جب سے لیے بوسے رخ دلدار کے
صدقے ہوتے ہین ہم اپنے طالع بیدار کے

تیر ہین موج ہای مژگان اوس بت خونخوار کے
باڑہ کی ڈوری ہوئین رگین چشم مست یار کے

کشتۂ تیغ نگہ ہین ترک چشم یار کے
پھول ہون پھولون مین اپنی نرگس بیمار کے

شان آئینگی پانی ہی تیغ تیز کا
زندۂ جاوید ہین کشتی تری تلوار کے

حق بجانب ہی ملین کیونکر نہ ہم ہاتھ ہم
جبکہ دیکہین ہاتھ تیرا ہاتھ مین اغیار کے

قد قیامت چشم آفت جنبش ابرو غضب
شور محشر زا ہی انداز ہین رفتار کے

یاد مہوش مین ہوئی ہین شکل کتان سب تار تار
رشتہ ہای بخیہ ہر اک زخم دامندار کے

عکس سے ہی مہروش سی بنگیا خنجر ہلال
تارے ہین جوہر مثال کہکشان تلوار کے

کفر و ایمان بہر مین توام ہین ای ہندو و شیخ
جمع کیجئے دانۂ تسبیح بی زنار کے

آنکہہ سے کی اشارے دل ہی سب کی چھینتا
دلبر ہین ہتکھنڈے دیکہو تو اوس عیار کے

ماہ نو کی پاس حیران ہین سُہا ہی جلوہ گر
تل ہی یا پہلو مین اسکی ابروی خمدار کے

خط کی آنی سی نکیون ہو قدر افزون حسن کی
ہین بہت کم کے جہان مین تیغ جوہر دار کے

حسرت پیدا ہوئی آ جلد ای شاب سیح
زندہ کر اعجاز عیسی مجھکو ٹھوکر مار کے

خواب مین بھی شکل دکھلاتا نہین سیف جمال
سوتی ہین طالع ہماری دیدہ بیدار کے

قبر مین آ گل ہوئی صنم کا جب خیال
تختہ ہا ہی قبر تختی بنگئی گلزار کے

ایک بت کا دیکھنا تو ہی محال اے مرتضی
لوگ کیون قائل ہوی اللہ کی دیدار کے

زہر و تریاق ایکبار کھتا ہی وہ معجز نما
سانپ زلفین کا نکی ہوتی ہین مہرے یار کے

ہی مینہ نوش عقرب کی ہین انکی آنکھ چشم
ہجر مین شمس و قمر ہین مجکو کفچی مار کے

رشک اپنو رفتہ رفتہ یہان تلک پہونچا ہی
دیکھہ سکتا پاس نہ لفظونکو نہین رخسار کے

وہ باز نہ آئیگا جفا سے
ای دل کیا فائدہ بکا سے

گلشن مین جو وہ چلا ادا سے
گل جلگئی رشک نقش پا سے

پامال خرام ہون بنا نا
تعویذ مزار نقش پا ہے

یان خون وہ لب ہین تشنہ خون
خونی ہین مری لہو کی پیاسے

ہی بیٹھی کیو اسطی وہ سفاک
کرتا ہی طلب [illegible] کاسے

ایجان نہ پوچھہ بنکی انجان
واقف ہی تو دل کی مدعا سے

ارے بت یہ غرور و کبر تا چند
کر خوف تو سی [illegible] خدا سے

کیون کرتی ہو دردِ سر طبیبو
اچھی ہم ہو چکی دوا سے

لی لیتا ہی سو طرح سی دل کو
غمزی سی کرشمی سی ادا سے

آئی مری گھر تو غیر کی ساتھ
کچھہ کم نہین یہ کرم جفا سے

آگی مری منہ پہ بال چھوڑے
سودائی کیا ہی ادا سے

گنتا ہون تمام رات تارے
دوری ہی جو یار مہ لقا سے

تلوی تری چھٹتی ہی ہمدم
جلتا ہون تری شوخی حنا سے

امی سحر جمال کیا غضب ہے
کرتا ہی کنارہ آشنا سے

بھوکی ہین تری جفا کی قاتل
آب دم تیغ کی ہین پیاسے

تو دن کو ہی مہر رات کو ماہ
روشن ہی جہان تری صفا سے

ہی بات یہ انتہائی تقریر
ہم مرتقی ہین تم یہ ابتدا سے

پیری مین ہی خال و خط کا تل — ای شیخ یہ بوڑھی منہ مہاسے

سو پھرتی ہین ہمسی بی سر و پا — اوسکی پاپوش ہی بلا سے

زلفین جو ہٹا کی منہ کو کھولا — اک چاند نکل پڑا گھٹا سے

جاتی ہو سفر کو باگ روکو
دل لو سحر شکستہ پا سے

جلوۂ حسن خداداد آشکارا چاہیے — پردہ سی ای مہروش تجکو کنارا چاہیے

چاندنی کی کفش تجکو ماہ پارا چاہیے — نور کا سلما ستارہ کا ستارا چاہیے

تیری دوری نی ہمین پہونچا دیا نزدیک مرگ — اب ترحم ای صنم ہمپر خدارا چاہیے

قتل کرتا ہی تو پہلی چہرۂ رنگین دکھا — خونبہا اتنا ہی ای قاتل ہمارا چاہیے

وقت تسلیم و رضا ہی کفر ای دل اضطراب — خنجر قاتل کی نیچی دم نہ مارا چاہیے

مہ جبین پیامہ نو سی ہی تجلی کان کی — خوشۂ پروین کا تجکو گوشوارا چاہیے

قتل کو میری نہین کچھ حاجت تیغ و سنان — ابرو و مژگان کا ای قاتل اشارا چاہیے

ضعف سے طاقت نہین جانیکی تا کوی صنم — ای عصا ای آہ کچھ تیرا سہارا چاہیے

بے مزاج یار نازک وان شکر آہ و فغان
جان تک جاتی تو جاتی دم نہ مارا چاہیے

ظاہر اک پر ہو دل مجروح کا حال آشکار
جائے گل تربت پہ صد برگ و ہزارا چاہیے

جب خجل ہی سر چڑھایا ہے بہت خورشید کو
رخ دکھا کر برق وش اسکو اوتارا چاہیے

طلب غم سے سر ہی تھی قاتل وہاں جسم زار
بوجھ گردن سے کسی صورت اوتارا چاہیے

آرزو ہی سر کروں وش شمع دو پہر نثار
زندگانی مجلس خالق دوبارا چاہیے

یا ہے خنجر بکف ہے وقت تسلیم و رضا
ہاں دل جانباز ہمت کو نہ ہارا چاہیے

ہو گیا یرقان جہاں کو دیدۂ نرگس کی طرح
زہرہ جو را ہے گل عنا اوتارا چاہیے

بلبلیں بھی کھو لیتی وہی آنکھ اسدم تو ذرا
زیر خنجر روئے قاتل کا نظارا چاہیے

قصد ہی وس پھر وش کے پا بن جانیکا ذرا
سبحۂ پروین پہ مجلو استخارا چاہیے

دوست دشمن ہے مصیبت بیچ امداد کو کون کرے
اب سحر مشکلات کو اب پکارا چاہیے

معلوم اسکا گل کی نکہت پر فدا ہے
جسے مشک ختن کہنا خطا ہے

تمہارا سبز خط خوشنما ہے
نہایت حسن کا فرع ہرا ہے

دل آشفتہ ہی خاطر ہی پریشان — مجھی کس زلف کا سودا ہوا ہے

سوال وصل پر ہونا مکدر — جواب صاف کیا نام خدا ہے

بہت گل کہائی اوس گلرو سی چھپکر — تن اپنے اونسی گلدستہ بنا ہے

ترا ہنسنا بگڑنا منہ چہپانا — غضب ہی قہر ہی برق بلا ہے

جو آنا ہی تو آؤ غنچہ دہن آ — ہمارا دم لبون پر آرہا ہے

ہوا یہ زلف دکہلانی سی ظاہر — کہ وعدہ شب کی آنیکا کیا ہے

دیا دل جسکو وہ ہی دشمن جان — عجب نقشا ہی طرفہ ماجرا ہے

کبہی پوچھا نہ حال دل ہمارا — یہی اوس بیمروت سی گلا ہے

ہجوم نالہ ہای عاشقان سی — قیامت کوی جانان مین بپا ہے

تجلی طور کی ہی نور رخسار — ید بیضا تمہارا نقش پا ہے

لب جان بخش قاتل کی ہین کشتہ — مسیحا سی ہمارا خون بہا ہے

اشارہ ہی کی بہی طاقت اب نہین ہے
سحر یہ ضعف ہی نقشہ مرا ہے

بن تری آگ رنگ گلشن ہے ۔ ڈھیر پھولون کا نار گلخن ہے

غیرتِ شعلہ روی دشمن ہے ۔ زلف یا دود شمع گردن ہے

بی نشانون کا بھی نشان جسن ہے ۔ لامکان عاشقون کا مسکن ہے

بلبلِ باغِ حسنِ یار ہون مین ۔ کوچۂ گلعذار مسکن ہے

شعلہ گر ہی ترا رخ روشن ۔ ~~زلف شب شمع~~ صاف گردن ہے

قبر میری چاندنی جو پھیلی ہے ۔ یاد کس مہ کا روی روشن ہے

کر دیے بند رستے جب جسنے ۔ ترک چشم صنم وہ رہزن ہے

لاکھ ہر بار آزما چکا لیکن ۔ بدگمان اب بھی ہم سی بدظن ہے

قبرِ عاشق پہ شمع ہی جبکا ۔ داغ سودا پہ داغ بدھن ہے

کشتۂ زلفِ یار کی زیبا ۔ سنگ موسی ہی لوح مدفن ہے

سر سی لی تا قدم ہی جلوۂ نور ۔ قد ترا نخلِ دشتِ ایمن ہے

ق

کعبہ و بتکدہ مین کب ہی خدا ۔ ہرزہ ہر زاہد و برہمن ہے

چشم انصاف سی جو غور کیا ۔ بخدا دل ہی اوسکا مسکن ہے

دل جلاتی ہی آتش فرقت | سینہ سوزندہ دان سی گلخن ہے
جب سی اوس بت سی آشنائی کی | اک خدائی ہماری دشمن ہے

اے سحر نام حیدر کرار
روز پیکار مجکو جوشن ہے

چمکی جو برق گوہر دندان یار کی | خاک آب ہو گئی گہر آبدار کی
غیرت سی چرخ پر دل پروین چاک چاک | اللہ ری آب و تاب تری گوشوار کی
وہ مہر چرخ حسن کہان اور پری کہان | یکسان ہو قدر خاک بھلا نور و نار کی
جعد سیاہ مار ہی مہرہ ہی گوشوار | مو باف نقرئی نہین کینچلی ہی مار کی
ظالم ہی سرخ تر مدعا ملی | خنجر سر لائی بار کبھی [illegible]
وحشی ہوا وہ کوی پری رو مین جو گیا | تاثیر ہی یہ سایہ دیوار یار کی
مانند گل کرینگی گریبان کو تار تار | تکتی ہین راہ آمد فصل بہار کی
جب بات لعل لب مین ہی یاقوت مین کہان | قیمت دو چند ہی مین سرخ یار کی
اختر نقاب مین خط سطر شعاع | تحریر ہو صفت جو رخ گلعذار کی

شادی و غم جہان مین ہمدم ہین گل ہنسی — جب تک نہ رو چکی آنکھہ سحاب بہار کی

ہی باد تند رحم کر اس خاکسار پر — برباد کر نہ خاک ہماری مزار کی

پہلی وہ صفحہ پر عنقا کری تلاش — تصویر کھینچے جو مری جسم نزار کی

نظارہ کر رہا ہون مین گلہای داغ کا — ای عندلیب سیر مین ہون لالہ زار کی

اوس گل کا دیکھہ پائی اگر قامت سہی — قمری کو قدر سرو کی ہی شکل دار کی

پھر میلی عیش باغ کی نزدیک ہین سحر
پھر گلشن جہان مین ہی آمد بہار کی

جینا ترے فراق مین امر محال ہی — ای غیرت مسیح برا اپنا حال ہی

ہی ماہ مستعار یہ تیرا جمال ہی — بس حسن عارضی ہی کہ اک دن زوال ہی

کیا خوشنما صنم ترے چہرے پہ خال ہی — پیدا جہان مین تجھسا حسین خال خال ہی

پیشانی زہرہ منہ ہی ترا ماہ چاردہ — دندان صاف تارے ہین ابرو ہلال ہی

گھٹتا ہوا ہی غم کہ کی فرقت مین جسم زار — خار مژہ کی کاوش پنہان وبال ہی

روشن جہان سیاہ نظر مین جو ہو گیا — کس شوخ مہ کی زلف کا ہی خیال ہی

الجھا ہی جب سے زلف تابان مین دل مرا
ہر ایک بال جسم کو اپنی وبال ہی

دندان صاف ہین مین سرخ سی عیان
یا درج لعل ناب مین عقد لآل ہی

کیا ہی وہان سرخ و خط سبز کی بہار
تملیک شاہ حسن پہ گیا مُہر آل ہی

خوبان و ہر مین جو وہ مہوش ہی بے نظیر
بندہ بھی عاشقونمین عدیم المثال ہی

کٹتی ہی تارے گنتی ہی گنتی تمام رات
سونا تری فراق مین خواب و خیال ہی

دل زلف مین پھنسی نہ شب وصل کسطرح
اس آستین کے سانپ سے بچنا محال ہی

ہر ہر قدم پہ ناز ہی ہر گام پر ادا
سب سے نرالی اوسکی غرض چال ڈھال ہی

قاتل کی انتظار مین دیکھ مر گ ہون
سر بار دوش جان بدن کو وبال ہی

خالی زمانہ آیا ہی مردون سے نظیر
یہ عصر وہ ہی جسمین گیا قحط الرجال ہی

اے بت قسم خدا کی جدائی تری ہی شاق
فرقت مین ایکدم مجھے جینا محال ہی

نیرنگی جہان کا تماشا ولا نہ دیکھ
یہ دہر بی ثبات طلسم خیال ہی

تو جانتا ہی جس لیے آیا ہون تیری پاس
ای جان جان فقیر کی صورت سوال ہی

کرتا ہی ایک بات میں تو کی تمام تو
ہو تجھسی ہمکلام یہ کسکی مجال ہی

لب پہ ہی آہ آنکھ سی جاری ہی ہین سرشک غم
دل مضطرب ہی سینی مین رنج و ملال ہی

نایاب ہی کمر و دہن تنگ لاجواب
قد بی نظیر گات عدیم المثال ہی

مرغ نگاہ مردم دانا اسیر ہین
سنبل کا جال زلف کی گردن کا جال ہی

پہونچا ہی رنج ساعد نازک کو وقت قتل
قاتل سی اپنی سخت مجھی انفعال ہی

کاندھی پہ اوسنی تیغ ہلالی دھری نہین
پنہان ہی آفتاب مین رخشان ہلال ہی

کسطرح ہو نہ آفت جان ای سحر وہ بت
بارہ برس کا نام خدا سن و سال ہی

خرام ناز کا کھٹکی خیال رہتا ہی
دل بلاکش غم پائمال رہتا ہی

تری فراق مین دلکا یہ حال رہتا ہی
اسیر حلقہ دام ملال رہتا ہی

گلی مین طوق نہین اوس پری کی جلوہ نما
قریب مہر درخشان ہلال رہتا ہی

ہی زرد و زار بدن اشک خون سی آنکھین سرخ
تری فراق مین اپنا یہ حال رہتا ہی

کہان ترا رخ روشن کہان یہ بدر منیر
کہ ماہتاب کو اکثر زوال رہتا ہی

جو چشم و ابرو و گیسو و خال و خط کی ہی یاد
حواس خمسہ مین اب اختلال رہتا ہی

یہ ربط عاشق و معشوق میں بہت کم ہے
خطا معاف ہوا اب ہمسے صاف ہو جائے

وہی مرے مجھے اوسکا خیال بنتا ہی
سنا ہی دل میں تمھارے ملال ہتا ہی

شب فراق میں جیتا رہا نہ موت آئی
سحر سے مجھے بس انفعال رہتا ہے

جان باہم جمن آئی ہے بزاری اعجاز سے
حشر برپا ہی سہی قد کی خرام ناز سے
دل گئی پایاں تعمقی رقص کی انداز سے
کیا تماشا ہی جلا داعونسے ہیں خوش ہوا
وائی ناکامی تب آئی باغ میں فصل بہار
طرز تیری چشم صید افگن کا کیا کوئی اوڑائے
تو نہیں تو بزم عشرت ہی مجھے ماتم سرا
ہاتھ آگر مین پنجہ خورشید ای رشک قمر
ذکر کیا افشای درد عشق ہو غماز سے

گیجیی مردیکو زندہ حسن کی اعجاز سے
مردی جی اوٹھی لب جانبخش کی اعجاز سے
جان مشتاقان جلاتی شعلہ آواز سے
جل بنا کم نہیں طاؤس آتشباز سے
بی پروبالی سی جب ہم رہ گئی پرواز سے
کار شاہین نکلی کب ست کلنگ و قاز سے
طبع یہان نا سازہوتی ہی صدائی ساز سے
نقش پا رشک ید بیضا ہوا اعجاز سے
کان تک آئی نہ جب آتف صد ہی آواز سے

جو پہیرو اپنا سایہ اپنی پانْو آتی بند ہی
ہی حصولِ مطلبِ دل ان دو راہون سی نیاز

حسرتِ دیدار اس سبب یہ الفت کو بلا
اس قدر بی پیچ کیا ہی عاشقِ جانباز

جلوہ گر فانوس مین ہی شمعِ کافور سحر
یا عیان ہی ساعدِ یار آستینِ ناز سے

بن تری جانسوز ہی یہ ماہ پیکر چاندنی
بن گئی ہی تابشِ خورشیدِ محشر چاندنی

مہ وشون نی جبکہ الٹا روی روشن سی نقاب
اوڑ گئی کافور کی مانند یکسر چاندنی

ایک ہفتہ تک مہیا تھی یہ جلیان وصل مین
چنگ مطرب نغمہ ساقی بادہ ساغر چاندنی

چاندنی کی کفش ہی ان مہوشون کی زیرِ پا
کیون نہو پامالِ غیرت آج یکسر چاندنی

کوکبِ داغِ فراقِ ماہرو سی روز و شب
ظلمتِ تربت مین پہیلی ہی سراسر چاندنی

انجمِ دندان سی چمکا شبکو منہ مین
ہو گئی شفاف مثلِ آبِ گوہر چاندنی

زخمیِ تیغِ نگہ ہون ہی شبِ مہتابِ ہجر
ڈر ہی پڑ جاتی کہین مجہ پر چہٹک کر چاندنی

یاد کی دندانِ شب مین یار بن ہی جانگزا
سودۂ الماس سی مجکو ہی بدتر چاندنی

نورِ روشن ہجر مین رشکِ شبِ دیجور ہی
دہوپ کا ہی کام کرتی شبکو اکثر چاندنی

گر نہین ہی جستجو مین تیری ای پردہ نشین — شام سی تا صبح کیون پھرتی ہی گھر گھر چاندنی

تیری آگی ماہ کی منہ پر ہوائی چھوٹنی — جلوہ مہتاب سان تو ہو نکیونکر چاندنی

اوس مہ یوسف لقا کی ہجر مین آدی عبث — جا رہی کلبہ احزان سی باہر چاندنی

زرد رو ہیں ہوئی اوس مہروش کی سامنی — پھر دکھانا منہ نہ تو ہی باحیا گر چاندنی

ہی نقاب سونی سی یون عیان نور جبین — جلوہ گر ہو ابر سی جسطرح چھنکر چاندنی

خنجر غمسی برنگ غنچہ ہو صدپارہ دل — بن تری دیکھون جو ہی شکل گل تر چاندنی

بیحجابی دیکھنا اللہ ری نور لطیف — گھر مین بیٹھا ہی وہ مہ پھیلی ہی باہر چاندنی

ق

شب کو گلشن مین جو آئی سیر کو وہ مہروش — مہ بچھائی بہر پا انداز یکسر چاندنی

سبزہ ہو زرین گیا عکس طلائی رنگ سی — نقش پا سی غیرت فرش مشجر چاندنی

عکس افشان کا ستارہ ہی سایہ قامت شہاب — بدر ~~چھپ~~ جلوہ رخسار انور چاندنی

چاندنی کی سیر کرا ہی مہ چمن مین چلکی بیٹھ — چاندنی کی پیڑ کی نیچی بچھا کر چاندنی

تون کو خاک آستان پہ جبہ سا ہی آفتاب — چومتی ہی شب کو اوسکی در کا پتھر چاندنی

شمسہ اوسکی قصر کا ہی مہر اور گلجام ماہ — صحن خانہ مین ہی فرش سنگ مرمر چاندنی

شب تصور میں تجھے لیجا ہی سیر گلشن کی بنی — نقل یاری جام شربت ماہ شکر چاندنی

جو وہ مہ وین شب جلا مہتاب کو اے مہر وش — میکشی کرتا تھا ہی پر چھپا کر چاندنی

مائل سیر شب ہی وہ شتاب مہر آج — شکر کر چمکا تری طالع کا اختر چاندنی

اے سحر جب شام کو آیا وہ مہ وبام پر

نور رخ سے ہر طرف پھیلی سراسر چاندنی

زیب جسم نازنین تخت سکندر چاہیے — پیرہن شبنم کا تجکو اے گل تر چاہیے

منہ چھپانا وصل کی شب کو نہ دلبر چاہیے — چاند کو بی پردہ حسن اے ماہ پیکر چاہیے

تیغ سے الفت سپاہی کو مقرر چاہیے — صاحب جوہر کو قدر اہل جوہر چاہیے

خوب سا اے یار جسم نازنین تجکو کھلا — عشق میں پتلی کمر کی جسم لاغر چاہیے

جان فنی ہی عشق میں اک ماہ کل خاک کے — چادر مہتاب کی تربت پہ چادر چاہیے

تو ہی سورج تجکو زیبا جو پہنے ہو چپانن — چاند ہی تو گوہر انجم کا زیور چاہیے

بوسہ ہای لعل لب کا ہوں شہید اشتیاق — سنگ تربت کی لیے یاقوت احمر چاہیے

منہ دکھانی کی عوض کرتا ہی قاتل ذبح گمیں — تشنہ دیدار کو کیا آب خنجر چاہیے

پہلو خورشید میں بیٹھا ہی تار صبح کا
کان کی بالی میں اوس معشوق کی گوہر چاہیے

ابروی قمر کان اشارہ میں کیں عالم کو قتل
نی سنان درکار ہی تمکو نہ خنجر چاہیے

تاری لازم ہیں کیں ہی ماہ سپہر حسن تو
تیری پیشانی پر افشان بھی مقرر چاہیے

سبزہ و گل ہی لب جو ہی شب مہتاب ہے
ساقیا اس دم ہی گلگون کا ساغر چاہیے

نعل کفش گلبدن کے ہوں نشان بالای قبر
تربت عاشق کوان پھولوں کی چادر چاہیے

غنچہ آسا تجکو زیبا ہی لباس تنگ و چست
رخت تن صد چاک ہو ای گل تجہ چاہیے

گیسوں نہ زیبا ہو سی اوس سرو گلرخسار کو
لالی کی پھولوں میں نافرمان مقرر چاہیے

خواہش جاہ سلیمان و شکوہ جسم نکر
ای سحر ہمتا شی سلمان و قنبر چاہیے

اپنی بیگانی سب ای رشک چمن بھول گئے
وحشت غربت یہ خوش آیا کہ وطن بھول گئے

چشم وحشی کی جو شوخی تہ گیسو دیکھی
چوکڑی ساری غزالان ختن بھول گئے

دیکھ کر پھول سے عارض تری ای سرو چمان
بلبل خستہ کو گلہای چمن بھول گئے

جمع تجہ پیہ ہوی دیدہ نقاش جہان
جوش حیرت سی کہی عضو بدن بھول گئے

ہد یا موسی قلم آبی کو مہر نشان
نقطہ پر سہو و یا جبکہ دہن بھول گئے

پھر گئی آنکھ ہمین اپنی نہیں پہچانی آپ
چار ہی دن مین بس اے غنچہ ہمین بھول گئے

ایکدم بیٹھ گیا پاس جو وہ جنت جان
سالہا سال کے سب رنج و محن بھول گئے

عہد مین اک صنم عشوہ گر ہندی کے
برہمن بت کی پرستش کا چلن بھول گئے

چشمہ نار صفاہانی و سیب جنت
جب سے دیکھی لب و پستان و ذقن بھول گئے

ٹھوکرین کھاتے تری ہی چال کی آگی ایسی
روش ناز کا طاؤس چلن بھول گئے

دشت وحشت مین جنون نے یہ بگاڑی صورت
کہ مری شکل بھی یاران وطن بھول گئے

آب دندان لب یار کا دیکھا جو سے رنگ
ہمکو دُرِ عدن و لعل یمن بھول گئے

جلوہ تار شعاعی کو ہم اے مہر جمال
دیکھکر تیری دوپٹے کی کرن بھول گئے

١٨

اندنون بسکہ تردد ہے بہت و لکھو سحر
طبع موزون نہ رہی طرز سخن بھول گئے

زخم کھائی ہین یہ کس معجز نما شمشیر سے
ہین جو لبہای جراحت آشنا تکبیر سے

اے مہوس مین ہوا کشتہ اک طلائی رنگ کا
مرتبہ اعلی ہے میری خاک کا اکسیر سے

مہر کو تیری رخ پر نور سی نسبت ہی نہیں
ہمسری تصویر کی کیا صاحب تصویر سے

شعلہ رویوں کو ہی اکثر تیرہ بختوں سی فروغ
روشنی شمع ہوتی ہی فزون گلگیر سے

فاتحہ تربت پہ میری گر پڑھی عیسی نفس
زندہ ہو جاؤن ابھی جنبش کی تاثیر سے

روی روشن کی تجلی کا لکھا میں نی جو وصف
صفحہ کاغذ ید بیضا ہوا تنویر سے

خاکساری نی مس دل کو بنایا یون طلا
سونا ہو جاتا ہی تانبا جسطرح اکسیر سے

خوب دیکھا روی قاتل کا تماشا شکر ہی
فائدہ پایا یہ ہمنی قتل کی تاخیر سے

ہم سمجھتی ہیں تجھی عیاریان ای حیلہ ساز
بات سیدھی بھی کوئی خالی نہیں تزویر سے

جوش حیرت سی ہی آئینہ رو کے عشق مین
صورت تصویر طوطی ہون ہنی تقریر سے

شرم سی ماہ دو ہفتہ گھٹکی بنجاتی ہلال
دون اوسی نسبت جو تیری گرد تصویر سے

طور کی سرمہ کی تجکو ہی عبث خواہش سحر
چاہیی کحل البصر خاک در شبیر سے

چشم آئینہ جو پر نور تجلا ہو جای
دست مشاطہ بعینہ ید بیضا ہو جاے

شکوہ نی پردہ جو وہ طور کا شعلا ہو جاے
چشم ہر نجم فلک دیدہ موسی ہو جاے

تمنا سوں جو ان [illegible] ترسا ہو جاے | سلسلہ سلسلہ زلف چلیپا ہو جاے

خضر دیکھے لب جاں بخش تو مردا ہو جاے | جاں دو سامری اعجاز مسیحا ہو جاے

[illegible] فگن جو ترا چاند سا مکھڑا ہو جاے | جوہر آئینہ ہر ایک ستارا ہو جاے

[illegible] بالا تو ترا حسن دوبالا ہو جاے | جلوۂ برق طپلے چاند کا ہالا ہو جاے

خضر سا ن زندۂ جاوید ہو جو بوسہ باے | آب حیوان لب جاناں کا پسینا ہو جاے

سبزۂ خط سی بڑھا رونق مصفا کا جمال | سیم کی قدر نقرۂ زر ہی جو مینا ہو جاے

عکس گر کاکل مشکیں کا جو دریا میں پڑے | کف دریا صفت عنبر سارا ہو جاے

ق

[illegible] | صحن گلزار فلک انجم شگوفا ہو جاے

چاند ہو پر تو رخ سی گل مہتاب اگر | کہکشاں تاک ہر اک خوشۂ ثریا ہو جاے

بادہ وندان میں گھر بار ہو گر ابر مژہ | قطرۂ اشک جو نکلی در یکتا ہو جاے

چشم تر سی ہو اگر جوشش طوفان سرشک | پاٹ دامن کا مری دامن دریا ہو جاے

آسمان بام ہو مہتابی بنے منزل ماہ | شب کو بے پردہ جو وہ چاند سا مکھڑا ہو جاے

برق ہو کان کی بجلی تہ ابر کاکل | عقد در پر تو عارض سی ثریا ہو جاے

دام سے چھٹ لی اگر طائر دل چھوٹ بھی جاے
حلقۂ زلف میں تم سے اُلٹا پھندا ہو جاے

تو جو دی بوسۂ عناب لب سیب ذقن
بارور یار مرا نخل تمنا ہو جاے

کیا نزاکت ہے جو بوسے کا تصور کیجے
نیلم آسا لب لعلین تہ تو نیلا ہو جاے

خود فروشی پہ جو وہ یوسف عنبر مو آے
ہے یقین مردم بازار کو سودا ہو جاے

پڑھی زاہد جو اوس ساقی مسکین کی نگاہ
نذر خشت سر خم شیشۂ تقوی ہو جاے

آئینہ ہی نہیں کچھ سکتۂ حیرت میں فقط
دیکھ لی جو تیری تصویر وہ مجھ سا ہو جاے

نکلی بل کھنچ پیچان کا جو دیکھی خم زلف
کجروی قدسی کرے سرو تو سیدھا ہو جاے

طالب بوسہ ہون گالی ہے خفا ہو کر دو
تم برا مانو تو چتون مرا اچھا ہو جاے

روندے کیا سبزۂ کالتارا وہ نازک اندام
برگ گل جب تہ پا ریزۂ مینا ہو جاے

مجکو انگشتری ملک سلیمان ہاتھ آے
دستیاب اوس سے نشانی کا جو چھلا ہو جاے

بوسۂ زلف جو مانگون تو وہ کہتا ہے سحر
دشمنون کو نہ کہین آپ کی سودا ہو جاے

صاعقہ سوز ہے فرقت میں لب پر نالہ
داغ دل خورشید ہے اختر ہر اک تبخالہ ہے

چمن میں جیسی کی طرح گلشن [illegible] شبنم جبین
داغ سر کی قطرہ [illegible] شعلہ جوالہ ہے

یاد زلف و رخ میں کیا سوز و گداز [illegible]
شام سے تا صبح اشک آنکھوں میں لب پر نالہ ہے

لب حسینوں کے [illegible] میں داغ تیری حسن نے
پشت آئینہ میں جو گل تھا باغ دہر میں اب لالہ ہے

عین فرقت میں ہے کیسی سر دھڑکایا [illegible]
سبحہ آنسو کا ہر قطرہ برنگ ژالہ ہے

کیا تب تاب رخ احمر سے جلتا ہے حسین
قطرہ شبنم لب گلبرگ پر تبخالہ ہے

ماہ نو ابروی کج ہیں مہر رخشاں بجلیاں
منہ نہیں ہے چاند یا بالا نہیں ہے ہالہ ہے

آنکھ پھرتی ہی دل مردم سے ہو جاتا ہی پار
نیزۂ خطی ہے یا اس سرمگیں دنبالہ ہے

قتل عالم قصد [illegible] ہے مژگان چشم کے
پنجۂ مژگان میں خنجر سرمہ کا دنبالہ ہے

کر دیا سوز دروں نے کیا تماشاگاہ خلق
تیر آتشبار ساں اخگر فشاں ہر نالہ ہے

یاد میں زلف سیاہ و روئے آتشناک کی
ابر دود آہ برق شعلہ فشاں نالہ ہے

سخت بازو نہ ای بت شیشہ دل چور کر
ریزۂ مینا سے نازک دل کا ہر پرکالہ ہے

ابر ہی ٹھنڈی ہوا ہے باغ میں جشن وصل
چار دہ سالہ صنم ہی بادہ یکسالہ ہے

لیا ہے بابل تجھی سی چاہ زنخ سی آب
چشم جادو سی خجل ہر ساحر بنگالہ ہے

دونوں لفظوں میں چہرہ کی نہیں ہی جا بجا | چاند کو کہتے ہیں سجی ہی جا بجا ان شکین ہا

گرم بازار فریب دلربائی ہی مدام
زال دنیا بھی سحر کوئی زن دلالہ ہے

نازک ہی جسم رخت گل تر کا رخت ہے
مخمل ہی گلبدن تری تن کی کا رخت ہے

تیغ نگاہ و خنجر ابروی یار سے
دل چاک چاک ہی تو جگر لخت لخت ہے

کیا منہ ہی بدر کا جو تری آئی روبرو
ای ماہ چاندنی تری جوتی کا رخت ہے

گلگشت کو نہ جا کہ وہاں ہوگا بدنماغ
ای گل صدائے نالۂ بلبل کرخت ہے

کوچہ ہی تیرا سلطنت فقر ہی پری
سنگ در اہل دل کو سلیمان کا تخت ہے

یوسف ہی چہرہ اور لب جانبخش ہیں مسیح
آغاز سبزہ مثل خضر سبز بخت ہے

تشبیہ تنگ لب ہی ترا تمثال قدر است
پتھر ہی لعل سرو ہی کج درخت ہے

ہیں یار باغ غمکدہ بلبل ہی نوحہ گر
شبنم بھی اشک چشم گل ہر درخت ہے

بلقیس عصر آپ ہیں پریاں کہاریاں
ای جان تا مجان سلیمان کا تخت ہے

ہو سوز آہ گرم سی میری موم خاک نرم
پتھر سی بھی زیادہ دل وحشی کا سخت ہے

کیا انقلاب طالع [illegible] ہجر میں	بیدار چشم زار ہی خوابیدہ بخت ہے
برجستہ ہی وہ مصرعہ بالا کہ قد یار	موزوں ہی سرو سا تختہ مصرع درخت ہے

جانسوز آفتاب سی مہتاب ہی مجھے
فرقت کی رات روز قیامت سی سخت ہے

بزم میخانہ مست بلبل ہے	گل و شبنم پیالہ و مل ہے
دل اسیر کمند کاکل ہے	رشتہ عمر تار سنبل ہے
سرو ہی قد یار رخ گل ہے	چشم نرگس تو زلف سنبل ہے
شیشے رہتی ہیں شور قلقل ہے	کیا تری مست عشق کا غل ہے
حیرت افزا وہ روی کاکل ہے	سحر و شام کا تقابل ہے
تر ہوا دامن گل خندان	شبنم تر سرشک بلبل ہے
دور میں چشم مست ساقی کے	مے کی حرمت میں کیا تامل ہے
وعدہ وصل کی فراموشی	جہل کب ہی فقط تجاہل ہے
بھولنا جان بوجھ کر مجھکو	عارفانہ ترا تجاہل ہے

یار آیا نہ عذر لاش سے
رائگان پاش شب کا تسلسل ہے

اشک وہ راں سر میں جاری ہین
یہ نیا دور او تسلسل ہے

منہ جو ساحل پہ ہو رہا ہی وہ گل
ق آب رشک گلاب بالکل ہے

گل کھلایا ہی عکس عارض نے
بلبلون پہ ہجوم بلبل سے ہے

پانی پانی صفا ہی رخ نے کیا
آب آئینہ کو تزلزل ہے

شیشہ می صراحی دار گلا
چشم مخمور ساغر مل ہے

کیون مطول ہو شب فرقت
کاکل یار سی توسل ہے

جان جاتی ہی قاصد آ جا
میرا دشمن ترا تساہل ہے

ہو ملاقات دیکھیے کیونکہ
یہان ہی غفلت وہان تغافل ہے

عارضی ہی بہار عارض گل
بیخزان کفش یار کا گل ہے

غنچ درد والم علم نالے
اپنا وحشت مین بھی تحمل ہے

راکب وحش شہسوار براق
ہی وہ جس سی مجھی توسل ہے

آنکھین روشن ہین عشق حیدر سے
توتیا خاک پای دلدل ہے

ہیں سحر خواجہ تاش کاشی ہوں
ہند فیض قدم سے آمل ہے

شمیم زلف معنبر سے شہر مشکین ہو جائے
خطا او کہا مقابل جو مشک چین ہو جائے

حنا جو دیدہ گریان سے آتشین ہو جائے
تو سیل اشک نقاب رخ زمین ہو جائے

جو زیب باغ وہ شمشاد نازنین ہو جائے
تو سرو خشک ہوا در زرد یاسمین ہو جائے

بہے آنسو پونچھنے کو چشم کی قرین ہو جائے
رگ سحاب ہر اک تار آستین ہو جائے

نقاب مو سے عیان ہو وہی شہر نگین ہو جائے
شب فراق کی پیدا سحر کہین ہو جائے

جو عزم صید کرے چشم وحشی صیاد
نظر کمند کا وہی غزال چین ہو جائے

سواد زلف کا سارے گو تمہیں سودا ہے
عجب نہیں ہے جو خون شک مشک چین ہو جائے

مٹاؤں یار کی در پر نوشتہ قسمت
کروں وہ سجدہ کہ زائل خط جبین ہو جائے

لکھی ہے مجھ صفت سہی قامتان گلرخسار
یقین ہے رشک گلستان گلزمین ہو جائے

خدا کی شان ہے ہیرا ہو کانسی پیدا
صدف میں پانی کا قطرہ در ثمین ہو جائے

سہا سی گھٹ کی ہو کم چاند چودہوین شب کا
چھپی نقاب سے رخ یار مہ جبین ہو جائے

جو بوسہ می بتا شیرین ادا تو اب ہان
حلاوت لب شیرین سی انگبین ہو جای

حضو کی لب شیرین کی قرب سی ہی یقین
یہ سینا چاہ زنخدان کا انگبین ہو جای

ق

اگر تہی لب شیرین کی ہون تم اوصاف
ہر ایک نقطہ شکر پارہ ای حسین ہو جای

دوات کوزہ مصری قلم ہو شاخ نبات
مداد شیرہ جان کا غذ انگبین ہو جای

سحر کو آئی غش اور ہون رقیب جلکر خاک
جو بی نقاب وہ رخسار آتشین ہو جای

ہجر مین دل زندگی سی سیر ہی
گل ہو شمع حیات اندہیر ہی

راست بازی ہم کرین وہ کجروی
یہ مقدر کا ہماری پہیر ہی

منہ دکہاتا ہی نہین وہ رشک مہر
اب جہان پیش نظر اندہیر ہی

جای گل تیوری چڑہانی چاہیی
عاشق شوریدہ سر کا ڈہیر ہی

دل مشبک ہی جگر ہی چاک چاک
تیر ہین مژگان نگہ شمشیر ہی

باغ ہی ساقی ہی می ہی ابر ہی
اک فقط آنی کی تیری دیر ہی

ای سحر کیا خوف رو بہ خصلتان

دستگیر اپنا خدا اگر کاشفِ سر ہے

مہ جبین گر رخ روشن کا نظارا کرتی
انجم کی پتلیونکو عرش کا تارا کرے

اسی فلک سمت جنونکو جو اشارا کرے
تیغ محشر کی گریبان کو پارا کرے

گر تیری گیسوِ شبگون کا نظارا کرے
سنبلِ پرشکن شکست صد میں تو تارا کرے

زلفِ کج شانۂ مژگان سی سنوارا کرے
راست بازی سی سر مو نہ کنارا کرے

پاس گر یہ بت مہ جبیں ہمارا کرے
ہم مسلمان گئے تو ایمان بھی پیارا کرے

یہ پری زاد اگر پاس ہمارا کرے
جان دیتی کبھی وہ تیغ گوارا کرے

ریچ خلق قناعت جو گوارا کرے
مور انبان سلیمان سی کنارا کرے

آرزو یہ ہی تہِ خاک تری کشتون کی
سر فدا پاؤں پہ قاتل کی دوبارا کرے

قتل عالم ہین ہمیشہ وہ سفاک جہان
جان دیتی ہین جو اس رخ کا نظارا کرے

قوس ابرو سی جو چشم ہی ناوک ناز
مردم انگشت نما سی ہمیں اشارا کرے

ہوتی تسکین نہ مجھی الطش دل اے ہمدم
خط سبز و لب لعلین کا نظارا کرے

شعلہ رو یار مہوس تیری عاشق اکثر
قائم النار ہین اس عرقی سی پارا کرے

جوش حیرت سے جھپکتی نہیں تار نگہ
رات بھر ہم تجھے ہی صورت کا نظارا کرتے

بادہ بی جلوۂ مستانۂ ساقی ہی حرام
ہمیں فردوس میں کوثر سی کنارا کرتے

ہر لب زخم سی کشتوں کی دعا ہی قاتل
لاکھہ جانیں تجھی ہی ہر وار پہ وارا کرتے

تو جو چھیڑ کتا تھم ایسا جو [illegible]
غیر کی ہاتھہ سی ہم گوارا کرتے

بحر ہستی سی کیا تیغ جہا رہی فی بار
آشنا کو ہمیں ایسی گھاٹ و تارا کرتے

ڈالتی عکس جو ابرو کا تم ای بحر حباب
بارہ تلوار کی دریا کا کنارا کرتے

شیخ جی پھینک کی سبحی کو نہ پہنتی زنار
اوس بت ہزار دین کا جو نظارا کرتے

بوسہ بازیمیں جو بدتا وہ کسی ہو کی سی
جیت اپنی ہی تھی ہر او جو ہارا کرتے

آب حیواں سے نہ انفاس مسیحا سی ہی کام
تم جو بوسہ لب جانبخش کا پیارا کرتے

جان کو جاتی مگر آپکی عشاق غیور
خضر و عیسی کا نہ احسان گوارا کرتے

کیا سحر عقدہ کشا نام ہی مولا کا تیرے
سر مصیبت میں علی کو ہیں پکارا کرتے

اسی جو بہ زبانی کی لگی جان نکلنے
بیعت تیری تلوار سی کی بیعت اجل نے

دل خون کیا عہد شکن لب کی لعل نی
مارا تری ہر روز کی اس آج نی کل نی

تن من کی وہ منہ جو لگی تھا اٹھنے
دل خون ہو سینو میں کلیجی لگی ملنے

محفل میں جو اولٹا رخ پر نور سی برقع
آگی تری پروانی لگی شمع سی جلنے

قد بوٹا سا دُر کا نین لو رہا تھا بین گھڑی
ای غنچہ دہن سرو لگی پھولنی پھلنے

دیکھی جو تری چہرۂ پر نور کا جلوہ
غیرت سی رخ مہر لگی رنگ بدلنے

کی غیر نی کنگھی جو تری زلف میں قاتل
یان ارہ بیداد لگی فرق پہ چلنے

بن زلف کی ہر بال کا شانی نی نکالا
مشاطہ عجب زور کیا پنجہ شل نی

ہی زلف کی حلقی میں ہمارا دل پر داغ
طاؤس کو غیرت ہی لگا سانپ نگلنے

دل داغ ہوا شعلۂ رخ پر جو نظر کی
آنکھیں بھی سینکیں تھیں کلیجا لگا جلنے

جی ہجر کی دن لگیا جول شب فرقت
ڈھلتی ہی عشاق کی منگی لگی ڈھلنے

یہ شمع جلی رشک سی کافور ہوا نور
ہر چند چھپایا اوسی پہ یمین گل نی

کیا خون کی پیاسی ہی کچ دیکھا مجھی جسدم
قاتل کی لگی میان سی تلوار اگلنے

گلزار گل زخم سی ہی گنج شہیدان
کیا گل ہیں کھلائی تری تیغ ادا کی پھل نی

ہی عیسی دوران مع مر اعجاز نمائی … درد غم فرقت نہین تیا ہی سب [illegible]

یہ محفل رندان ہی نہین مدرسہ ابد … مارا ہمین بیہودہ تری دو بدلی

رہتا ہون ہم آغوش سحر شام سی ہر شب

تا صبح ادھی کروٹ نہین لیتا ہون بدلنی

ہی سعادت یاب مطر وس مشتری تمثال سے … ہی زحل خورشید نور کوکب اقبال سے

ناوک گتا ہی تیغ پنجہ قتال سے … بدر کاہیدہ ہی تیری آفتابی ہلال سے

ہی مع بال جان او بجھنا گیسوونکے جال سے … دیکھی کب مرغ دل چھٹتا ہی اس جنجال سے

خاک مین ملتی ہین اہل دید تیری چال سے … ہر قدم ہی لن ترانی کی صدا خلخال سے

واہ کیا پر نور ہی چہرہ ترا خورشید رو … بنگیا ہی چاند ہر گل تکیہ مل مل گال سے

ہو مقابل کیا سمند دیدہ تر سی مرے … پانی پانی ابر تر ہی گوشہ رومال سے

کیون نہ دے افیونکی گولی مجکو ساقی می کی ساتھ … آنکھونکو ہی عشق چشم اور دلکو الفت خال سے

زلف ہی سنبل سی پرچین گل ہی خجل شرنگ گال سے … تنگ غنچی سی ہین نازک کمر ہی بال سے

وہ خبر بلقیس کی لایا اوس [illegible] کا خط … ہی خجل مرغ سلیمان ہیکی فرخ فال سے

شب مین سی دود عنبر ہی ہوا
عطر کی شیشی مجمل ہی شمع کی ہنال سی

سا تیا ہی عالم مستی مین سو د نشا تین
نقد عیش زندگی ہی جام مالا مال سی

عقل ہو کیا نوک زبان سی عقدہ و صعف کم
ہی گرہ کا کھولنا مشکل نہایت بال سی

سنکی تیری گفتگو یون روح کو ہوتا ہی وجد
جیسی ہو صوفی کو حالت نغمۂ قوال سی

ناچنا گت پر مٹکنا واہ ابا این فیش
بنگیا نقال صوفی نغمۂ قوال سی

ہمسری لعل لب گویا سی تیری ہی محال
کیا کریگا لاف برگ گل زبان لال سی

تی ... شوخی رفتار ناز
معجزہ اوٹھا ہی ورنہ نگینان کی چال سی

ناتوان بیٹھی نہ کھو رکھی ہی قدر پہلوان
ای سحر اس دور مین بدتر ہی رستم زال سی

گلزار مین نظارہ شمشاد کرینگے
یاد اب کسیکا قد آزاد کرینگے

اب مشق تصور سی دل آزاد کرینگے
کعبہ کو بتون سی ہم آباد کرینگے

دل بند علائق سی اب آزاد کرینگے
زنجیر نہ اون گیسونکی یاد کرینگے

وہ کعبہ ابرو کا دکھائیگا جو جلوہ
ق
نالی نہ موذن ہی کچھہ ایجاد کرینگے

چھوڑینگی پرستاری اصنام نہ ہمت
ناقوس صفت نالہ و فریاد کرینگے

حورونمین کہان نازو ادا صورت انسان
جنت مین بھی دنیا کی مزی یاد کرینگے

توبہ کہان کعبہ کہان ابروی بت مست
اب ترک یہ رسم و رہ الحاد کرینگے

چھوٹینگے جو پابندی گیسوی ہمارے
بندی رہ خالق مین ہم آزاد کرینگے

تسکین کے لیے دیکھینگی نرگس عوض چشم
نظارہ گل بادل ناشاد کرینگے

وہ غیرت شیرین نہ کریگا کبھی تقریر
گو کوہکنی صورت فرہاد کرینگے

ساقی نہ رکی دور یہ موسم ہی غنیمت
پیری مین جوانی کی مزی یاد کرینگے

بھٹکینگی حسین ہوش مین آ اے دل نادان
دیوانی سی وحشت یہ پیدا کرینگے

ہم اشک ندامت سی بجھا دینگی جہنم
محشر مین گناہون کو اگر یاد کرینگے

دل رقص سی پامال کرینگی جو اوٹھا ہاتھ
دامن جو ہلا ہوش کو برباد کرینگے

گر قاتل مردم ہوئین وحشی تری آنکھین
رم آہو ونکی سایہ سی صیاد کرینگے

ہم خاک نشینون کا ستانا نہین اچھا
ہل جائینگی افلاک جو فریاد کرینگے

گو منہ سی نکالینگی نہ ہم حرف شکایت
ضبط آہ و فغان ای ستم ایجاد کرینگے

زبان دیدۂ نمناک و لب خشک و رخ زرد
غرض ہی کہ عیان عشق کی روداد کرینگے

کہان پایا مین نہین ورنہ تو محشر مین ستمگر
اللہ کی آگی تری فریاد کرینگے

مانونگا نہ ایما و اشارت پہ مین عہدہ
جب تک نہ زبان سی وہ کچھہ ارشاد کرینگے

لکھینگے سراپا سحر اوس لعبت چین کا
کار قلم مانی و بہزاد کرینگے

لگی ہی مثل موسی کو جو اک برق تجلی سی
چراغ چشم روشن ہی چراغ طور سینا سی

بندھا وہ ہاتھ لٹکی زنجیر در ہی کلیسا سی
جنون مین بہی نہ چہوٹی سلسلۂ زلف چلیپا سی

پیالہ بخشا ہی پیر مغان نی بہر کی صہبا سی
ارادت مجہکو ہی جامی سی بیعت شاہ مینا سی

غرض ہی یار کی ابرو سی مطلب رخ زیبا سی
ہمین کیا کام زاہد طاق محراب و مصلا سی

اگر بی منت مخلوق ہو نان جوین حاصل
وہ ارباب قناعت کو ہی بہتر من و سلوا سی

روان کر زاد رہ گر ہو سکی پہلی سی ای غافل
سفر در پیش ہی جانا ہی خالی ہاتہہ دنیا سی

پریشانی ہی سنبل کی طرح آئینہ سان حیرت
محبت ہی کسی زلف دوتا و روی یکتا سی

نہ ہونگی مژگان کی تو چشم آبلہ کی بدنمائی ہی
نکالو ان کی کانٹی دشت وحشت مین کف پا سی

کنارہ جو ہین ساغر عالی ظرف کی بینا ہین
لیا احسان ہمسایہ لب یار ہین ہے

ہیا جب ایک ساغر غیب کے مضمون ہو ظاہر
کیا کار خط موج جام جم ہر موج صہبا نے

لبون پر جان آدی تیر کج خلقی ہتھین جاتی
خدا کیو اسطی ظالم اوٹھا ہاتھ اپنی تو ایذا سے

ہی نازک دست قاتل تو کمی کسنا نہ اپی خنجر
دم مشکل کشائی ہی چھڑا دی قید ایذا سے

کبھی زون صفت جو واک طور کی شعلی کی نین دوا
ہوا ہے صفحہ روشن تر کف پہ نور موسی سے

فروغ مہر عارض سی ستارا ہر نگینہ ہے
نہیں کم دہکدہگی اسی حبیبن عقد ثریا سے

سحر کیا کیا بہار عیش باغ انکھو نمین پہنچی ہے
وہ گل سی گال وہ نرگس سی انکھین قد وہ بوٹا سے

بلا سودائے زلف یار نے کیا سر چڑھائی ہے
پریشانی ہی پیچ و تاب ہی آشفتہ حالی ہے

نکیون نے سایہ ہو قد قدِ احمد سب سے عالی ہے
بدن پر ٹھیک مثل حق قبا ہی بیتابی ہے

بہار آئی ہی پھر جوش جنون نے دھوم ڈالی ہے
غل و زنجیر کی غل نی زمین پر اوچھالی ہے

ادا وہ ہٹ پہ جیسے بانکی لاکھی کی لالی ہے
لبون نے شاخ مرجان آج نیلم سی نکالی ہے

فنا کی بعد بھی شوق شراب پینکالی ہے
پیالی کی عوض ... نہیں ہم بھی کی پیالی ہے

زبان پر جب دعا کے ہیں لب شیرین سو جگ لالی
سبھی تقریر ہی بدبت عالم سی نرالی ہے

کہاں ہی لعل بدخشاں اور کہاں تیری لب نگین
کہاں عقیق یمن جا میں ابھی ہیں نقص لالی کی ہے

ہوا ہو بانکپن کا بمروت کر دیا تجھ کو
نہیں سنسار میں کوئی بات کج خلقی سی خالی ہے

جو خو رگریہ ہی عشق در زندان جانا تن من
کہاں آنسو سی ہم بحر چشم دریا بار خالی ہے

نہیں تجھ پہ ہوں معتی تار نظر کا نہیں ہو تو با ہو
لڑی جو شک کی ہی وہ کش سلک لالی ہے

مہ شوال تجھ بن کم نہیں ماہ محرم سے
ہلال عید ابی قاتل مجھی تیغ ہلالی ہے

فلک شعر کی شرارت بول چال ایسی نہیں دیکھی
کرشمہ ہی جدا سب ادا سب نرالی ہے

سیہ بختی نے نقش عشق کا کل نی قلم آیا
بیاں سطر نقش پا سی خاک جادہ کالی ہے

مہ خورشید گم کرتی ہیں ستارے چرخ نیلی
وہ فور آہ دلسی ہجر کی شب ایسی کالی ہے

تعجب نہیں والماس ہر اک کا نسخی نکلی
جو اگو گوش بحر حسن میں فن کی بالی ہے

نسیم کا پر رنگو بلغ ہو نز اہد ریب سجدہ ہیں
سیہ ہی سنگ اسود بعیبی کی نہ پیالہ کی کالی ہے

غزل لکھ کر مری یکرنگ صاحب لکو جا لائی
ہر اک مضمون میں امیر ہی ہر بیت جالی ہے

ہمارا قطرہ یک خون عاشق نی کہلا گی گل
کف قاتل میں تیغ خوں فشاں سی لونگی لالی ہے

فراق ماہرو مین سینہ و ساعد پہ گل کہایا
جو وہ لالی کا تختہ ہی یہ چہپ لوکی

حنا کیطرح عشق نو خطان مین ہو گیا دل خون
بسان سبزۂ نورستہ صرف پایمالی ہے

ہوا ہی میکدہ روشن فروغ حسن ساقی سی
کٹورا سونیکا خورشید چاندنیکی تہالی ہے

تشون دستۂ مژگان پی تاراج دل آیا
ہمارا مزرع امید نذر پایمالی ہے

ہری ہی یاد خط سبز مین کشت دل گریان
نہ خوف پایمالی ہی نہ بیم خشکسالی ہے

لگی ہی بر مژگانسی جہڑی اشک فنا دم
مری آہون مین تاثیر ہوای برشکالی ہے

وفور شک سی ہی آبرو چشمان عاشق کی
کمی باران رحمت کی نشان خشکسالی ہے

لحد پر تیری آمد کا نکیونکر منتظر دل ہو
قیامت ایکدن آنی فتنہ انگیز انیوالی ہے

رہا اس دام سی تا مرگ مرغ دل نہین ہوتا
بلای جان جنجال آپکی کرتیکی جالی ہے

حظیرہ میری تربت کا نکیونکر آشیانہ ہو
ہمای مغفرت کا دام ان پر وحشی کی جالی ہے

کہنچی ہین مسی کی نیلی ڈبی اون سفاک آنکہون مین
سیہ مستی مین متوالونی پہر چہیچ نہالی ہے

لہو چاٹا ہزارونکا تری تلوار نی قاتل
نہین پرہیز خونخواری سی آتک پیٹ خالی ہے

سحر اعدای حیدر کا ہی مسکن آتش دوزخ

فضای صحن جنت بہر گلگشت ہوائی ہے

کہنا بجا ہے حدیث مخبر صادق ہے صاف ہے | کافر ہے وہ علی سے جسے انحراف ہے

ظاہر سے خود نما وہ کا باطن جلاف ہے | بے نور شیشہ ہے رخ آئینہ صاف ہے

باریک مثل مو وہ کمر بے خلاف ہے | اک بال کی گرہ ہے جو مشہور ناف ہے

صورت نما تراش شفاف صاف ہے | بیت آئینہ ہے جو ہر آئینہ ناف ہے

تو چاند سے وہ چند حسین بے خلاف ہے | میلی ہے چاندنی تری پوشاک صاف ہے

روشن یہ آفتاب سے بے اختلاف ہے | دھبے ہیں چاند میں رخ محبوب صاف ہے

کس شکل منہ چھپائین نہ پریان حجاب ہے | تو ہمتیان قاف سے لی تا بقاف ہے

جسنے لڑائی آنکھ وہ دیوانہ ہوگیا | شور اوس پہ یکا قاف سے تا بقاف ہے

ابروی مہ جبین پہ جھکے افشان سے آب و تاب | تیغ ہلال پر بھی زرافشان غلاف ہے

صحبت مقدسونکی بڑھاتی ہے عز و شان | قرآن کی فیض قرب سے قدر غلاف ہے

زاہد تجھی و غرور عبادت پہ ہے غرور | عاصی ہین ہم قصور پہ جو اعتراف ہے

ساقی شراب دی رمضان ہے تو کیا ضرر | بیمار چشم ہون مجھی روزہ معاف ہے

مثل قلم ہو جا بھی قدم سر کی بھی روان | گر در حریم یار جو عزم طواف ہے

منہ آنسوؤن سی دہولی طہارت کیواسطے | مخصوص اس وضو کو یہ آب مصاف ہے

رکہتی نہین ہین دل مین کسی سی کبہی غبار | سینہ ہمارا صورت آئینہ صاف ہے

پتھر زمین سی چشمۂ معنی روان کیا | خامہ عصای موسی دریا شکاف ہے

آوارگی ہی صاحب جوہر مین دل لگا | روزن کہر مین بطن صدف مین شگاف ہے

دشوار کیا ہی اوسکی دہان کمر کا وصف | ہین نکتہ چین جو ن طبع رسا موشگاف ہے

اے کوہکن مجھی مدد غیر سی ہی ننگ | ناخن ہر ایک تیشۂ خارا شگاف ہے

مضمون ہر ایک یوسف کنعانی ہی عزیز | دریای مصر اپنی قلم کا شگاف ہے

دیوانگان عشق کی سایہ سی بہاگنا | ایجان رسم وراہ وفا کی خلاف ہے

کیا عہد سست یار سی دل شاد کیجیے | پیمان شکن وہ شوخ ہی وعدہ خلاف ہے

خون شوق سی بہا نہ دیت ہی نہ خونبہا | سفاک تجکو خون محبان معاف ہے

تیری سی چشم ولب کہان نطق و نمک کہان | کس منہ سی شمع بزم مین سرگرم لاف ہے

کیا ڈر سحر کو دشمن دیرینہ قصاں سے

مزاج شیرینیہ عبد مناف ہے

جھڑی ہی لگی ہے ان خشک عینین سیمر کو تر سے
بجھیگی آتش دوزخ فشار دامن تر سے

اٹھی ہی چشم حیران عارض گلرنگ دلبر سے
لگیو نکر جدا ہی اشک ابر شرمگین ان تر سے

گیا طوفان جوش اشک فی بیدائی سحر سے
مقابل ابر تر کیا ہو ہماری دیدۂ تر سے

ہین بی حند وگر ندا باجب ہیر اہل جوہر سے
بہم ہین آب و آتش بی ضرر یاقوت گوہر سے

تہ و بالا ہوا دل جلوۂ دندان دلبر سے
بنا ہی صبر جی برباد بہ سیل آب گوہر سے

دکھا عیسی لب اگر اپنی رخساری گل تر سے
یہ دیدی ہین بہت ترساتری دیدار کی تر سے

ہوئی تسکین جو لگی بوسہ لبہای دلبر سے
تپ فرقت ہوئی کم شربت قند مکرر سے

خجل روز قیامت ہی شب ہجران دلبر سے
کہ بدتر چاندنی ہی تابش خورشید محشر سے

گھلا ہر استخوان سوز وگداز عشق دلبر سے
ہین مثل شمع اشک گرم جاری دیدۂ تر سے

نہ کیون بیچین ہو وہ نازنین پہولونکی زیور سے
تہ پہلو ہی اک کاوش گ برگ گل تر سے

تبان سنگدل پر آگیا میرا دل نازک
الٰہی خیر کر نا شیشی کو صحبت ہی پتھر سے

تصور ہجر مین ہی ابرو و رخسار و دندان کا
شب تاریک روشن ہی ہلال و ماہ و اختر سے

جواب اس رنگ کا لیکہ ہی وہ مجروح تیر آیا
ٹپکتا ہی لہو ہر دم پر و بال کبوتر سے

لٹایا مجکو انگارو نیہ اس عہد خطا وی نی
جلا کیا کیا دل ای گل پیرہن پھولونکی چادر سے

صداع عشق کا گل لخلخی سی کم نہین ہوتا
سونگہا مو بافت عیسی بھی سلکر چید معنبر سے

تجھی ای شانہ زیبندہ ہی سطر الجھا گہنا
مکلل ہو طلا سی مہر اگر دہای اختر سے

لگا ہی یار کی قدمونسی اعجاز مسیحائی
جلاتا مردہ صد سالہ کو ہی ایک ٹھوکر سے

ہلال ناخن جھوش مہ نو سی ہین اعلی تر
حنائی پنجہ روشن پنجۂ خورشید انور سے

کھلین جو ہر لب و دندانہی تیری جب مقابل ہون
اوڑی یاقوت کا رنگ اور ہوا ہو آب گوہر سے

کیا ہی یارنی لاکھی نی دل خون ای سحر اپنا
جلا ہی گھر ہمارا آتش یاقوت احمر سے

ہی جوہر کارگہ ابرو مین افزون تیغ و خنجر سے
مژہ خونریز تر ہی تیر سی برچھی سی نشتر سے

تن و قد و دہان چشم و عارض اوسکی بہتر ہین
سمن سی سرو سی غنچی سی نرگس سے گل تر سے

خط و قطرات نخ دندان و لب تیری ہین زیباتر
زمرد سی گہر سی ہیرے سی یاقوت احمر سے

رخ و ابرو نگہ عقد در افشان ہی روشن تر
قمر سی ماہ نو سی برق سی پروین سی اختر سے

ہی موزون سایہ بھی رشکِ صنوبر قدِ بالا کا
فروتر نارون سے سرو ہی طوبیٰ بھی ہی عرعر سے

ادا و ناز و غمزہ ابرو و مژگان مین ہین بان تیر
کٹاریسی چھریسی تیغ سی برچھی سی خنجر سے

تنفر ہو گیا ہی فرقتِ ساقی مہوش مین
گزک سی مطربون سے نغمہ سی شیشی سی ساغر سے

لب شیرین کو جب چوسا طبیعت ہو گئی سیری
رطب سی انگبین سی قند سی مصری سی شکر سے

دماغ و دل پریشان ہین ہوای الفت یار مین
خیالِ مشکِ تر سی عود سی سنبل سی عنبر سے

تری مخمور آنکھون نے اتاری مستی نخوت
گلِ بادام سی آہو سی جامِ مے سی عبہر سے

سحر ہی چشمِ تر آب و دلِ سوزش طلب بہتر
سدا باتش سی بجلی سی سمندر سی سمندر سے

جان آئی تن مین جب مرے ہی عیسیٰ نے بات کی
ہر لب ہی موج چشمۂ آب حیات کی

تلخی نزع سی نہ عنایت نجات کی
کہنی کو بات رہ گئی تمنی نہ بات کی

کیا بات آپکی لب شیرین کی بات کی
میٹھی جو بات ہی سو ولی ہی نبات کی

آیا بھی تو گلی مین بسر ساری رات کی
عیار میری ساتھ عجب تو نے گھات کی

پایا نمود خط سی نشان دہان تنگ
بتلائی راہ خضر نی آب حیات کی

گیا نہ کر خواب دیدۂ انجم گواہ ہین — رو رو کی صبح فرقت مہوش مین رات کی

ہی خط سرنوشت وہ لا ہی ابوتراب — یہان ساتھہ ہی برات انال ہی نجات کی

اون پر کیون نہ کیا ہمین دیوانہ چشم کا — امید جن سی تہی نگہ التفات کی

ہر گل ہی خار خار خزان سی جگر فگار — دیکھی بہار اس چمن بی ثبات کی

شیرین ہی بوسہ لب نوشین سی کام جان — تو زبان نی باقی حلاوت نبات کی

طالب کو بخش دولت بیدار گنج حسن — کب سیتن معاف خدا نی زکات کی

ظلم و جفا سی آپکو معشوق سمجھی ہم — کیفیتین صفات سی ظاہر ہین ذات کی

دندان مصری انت ہین آب دہان ہی شہد — گویا زبان نبات ہی شاخ نبات کی

تا چند ای بتان ستم پیشہ چشم خشم — حسرت ہی دل مین اک نگہ التفات کی

بیخود ہون یاد عارض و کاکل مین صبح و شام — دن کا نہ ہوش ہی نہ خبر مجکو رات کی

آیا نہ گھر تلک مری وہ غیرت پری — پھونکی فتیلی نقش بہی حاضرات کی

مستی عشق چشم و لب خط و خال سی — اوڑتی ہی خاک کوٹھیون مین مسکرات کی

زاہد نہ منع کر ہمین شرب مدام سی — پانی سی زندگی ہی ہر اک ذی حیات کی

تارا بھی آسمان پہ چمکتا نہیں کوئی — کیا خوفناک آج سیاہی ہی رات کی

لکھوں میں وصف زلف و خط و خال عنبرین — ہو مشک سے مداد مرکب دوات کی

ایسی ہی جلوہ گر لب جان بخش یار ہی — ظلمت نقاب ہی رخ آب حیات کی

اوس مہر چرخ شرع کا مداح ہون مجیر

خلقت ہوئی ہی جسکی سبب کائنات کی

زرد ہی منہ لب پہ آہ سرد ہی — تو نہیں پہلو میں دل میں درد ہی

مطلع پیوستہ ابرو ہی بلند — مصرعہ برجستہ قد فرد ہی

ساقیا آئی بہار میکشی — ابر چھایا ہی ہوا ہی سرد ہی

جو مصائب میں ہی ثابت قدم — پیش ارباب خرد وہ مرد ہی

یار جانی ہی جسی کہتے ہین دل — مونس و غمخوار ہی ہمدرد ہی

اسی جنون بخشا عجب ملبوس خاص — رخت عریانی بدن پر گرد ہی

شعر لکھتا ہون ہوای یار مین — جو ہی مضمون گنج بادآورد ہی

خاک جسکی پیش روی یار چاند — چاندنی افشان کی آگی گرد ہی

حق نی بخشی تجکو یکتائی کی شان
دفتر خوبی مین چہرہ فرد ہے

مصر خوبی مین حضور حسن گرم
گرمی بازار یوسف سرد ہے

ق

گرم تجہہ حسن سون وزافزون یا
باغ مین ٹہنڈی بہار ورد ہے

بلبلاین کہتی ہین بابانگ خنک
آتش گل لعل لب سون سرد ہے

سیوتی پہیکی ہی لالہ داغ دار
نیلگون سوسن ہی نرگس زرد ہے

رحم کیا عشاق پر آئی او سجے
بیمروت بیوفا بیدرد ہے

ڈہنگ بگڑا رفتہ رفتہ ای سحر
پیش ازین آمد تہی اب ورد ہے

ہی سیہ ابرو و لیسی رخ بیمثال کی
اک بدر پہ ہی جلوہ گری جو ہلال کی

آنکہوں مین جان ہی تس ہی آشفتہ حال کی
صورت کوئی نظر نہین آتی وصال کی

افزون ہی مہر و مہ سی تری جمال کی
دولت تجہی خدا نی عطا بیزوال کی

الفت و بال جان ہی تس بال بال کی
حالت ہی غیر اس دل آشفتہ حال کی

اسد ببہ لالی شوخ ہی مخمل سی گال کی
رنگت ہی پہیکی سرتہ ہی سرخ شال کی

شوخی ہی برق ہوش ہمہ جمال کی | گشت حیات اہل نظر پایمال کی

ہیں یہ کب مغ وسیاہی ہی خال کی | گلدستہ حرم پہ ہوئی جا بلال کی

وحشت نکیون ہو دل شیدا چال کی | چشم سیاہ شوخ ہین ہم ہی غزال کی

ہم گدا ہی مرزیان طلب سی وصال کی | دلکو نہین ہی تاب تمہاری ملال کی

[illegible] قطع ہر نفس اوس نونہال کی | کہاتی ہین وہ قد کی قسم مور چال کی

کیا حاجت اوسکی مصحف عارض کو خال کی | تفسیر بی نقط ہی خط بیمثال کی

چھوٹا نہ بعد قتل بھی قاتل ترا سنگدا | ہر پور انگلیون کی مری حق نسی لال کی

یوسف ہی حسن مین تو ہی تبہ مین تو کھیم | جا نہ ہی تیری ذات جمال و جلال کی

بی سایہ کیون نہو قد محبوب ذو الجلال | ممکن نہین نظیر عدیم المثال کی

وصف کمر مین کی ہی لگی موشگافیان | باریک ہین ہین کھینچتی ہین کھال بال کی

ہوتی اگر نہ داغ تو دیتی مناسبت | کب ہی صفائی بدر مین اوس گوری گال کی

ہی لمین دہن وضبط فغان کیا ہو زبان نہین | تکلیف کیا ضرور ہی امر محال کی

خمیازہ فراق نی توڑا ہی بند بند | مستی تھی پر خمار شراب وصال کی

نیرنگ کارخانۂ دنیا ہی بی ثبات
ہستی ہی اک نمود طلسم خیال کی

حسن طلب پہ اپنی خموشی بھی ہی دلیل
ای شاہ حسن یہ بھی ہی صورت سوال کی

رنگین ہوا کی دست حنائی کی فیض سی
پیدا ہوئی عبیر مین نگہت گلال کی

آباد ہمنی وادی مجنون کو پھر کیا
جاگیر پھر جنون نی ہماری بحال کی

جس سی لٹی ہی وہ آنکھہ پھنسا اوسکا مرغ دل
کہتی ہین ڈورے ہی چشم کو اوسکی جال کی

ہی گرم خندہ میری دم سرد پر وہ گل
تاثیر آہ مین ہی صبا و شمال کی

آنکھین خدا نی دی ہین پی دید خوب و زشت
تقصیر کیا ہی ہمنی اگر دیکھہ بھال کی

دیوانہ عضو عضو پہ ہون غیرت پری
کیونکر بلائین لون تیری بال بال کی

محشر مین عذر وہین اوٹھونگا وہ روز ہ
گو آج میری خونکی دیت پایمال کی

فانوس سی ہو شمع کی افزود روشنی
پردی سی قدر بڑھتی ہی صاحب جمال کی

ڈرتی نہین خدا سی بتان ستم شعار
ان غافلون کو فکر نہین کچھہ مآل کی

توبہ پہ توبہ ہی تو گنہ پر گناہ ہی
قوت ہوئی ہی سلب مگر انفعال کی

گو ہون فقیر پر نہ کھلی لب پی طلب
مٹھی مدام بند ہی دست سوال کی

آگاہ کب ہی جز دل تو بہ شکن گوئی — لذت پس گناہ جو ہی انفعال کی

صبح وطن سیاہ ہی غربت کی شام سے
یاد آئی ہجر بلا ہی خط و زلف و خال کی

ترکیب بشر کی عین شر ہے — شر جز و اعظم بشر ہے
منظور ہجا اوس صنم کو شر ہے — اپنی اللہ پر نظر ہے
دل ٹکڑے ہی پر آبلہ جگر ہے — نخل الفت کا یہ ثمر ہے
کیا غم ہی صنم اگر ہی غافل — اللہ تو حال سی خبر ہے
بیتابی دل کا کیا بیان ہو — سیماب ہی برق ہی شرر ہے
مژگان ابرو سیا ہی چشم — خنجر ہی تیغ ہی سپر ہے
ہمشکل ہی روی روشن یار — نایاب وہ نازنین کمر ہے
سنکر مرا حال دل وہ بولے — بیہودہ بکو نہ دردسر ہے
سیماب کیطرح دل ہی بیتاب — کیا سوزش ہجر سیمبر ہے
چیچک کی نہین ہین داغ منہ پر — تارون کا ہجوم چاند پر ہے

افشان نہین ابرو وجبین پر — تاری ہین ہلال ہی قمر ہے

گرد و پس کاروان تن ای روح — دلبر آمادہ سفر ہے

مستی شباب ای گل اندام — مانند نسیم پردہ در ہے

یاد رخ و زلف مین ہون بیخود — یکسان مجھی شام اور سحر ہے

دن کی ہی خبر نہ رات کا ہوش — وہ غیرت مہر و مہ کدھر ہے

اوٹھتی کس سی ہین ناز بیجا — ای جان مرا ہی یہ جگر ہے

وحشت مین بہائی ہین یہ آنسو — کوسون دامان دشت تر ہے

بیٹھا ہون مین فقیر ہو کر — تکیہ اوس بت کا سنگ در ہے

رکھ یاد یہ نکتہ ای دل زار — بی یار سفر نہین سقر ہے

اوسکا دل سخت نرم کر دے — ای آہ جو تجھہ مین کچھہ اثر ہے

ق

کس مرتبہ شوخ ہی وہ عیار — آیا سر شب ہماری گھر ہے

رخصت کا گھڑی گھڑی ہی طالب — ہر دم سوی آسمان نظر ہے

کہتا ہی کہ ہی چھڑی اوٹھا کر — جانی دو کہ بج رہا گجر ہے

معنی کی سحر بہا دمی چشمہ

بارش یہ سحاب طبع گر ہی

دل ہی جرس آہ راہبر ہے | اور از خود رفتگی سفر ہے
ہی چھپکا ماتھی پہ جلوہ گر ہے | پروین تاج سر قمر ہے
ہر مرحلہ جا ہی صد ضرر ہے | کیا عشق کی راہ پر خطر ہے
دیوانہ ترا ہون ای پریرو | کیون مجھی گریز اسقدر ہے
سوزان ہی یہ آہِ شعلہ افشان | بجلی کی زبان پہ الحذر ہے
اوڑھا ہی دوپٹہ اوسنی اودا | بدلی مین چاند جلوہ گر ہے
ساغر ساقی کی عکس رخ سی | چشمک زن آفتاب پر ہے

ق

اللہ ری فروغ مہر عارض | پر نور فضا سی رہگذر ہے
خاک تہ پا سپیدۂ صبح | ہر ذرّہ ستارۂ سحر ہے
اہل جوہر سی ہو مقابل | کیا مال رقیب بدگہر ہے
بجلی ہون رقیب روسیہ کو | لازم مری آہ سی حذر ہے

اللہ ری بوسے کی حلاوت
اب تک لذت زبان پر ہے

ہر بوسۂ لب ہی روح پرور
مصری ہی قند ہی شکر ہے

ادنی ہی شکار طائر جان
شاہین نگاہ تیز پر ہے

مفلس کوئی گلبدن بنکھیا
غنچون کی گرہ مین مشت زر ہے

راحت وہ موذیان حسین ہین
گل خار کی سر پہ چتر زر ہے

سر دینی مین کب ہی دیر قاتل
اک وار مین یہ مہم بھی سر ہے

ق

اللہ اللہ تجلی حسن
پر نور فروغ رخ سی گھر ہے

کوکب یہ دیوارون کی ہین روزن
بجلی ہی جو شگاف در ہے

آنکھون سی رو ان ہین اشک حسرت
ہر دم اعمال پر نظر ہے

ہی دشمن جان مسیح اپنا
جینی کی امید کب سحر ہے

حال کرتا نہین ظالم سی یہ اظہار کوئی
خاک سر پر ہی اوڑاتا بس دیوار کوئی

کردی صیاد کو اللہ خبردار کوئی
کہ ہی دم توڑ رہا تازہ گرفتار کوئی

نہین کہتا مری عیسی سی یہ بیمار کوئی
جان بلب ہے درد جدائی سی ہی بیمار کوئی

آفتاب رہا ہی نہین بیدار کوئی
کھولی آنکھ آج نہین ثابت و سیار کوئی

گرم بازاری عشق آج کل ایسی ہی ہی
جنس دل کا نہین خواہان خریدار کوئی

صدمہ درد جدائی سی ہی لب پر مرے جان
اور ایسی میں وہان نہین آزار کوئی

اپنی قابو مین اگر ہو تو نصیحت مانی
خاک سمجھاؤن سمجھتا ہی دل زار کوئی

ہجو دیکھین بھی ہنسی ہی یہان آپکی ہو اسکا
راز دل غیر سی کرتا نہین اظہار کوئی

دینی قتل ہین مژگان و نگاہ و ابرو
لیے خنجر کوئی برچھی کوئی تلوار کوئی

یوسف آجائے تو بیان ٹکڑیونکی مول بکے
سرد ہوتی ہی تری گرمی بازار کوئی

لوگ مشتاق ہوے اپنی نظر بازی سے
پیش ازین تھا نہ ترا طالب دیدار کوئی

اے دل آزار ہوا وس گل کی شکایت بیجا
نظر آیا ہی گل اندام وفادار کوئی

دم ہی آنکھوں مین تو کام نہ چہرا اشک مسیح
دلمین جاتا ہی لیے حسرت دیدار کوئی

دیکھی دل اوس بت عیار کو کچھ ہون خجل
کسی کافر کو مسلمان نکری پیار کوئی

زہر سی فائدہ تریاق کا حاصل کب ہو
تجھسے کیا مہر و وفا کا ہو طلبگار کوئی

تم ستاتی ہو کڑھاتی ہو جلاتی ہو مجھے
یون بھی ہوتا ہی بھلا درپی آزار کوئی

پیچ مین زلفِ بتان کے نہو دشمن بھی آکے
اس بلا مین ہو الٰہی نہ گرفتار کوئی

کہیو قاصد کسی پردہ مین اوس ظالم سے
طالب عفو کسی سی ہی گنہگار کوئی

نہ دلِ یار مین جا کی نہ جلا غیر کا گھر
کرتی تاثیر نہین آہ شرربار کوئی

کیا اولجھتی ہو ہماری دل سودائی سے
جاؤ دیوانی کی منہ لگتا ہی ہشیار کوئی

یار نی قول کا چھلا ہمین بھیجا ہی سحر
یعنی اب وصل مین باقی نہین تکرار کوئی

رخ سی پردہ جو اوٹھاؤ تو قیامت ہو جاے
جلوہ گر سامنی اللہ کی قدرت ہو جاے

ہو وصال آپ علاجِ تپِ فرقت ہو جاے
روز کی جانکنی سی تو فرصت ہو جاے

قتل عاشق ہو سرافراز شہادت ہو جاے
جب علم تیغ ہو انگشت شہادت ہو جاے

مدح سی مصحف ناطق کی شفاعت ہو جاے
شعر ہر ایک مرا آیۂ رحمت ہو جاے

بچ اوٹھون آپ مرِ تیغ جو وہ شوخ مسیح
صورتِ یار مجھی آیۂ رحمت ہو جاے

کب ہی آرایش ظاہر کا وہ گلرو محتاج
جسکی اندام سی پوشاک کی زینت ہو جاے

جان بلب ہی جدائی سی ہی بیمار فراق
منہ دکھاؤ تو ابھی زیست کی صورت ہو جاے

گر سنگار آپ کریں خلق کو محویت ہو
آئینہ دنگ ہو تصویر کو حیرت ہو جاے

ہو کے رخصت نہیں پیغام اجل سی کچھ کم
اوٹھ کھڑی ہو تو بپا ایک قیامت ہو جاے

نام جانیکا نہ لو موت نہ آجاے مجھے
آپ سی پہلی مری جان کو رخصت ہو جاے

تیری دیوانی کی سایہ سی ہی عالم کو گریز
جو سنی نالۂ زنجیر اوسی وحشت ہو جاے

ہی خط مصحف عارض کا نظارہ جائز
کھولو منہ سورۂ یوسف کی تلاوت ہو جاے

سانس لیتی نہیں آزردہ ہی وہ آئینہ رو
صاف کھٹکا ہی زیادہ کہ کدورت ہو جاے

حسن ہی غیرت شیریں کا حلاوت افزا
نقل ہر بزم نہ کیوں اوسکی حکایت ہو جاے

خنجر عشوہ رواں گردن عاشق پہ کرو
گوشۂ چشم سی ابرو کو اشارت ہو جاے

گر تہ خاک حسینوں کا تصور آئے
روح کو بزم طرب گوشۂ تربت ہو جاے

وہ دکھائی رخ رنگیں تو اوڑی رنگ چمن
پھیکے پہلی سی گل سرخ کی رنگت ہو جاے

لعل سرسبز ہوں مینو ہوں یاقوت و عقیق
لب پہ گر جلوہ نما پان کی رنگت ہو جاے

طول بیماری فرقت سی نہیں زیست محال
زہر کرتا نہیں تاثیر جو عادت ہو جاے

کیا نزاکت ہی اگر قصد ہو گلبازی کا
کسطرح حال دل نہ ارب یان یار سی ہو
شان خالق ہی تجہ می حسن سی ظاہر ہووی
کیون نہ انسان کو مسخر کری جا ضر باشی
مثل ساغر مجہی جگر ہی مدام ای ہمدم

بی حنا سرخ کف دست کی رنگت ہو جای
لب اگر وا ہوون نہ بانکو وہین لکنت ہو جای
قدر صانع سبب خوبی زینت ہو جای
طول صحبت سی تو حیوان کو محبت ہو جای
دخت رز تاک پہ چڑہ جای تو رحمت ہو جای

کیا عجب آنچ سی وہ رخ کی بچالی وہ سحر
جسکی ارشاد سی خورشید کو رجعت ہو جای

کسب ضیا کرین جو رخ بی نقاب سی
جھکی جو صبح چہرۂ انور نقاب سی
نکلی جو منہ وہ چاند سا ابر نقاب سی
محفوظ کیی صید سنگ عتاب سی
ہی جوش اشک چشمۂ چشم پر آب سی
قاصد جو کامیاب ہو خط کی جواب سی

ذرّی اڑا ئین آنکھ منہ آفتاب سی
صورت نہ آفتاب دکھائی حجاب سی
صورت چھپای مہر دای سحاب سی
نازک ترا اپنا شیشۂ دل ہی حباب سی
اک بحر موج زن ہی ہماری حباب سی
ہمچشم ہو ہمیر صاحب کتاب سی

قاصد جو خوش کرے مجھے خط کی جواب سے
تشبیہ دون ہمیں صاحب کتاب سے

دل کیون نہ پر ضیا ہووے سینہ تاب سے
ہوتی ہے ماہتاب مین ضو آفتاب سے

روشن ہے عیری عکس سے جام آفتاب سے
تجلی ہے منفعل خط موج شراب سے

خوشبو فزون ہے جسم گل اندام کا عرق
آکیوڑے سے بیدمشک سے عطر و گلاب سے

وہ مہر گلعذار جو ہووے صبح بے حجاب
اوڑ جاے رنگ روے گل آفتاب سے

جوہر اگر نہ ہو تو شرافت ہے بے فروغ
ظاہر ترا دعا ہے مر آفتاب سے

ہے آب تلخ و شور سے بیقدر تر اگر
زائل ہو بو گلاب سے مستی شراب سے

آئی جو قبر عاشق بیتاب پر وہ شوخ
چونکا نہین خفتہ فتنۂ محشر کو خواب سے

آسودگان خاک کی راحت مین ہو خلل
بھونچال لاے دل طپش اضطراب سے

گھڑوالو ہنسکے خندۂ دندان نما سے قتل
لو کام آب تیغ کا موتی کی آب سے

گرم ادا ہو گر وہ قد رستخیز خیز
بیدار فتنہ ہاے قیامت ہون خواب سے

یہان تا صبح نکلے بلک ہے نکیرین کی ہان
ممکن نہین نجات سوال و جواب سے

وہ مہر وش نچوڑتا ہے بال بعد غسل
برسا رہا ہے چاند ستارے سحاب سے

زاہد بہشت مین بھی ہین شیرا کی
کب کسر شان می ہو تری اجتناب سے

رفتار کیون نہ ہو تری مستانہ آہی پر
مستی مین کب شراب ہی فائق شباب سے

پرتو فگن جو اوسکا رخ لالہ فام ہے
رنگین ہی آب نہر [illegible] شہاب سے

شیطان کیطرح مجھسی رقیبونکو ہی گریز
آہونکی شعلی کم نہین تیر شہاب سے

ہی بی ثبات رنگ غنچۂ ای مے بہار دہر
آنکھین لڑا ہین سیر جہان خراب سے

اس نازکی سی میر شب وصل ہوش اوڑ گئے
جب اونکی نیند اوڑ گئی مخمل کی خواب سے

جانبخش ہی بہار خط سبز پشت لب
شربت ہی آب خضر دہن کی لعاب سے

ای سرو قد ہین غنچہ و گل کو گہ تنگ و سرخ
نسبت ہی کیا تری دہن لاجواب سے

مصراع قد و مطلع ابرو ہی لاجواب
خال اوسپہ کم نہین نقط انتخاب سے

جانسوز تر ہی روز قیامت سی روز ہجر
داغ آفتاب حشر بنا التہاب سے

جھڑتی ہین پھول منہ سی مسلسل ہی گفتگو
اک پھلجھڑی ہی چھوٹ رہی ماہتاب سے

یارب زمین نجف کی سحر کو نصیب ہو
ملجای خاک خاک در بوتراب سے

مصحف ہی رخ وہ آیت کریم ہے | قد ہی الف تو زلف وہن لام میم ہے

شعلہ ہر ایک پھول ہی گلشن جحیم ہی | ساقی بغیر بادہ گلگون حمیم ہے

آشفتہ کسکی کاکل عنبر شمیم ہے | نکہت فشان جو دامن باد نسیم ہے

اوسکا خیال کعبۂ دلمین مقیم ہی | نعلین جسکی زیور عرش عظیم ہے

فرقت مین بیم مرگ ہی حالت سقیم ہی | گر بیخبر وہ بت ہی خدا تو علیم ہے

جادو اگر ہی سحر بیان مسلم ہی | معجز بیان ہون منہ عصای کلیم ہے

تیر نگاہ و خنجر مژگان کی یاد مین | سوراخ ہین جگر مین پڑی دل دو نیم ہے

مقبول خاکساری ہی مردود سرکشی | آدم کو قرب حق سی ہی شیطان رجیم ہے

فرسودۂ جفای جدائی ہی جسم زار | گویا کہ ایک مشت عظام رمیم ہے

کر امتحان معجزہ ای غیرت مسیح | مردہ سی سو برس کی فزون یہ سقیم ہے

فرقت مین غنچۂ دل عشاق کیا کھلے | ای گل دم مسیح بھی باد عقیم ہے

ای برق طور تابکجا لن ترانیان | ہر داغ سینہ روکش چشم کلیم ہے

کیونکر نہ روؤن ہاتھ سی جاتا ہی دل مرا | آمادۂ وداع رفیق قدیم ہے

پہلو سی اوٹھ گیا ہی وہ سرمایۂ سرور | مونس قلق انیس الم غم ندیم ہے

ثابت قدم ہی سوز محبت مین باغ باغ | آتش سی کب خلیل الہی کو بیم ہے

اک شعلہ رو سی ہی دل بیتاب گرم ربط | ای عشق کیونکر آگ مین پارا مقیم ہے

اک بوسہ دی کی گو وہ مین مسکین ہون سیمتن | دولت یہ حسن کی ہی کہ مال لئیم ہے

اعمال گرچہ بد ہین نہین مغفرت سی یاس | عاصی ہون مین خدا تو غفور الرحیم ہے

خالی مکان گوشۂ دوزخ سی کم نہین | سوز فراق یار عذاب الیم ہے

ادنی کا بھی وقار بڑھاتا ہی تمیز | سیماب قائم آگ پہ گر ہو تو سیم ہے

روتا ہون کسکی گوہر دندان کی یاد مین | ہر طفل اشک رشک در یتیم ہے

سودائی زلف یار مین اٹھی ہی کہکشان | فرقت کی کالی رات بلای عظیم ہے

کیونکر نہ دل ہو سینی مین نالان جرس کی طرح | در پیش مجکو منزل امید و بیم ہے

کیا خاکسارون سی ہو بری بگڑونکو لنش | خاکی سی آتشی کو عداوت قدیم ہے

ہر دم ہی مستعد پی تاراج ملک دل | مژگان یار دستۂ فوج غنیم ہے

مطلع پڑھو بلبل کی توافی وہ ای سحر

اس بحر بیکران کا جو دُرِّ یتیم ہے

ابرو ہلال مُنہ ترا ماہِ تمام ہے | گرد اس کی ہی صبح گیسوئے شبرنگ شام ہے
مست مئے ولای علی دل مدام ہے | چشم ترا آب بادۂ کوثر کا جام ہے
کعبہ ہی قصر یار مرا دل مقام ہے | چشم ترا آبِ زمزم بیت الحرام ہے
وہ مہر بی نقاب جب بالای بام ہے | دیکھا صاف ہوئی ہے اور صبح شام ہے
زلف سیہ اتصال رخ لالہ فام ہے | خورشید جلوہ گر تہ دامان شام ہے
الفت ہی کی مرض کو درمان سے کام ہے | رخصت ہوا مسیح ہمارا سلام ہے
آلودہ مسی وہ لب لعل فام ہے | یا جلوہ گر شفق تہ دامان شام ہے
تجھ بن حرام مجھ پن آب و طعام ہے | بارہ مہینے گھر مری ماہ صیام ہے
گردن پر اوسکی جعد سیہ کا مقام ہے | حیرت فزا مقابلہ صبح و شام ہے
زیر و زبر جہان ہو وہ طرز خرام ہے | فتنہ ہی قد یار قیامت قیام ہے
پریوں کا صاف شیشۂ دل میں مقام ہے | کندہ مری نگین پہ سلیمان کا نام ہے
کندہ نگین سی صاف عیان یہ کلام ہے | دلریش ہی جو وہ مہر میں پابند نام ہے

عاشق کشی تری کھنچی ابرو کا کام ہے
یہ وہ برہنہ تیغ ہے خوبی نیام ہے

تیغ قضا تمھارے سر و ہی کا نام ہے
برق اجل سے کاٹ مین افزون نیام ہے

زعفشان جبین یار پر افشان تمام ہے
دھونکا آفتاب کی [illegible] ہے

ناجی ہے جو وصی نبی کا غلام ہے
حورین حلال اوسپہ مین دوزخ حرام ہے

ہے تیر ناز چشم کو پیکان ہاں اک شام ہے [?]
غمزے کی تیغ تیز کا ابرو نیام ہے

مجکو جلا رہے ہین رقیبان رو سیاہ
اے برق آہ کر [illegible] تمام ہے

جھکتی ہین گاہ نشہ مین گہ راست ہین مست
ہر دم لسان شیشہ رکوع و قیام ہے

ق

رکھتا ہون نہین یہ مردم دانا سے التماس
پوشیدہ حق کرے مینا [?] حق کا کام ہے

پوچھو تو منکرین امامت سے اک ذرا
انصاف کا خدا کے لیے یہ مقام ہے

مجمع مکلفین کا بے پیشوا رہے
تسبیح تک تو ایک مقرر امام ہے

نص رسول و حکم خدا سے میان خلق
واجب ہو سب یہ جسکی اطاعت امام ہے

اوسکے سوا جو شوری کا مصنوعی ہے امام
تسبیح کی امام سے تشبیہ تام ہے

اے مرغ صبح ہجر کی شب مین کچھ نہ بول
آخر ہوگی رات کہ عاشق تمام ہے

ساقی کی آنکھین نشہ ہی سی نہین ہین لال لال
جام بلور مین ہی یا قوت فام ہے

کاہش سی بدر وار ہلال رہتہ کمال
مثل ہلال مجھکو ترقی مدام ہے

عنقا صفت ہوا قناعت مین گوشہ گیر
پنہان ہو چشم خلق سی گر چہ نام ہے

آیا ہوئی یہ نشہ کی شدت مین راز دل
سچ سالکونکا قول ہی مستی حرام ہے

کوچی مین ہیر ہی یہ سیف شبہ کلام کے
بازار مصر مین بھی فروان جام ہے

ہی وصف خال یا گلہ کاکل دراز
یہ قصہ مختصر وہ مطول کلام ہے

خاموش تمکنت سی بت غنچہ لب ہی
ہی تنگ تر دہن نہین جا ہی کلام ہے

زلفون کی حلقی مرغ نگہ کی ہین آشیان
صیاد دلا کہہ اسیر ہین لو رایت دام ہے

مقبول بارگاہ خدا خاکسار ہین
انسان کا ملک سی فزون احترام ہے

بابیت الصنم خیال بتان نکی اسے
دل خانہ خدا ہی ادب کا مقام ہے

زلفون مین اولجھی ہین دل و داغ عاشقان
روشن ہین یہ چراغ دوالی کی شام ہے

یہ تجلی رخ روشن سی زلف یار
روشن چراغ طور سی غربت کی شام ہے

رخ سی اٹھا دین تشنہ دیدار محبوب زلف
صائم کو صبح سی کہین محبوب شام ہے

ہر تیغ مین یہ جوہر قطع و برش کہان | ابرو وہ ذوالفقار کا قائم مقام ہے

گلبرگ سی لبون پہ ہی رنگت مسی کی | قد رستخیز خیز قیامت قیام ہے

دعوی ہی اوس سے سوسن سرو چمن کو کیا | ابرو کہ مردہ ایک کے [illegible] غلام ہے

گرمی تو ہی نمک شعین نازو ادا نہین | کب تجلی آفتاب کو تشبیہ تام ہے

ہی [illegible] پا کو شوق سر [illegible] | یہ پیروان شیر [illegible] کا مقام ہے

ق

ہر روبہ و شغال سمجھکر دھری قدم | اس نیستان مین شیر [illegible] کا قیام ہے

پتلی کا عکس ناف صنم مین ہی جلوہ گر | تصویر چاہ نخشب مہ سیام ہے

افشان نی حسن لعل کو چمکا یا تمہ جبین | پرنور ان کواکب روشن سے شام ہے

جور و قصور حصہ مین اپنی ہین ای سحر
مولا ہمارا قاسم دار السلام ہے

پا بگل ہین محو حسن بہار کے | نقش گویا بنگئی دیوار کے

کشتہ ہین عیسی نگاہ یار کے | دیکھے پلی تیر بی سوفار کے

قرب دلبر تک ہین جو اغیار کے | گل کی پہلو مین ہین کھٹکے خار کے

کوئی قاتل مسلخ و قصاب ہے — روز کٹتی ہین گلی دو چار کے

تو مری پھولو نہین گر آتا نہین — بھیج پھول اپنی گلی کی ہار کے

پائے تاگی کی بندھی ہین بت پرست — پھنسگئے دو ڈیمین یہ زنار کے

شمع تو ایجان ہی پروانہ مین — صدقے تیری شعلہ رخسار کے

دل لگاوی پیچ مین چوٹی تری — بل اوٹھاوی طرۂ طرار کے

چٹکیان لین غم مین ڈالی آبلے — کھل گئی عقدی تمھاری پیار کے

ق

ہو جو گرم نوازی وہ پری — دل جلاوی عاشقان زار کے

شعلۂ آوازدی سوز و گداز — نی کو موسیقار کی منقار کے

پانی پانی سخت جانی سی ہو نہین — آبرو ہی ہاتھ تیغ یار کے

باغ ہی باغ محبت کا ثمر — چھالی ہین انگور اس گلزار کے

خار سی کہتی ہین گل ہوتی نہین — قدر مفلس و بر و زردار کے

ق

فصل گل آتی ہی افزون ہو گئے — ولولی سودائی لف یار کے

چھکتی تو خاک کی کھوتی ہین نیند — غلغلے زنجیر کی جھنکار کے

ایک عالم کو پریشان کر دیا / شاخسانی ہین یہ زلف یار کے

رحم آئی یار کو یا جان جائی / برطرف ہون دغدغی ہر بار کے

پھر لگا می پانون وحشت نی مری / پھر ہوی مشتاق تلوی خار کے

ہان سحر اس بحر سی غواص فکر
او موتی لائی غوطی مار کے

شیفتہ ہین ہم انہین دو چار کے / چشم و لب کی کاکل و رخسار کے

لطف ہین انکار مین اقرار کے / دل اوٹھاتا ہی نہی تکرار کے

پھول ہین وہ ون پرور اس گلزار کے / دامن گل ہاتھہ مین ہی خار کے

ٹھہری قاتل سی صفائی بعد قتل / فیصلہ اب ہاتھہ ہی تلوار کے

حسن ابروی کج افشان سی بڑھا / ہین طلائی جوہر اس تلوار کے

کیجیی لعل اوسکی ہونٹون پر نثار / پہینکیے دانتو نہ موتی وار کے

چھن گیا دل رہ گئی منہ دیکھکے / حیرتی آئینہ رخسار کے

تھا سواد دشت وحشت کیا مہیب / رہ گیا سایہ بھی ہمت ہار کے

کیون پریشان ہون نہ اجزای حواس — دل شکنجی مین ہی زلف یار کے

مین کہان توبہ ترا شکوہ کہان — افترے باور نکر اغیار کے

ق

اک دیوان مین لگی گر ہون قلم — ماجرے سوز فراق یار کے

نوک کلک آتش فشانی مین گرے — کام موسیقار کی منقار کے

دیکھنا لین اب نظر بازی کی راہ — بند روزن تک ہوی دیوار کے

تجکو گلچینی مبارک ہمصفیر — تنکی چُنیا مجکو ہی یار کے

وصل جانان ہوگیا خواب و خیال — بخت سوی دیدۂ بیدار کے

نزع مین بھی ٹکٹکی ہی سوی در — ہین یہ معنی حسرت دیدار کے

کہتی ہی قاتل کی دزدیدہ نگاہ — سینے چھانے عاشقان زار کے

ق

کرتی ہین رقص پری کو منفعل — ناز تیری شوخی رفتار کے

روح کو لاتی ہین ہر دم وجد مین — زمزمی پازیب کی جھنکار کے

ق

بار خاطر وادی وحشت مین تھے — بوجھ دوہری جبہ و دستار کے

جیب ہی دست جنون کی پیشکش — کردیی دامن حوالی خار کے

ہجر کی شب دل کو بہلاتا ہون یون
دن پھر آئینگی وصال یار کے

میری قاتل کا لڑکپن دیکھنا
آپ سہما تیر مجھکو مار کے

خون کی پیاسی ہوی وہ ای سحر
یاد فی ہم بیتی تھی جنپر وار کے

اوسی شمع رخ پہ کاکل عنبر فشان ہے
شعلے سی لو لگاتی ہمیشہ دہوان ہے

آشفتہ رخ پہ کاکل عنبر فشان ہے
شعلے کی گرد و پیش پریشان دہوان ہے

گرتی وہ بزم غیر مین شب گرمیان ہے
ہم شمع سان جلا کئی آنسو روان ہے

کیا صدمہ ہای ہجر مین جی شادمان ہے
پژمردہ دل جو ہو وہ شگفتہ کہان ہے

پردے مین حسن نور مجسم نہان ہے
پنہان نگاہ سی وہ پری مثل جان ہے

بس ہی اگر وہ رشک قمر مہربان ہے
پروا انہین بلا سی پھر آسمان ہے

رکھہ دون منہ ہی خموشی مین گلا تیغ تیز پر
قاتل کی لمین کیمین عوس امتحان ہے

مثل جرس ہماری خموشی محال ہے
جنبش مین جب تلک کہ دہن مین زبان ہے

دلکو خیال موی کمر مین ہی پیچ و تاب
کاہش مین کسطرح نہ تن ناتوان ہے

پیری میں دلکو حسرت عہد شباب ہے
طفلی کو یاد کرتی تھی جب تک جوان ہے

اللہ ری سوز آتش فرقت کہ بعد مرگ
سوزان ہیان شمع مری استخوان ہے

مثل نسیم باغ میں صحرا میں دشت میں
اوس گل کی جستجو میں یہی ہم جہان ہے

یوسف کبھی کبھی مہ نخشب کیا خیال
چاہ ذقن کی خال پہ کیا کیا گمان ہے

ہی ہی یہ بحر حسن ہی نا آشنا مزاج
کیونکر نہ اپنی اشک کا دریا روان ہے

راحت کم اس چمن میں ہے کلفت زیادہ ہے
دس دن کی ہی بہار مہینوں خزان ہے

بازار روزگار میں ای مشتری جمال
یوسف سی بھی سوا تری قیمت گران ہے

میزان امتحان میں زلیخا کری جو وزن
یوسف سی حسن یار کا پلہ گران ہے

کاہیدگی پہ بھی گئین کاوشین تری
جتنی سبک ہوئی تن ہی دل پر گران ہے

دیکھا جو تیز تیز نگاہوں سی یار نے
دو ترک مجھپہ تولی ہوئی برچھیان ہے

دل کیوں نہ چاک چاک ہوا اوس کو دیکھکر
محفوظ ماہتاب سی کیونکر کتان ہے

عشق شجرہ میں بسکہ رہا دلکو خار خار
کانٹوں پہ لوٹتی رہی ای گل جہان ہے

پستان کا محو ہوں ہے بڑھا جوبن اور کچھ
حیرت ہی شعلی سی بھی آب روان ہے

کانٹون پہ ہم فراق مین لوٹین نہین نصیب
مصروف سیر باغ وہ سرو روان ہے

لاکھ امتحان پہ بھی ہی خاطر نہ شکیب
کتنی گمان بد سی ہی وہ بدگمان ہے

اس حسن کی ثبات پہ اے غنچہ لب نہ بھول
دو چار دن بہار گل و ارغوان ہے

یارب سحر کی سر پہ سلامت ہین صبح و
فرمانروا جہان مین ہین تا جہان ہے

سیر کو آپ جو کھولی ہوی گیسو نکلے
کیسی بل سنبل پیچان کی لب جو نکلے

تہ نما کیا فقط آئینہ زانو نکلے
صاف تر آئینہ سی تون وہ پہلو نکلے

زرد ہون گل پی گلگشت اگر تو نکلے
سرو گڑ جائین اگر ہو کی لب جو نکلے

مار رہزن سی سوا یار کی گیسو نکلے
جنکو ابرو و مژہ سمجھی وہ بچھو نکلے

تالیان ٹہر گئین خسارون پہ مری روتی
شمع کیطرح مری گرم یہ آنسو نکلے

تیری آنکھون کیطرح گردش و مستی ہی کہان
کسطرح دیدہ آہو مین نہ آہو نکلے

کون رویا نہ شب ہجر مری حالت پر
دیدہ روزن دیوار سی آنسو نکلے

واہ کیا لطف ہی افشانئی زلف عنبر
ای پری [illegible] نکلے

اشتیاق لب جان بخش نے مارا جنکو | جنکو سمجھی تھی مسیحا وہ ہلاکو نکلے

سوز فرقت سے ہی جوش عطش بیتابی | دل کا گریہ وہ چلی چیر کی پہلو نکلے

نہین جوہر یہ فروغ رخ روشن سے ہے | چشم آئینۂ فولاد سے آنسو نکلے

جب تلک لب کہلین حسن تکلم نہ کہلے | تا شگفتہ نہو غنچہ نہ کبھی بو نکلے

ہالۂ مہ کا گمان حلقۂ خلخال پہ ہے | رشک اختر تری پازیب کے گھنگرو نکلے

آج کی رات مری گھر مین ہی وہ رشک قمر | مجھپہ احسان ہی ای مہر اگر تو نکلے

کیا بلا آتش سوزان ہے تو ای شعلۂ عشق | جلکے ہو خاک ہوا تیری جسے چھو نکلے

سرو مہرئ بتان کا جو تصور آیا | بن گئے اولی دم گریہ جو آنسو نکلے

دیکھکر حال مرا اپنی پرائی روئے | سنگدل پر نہ تری آنکھ سے آنسو نکلے

جان وہ ہے الف کی سو دیمین تعجب کیا ہے | مشک و عنبر کی اگر قبر سے خوشبو نکلے

مثل قمری ہمین کس دن سروپہ سے تک | دل سے ای کاش خیال قد دلجو نکلے

عمر بھر بسکہ رمیدہ رہی خوش چشم سحر
سبزۂ قبر کی جانب سے نہ آہو نکلے

مجھہ مین اور یار مین لڑائی ہے — آج اغیار کی بن آئی ہے

آنکھہ کیا یار سی لگائی ہے — جسم و جان مین بہم لڑائی ہے

کسطرح آستین کا بوجھہ اوٹھائے — نازنین یار کی کلائی ہے

خود بخود دل جو ہی پا جاتا — کسکی رفتار یاد آئی ہے

نالہ کش سی زیر خاک رہتا ہون — مینی سر پر زمین اوٹھائی ہے

روز دو اک کا خون کرتے ہو — ابتو مہندی ہی رنگ لائی ہے

سر سی پا تک نگہ پھسلتی ہے — واہ کیا جسم مین صفائی ہے

جلوۂ رخ دکھا دی ای یوسف — دل و دین نذر رونمائی ہے

جب سی یہ دل صنم پرست ہوا — روز و شب شغل جبہہ سائی ہے

دل پھنسا دام زلف جانان مین — صدقی اس قید پر رہائی ہے

یار بیگانہ وار رہتا ہے — یہ نیا طرز آشنائی ہے

دل لگایا ہی اوس سی اب ہمنے — جسکی مشہور بیوفائی ہے

تیری در کی گدائی ای شہ حسن — میری نظرون مین پادشاہی ہے

پنجۂ عشق لبش میں سب مجھے
مجھ پہ کیا زور آزمائی ہے

ای سحر آج یار آیا ہے
جان میں میری جان آئی ہے

بھلا کیا در و سر کا آج ہی کہنا بہانا ہے
خدارا آئیے صاحب اگر منظور آنا ہے

وہاں غیر و نسی کر ملی رہنسا لوٹ جانا ہے
یہاں جلنا سلگنا ہی تڑپنا بلبلانا ہے

نہ بازی لف سی کرنا زنین شعبدہ گری
لگا ناز لف سی لکو یہ کالی کا کھلانا ہے

اوٹھاتی ہو جب کوچی سی تاو پھر کہاں جانون
کہیں بھی غیر کو ملا ئے عاشق کا ٹھکانا ہے

فدا سو جان ہے ہم حسن پیکر کی ہین یارو
خبر او سکو نہین ائی اپنی کیا دل لگانا ہے

تو یاد دل جنکو اور رسوائیان لین جنکی بابت سے
وہ اسیر بھی خفا رہتی ہین کیا اولٹا زمانا ہے

پھنکر سرخ جوڑا عشق باغ اب آجاتی ہین
کوئی منظور شاید اور تازہ گل کھلانا ہے

عیان تا ہو کہ ہجر میں جان دی ہمنے
جنازی پہ ہمارے ولا زم شامیانا ہے

رقیب رو سیہ سی اے سحر پرہیز بہتر ہے
کہ اس کالی بلا سی آپکو لازم بچانا ہے

چمن اور ساقی و جام مجھی ترک شرب حرام ہے
کسے خشک توبہ سی کام ہی مرا زاہدون کو سلام ہے

تری چشم مست سی کام ہی کسی خواہش می و جام ہے
مرا عاقلانہ کلام ہی یہ حلال ہی وہ حرام ہے

جسے حق سی الفت تام ہی دم و روح خیر انام ہے
وہ شفیع روز قیام ہی وہ علی عرش مقام ہے

مرا یار پیش نظر نہین مجھی ہوش آٹھ پہر نہین
سر و پا کی اپنی خبر نہین کہان صبح ہی کہان شام ہے

رخ بی نقاب ہی جلوہ گر ہوی خیرہ دیدۂ ہر بشر
یہ تجلّی ہی سر طور پر کہ وہ برق وش لب بام ہے

کہین بغض و کینہ سی اہل کین کہ نبی کا کوئی وصی نہین
جو ہی نفس افضل مرسلین وہ امام ہی وہ امام ہے

تری ابرو و مژہ دیکھکر ہون فگار کیون نہ دل و جگر

وہ ہی دشنہ گر تو یہ نیشتر یہ خدنگ ہی وہ حسام ہے

جسے نامہ تو نی رقم کیا وہ عتاب و قہر ہی مر گیا

ترا لطف و قہر ہی جانگزا ترا خط اجل کا پیام ہے

گئے جی سی عاشق لب گذر نہ لی ای مسیح نفس خبر

دم معجزہ وہ گیا کدھر بخدا عجب کا مقام ہے

ہوئی میکدہ مین نماز ادا کہ ہی شیشے سی مجھی اقتدا

مرا گرنا اوٹھنا ہی نشہ کا یہ سجود ہی وہ قیام ہے

دل خون شدہ پہ جفا نکر اسے پائمال حنا نکر

اس ادا سی شوخ چلا نکر ترا فتنہ خیز خرام ہے

نہ وہ فوج ہی نہ وہ کر و فر نہ وہ ملک ہی نہ وہ مال و زر

نہ سکندر آیا نہ جم نظر نہ وہ آینہ نہ وہ جام ہے

کی بہت نگاہ نی جستجو نہ نشان پر انکا ملا کبھو

ہی جہان کی ہوئی مین گفتگو تو کمین صاف کلام ہے

جسے بیخود اپنا بنایئے نہ شراب وصل پلایئے

دم نزع منہ نہ چرایئے تپ غم سے کام تمام ہے

لڑیں آپ ہم سے نہ ہر گھڑی کہ جواب ہم بھی نہ دیں کوئی

ہے زبان منہ میں ہماری بھی مری جان غصہ حرام ہے

نہیں خوب آٹھ پہر کا شر نہ حلال تیغ زبان سے کر

کہیں زہر کھا کے نہ جائیں مر ہے بجا کہ غصہ حرام ہے

کوئی مرغ دل جو کہیں پھنسا وہ غضب میں ہو گیا مبتلا

دم مرگ تک نہ رہا ہے بلا کہ زلف کا دام ہے

یہ جنون عشق مجاز ہے یہ بتوں سے راز و نیاز ہے

کہ نہ روزہ ہے نہ نماز ہے نہ درود ہے نہ سلام ہے

یہاں بادہ عشق ہمیشہ کا ہے ازل سے آب خمیر کا

مے پاک خم غدیر کا مجھے جوش نشۂ مدام ہے

کیا خطا نے چہرہ سیہ ترا ہوا دل نہ جس سے آشنا

ترا حسن ظالم ترپر دہ عنا مری حق مین حاکم شام ہے

نہین غم جلی کو ئی خاک ہو نہین رحم سینہ جو چاک ہو

ملے دل جسی کہ ہلاک ہو تجھی اپنی کام سی کام ہے

خفقان ہی ہو دل کو نکیو نکہ اب خفگی ہی دم کو بہر آفت شب

کہ صباح حشر سی پر تعب کہین روز ہجر کی شام ہے

مژہ دشتہ دستہ پھری ادہر جھکی فوج ناز و ادا ادہر

مری ایک جان ضعیف پر یہ ہجوم بلوۂ عام ہے

مین وہ پختہ کار ہون شیخ جی کہ کرونگا توبہ نہ جیتی جی

نہ چھٹی گی بنت عنب کبھی یہ خیال آپ کا خام ہے

یہ مخالفو نمین ہی مشورہ کہ بلا مین بندہ ہو مبتلا

لو خبر شتاب سی مرتضیٰ کہ سحر تمھارا غلام ہے

جنان کا حق سی سوال بھی ہی بتون کا دل مین خیال بھی ہے

نگاہ سوی مآل بھی ہی سحر تمھین انفعال بھی ہے

بلا وہ شوخی کی چال بھی ہی وبال کاکل کا جال بھی ہے

ادا سی دل پایمال بھی ہی قلق سی آشفتہ حال بھی ہے

نگہ فسون چشم عین جادو وبال حسن کمند گیسو

خدنگ مژگان کمان ابرو بلای جان خطّ و خال بھی ہے

ہرن ہین صیّاد چشم جادو قضا کی پھندی ہین دام گیسو

شکار گاہ آینہ کو کر تو کمند بھی ہی غزال بھی ہے

یہ راگ کیسا ہی زہرہ سیما جو ہمسی ساز خلاف کوکا

وہ قول اقرار ہو گئی کیا سخن کا اپنے خیال بھی ہے

کھلی یہ شیشی کی رمز قلقل نہ جوش مستی سی کر تغافل

کہ آب انگور بی تامل حرام بھی ہی حلال بھی ہے

نہ کیون ہو ہر بات مین دو رنگی دماغ رہتا ہی آسمان پر

وہ شوخ مست شباب بھی ہی غرور حسن و جمال بھی ہے

یہ کس بد آموز نی سکھایا ابھی سی میکش تمہین بنایا

جو رنگ منہ کا ہی تمتمایا تو آنکھہ ہر ایک لال بھی ہے

بھلا کہین مشک و می ہی چہپتی ہزار مکر و کھلی ہی مستی

جو باتین کرتی ہو بہکی بہکی تو صاف متوالی چال بہی ہے

فراق ام ہس کج ادا کی بہایا ہزار وعدی کیئے آیا

بُرا ہوا اس دل کی سادگی کا ابھی امید وصال بہی ہے

دیا رقیبون کو تمنی بوسہ لحاظ جاتا رہا ہمارا

یہ کون عاشق ہی پاس بیٹھا کسیکا تمکو خیال بہی ہے

وہ خط جو پڑہتا نہین تو قاصد یہ چند اشعار ہی سنا دی

فراق کا روزنامچہ ہی غزل بہی ہی حسب حال بہی ہے

وہ گورا گورا ہی منہ تمھارا ہر ایک ہی گال ماہ پارا

قمر کی پتلی کا ہی وہ تارا سیاہ جو رخ پہ خال بہی ہے

غزل پڑھو دوسری مسجع منود کا ہی سحر یہ موقع

یہ بزم ہی شاعرونکا مجمع ہجوم اہل کمال بہی ہے

عروج جسکو ہی اس جہان مین اوسی کیدن ز وال بہی ہے

کہ مہر و مہ کو سپہر اخضر پر اوج بہی ہی وبال بہی ہے

خیال دلبر مین ہجر کی شب سرور بہی ہی ملال بہی ہے

بناتی ہین آپ دل سی باتین جواب بہی ہی سوال بہی ہے

جو تیغ خمدار ہاتھہ مین ہی تو دوش قاتل پہ ڈھال بہی ہے

ادہر اودہر آفتاب محشر کی بدر بہی ہی ہلال بہی ہے

وہ رنگ ہولی مین کھیلتی ہین گلےمین پوشاک لال بہی ہے

ہوا کی بدلی ہی رنگت اوڑتا عبیر بہی ہی گلال بہی ہے

فراق مین یاس زیست سی ہی مگر امید وصال بہی ہے

اسی سہارے نی ہمکو اسد م تلک تو رکھا سنبہال بہی ہے

سپہر کی کجروی تو دیکھو کہ مہر انور کو ایک دن مین

طلوع بہی ہی غروب بہی ہی عروج بہی ہی زوال بہی ہے

اری و غا پیشہ بیمروت ستم کی آخر ہی کچھہ نہایت

برا لگی کہنی ساری خفت بھلا تجہی انفعال بہی ہے

غزال شوخی نہین ہین جیکاری ہی زرد نرگس حیاکی مارے

ملاقی جو آنکہہ تجہی پیاری کسیکی اتنی مجال بہی ہے

مدام دل کو ہی یاد جبکی کیا فراموش خواب و خور کو

غضب ہی اوسیں بیوفا کو مطلق نہین ہمارا خیال بہی ہے

فریب ہی بول چال ساری نہین کوئی حرف تہ سی خالی

دغا بہری بات بات مین ہی چلن بہین جیکبا ہی چال بہی ہے

کمر کی الفت ہی کاہش جان تو چشم کا عشق عین جادو

دل آہ زار و نزار بہی ہی ضعیف بہی ہی نڈہال بہی ہے

پری کو تجہسی نہین ہی نسبت کہان یہ خوبی کہان ملاحت

نہ یہ مروت نہ آدمیت اگرچہ صاحب جمال بہی ہے

بہار پر باغ نوجوانی فروغ پر نازلن ترانے

امنگ پر کیون نہو وہ جانی شباب کا سن و سال بہی ہے

کون مین اوس گل کی نازکی کیا ہواسی ہوتا ہی رنگ میلا

معاملہ گل ہوا یہ تازہ قلق بہی ہی انفعال بہی ہے

میان مستی شوق ہمنی لیی جو بوسے وہان و رخ کے

سواب تلک لعل لب ہین نیلے کبہو دہر ایک گال بہی ہے

بہائیے خون جب آئی جیمین مزہ نہین ایسی زندگی مین

خوشی تمہاری بہی ہی اسمین حیات مجکو وبال بہی ہے

سحر ہی کیسا مزاج عالی کہ آنکھ ہی آنسوؤنسی خالی

خوشی سی رنگت پہ بہی ہی لالی کچھ آج چہرہ بحال بہی ہے

قد اوسکا طوبا ہی دلنشین ہی تو سلسبیل خبان جبین ہے

جو زیر لب خال عنبرین ہی سو مردم چشم حور عین ہے

قد اوسکا شمشاد دلنشین ہی وہ آنکھ نرگس ہی شرمگین ہے

کمر رگ گل سی نازنین ہی بدن سی شرمندہ یاسمین ہے

وہ رشک خوبان جہان عاشق ہوا جو ہی میہمان عاشق

فضای صحن مکان عاشق خجل کن چرخ چارمین ہے
نہین وہ خورشید چہرہ بر مین جہان تاریک ہی نظر مین
جنون ہی سر مین طپش جگر مین امید اب زیست کی نہین ہے
ہی چشم جلوہ کی یاد آفت خیال قامت کا ہی قیامت
تصور زلف پر شرارت بلای جان و دل حزین ہے
تو ہی سلیمان پری سریت ہی ملک خوبی کو تجھسی زینت
جمال کی تجھسی شان و شوکت تو خاتم حسن کا نگین ہے
ہی عین فتنہ وہ چشم فتان صفین اوسکے ہین تیر مژگان
وہ صاف ابرو ہین تیغ بران کمند وہ زلف عنبرین ہے
خجل ہی آنکھون سی ابر باران بھرا ہی دامن مین جوش طوفان
رگ سحاب الم ہین مژگان نہان تہ اشک سب زمین ہے
پری سی ہی حسن مین زیادہ بشر کا تجھہ تک نہین گذارا
ہی باغ فردوس تیرا کوچہ تو فی الحقیقت کہ حور عین ہے

چھٹا ہی وہ غمگسار عاشق بلا مین ہی جان زار عاشق

گیا ہی دل سی قرار عاشق ہمیشہ آنکھون پہ آستین ہے

ہین رشک مشک ختن وہ گیسو ہی ناف مین لطف ناف آہو

جو جسم گلرنگ مین ہی خوشبو گلون مین بوباس وہ کہین ہے

خدا سی ڈرا ہی صنم خدارا کسینے ہی اپنا گھر بگاڑا

خراب کیون قصر دل ہی کرتا کہ اس مکان کا تو ہی مکین ہے

کہو نمین توران کا کیون ارادہ عرب کے جانے سی فائدہ کیا

وہ زلف و عارض ہون دیکھہ آتا ختن یہین ہے حلب یہین ہے

ہین کسکو کہتے نماز روزہ کہان کا کلمہ درود کیسا

ہوا ہون اب ایک بت کا بندا نہ فکر ایمان نہ پاس دین ہے

وہ مانگ کا خط ہی کہکشان سان گہر ہین مثل نجوم رخشان

وہ چہرہ ہی ماہتاب تابان سپہر افشان جنی جبین ہے

پری کا کیا منہ جو ہو برابر کہ حسن مین حور سی ہی بہتر

جہان ہی پرتو سی تیری انور تو مہر و مہ سی کہین حسین ہے

وہ زلف پیچان ہی مار رہزن ہی کہ ہر گوش سانپ کا من
وہ خال مشکین ہی دل کا دشمن بلا ہی جان خط عنبرین ہے

پری بھی وحشت اپنا ہی کم سن آشنا کہ اپنی سایہ سی ہی چھچکتا
حجاب ہی آئینہ سی کرتا بسکہ نادان و شرمگین ہے

سحر لکھی وہ غزل مسجع کہ لیکی مطلع سی تا بہ مقطع
تمام اشعار مین مرجع ہر ایک مضمون دُر ثمین ہے

کب زر و گوہر جہان سی اہل دولت لیگئے
درہم و دینار کب ساتھ اہل ثروت لیگئے

چھوکری بھولی ہر اور جٹ گیا صر کا کام
بخل سی مانند قارون کیا لئیمون کو ملا

جان کی گاہک حسین بازار الفت مین ہے
ایک بھی جیتا نہ اپنی گھر پھر گیا جواب

داغ حسرت لیگئی شانہ امت لیگئے
لالہ آسا اس چمن سی داغ حسرت لیگئے

سب سے اپنی ہا پی حشت گو سبقت لیگئے
ہان سر بی مغز یا ملامت لیگئے

بیقراری دیگئی آرام و راحت لیگئے
لاکھہ قاصد تا کنک خط و کتابت لیگئے

کیسی کیسی چٹکی ہسی حسین شیرین کلام
شکرین لب زندگانی کی حلاوت لیگئے

رہبری ہین تیز ہین کس مرتبہ اپنی قدم
طرفہ متقراضین پی قطع مسافت لیگئے

کر گئی کیا کیا سلوک ایام طفلی و شباب
اک نقاہت دیگئی برسونکی طاقت لیگئے

رابطہ اول بڑہا آخر نہ پوچھی بات بھی
دل ہمارا ایسی ایسی بیمروت لیگئے

جوشش رقت مضر ہی فرقت محبوب مین
دیدۂ یعقوب کی آنسو بصارت لیگئے

زندگی بھر دل جلایا داغ تماشق کو دوتی
بعد مردن شمع و گل وہ سوی تربت لیگئے

گوہر دندان نی موتی کو کیا بی آبرو
لعل لب یاقوت رمانی کی عزت لیگئے

دیکھتی ہی مصحف روی صنم کو جان دے
مرتی مرتی ہم ثواب ختم سورت لیگئے

آرزو ہی ہر طرف ہو عرصۂ محشر مین شور
حیدر صفدر سحر کو سوی جنت لیگئے

تم اگر بیٹھہ کی گلشن مین تبسم کرتے
توڑہ زمزمہ مرغان چمن گم کرتے

مردی جی اوٹھتی ہین جب دم تو تکلم کرتی
زندہ اعجاز مسیحا کو ہو جب تم کرتے

پان اگر کھاتی تو لاکھون ہی کا خون تم کرتی
تیز جیڑا کی لمعہ تیغ تبسم کرتے

آنکھ مین اشک کی دریا جو تلاطم کرتی
سطح روی زمین ورکش قلزم کرتے

مصر خوبی کو بھی پردہ اگر تم کرتے
بام کو رشک وہ چرخ چہارم کرتے

موج زن آہ ہی دم ہی فنوں سحر سرشک
باد کی جھوکی ہین دریا مین تلاطم کرتے

آدمی زاد ازل سی ہی مناہی کا حریص
کیون نہ آدم طمع دانہ گندم کرتے

آسیا وار رہی ہمین گردش ہی رزق
گر نہ آدم ہوس دانہ گندم کرتے

بات اون ہونٹونکی مگر گذرنا دکھان مین کہان
غنچے دلتنگ ہین کس منھ سی تکلم کرتے

دل نہ بھولا شب کاکل مین تیرہ ہی تنگ کا خط
راہ ظلمات کی کس طرح خضر گم کرتے

ای بتو عاشق محزونکی کرو دلداری
لوگ ہین اہل مصیبت پہ ترحم کرتے

اپنی دیوانی کو نشان اگر جانتی آپ
میری سایہ سی پریوش نہ توہم کرتے

داد رس کوئی نہین روز محشر کی سوا
کس سی ای بت تری مظلوم تظلم کرتے

کا متقارب ہی تقارب کی صفت مین وارد
پھر نکیون نش زنی صوت گرہ دم کرتے

قصہ عاشقی و عشق ہوا تھا معدوم
از سر نو جو نہ پیدا اسی ہم تم کرتے

خاک مین ہمنے ملادیتی ہو دل کی مسے
پان کہا کہا کی ہو خون دل مردم کرتے

بیوفائی تری ہوتی نہ اگر عشق نظر | آنکھہ کی پتلی کا تار انجھی مردم کرتے

آپسا ہمکو سمجھتی ہین وہ اللہ کی شان | ہمسی پیمان شکنی کا ہمین توہم کرتے

می ہی مست کشی مشرب نہین حرام | نوشجان تا کہ نہین دور و ترحم کرتے

بیخودی قبلہ میخانہ مین ہی جا بی نماز | سجدہ اگر مست نکہون خشت سر خم کرتے

شیشے کہتی ہین نہین میکدہ جابی واعظ | ہین وا پردہ قلقل مین تہ قم قم کرتے

چینتی افشان جو وہ پیشانی نور افشان تک | صدقی گردون طبق گوہر انجم کرتے

آپ دکہلاتی جو سلک در دندان کی چمک | پہر نہ چشمک مینی افلاک پہ انجم کرتے

اپنی جوتی کی ستارونکا دکہاتی جو فروغ | آپ پامال حسد جلوہ انجم کرتے

منحرف ہین فلک دین سی ہر اک کوکب | کیون نہ توصیف شہ شرع نبی [illegible] کرتے

سحر آنکھون پہ بہاتی ہمین ارباب کمال
ترک خودبینی اگر صورت مردم کرتی

گر تری چاند سی چہری کی مقابل ہوجای | آینہ جوشش ضیا سی مہ کامل ہوجای

می تو ہی تلخ ہی پین ہجر مین گر آب حیات | کام ناکام محبت مین ہلاہل ہوجای

تربت ضعف اٹھا ہی دامن قلزم اشک
گر لب بام مری یار کا ساحل ہو جای

تجر محمل جو ہو ناقۂ لیلی کا گذر
خاک کیا روح بہی گرد پس محمل ہو جای

عشق کامل ہو تو ہو اوٹھ جای دوئی کا پردہ
عین دریا ہی جو قطرہ کوئی واصل ہو جای

بزم میں آیا ہی جو اک رات مہ اشک قمر
ماہتابی سی خجل ماہ کی منزل ہو جای

زلف ہاروت ہی چشمان فسونساز میں سحر
کیا عجب چاہ زنخدان چہ بابل ہو جای

دلمیں مدت سی سحر شوق شہادت ہی گرہ
ناخن عقدہ کشا خنجر قاتل ہو جای

نور بخش چشم جو شمع رخ جانانہ ہی
پردہ ہی آنکھونکی فانوس اور نگہ پروانہ ہی

قبر میں جو مشتعل سوز غم جانانہ ہی
گنبد مرقد مرا گویا کہ آتشخانہ ہی

میں نہیں قصہ مرا سنتی سی جسکی خواب آی
نیند اوڑ جائی یہ وہ خانہ خراب افسانہ ہی

میکدہ میں دہر کی ہر شخص ہی مست ہوس
آدمی کی کاسہ سر کا یہاں پیمانہ ہی

موتی سی بھر دی ثریا سلک دُر زہرہ جبین
ماہ نو بجلی ستارہ کان کا دُر دانہ ہی

روز و شب نالان میں سودا ہی دل ہجر [illegible]
صبح سی تا شام بلبل بات بھر ویرانہ ہی

ہی مرا پروانہ دل بیقرار [illegible] | جب سی پردہ مین نہان ان شمع رخ جانانہ ہے

کار آئینہ ہماری دیدۂ حیران سی لی | پنجۂ مژگان تری تجکو [illegible] شانہ ہے

ہو گیا سب کو ہمارا حال دل جس نی سنا | کم نہین افسون سی اپنی عشق کا افسانہ ہے

دن کو بلبل ہی اگر اوسکی گل رخسار پر | شمع ساق شعلہ رو کا شب کو دل پروانہ ہے

آدمی تو کیا ملک دیوانہ ہین اس پریوش | دلربا سد رجہ تیرا ناز محبوبانہ ہے

پاس اگر تو ہو تو صحرا ہی ہمین اے حور خلد | باغ جنت بن تری نظرون مین ویرانہ ہے

کس مسیحا سی بھلا درد سحر کا ہو علاج
مبتلای عشق زلف یار وہ دیوانہ ہے

ستارون سے ترے جبہ کی نسبت تارونکو کب ہی | زمین فیض قدم سی عرش [illegible] چرخ ملکوکب ہے

بھلا ہر بی سر پا کو علی سی ہمسری کب ہی | وہ بازوی پیمبر جن دست قدرت رب ہے

بلا ہی جان خیال رو و ابرو ہجر کی شب ہی | ستارہ سی بانپ کی چھاتی پہ نوشتہ عقرب ہے

مکان بحس غیر آرامگاہ یار ہر شب ہی | غضب ہے تیس و ن یاد منزل ماہ برج عقرب ہے

سپہر حسن ہے وہ مہر وش زلف سیہ شب ہے | ہلال ابرو کہ ہین چاند چہرہ خال کوکب ہے

بر مجلس [illegible] مقنع جلوہ افراختال عنبغب ہی — فروغ حسن سی چاہ زنخدان چاہ نخشب

ملی ہی تجہ سی وہ قوت ز لعل بوسہ لب ہی — مسیحا نوشدار و کا تری نسخہ مجرب ہے

سبب بہر حسد در کار حاسد کو بھلا کب ہی — سہر یا طینت کج مین خواص نیش عقرب ہے

نقاب زلف مین بہلین تہ اچہہ بہلا کب ہی — ہی تجلی ابر مین یا ماہ زیر دامن شب ہے

حسینونکی ترقی دو دین اوس ہی کی کب ہی — نظر مین کس کے شب تاب ہے کم ہی جو کوکب ہی

جہڑی ہی آنسو ونکی رعدنا ابر دود دل — شب تار یک فرقت سی تجلی برسات کی شب ہی

وہ مہ جب بی نقاب آتا ہی شب کو بام ہستا ہی — فروغ مہر عارض سی جہپکتی چشم کوکب ہی

ق

خدا حافظ ہی اب مرغ دل ظاہر پرستان کا — بطون نخا بدان خشک کا اندازہ بیضہ مذہب ہے

بجای دانہ ہی تزویر کی تسبیح کی خانی — برنگ دام رنگین شیخ کی ریش مخضب ہے

تصور ہی لب میگون و چشم مست کا دن مین — شراب ارغوانی سی مرا ساغر لبالب ہے

چمکتا ہی قمیص جیبی سی وشکان کا موتی — تحیر کیون نہ ہو خورشید کی پہلو مین کوکب ہی

خطا پر جا ہی ہونا منفر گر آدمیت ہو — خمیر طین آدم آب نسیان سی مرکب ہے

سبب اپنا ہوا ہون اسی منتر تری فرقت [illegible] — برنگ بلبلی گل موج نسیم صبح مرکب ہے

خموشی ہی سوال وصل کی گو ہی ہمین منظور ہے
تسلی کیا دل مضطر کو ہو جو جوش مطلب ہے

گھٹا جاتا ہی دم اللہ ری افراط تاثر سے
شب غم زِ قیامت ہے کہ یعنی ہجر کی شب ہے

مرا دستِ جنون پہونچی گریبان تک گیا
کہ پنجہ مہر کا جیب نار سا تا دامن شب ہے

زبس صف لب و دندان جانان مین رقم کرتا
قلم بھی شاخ مرجان کا تو آب در مرکب ہے

مے و جام و صراحی ہو مبارک تمکو اے رندو
ہمین پیر مغان سے کام ہی ساقی سے مطلب ہے

جہنم ہی مجھی اے شعلہ رو تجھ بن شبستان خانہ
گھٹا جاتا ہی دم جانسوز دو ظلمت شب ہے

محمد بعد نبی افضل ہین مخلوقات سے حیدر
یہی مومن ہی یہ ایمان ہی یہ ملت ہی یہ مذہب ہے

دل عشاق کو تلوون سے ملا کرتا ہی
دیکھ اے ظالم بے رحم یہ کیا کرتا ہے

خون عاشق وہ حنائی کف پا کرتا ہی
یہ چلن آخرش انگشت نما کرتا ہے

رنج رہتا ہی مجھے کس کا گلا کرتا ہی
تو جو کرتا ہی برائی تو بھلا کرتا ہے

دل کو آشفتہ سر زلف دوتا کرتا ہی
یہی سودا تو گرفتار بلا کرتا ہے

وعدہ جو مجھسے تھا غیر سے ایفا کرتا ہی
یار کیا حق محبت کو ادا کرتا ہے

شب کو بھی صبح رخ روشن نہیں اگر تا ہے — شوخ چنچل کو اب سی حیا کرتا ہے

مجھ سے اب صندل کی ٹکڑی کو جدا کرتا ہے — گرد خدا ہی فلک اٹھ ہیر کیا کرتا ہے

شاہ درویشونکو شاہونکو گدا کرتا ہے — طالع گردش فلک ہرزہ درا کرتا ہے

مرض عشق پہ قربان شفا کرتا ہے — کب تری چشم کا بیمار دوا کرتا ہے

کب صنم حاجت عشاق روا کرتا ہے — حق یہ ہی بت بھی کہین کار خدا کرتا ہے

دام مین اسکی ہمین بھول گیا ہی صیاد — ذبح کرتا ہی ستمگر نہ رہا کرتا ہے

جان ہی فندق انگشت صنم پر جاتی — دلکو گویا کوئی چٹکی سی ملا کرتا ہے

الفت خال سی مل لف کے پھندے مین پھنسا — مرغ کو دانہ گرفتار بلا کرتا ہے

نیمجان جھوکے پہیری نگہ اوس بت نے — دیکھیے کب تلک انصاف خدا کرتا ہے

ق

جسنے بے پھر سیار کی دیدیکی ولاتا ہی مجھے — شجر خشک محبت کو ہرا کرتا ہے

ہم ہین تیر ملاقات مین جی توڑ ہی ہو — نہ ملونگا نہ ملونگا وہ کہا کرتا ہے

اوسکی ہٹ ہتی ہی یا بات ہی ہمتی ہی — دیکھین سرسبز سخن کسکا خدا کرتا ہے

خوش ہو اجرم کی کتنا لب تیغ قاتل — عمر بھر ہر دہن زخم ہنسا کرتا ہے

شمع و دل سے ہی تو جتنی لگاتی تجھسے
مثل پروانہ وہی جان فدا کرتا ہے

پہلے دیوانہ کیا اب نہیں لیتی ہو خبر
یون کسی سے کوئی ایسا بھی دغا کرتا ہے

آہ مظلوم سے کر ظالم بیرحم حذر
عرش سے پار گذر تیر دعا کرتا ہے

بخت وہ اترون نے وہ کھایا یہ مانا او لٹا
جس سے کرتا ہو وفا وہ ہی جفا کرتا ہے

جلوہ حسن تمام مہ وش سرخ نقاب
شفق شام و سحر رونما کرتا ہے

جانفزا آپکی زلفونکی ہی بھینی خوشبو
مشک چین انکو جو کہتا ہے خطا کرتا ہے

حال دل کیا کہون پاتا نہیں تنہا اوسکو
ملگیا بھی تو نہیں وقت وفا کرتا ہے

اثر صحبت بد ہی وہ عیاذاً باللہ
کہ فرشتونکو بھی مائل بخطا کرتا ہے

دور ظاہر مین ہی پر باطن مین تصور تیرا
کبھی دل مین کبھی آنکھون مین پھرا کرتا ہے

پردہ تا چند دکھا جلوہ روئے تابان
کہین وہ دن سے بھی چاند چھپا کرتا ہے

روشناس اوس سے ہون کیا دیدہ حیران ہے
چشم آئینہ سے بھی یار حیا کرتا ہے

غنچہ آغوش مین بنتا ہے مثل کرہ گل
ساتھ سونے مین وہ اسد جو حیا کرتا ہے

دستگاہ اسکو ہی کیا تفرقہ انداز مین
آسمان گوشت کو ناخن سے جدا کرتا ہے

جسمین اونکی لب جانبخش کی جو سا ہی خضر
کب نظر اوس طرف آب بقا کرتا ہے

ذائقہ چاہتی ہیں شوق کا دیتا نہیں چین
خوار انسان کو طبیعت کا مزا کرتا ہے

جسمیں فخر ہی بدل وسی پیا ہی غرور
زاہد بیجا ہی جو کرتا ہی بجا کرتا ہے

بلکہ پیری میں بھی ہی کعبۂ ابرو کی ہوا
قد خم گشتہ کو محراب دعا کرتا ہے

بی اثر آہ ہوئی وصل کی تدبیر غلط
ابتو ہر تیر نشانہ سی خطا کرتا ہے

کیا وہ مطلب ہم سے ہو افتادگی عاشق سی
دانہ پتھر میں کہیں نشوونما کرتا ہے

نہ تسلی نہ دلاسا نہ تبسم نہ کلام
یہی دستور محبت میں ہوا کرتا ہے

آج پھولا نہیں جامی میں سماتا ہی قمر
واجد ہنس ہنس کی ترا بند قبا کرتا ہے

جنانی کام ہمکو ہی نہ کچھ مطلب حور و غلمان سے
ترا کوچہ ہی بہتر مجکو جانان باغ رضوان سے

یہ باغ ہجران ملی ہی زخم ان تیغ الم گلستان سے
نہیں گلزار کو نسبت ہمی اوراق یونان سے

گھلا میں شمع سان جل جلکی سوز داغ پنہانی سے
گریبان تک جلا اپنا چراغ زیر دامان سے

خجل سلک گہر ہی یار تیری سلک دندان سے
بجا ہی باج لین گر لعل لب ملک بدخشان سے

نمایاں خط نہیں اوس مصحف رخسار کی اوپر
لکھی والشمس کی تفسیر ہی یہ خط ریحانی نے

نظر آتی ہیں ہمکو خوشقدان دہر کی قامت
کسی نے بھی نہ پھل پایا کبھی ہر نخل گلستاں نے

عجب کیا ہی جہاں کے دام اسباب پریشان نے
مری حال پریشان سے ترے زلف پریشان نے

اثر بعد از فنا بھی تیرہ بختی کا نمایاں ہے
لگن میں شمع کا کوتاہ ہی زعم ریاں بلبل نے

لب جاں بخش کو کیا چشمہ حیواں سے نسبت ہے
نشانہ کیوں بنایا تیر کا انسان حیواں نے

کہو کیسی نگہ کی قتل کرنیکا تاسف ہے
ترے رخسار کی ہاتھ آئی تھی بوسہ میرے

بہت ہنسنا جہاں میں آدمی کو خوں رلاتا ہے
کھلایا یہ مزہ دلبر کے گریہ ہائی غم خنداں نے

سحر اب شعر کہنی سی اوٹھانا ہاتھ بہتر ہے
دماغ گفتگو کسکو ہی ہر طفل دبستان سے

ای بتو ظلم تمہاری نہیں کیا کیا دیکھے
سچ ہی اللہ جو دکھاتی ہی وہ بندہ دیکھے

گر ترے حسن جہاں تاب کا جلوا دیکھے
خواب میں صورت یوسف یہ زلیخا دیکھے

خوش نہوتا کوئی لاشہ نہ تڑپتا دیکھے
کوئی اوس قاتل عالم کا کلیجا دیکھے

ذبح کرتا ہی وہ اسی یہ کہی جاتا ہے
دم ترے تیغ جو ماری مرا مر دا دیکھے

پیستی بت ہین دل خلق نہین خوف خدا
کیسے پتھر مین کوئی انکا کلیجا دیکھے

مجھسے اوس چاند کی ٹکٹکی کو چھپ سکتا ہے
منہ تو اپنا یہ سپہر ستم آرا دیکھے

یار ہنستا ہی مری آہ شرر افشان پر
جلے ہے غضب کوئی جلی کوئی تماشا دیکھے

ہمین غفلت ہین بسر ہوگئی طفلی و شباب
دھیان کرتا ہون کہ وہ خواب تہی گویا دیکھے

غنچے تصویر لب یار کے عشاق کے دل
کسی موسم مین یہ عقدی نہ کبہی وا دیکھے

آنکھین پتھرا گئین اے سنگدل آتا ہی تو آ
کب تلک راہ تری محو تمنا دیکھے

تنگ جینی ہی کسطرح سحر ہو ہیہات
غیر کی ہاتھ مین جو آپکا چھلا دیکھے

گلہ یار نہ ہے شکوۂ اغیار مجھے
کردیا دل نی مصیبت مین گرفتار مجھے

داغ دینی لگی کیفیت گلزار مجھے
بی رخ یار ہی نظارۂ گل خار مجھے

دل لیا جسنی وہ دینی ہی یہ آزار مجھے
ہمنشین آہ نہین عشق سزاوار مجھے

آنکھ دکھلا کی کیا یار نی بیمار مجھے
میری عیسی نی دیا موت کا آثار مجھے

حسن ہے عشق ہے دست گریبان مدام
گل بنایا تجھی اللہ نی اور خار مجھے

تب عیادت کو قدم رنجہ کیا جانا ہی — کھولتا آنکھہ ہی جب ضعف سی بیمار مجھے

اک نظر دیکھتی ہی تلخ ہوئی شہد حیات — ہوگیا زہر ترا شربت دیدار مجھے

پڑ گیا پیچ مقدر مین پریشانی تھی — دام کاکل مین پھنسنا تھا گرفتار مجھے

آنکھہ قاتل سی لڑی اگر تو ہی ابتد بچا ہی — تاکتی رہتی ہین تو دست کماندار مجھے

ماہ گیسو کی تصویر مین الجھتا ہی مرا — کاٹی کھاتی ہی جدائی کی شب تار مجھے

دل نہین صاف تو ملنی سی نہ ملنا اچھا — ہی کدورت کی ملاقات سی انکار مجھے

ق

خط مین او شوخ کو مضمون کیا نہین تم — زندگی مدت فرقت سی ہی دشوار مجھے

سامنا جانکنی کا ہی یہی حالت ہی — ابتو اچھی نظر آتی نہین آثار مجھے

پڑھ کی خط ہنسکی یہ قاصد سی کہا کہدینا — گر نہ تھا صبر تو کس نے سی کیا پیار مجھے

نہ گیا جوش جنون مین بھی طبیعت کا مزا — وجد مین لاتی ہی زنجیر کی جھنکار مجھے

زندگی شمع صفت اپنی تلی سوز و گداز — عین صحت ہی تجھ ہی عشق کا آزار مجھے

پا بگل ہو رہی جانان یہ کھڑا ہون ششدر — جوش حیرت نے کیا صورت دیوار مجھے

ایک یوسف یہ انبوہ خریدارون کا — کیا جلاتی ہی تجھ ہی گرمی بازار مجھے

شوق دید آنکھونکو کانونکو ہی ذوق تقریر
چین لیتی نہین دیتی ہین یہ دو چار مجھے

بوی خون آتی کلام لب پان خونریزہ سے
ہو گئی وہ تیز زبان خنجر خونخوار مجھے

ہو گیا دشمن جان سارے خدائی اپنی بت
تیری الفت نی کیا سب کا گنہگار مجھے

ہان دل آرہ کھادی اثر جذبۂ عشق
یار بھی میری طرح کرنی لگی پیار مجھے

اوڑ گئی نیند جھپکتی نہین فرقت مین پلک
بخت خفتہ نی دیا دیدۂ بیدار مجھے

کشتنی عاشق ابرو کو سمجھکر ہر بار
مہ نو چرخ سی دکھلاتا ہی تلوار مجھے

آبدار الفت دندان مین نکالی مضمون
ملی اس بحر مین کیا کیا دُر شہوار مجھے

جلوۂ مہ نی شب ہجر جلایا دل کو
آ گئی یاد تری چاند سی رخسار مجھے

ہی سحر کی یہ دعا حق سی کہ حاصل ہو شفا
صدقہ بیکسے عابد بیمار مجھے

جب سے دیکھی تری کلائی ہے
مجکو اب تک نہین کل آئی ہے

آئینہ ہاتھ سی نہین چھٹتا
خود نمائی سی خود نمائی ہے

بندگی بھی ہی میری باعث عار
اے بتو شان کبریائی ہے

وان کھلی بالون ہی وہ جہان مٹھیا — یان گھٹا غم کی دلپہ چھائی ہے

طائر جان کو دام کاکل سے — بی اجل ملتی کب رہائی ہے

مہر ڈوبا ہی یہ شفق مین صنم — یا ترا پنجہ حنائی ہے

دیکھکر یار تیری رخ کی صفا — آینہ کو بھی حیرت آئی ہے

کھل گیا پیچ وتاب دل سی مجھے — زلف اوس شوخ نی بنائی ہے

دل و دین لیکی رونمائی مین — آنکھ پھر ہمسی کیون چرائی ہے

خون بہاؤن نہ کیونکر آنکھون سے — یاد وہ پنجہ حنائی ہے

آہ اوس تک نہین پہونچ سکتے — اپنی طالع کی نارسائی ہے

دل مرا لیکی بت نہ منکر ہو — اس سی آگاہ اک خدائی ہے

حیرتی ہو گیا جو آئینہ — کسکی تصویر دیکھہ پائی ہے

سب کو بھولا ہون اور خود رفتہ — کسکی رفتار یاد آئی ہے

کیا تحمل ہی آف نہین کرتے — عاشق کو یار کی جدائی ہے

عشق نی ملک دل کو لوٹا ہے — خسرو حسن کی دوہائی ہے

مے کشی کی بہار ہے ساقی | گیا گھٹا میکدے پہ چھائی ہے

زلف چھوتا ہون مین تو کہتی ہین
کچھ سحر تیری شامت آئی ہے

رفعت نہین نگاہ مین تاج وسریر کی | ہمت بہت بلند ہی تیری فقیر کی

سایہ نہین یہ شان ہی جسم حقیر کی | ایسی فراق یار نی حالت تغیر کی

الفت ہی آب و گل مین جناب امیر کی | کوثر سی حق نی ہی ہی مٹی خمیر کی

بارش جو دیکھی دیدۂ دریا نظیر کی | مٹی مین آبرو ملی ابر مطیر کی

نکہت سنی لفِ حور وشِ بی نظیر کی | گرد قدم مین بو ہی جنان کی عبیر کی

ابرو کمان ہی سرمہ ہے زہ پلکین ہین خدنگ | دنبالی ستر کی نہین یان بن تیر کی

ساقی بغیر بنگیا تیزاب می کا گھونٹ | تا ناف ایک حلق سی سیدھی لکیر کی

ہی یاد چشم و زلف و رخ و خط و سرو قد | ق | تصویر پیش چشم ہی اس بی نظیر کی

نرگس ہی سنبل و گل و ریحان و سرو ہے | کرتا ہون سیر اک چمن دلپذیر کی

ہی زینت لباس یہ اہل دول کو فخر | یان قدر یہ زبان ہی عزت حریر کی

رخت برہنگی پہ تکلف کا ہی — دلچسپ ہی بہار نقوش حصیر کی

عالم کا دل نظارۂ ابروی نگار ہی — قاتل تری کمان نہین محتاج تیر کی

سیر چمن سی ہجر مین ہوتا ہی دل فگار — شاخین کمان ہین غنچی ہین پیکان تیر کی

ابرو کمان سی ہجر مین کھٹکا ہی گرتا ہی — پہلو مین دل ہی یا کوئی پیکان ہی تیر کی

کیا رہتی بی وزیر شہنشاہ مرسلین — موسی نی حق سی کی تھی تمنا وزیر کی

جب تک رہا وہ قاسم رزق جہان حیات — حاجت رہی نہ بند یتیم و اسیر کی

پھرتی ہی شکل یار کی آنکھونکی سامنی — دوری مین کچھہ نہین مجھی حاجت سفیر کی

نوک قلم ہی غیرت منقار عندلیب — دلکش ہین نغمی سی صفیر صریر کی

کیونکر سبکسرون کو نصیحت اثر کری — نادان ہی جسنی پانی کی اوپر لکیر کی

قید فرنگ ہی بت ترسا کمند زلف — تا مرگ ہی محال رہائی اسیر کی

دندان صاف یار مین تارونکی ہی چمک — چہری پہ آب و تاب ہی بدر منیر کی

بی عشق و عاشقی نہین ہوتا ہو نمین کبھی — اے شاہ حسن مجکو دعا ہی فقیر کی

حیدر سی پوچھ رتبۂ احمد کو ای سحر

احمد سے پوچھیے قدر جناب امیر کی

جو مہر رخ سے تری نور گستری ہو جائے
سہا سے بدر کبھی ذرہ مشتری ہو جائے

محیط اشک میں آساں شناوری ہو جائے
برنگ کاہ اگر تن کی لاغری ہو جائے

وہ ہمسنگ جو رہے تو جلوہ گاہ عالم میں
پڑے جو دھوپ یہ سایہ برابری ہو جائے

جو بے نقاب ہو شب کو وہ غیرت مہر
ضیا سے چار طرف نور گستری ہو جائے

ہلال کان کی ہوں بجلیاں تو بالی پر
گھر ہو زہرہ کوئی کوئی مشتری ہو جائے

وہ خوش گلو ہے پہ پوشیں کہ منہ لگاتی ہے
یقین ہے نی تلیاں بھی بانسری ہو جائے

یہ کہتی رہتی ہیں لعل لب و در دنداں
یقین ہے مردم ہر دیدہ جوہری ہو جائے

جہاں غلام ہوا پیار کی نگاہوں سے
ادھر بھی اک نظر بندہ پروری ہو جائے

جبیں جبین پہ جو افشاں وہ غیرت خورشید
ہر ایک ذرہ کو اختر سے ہمسری ہو جائے

رکھی جو پائی نگاریں وہ چاند کا ٹکڑا
رکاب ہالہ خورشید خاوری ہو جائے

وہ حور وش ہو دم رقص گرم ناز اگر
تو پائمال حسد جلوہ پری ہو جائے

نگاہ سرمہ و نبالہ دار آنکھوں میں
خدنگ ناز نگہ کی لیے سری ہو جائے

ق

لڑائی رہتی ہی ہمسی تو جی سیمتن شب و روز
کبھی رقیب سی بھی جنگ زرگری ہوجاے

بہار حسن سی صحن چمن ہو سطح آب
وہ گل جو نظر مین گرم آشناوری ہوجاے

حباب غنچہ گل ہون تو شاخ گل ہو جبین
بھنور نگاہ مین پھولونکی ٹوکری ہوجاے

جلادی نزع مین صبح رتنی کہاں کی الطام
دم مسیح ہر اک ناز دلبری ہوجاے

ہوای زیست ہی ناساز ای مسیح نفس
مین جی اٹھون جو ملاقات سرسری ہوجاے

نکالی سبزہ خط کاش میرا سرو رواں
ابھی تو کشت تمنای دل ہری ہوجاے

سحر ہو طی رہ ظلمات ہجر رشک قمر
جو خضر راہ مقدر کی یاوری ہوجاے

تو نہ آئیگا تو ہم جی سی گذر جائینگے
ایکدن حسرت دیدار مین مر جائینگے

ای مسیحا تری کوچہ سی اگر جائینگے
دیکھ لینا کہ شب ہجر سی مر جائینگے

خار صحرا پی تعظیم کھڑی ہووینگے
پا برہنہ طرف دشت اگر جائینگے

ابھی آئی ہو نہین بیٹھنی پای ہم بھی
ہی ستم آپکا کہنا یہ کہ گھر جائینگے

قتل کا اپنی نہین غم مجھی سوا اسکی
آپکی ہاتھ مری خون سی بھر جائینگے

گرد باد آئیگی لینی کو ہمین کی جل
دشت کی سمت جو ہم خاک بسر جائینگے

دل تو دون انکو مگر یہ بھی خیال آتا ہے
بڑے عیار ہین وہ صاف مکر جائینگے

سایہ سان ساتھ نہ چھوڑا ہی نہ چھوڑینگی کبھی
ہم بھی جائینگی ادھر آپ جدھر جائینگے

بحر جائینگی دنیا کی ڈبونی کو تجھے
تجھکو بھی ساتہ لیی دیدۂ تر جائینگے

ہجر جانان کی مصیبت کو کہانتک جھیلین
ابھی سحر ہی جو کچھ ہوگا وہ کر جائینگے

شمع سان پہلی دل گداز کرے
تب زبان سخن دراز کرے

بی نیازی پہ یار ناز کرے
قابل ناز بی نیاز کرے

کیا صباحت پہ شمع ناز کرے
سر کٹی جب زبان دراز کرے

کب ہوا اچھا مریض الفت چشم
لاکھ تدبیر چارہ ساز کرے

مثل طنبور گو تماشائی پاسے
تجھسی بنی ہر وقت جو ساز کرے

کی بہت کم توجہی ای بت
عمر تیری خدا دراز کرے

حسن تیرا ہی غیرت یوسف
ہر حسین کیون نہ تجھپہ ناز کرے

خط تو لکھا ہی پر یہ خوف بھی ہے
نامہ بر سی کوئی نہ ساز کرے

حالِ محمود دیکھ الفت مین
عشق اوسی بندہ ایاز کرے

ق

اپنے پر غیر کو جو دی ترجیح
عقل کیونکر نہ اوسپہ ناز کرے

ایسا منصف کہان سحر کہ جو وہ
حق و باطل مین امتیاز کرے

جدا کیا ہی جو اوس سی چرخ ظالم نے
جھکا دیا مہ نو وار کثرت غم نے

سر و روصل ٹرہایا فراق کے غم نے
دکھایا رنگ نیا انقلاب عالم نے

سہی قدونکی جو الفت مین جان دی ہم نے
کیا ہی سایہ سر قبر نخل ماتم نے

یہ بحر اشک بہائی ہین چشم پر نم نے
دکھایا نوح کا طوفان جہان کو پھر ہم نے

لبون کے حسن کی سی فی قدر کی افزون
دو چند لعل سی قیمت ٹرہائی نیلم نے

کیا ہی شاہ غنی یار کی نشانی نے
بنایا رشک سلیمان ہی کی خاتم نے

جنان سی دانہ گندم کی جرم پر نکلے
بڑا گناہ نہ ایسا کیا تھا آدم نے

بقا کی شکل ہی آئینہ سی سکندر کی
بنا کی جام کیا نام جم نے

سلاوی یار ہم آغوشی صنم مجکو
سحر دکھا کی بہار اپنی نخل توام نے

چاند ہی چہرہ ترا او چاندنی ملبوس ہے
ہر کلائی شمع ہی ہر آستین فانوس ہے

یہ دل پر داغ تیری الفت سی مانوس ہے
جا ہی حیرت ہی کی عاشق سانپ پر طاؤس ہے

قاصد اپنا کوی جانان کی پہر امانوس ہے
پانونکی آہٹ بہی آواز کف افسوس ہے

دل سی جاتا ہی نہین وصل حسینان کا مزا
ہو گیا ہون پیر پر شوق کنار و بوس ہے

ای فلک روز جدائی تو نہ دکہلا یا ہمین
دل ہمارا ان حسینون سی بہت مایوس ہے

ہجر کی شب مین تڑپتا ہی ہمارا سینہ کا
شور ماتم آہ ہی نالہ صدای کوس ہے

مہر وش غیر سیہ کو نہ سمجھا اپنی یار
اقتران شمس و زحل کا سنتی ہین منحوس ہے

ای سحر مدت سی میری آس و دل مشتاق کو
شوق دیدار مزار بادشاہ طوس ہے

وہ بت نہین ہماری کچھ بات مانتا ہے
جو ہم پہ ہی گذرتی اللہ جانتا ہے

ہم تم پہچان دینگی مشکل ابہی سمجھی
انسان ہی گر گذرتا جو دل پہ ٹھانتا ہے

مجنون کی خاک سی اوڑہتی گئین بگولے | لیلی کی جستجو مین یہ خاک چہانتا ہے

زہر ریائی تیرا تجکو رہی مبارک | کیون اپنی ساتہ [illegible] تو مجکو سانتا ہے

کیہہ فلک سائبان تہمت ہی تعزی کی | منعم جو شامیانہ تو گہر مین تانتا ہے

کرتی ہی قتل قاتل سبکو حسام ابرو | لوہا ترا زمانہ ای ترک مانتا ہے

الفت مین ہی سیہ مست اوس چشم سرمہ سا کی
دل ای سحر کسیکی کب بات مانتا ہے

شعلہ رخ دکہا دیا کسنے | دل ہمارا جلا دیا کسنے

یہ پیام قضا دیا کسنے | حرف رخصت سنا دیا کسنے

ہمکو رستہ بتا دیا کسنے | اپنی در سی اوٹہا دیا کسنے

پان مجکو کہلا دیا کسنے | یہ مرا خون بہا دیا کسنے

نام قاتل سنا دیا کسنے | دکہتی دل کو دکہا دیا کسنے

سرخ جوڑا پنہا دیا کسنے | تجکو خونی بنا دیا کسنے

دام کاکل دکہا دیا کسنے | قید غم مین پہنسا دیا کسنے

سر انگشت کو حنا سے بند
چٹکیون سے اوڑا دیا کسنے

ہے ابھی تک سپیدار آنکھ
تجکو اوڑنا سکھا دیا کسنے

مست آنکھون کو اپنی دکھلا کر
مجکو وحشی بنا دیا کسنے

نور رخ نے جلا دیا دل کو
پردہ ذرا اوٹھا دیا کسنے

خط مرا لیکے کیون نہین جاتا
تجکو قاصد پڑھا دیا کسنے

کل تلک تو مین اپنے ہوش مین تھا
آج بیخود بنا دیا کسنے

کیا کہون ہاے عشقبازی کا
روگ مجکو لگا دیا کسنے

اے سحر آج ہی سحر سے خوشی
منہ سحر کو دکھا دیا کسنے

دل مین مے لا ساقی کوثر کا نور ہے
شیشے مین اپنی جوش شراب طہور ہے

سنتی فراق سنگدل پر غرور ہے
صدمے سہی ہین شیشۂ دل چور چور ہے

اوڑتا پری کا رنگ تمہاری حضور ہے
تلوون کا خال مردمک چشم حور ہے

کافر ہے کعبے مین لیے نفرا ہے
اللہ کسقدر وہ صنم پر غرور ہے

ہر دم عتاب ہے ستم مروت سے دور ہے
انصاف یہ نہیں کہ مرا کیا قصور ہے

ہر دم خیال یار نگہ کی حضور ہے
دل سے کبھی جدا نہیں آنکھوں سے دور ہے

شمس و قمر چراغ حرم شمع طور ہے
اسما جدا جدا ہیں وہی ایک نور ہے

ہوں محو یاد چشم غم ہجر دور ہے
عین خمار میں مجھے لطف سرور ہے

حسن بشر کو رتبہ کب اوس کی حضور ہے
صورت میں گو پری ہے تو سیرت میں حور ہے

کب نقش پا میں کم ید بیضا سے نور ہے
بے سایہ سرو قد صفت نخل طور ہے

اوس مہر وش کا سایۂ دیوار نور ہے
جاروب خانہ دستۂ مژگان حور ہے

جو دل ہے داغ عشق سے لبریز نور ہے
سینے میں جلوہ گاہ تجلی طور ہے

کیا جسم ہے لطیف فدا جان حور ہے
اے غیرت پری ترا سایہ بھی نور ہے

کسکو فروغ حسن میں تیری حضور ہے
ہر ذرہ آفتاب بھی محتاج نور ہے

داغ دل آفتاب ہے ہر نالہ صور ہے
فرقت کی رات طول میں روز نشور ہے

دندان یار صاف ہیں شفاف رنگ جسم
موتی وہ آب میں ہے صفا میں بلور ہے

دل مول لیتی ہیں الفت کا درد مند
ہمنے [illegible] کو بھلائی شعور ہے

آدمی جب آپ سے پہلے تعلیم آدمی غیر کو
تکلیف اصلاح کی بھلا کیا ضرور ہے

گر پاس جا بیٹھے ایدل نادان پاس جا
کم سن ہے پر بہت وہ پریزاد دور ہے

عیار رسیلہ ساز دغا باز ہے وہ شوخ
جو بات ہے فریب ہے نقشہ وہی زور ہے

سنتی کسی سے شعر مرا ہیں تو ناز سے
کہتی ہیں مسکرا کے اوسی کیا شعور ہے

ہیں منتشر حواس غزل کیا کہوں سحر
افراط فکر ہے خفقان کا وفور ہے

الفت ہے [illegible] آنکھ مین خواب سے
نیند اوڑ جاتی ہے ہر شب نالۂ سرخاب سے

گرم صحبت عشق ہے میرے دل بیتاب سے
ربط پہونچا ہے بہم کیا آگ کو سیماب سے

موج زن ہے اشک جوشان دیدۂ پر آب سے
قلزم و عمان رواں ہیں دیکھنا گرداب سے

جان کا جھگڑا ہے اپنی عشق الفت وہی یار
ان کو رہتی ہے غرض نے شکوہ مطلب سے

جوشش سودا ہے یکساں بسکہ جوشن [illegible] میں
بحث بلبل سے ہے من بہر انکو سرخاب سے

مہربان کا ادمی بن بس جا بنسو رہی کو کہ طرب
دل کباب اپنا ہوا نام شراب ناب سے

[illegible] اطلس کسکا مخمل سا بدن
دیدۂ انجم کو ہر شب ربط ہے کمخواب سے

خاک دیکھون چاندنی اور ملی جو شب تیرے ہجر | فارغ ہو جاتا ہے ... اگر شب مہتاب سے

جرعہ جرعہ ہجر مین مجکو لہو کا گھونٹ ہے | ساقیا خوناب بہتر ہے شراب ناب سے

نالہ کش کیون ہاں ذم کا نہین ہوتا سازِ عشق | رابطہ تارِ رگِ جان ہی کو ہے مضراب سے

سوزشِ دل بوسۂ دندان سے زائل خاک ہو | آگ کب بجھتی ہے جل کب گوہر خوشاب سے

آب زمزم ہی تہی چاہِ زنخدان کا عرق | کم نہین طاق ابرو کعبہ کی محراب سے

بوسۂ لب مجکو دیڈالو زکوٰۃ باغ حسن | ایک شفتالو کر امداد دو عناب سے

آفتابِ آسمانِ حسن ہی سفاک تو | تجھکو ہی نسبت مہِ ہالہ حلقہ تاب سے

ہی یہ تاثیر سیہ بختی شب تارِ فراق | روشنی تارو نہین کم ہی کرمک شب تاب سے

شمع پر پروانہ عاشق گل پہ بلبل تجھپہ مین | مہر سی ہر ایک کو الفت کہ یک مہتاب سے

مہروش بی پردہ ہوتی ہی شب ہو گیا | چاند تارہ تار ہی کمتر کرمک شب تاب سے

دور ہی خار ضرر سی دامن عزلت گزین | پا ہی تصویر کو کھٹکا نہین قلاب سے

ای سحر ہر مصرعہ موزون ہی موتی کی لڑی
بی بہا تر ہی صفا مین گوہر نایاب سے

... صفا مین ...

سرخ اوس کے چہرہ حسن کے سینہ پر نقاب ہے
پنہاں شفق میں شرم سی آج آفتاب ہے

ساقی کی دست ناز میں جام شراب ہے
یا سوی سنبلہ نظر آفتاب ہے

ہر ایک لعل لب تبہا یاقوت ناب ہے
ہر دانت صاف غیرت در خوش آب ہے

زیبا ہی مہر گر ترے چھپی نقاب ہے
تو آفتاب اور وہ گل آفتاب ہے

ساقی بغیر کسکو خیال شراب ہے
سوز فراق سی دل سوزاں کباب ہے

شب دیز پر سوار جو وہ ماہتاب ہے
نور قدم سی شک مہ نور کاب ہے

گر سنگ آستانہ مری چشم پر آب ہے
جسم نزار خاک در بوتراب ہے

زیبا عرق سی وہ رخ با آب و تاب ہے
لبریز تاروں سی طبق ماہتاب ہے

موسی کو ایک جلوہ فی بیہوش کر دیا
دیکھی فروغ حسن ترا کس میں تاب ہے

غنچی سی تنگ تر ہی گل سی سرخ تر
ہمشکل یار کا دہن لاجواب ہے

بھر لا کی اشک آنکھ میں پیچ و تاب ہو بام
حیرت ہی یہ کہ جادو ہے یا حباب ہے

پیٹھے کا اوج ہی چوٹی میں معج تاب ہی پڑا
یا ذو ذنب میں جلوۂ تیر شہاب ہے

سوز غم فراق میں ہی روتا ہوں ساقیا
ہر اشک گرم رو کش اشک کباب ہے

رتبہ ملا یہ عشق میں او شاہ حسن کے
دیوانہ گر ہے لطف ہی تو وحشی خطاب ہے

فرقت میں زندگی کا سبب ہے خیال یار
تنہائی میں او سی سے سوال و جواب ہے

برسوں تہی فراق میں سوئی نہیں ہیں ہم
ای بیوفا تو وصل کی شب کا خواب ہے

کیا نشہ شراب کی پروا بھلا او سے
مخمور کیفیت حسن جو مست شباب ہے

موزوں کر اس زمین میں سحر دوسری غزل
ہرچند یہ غزل بھی تری لاجواب ہے

نرگس ہی آنکھ سرو قد لاجواب ہے
ہیں پھول ہی وہ گال سپیا گلاب ہے

روشن عروج حسن سی جام شراب ہے
کیفیت قران مہ و آفتاب ہے

قلزم مثال چشمۂ چشم پر آب ہے
حیرت یہ ہی کہ منبع دریا حباب ہے

صبح بہار گردن جانان ہی چہرہ مہر
بجلی ہی برق جھلک مشکین سحاب ہے

سودائی زلف یار جو ساری ہی مو بمو
سنبل صفت رگوں کو مری پیچ و تاب ہے

بحر جہان میں عین عداوت ہی اتحاد
ہر گل موج دشمن جان پر حباب ہے

ان زاہدان خشک کا تقوی سمجھ لیا
باطن مثال ظاہر ہی رندان خراب ہے

کیا بات خوبی لب و دندان یار کی | ق | وہ رنگ و لعل ہی یہ وہ آب و تاب ہے

دریا مین پانی پانی ہی موتی تو غشتگی مین | غیرت سے صاف خون دل یاقوت ناب ہے

دیدی اگر بوسہ لب جان بخش وقت نزع | ہر لا مرادمند کی حاجت ثواب ہے

اللہ کیا فروغ ہی ساقی کی حسن کا | ق | پر تو فگن جو چہرہ با آب و تاب ہے

ہر موج ہی خطوط شعاعی کی برق وش | چشمک زن آفتاب پہ جام شراب ہے

کیا دست کش ہی ساقی مہوش مدام کا | ہو دور آفتاب شب ماہتاب ہے

نشو و نما پہ سبزہ ہے اور کھل رہی ہین گل | ق | بلبل صفیر سنج ہی سر پر سحاب ہے

می ہی طرب فزا و فرح بخش دل نسیم | دلکش ہی نغمہ صحبت چنگ و رباب ہے

اک تو نہین جو پاس تو اپنی نگاہ مین | گل خار نغمہ نوحہ گلستان خراب ہے

دریا مین اوسکی رنگ طلائی کی عکس سے | سورج بھنور مین برق ہر اک موج آب ہے

کس وجہ تندخو ہی غضبناک دیکھیے | چین جبین یار پہ جام عتاب ہے

کاکل کی لٹ ہی صفحہ عارض پہ جلوہ گر | گلبرگ تر پہ طرفہ خط مشکناب ہے

ذرہ رشک ماہ ہالہ غبار زمین ہے | ای چرخ سفلہ طرفہ ترا انقلاب ہے

آپس میں اتحاد مقرر ازل سے ہے
میں ہوں سحر وہ شوخ اگر آفتاب ہے

ابر ہے نغمہ و مطرب ہے مے و ساقی ہے
آ مری جان کہ تجھی میں ہوس باقی ہے

غمزہ و ناز میں اس شوخ کو مشتاقی ہے
کج ادائی ہے ستم قہر بد اخلاقی ہے

شیب میں بھی ہے وہی غفلت ایام شباب
ہو چکی صبح مگر نشہ شب باقی ہے

ملک تاراج کیے رہزن ایمان تو نے
ختم آنکھوں پہ تری پرفنی قزاقی ہے

خوشنما حاشیہ روئے کتابی پہ نہیں
خط کی شیرین ہے عبارت مگر الحاقی ہے

آفتاب رخ روشن ہے جو سر تو افگن
تاج لیتا ید بیضا سے کف ساقی ہے

مجھ سا دنیا میں نہیں بے ہنر و ناکارہ
رزق دیتا ہے تو اللہ کی رزاقی ہے

ہے قیامت سحر ہجر کا دھڑکا شب وصل
رات ادھر کم ہے ادھر جان نہیں باقی ہے

مل گئے خاک میں پر سادگی دل نہ گئی
اب تلک یار سے ملنے کی ہوس باقی ہے

زندگی حسرت دیدار میں ہے نقش بر آب
رہتی مثل حباب آنکھوں میں جان باقی ہے

دور تک جا پہنچی گرچہ [illegible] قدیم
خاک میخانہ مضمون میں نہیں باقی ہے

آسرا پیر مغان ہی تری تردستی کا | نظر اپنی سو دریا دلی ساقی ہے

تلخ ہی عیش فراق لب شیرین مین سحر
زندگانی کی حلاوت نہین اب باقی ہے

غش ہین عاشق جلوہ گاہ نور ہے | بام جانان رشک کوہ طور ہے
ہم ہین عاجز اور وہ بت مغرور ہے | دیکھین کیا اللہ کو منظور ہے
زیر کاکل چہرۂ پر نور ہے | چاند گویا ابر مین مستور ہے
چشم دل کو ہے تصور یار کا | پاس باطن مین بظاہر دور ہے
کون میری عشق سی آگہ نہین | یہ تو افسانہ بہت مشہور ہے
تارہی اوسکی دانت ہین ابرو ہلال | چاند مُنہ کاکل شب دیجور ہے
صدمہ ہا ہی ہجر ساقی کیا کہون | شیشۂ دل صاف چکنا چور ہے
یہ کدورت روز کی اچھی نہین | صاف کہہ ڈالو جو کچھہ منظور ہے
حق پرست اس عصر مین اجلاف ہین | جو یہان حلاج ہی منصور ہے
سوز عشق چشم کا دیکھو اثر | جو ہی چھالہ دانہ انگور ہے

آ عیادت کو خدارا ای مسیح
غیر حالِ عاشقِ رنجور ہے

تیرِ مژگان سی مشبک ہی تمام
دل ہمارا خانۂ زنبور ہے

دل نہ دو پچھتاؤ گی مانو کہا
بیوفا وہ ای سحر مشہور ہے

دل ہوا تائب بتانِ سنگدل کی چاہ سے
اوٹھگیا بار صنم کا دخل بیت اللہ سے

اہلِ رفعت کو ضد ہی خلق اللہ سے
جلتی پروانی نہین دیکھی چراغ ماہ سے

رعد کا دل ہی ہلتا نالۂ جانکاہ سے
برق کا اندام تھر اتا ہی میری آہ سے

جلوۂ رخ سی یہ چمکی چاندنی کفش یار
آنکھ نخوت سی ملاتی ہین ستاری ماہ سے

آبرو ہی حسینان کی نکیون آبرو سے ہو
ابتدا ہوتی ہی ہر سورۃ کی بسم اللہ سے

تازہ عاشق ہون اگر کچھ خطا کر نا معاف
مین ابھی واقف نہین الفت کی رسم وراہ سے

تو نکل کر گھر سی اپنی قدر ای دلبر نہ کھو
رنگ گئی ہین حضرت یوسف نکلکر چاہ سے

گر اوٹھالی کھربا مجکو تو کیا اسکا عجب
جسم کا ہیدہ زیادہ ہوگیا ہی کاہ سے

کہہ گیا ہی یار تو چندی مین سنہ تکلینا

ای سحر گہر تیری پھر کر آئینگی درگاہ سے

چراغ طور برق جلوہ رخسار روشن ہی
قد موزون کا تیری سایہ نخل دشت ایمن ہے

قد او سرو سہی قامت کا موزون چہرہ گلشن ہے
تجلی طور کی بالا ہی نخل دشت ایمن ہے

نگینہ نگہ حسن گل جلوہ مرا یو ونگی سٹ ہی ہے
کہ مع رنگ گل زنجیر پای مرغ گلشن ہے

ہمین بیا کا کل و ابرو و مژگان چشم فتان کو
کمند و ناوک و خنجر سلاح ترک رہزن ہے

ہمارا سینہ سوزان تھی تازہ باغ عالم مین
مرا ہر داغ دل گلہای تیر نرگسی تن ہے

وفور اشک سی ہای آگ سینی مین بھڑکتی ہے
کرامت عشق کی ہی آب دیتی تاثیر روغن ہے

بجھا جاتا ہی جسم زار سوز داغ فرقت سے
حباب اشک ہی جون شعلہ ہی سینہ سنگ گلخن ہے

نہایت ناتوان ہون اپنی ضعف تن تا بیداد از غم سے
کہ اب طوق گریبان مجکو مثل طوق آہن ہے

خیال اوس گل کی باغ حسن کا بس کہ ہی آنکھو نمین
کہ اپنا دامن نظارہ اب گلچین کا دامن ہے

ہمین اک طور کی شعلی نی وہ ذرا رفت سی مارا
بجا ہی سنگ موسی نی جو اپنی لوح مدفن ہے

ہماری چشم تر او پر آہ سرد و داغ دل او سکو
بہاران ابر ہی ٹھنڈ ہی ہوا ہی سیر گلشن ہے

سحاب چشم گوہر بار ہی گوہر فشان ہر دم
خجل دامن سے مری ابر نیسانی کا دامن ہے

فروغ قیس و فرہاد و شیرین ہی عشق کی بابت
سمجھی شمع حیات اونکی ولیکن نام روشن ہے

جبین افشان جبین پر دیکھکر دل ہو گیا ششدر
کہ یہ دن حیرت ہوں دونوں کا خضر شیشہ شکن ہے

نہیں آتا ہی مطلق رحم حال زار عاشق پر
بتوں کا دل نہیں معلوم پتھر ہی کہ آہن ہے

بغل مین دل لگو پالا ایک مدت ای نادانی
جسے ہم دوست سمجھی تھی ہمارا سخت دشمن ہے

ہوا مجروح ناز ابرو و مژگان سی دل کیا کیا
کہ ہر زخم پر نئی زخم اور روزن پہ روزن ہے

بہار داغہای دل عیاں ہے ساری عالم مین
مرا ہر زخم سینہ روزن دیوار گلشن ہے

بدن ہے یاسمین چہرہ ہے گل اور زلف سنبل ہے
دہان تنگ غنچہ قد بالا سرو گلشن ہے

شب و روز اپنی فرقت مین فراغت سے گذرتی ہین
تصور تیری کوچہ کا ربس اپنا وہ یہ روشن ہے

وہ افتادہ ہون جس سے سرکشی ممکن نہین ہرگز
مین شکل نقش پا ہون کوچہ دلدار مسکن ہے

وہ شوخی کم سنی کی وہ چھبن پوشاک و زیور کی
بھبوکا ہے چھلاوہ ہے نئی عالم کا جوبن ہے

گذر کر مہ کشان باین سے نہ اسی ست غرور اتنا
قتیل ناز جو تیرا تھا اس جا اوسکا مدفن ہے

نمایاں رنگ مسی کا تہی لب ہونٹوں سے گل کی
کہ گویا غنچۂ گل مین نہاں اک رنگ سوسن ہے

نزاکت دیکھو پہنا جو گلی مین طوق منت کا
جھکا جاتا ہی سر اوس نازنین کا بار گردن ہے

جہان پروانہ ہو کسطرح اوسکی شمع عارض کا — کہ اوسکا حسن ہر یک مین چراغ زیر داماں ہے

سحر کی کیجیے مشکلکشائی جلد یا حیدرؑ
کہ حال اس بندۂ درگاہ کا مولی پریشاں ہے

چہرہ دکھلا کے مار ڈالا ہے — آپ کا لطف بھی نرالا ہے
عرش کے پار آہ و نالا ہے — تیرے عاشق کا بول بالا ہے
حور سی رخ حسین نہ پیدا ہے — سرو فردوس قد رعنا ہے
تجھسے ایجان ہجر رہتا ہے — اب کسی زیست کی تمنا ہے
تیری آنکھیں چھپانا ای قاتل — ملک الموت کا طمانچا ہے
کیون نہو خط استوا وہ کمر — فلک حسن ماہ پارا ہے
ہجر میں ای مسیح دوران کے — دم نکلتا ہی دم نکلتا ہے
نہوا میری حال کا پرسان — یہی اوس بیوفا سے شکوا ہے
نہ اشارت ہے بات ہی نہ ہنسی — اس ملاقات مین مزا کیا ہے
لیلۃ القدر گر ہے زلف سیاہ — صبح نوروز رخ تمہارا ہے

تیری دوری مین بحر حسن جمال | جوش زن آنسوؤن کا دریا ہے

چہرہ کعبہ ہی ابرو و مژگان | طاق محراب ہی مصلا ہے

جلوۂ ماہرو نی قتل کیا | زخمی کو چاندنی نی مارا ہے

اللہ اللہ صفای عارض حسن | رخ پہ پاپی نگہ پھسلتا ہے

دیگا ساقی مجھی شراب سحر
خواب مین آفتاب دیکھا ہے

خیال گردش چشم بتان ہے | نصیبون کی جو گردش ہی عیان ہے

دماغ سیر باغ اب کسکو یان ہے | ہمین گلزار کوی گلخان ہے

جہان کو ابر کا جسپر گمان ہے | ہماری آہ سوزان کا دہوان ہے

ستارہ وار کفش مہرخان ہے | زمین تہ مین شہاب آسمان ہے

قدم پہ نور مہ جلوہ کنان ہے | بہار ماہ پامال خزان ہے

خیال عارض مہرو سی ٹکڑے | قبای جسم مانند کتان ہے

تمہین کیا مطلب دل مین تپان | جو دل کا حال ہی تمپر عیان ہے

فقط اک بات ہی موہوم ورنہ ۔ کمر کیا چیز ہی کیسا دہان ہے

جلا دی آکی اوس کافر کی کشتہ ۔ کہان ہی عیسی مریم کہان ہے

ہوا ہی زلف مشکین صنم مین ۔ زمین و آسمان عنبر فشان ہے

عرق آلودہ رخ پر سپہر قربان ۔ طبق انجم کا لایا آسمان ہے

اوٹھا لی رخ سی پردہ ہو ہم آغوش ۔ نہین یہ لن ترانی کا مکان ہے

رہا ورد زبان افسانہ حسن ۔ دہن مین طور کا شعلہ زبان ہے

خلش کرتی ہی دل مین حاسدون کی ۔ بنی نوک قلم نوک سنان ہے

مرقع سی نہ دہو تصویر مجنون ۔ یہ نقشہ بی نشانون کا نشان ہے

بسان شمع گو ہی بی زبان مین ۔ مگر سوز درون منہ سی عیان ہے

اگل لیتا ہی وہ باتون مین دل کو ۔ زبان مین سحر ہی معجز بیان ہے

ہمارے دیدۂ تر پر ہمیشہ ۔ سمندر کا زمانی کو گمان ہے

نہین افشان جبین ماہرو پر ۔ عیان گویا فلک کہکشان ہے

نگہ چہپی ہی تو قد ہی قیامت ۔ مژہ ہی تیر تو ابرو کمان ہے

سحر فردوس مین دیگا تجھی قصر
ترا ممدوح قسام جنان ہے

بیمار محبت کی دوا کیون نہین کرتے
عیسی لب جانبخش کو دوا کیون نہین کرتے

دل قید سی چوٹی کی رہا کیون نہین کرتے
اس عقدۂ سربستہ کو وا کیون نہین کرتے

آئینہ کو زانو سی جدا کیون نہین کرتے
اس دیدۂ حیران سی حیا کیون نہین کرتے

زلفین رخ پرنور پہ وا کیون نہین کرتے
نازل سر عاشق پہ بلا کیون نہین کرتے

انکار جفا ہی تو وفا کیون نہین کرتے
اقرار ملاقات بھلا کیون نہین کرتے

اب وعدۂ دیدار وفا کیون نہین کرتے
چہرہ سی نقاب آپ جدا کیون نہین کرتے

تم غنچہ دہن ہو تو مناسب ہے تبسم
گر ہو گل شاداب ہنسا کیون نہین کرتے

اثبات وجود دہن اک بات سی کردو
صاحب ثمر تر کو دوا کیون نہین کرتے

دل لیکی بگڑ جاتی ہو اللہ ری ہٹائی
عیار ہو تو خوف خدا کیون نہین کرتے

کیون جور فراقی کو دکھاتی نہین ہمکو
قاتل ہو تو سر تن سی جدا کیون نہین کرتے

بیمار محبت تو نہین ہوتی کا اچھا
پھر مرنی کی احباب دعا کیون نہین کرتے

گر مانگتا ہون اُن لب کا بوسہ تو ہین کہتے
سودا ہی تو سودے کی دوا کیون نہین کرتے

کھلتا نہین خلوت مین بھی کیا شرم کا باعث
وا وصل کی شب بند قبا کیون نہین کرتے

کیا دخل ہی کہ اُف بھی بانسی مین نکالون
تم ظلم و ستم جور و جفا کیون نہین کرتے

تائب ہین اگر عشق و محبت سی سحر آپ
بیٹھی ہوی قرآن پڑھا کیون نہین کرتے

عشق گلرو مین مست پھرتے ہین
ساغر لالہ ساقیا بھر دے

اب مہم وفا کو سر کر دے
ای سحر راہ عشق مین سر دے

گردش چشم بیستی ہی بھلا
کوئی چھاتی پہ کیونکہ پتھر دے

تلخی مرگ سی بچون دم نزع
ایک بوسہ جو مجکو دلبر دے

ہون مین فرط خوشی سی شادی مرگ
گر جواب سخن وہ ہنسکر دے

سنگدل کچھ نہین خیال تجھے
جان کو تجھ پہ کوئی مر مر دے

رخ سی گر لیوے اوٹھا نقاب
ماہ کامل کو منفعل کر دے

غیر سی دیکھ اُن کو گرم سخن
پڑ گئی آنکھ پر مری پردے

یا تو وہ گرمیاں وہ صحبت تھی
یا تو اب یہ حجاب یہ پردے

زندگی بھر تو ہم سے تو نہ ملا
آنکھ مٹی تو ہم گئی پر دبے

کشتہ اوس مہ کا ہوں بجا ہی اگر
چاندنی سی مرا کفن کر دے

کشور عشق میں میں کہتا ہوں
دل پر حسرتی رخ زرد ہے

یوں پسینا ذقن میں ہی جسطرح
شیشہ کوئی گلاب سی بھر دے

تشنہ رہتا ہوں آب خنجر کا
مجکو سیراب کربلا کر دے

ای سحر شمع روی جانان پر
شکل پروانہ جان فدا کر دے

سمن سی جسم صباحت میں تن برابر ہے
کلی سی تنگی میں نگین دہن برابر ہے

اگر صفا میں تن و نسترن برابر ہے
تو غنچہ رنگ گل سرخ اور دہن برابر ہے

وہ گل جو پاس نہیں خار خار وحشت سے
مری نگاہ میں دشت و چمن برابر ہے

کھلاتی نقش کف پا ہی پائی یہ گل
فضائی خانہ و صحن چمن برابر ہے

تمھاری انتون فی دی آبرو گیا ایسا
یہاں میں جنسیہ عقیق عدن برابر ہے

فروغ رخ سی ہوئی تابناک گوہر گوش — کہ مشتری کی ہیمل مین برابر ہی

حضور رنگ لب لعل کیا نظر ہی سمای — کہ سنگریزہ و لعل مین برابر ہی

طلائی پرتو خورشید رخ سی ہوگئی بال — کہ ہالہ خط سبز اور کرن برابر ہی

فراق مین یہ زمانہ ہی پیش چشم سیاہ — کہ شام غربت و صبح وطن برابر ہی

یہ لاغری کا ہی عالم نظر نہین آتا — میان یار سی میرا بدن برابر ہی

فرشتی تک کی تو بگڑی نہ بچ سکی آنکھی — یہ راست ہی کہ زن و راہزن برابر ہی

مساوی تیغ ستمگر نی کی ہی قسمت زخم — کہ ہر جراحت تن خندہ زن برابر ہی

زبان ہی موجہ آب حیات روح افزا — مسیح سی ترا ادنی سخن برابر ہی

کہان کی مشک سی نسبت دو زلف پرچین کو — بہت تتار و خطا و ختن برابر ہی

یہ کسکی آنیکا مژدہ چمن مین لائی نسیم — ہر ایک غنچہ و گل خندہ زن برابر ہی

کلی کلی یہ عجب طرح کی ہی گلکاری — بہار ہی چمن و پیرہن برابر ہی

فنا ہوئی پہلی قدم بچھی پرا ہ فقر مین رکھ — کہ شکل مین کفنی و کفن برابر ہی

جو غرق ہی تو [illegible] کا — و گر نہ مرتبہ پنجتن برابر ہی

سحر ہین پنجۂ قدرت کی اونگلیان پانچون
ہر اک پہ لطف خدائی سخن بہار ہے

ہم بغل اوسو بسی شب ہر بت خودکام ہے
سو گیا کس نیند مین بخت نافرجام ہے

یار جنکی پاس ہے یارو خوشا اونکی نصیب
چین سے سوتی ہین وہ ہمکو کہان آرام ہے

کیون جفا غیرونکی سکھلائی ہوئی ہے تین حضور
میری جانب دیکھیے یہ کیا خیال خام ہے

دل کی لگتی ہی صبح اعالم ہماری دل لگا
عاشقی کا کچھ نہین معلوم کیا انجام ہے

کون ہے عاشق کہان معشوق کیسی عاشقی
رہ گیا اغیار کا باقی جہان مین نام ہے

کچھ نہین مانع ہے عریانی رسائی کی وہان
خاک کوی دوست مجکو جامۂ احرام ہے

غیر مرقد جای آسایش کہان اوسکو سحر
جس کسیکو اس جہان مین خواہش آرام ہے

دید کی اوس گل کی خواہش وہ بشر پیدا کرے
مثل نرگس آنکھ جو بالای سر پیدا کرے

عشق مانند وہ آشفتہ سر پیدا کرے
جوہر افسانہ مین لفظونکا اثر پیدا کرے

ق

باغ ہو پامال غیرت دیکھکر طرز خرام
شوق گلگشت اسے تھی تو اگر پیدا کرے

طائر رنگ چمن وحشت سی ہی گر مضطرب
برگ گلبن سی پئی پرواز پر پیدا کری

جا اڑی چل پھولونکا گجرا تو جو پہنی ہاتھ مین
طائر رنگ حنا بھی بال و پر پیدا کری

گر کرون سوز و گداز ہجر اپنی گلہ و بیان
شمع سان نوک زبان دل جگر پیدا کری

وہ کری ہی موزون گر تمکی قد بالا کا وصف
جو زبان مثل سنان بالای سر پیدا کری

ہمسر کیا ہی ہماری چشم گریان سی خیال
آبرو کھوئیگا منہ تو ابر تر پیدا کری

ای بتو تمسی محبت سخت مشکل امر ہی
وہ کری الفت جو پتھر کا جگر پیدا کری

یار کو محبی محبت ہی اطاعت کی سبب
ہی وہ انسان جو دل انسان مین گھر پیدا کری

ہجر کی شب کی صبح وصل ہو تیں ہو نصیب
آسمان ایسی بھی دنیا مین سحر پیدا کری

سو ہی دو دن گھیکر کھینچون اگر قدرت کی شب
نالہ میرا گنبد کی در مین در پیدا کری

صندلی رنگونکی الفت اپنی سر لگتا نہین
آدمی اچھا بھلا کیون درد سر پیدا کری

ای سحر یہ سیم تن مفلس کی ہاتھ آتی نہین
مہر عشق انسان کو لازم ہی کہ زر پیدا کری

فصل گل ہی صحن گلشن ہی کا جوش ہی
مطرب و ساقی ہی می ہی بانگ نوشا نوش ہی

ہر طرف شور بہار آن جنونکا جوش ہی
آمد آمد بیخودی کی ہی وداع ہوش ہے

اوس پری پیکر کو تنگ لپٹا یا جو ہی چھاتی سی آج
ہالۂ مہ ہاتھ مین فانوس آغوش ہے

وہ سہی قامت لب جو ہی کھڑا اسی قمریو
سرو سی طوبا ہی جنت آج وہ پا دوش ہے

جان مستان می الفت کا حافظ ہی خدا
زیر خط چاہ زنخدان صنم خس پوش ہے

ہجر صوری ہی تصور ہی مع صال معنوی
یار ظاہر مین جدا باطن مین ہم آغوش ہے

بلبل و گل کی سی صحبت مجھہ مین اور دلبر مین ہے
نالہ کش محفل مین مین ہون وہ بت خاموش ہے

نیمچہ زیب کمر حسد لئی ہی اوس مست کی
جسم مین مثل شراب خم لہو کا جوش ہے

پیش چشم مست ساقی ہی جو نمی بی آبرو
پردۂ مینا مین جوش شرم سی روپوش ہے

آگئی اوس خورشید رو کی ہو گیا ہی رنگ فق
شمع روشن پردۂ فانوس مین روپوش ہے

جلوۂ مہتاب پامال حسد کیونکر نہ ہو
چاندنی کی پانو مین اوس ماہ کی پاپوش ہے

نازنینون کا حقیقت مین ہے گم گوئی شعار
برگ گل گویا زبان کی شکل خاموش ہے

سبزۂ خط اور لب شیرین سی ثابت ہوا
ایکجا نخل قد جانانہ مین نیش و نوش ہے

عکس رنگ رخ سی ہی آویزہ یاقوت سرخ
گوہر غلطان جو اگی تھا زیب گوش ہے

ہجر مین اوس ماہرو کا جلوۂ رخ ہی بجا
خاک بستر چادر مہتاب بالاپوش ہے

سوزش عشق سے آگ کیونکر نہ جلا کر کباب
شمع بزم غیر روحی ساقی می نوش ہے

وہ تجلی ہی رخ پر نور پر ایسی برق حسن
سامنے جسکے چراغ مہر تک خاموش ہے

جو ہین عالی ظرف کب ہین گو ہنر گزند
بردباری سے بزرگی صاحبان ہوش ہے

ندیون مین شور ہی کچھہ سو دریا ہی شور
گو محیط ربع مسکون ہے مگر خاموش ہے

دل کی ہی جب سے غزال چشم ساقی پر نگاہ
وحشت انگیں مست ہے مدہوش ہے بیہوش ہے

کسکی آمد کی خبر گلشن مین لائی ہی نسیم
چشم نرگس سی ہی گل سراپا گوش ہے

ناتوان ہون ایسی سحر اک نازنین کی عشق مین
رخت ہستی جسم لاغر پہ وبال دوش ہے

روح بیچین ہی آرام نہین آتا ہے
جب تلک نامۂ پیغام نہین آتا ہے

خار خار غم فرقت سی ابہی رشک چمن
خوش کبھی سرو گل اندام نہین آتا ہے

کیون نہ سوکھے کی کانٹا تن لاغر اپنا
نظر اوسکا رخ گلفام نہین آتا ہے

اوج پر اختر طالع کا ہی اسدرجہ ہبوط
خواب مین بھی وہ لب بام نہین آتا ہے

یاد آتی ہی تری یا کہ ہی رونا آتا
اور ایسا کوئی کام نہین آتا ہے

رات بھر میرا شبستانہ ہی مہتابی نور
شمع رو تو جو سر شام نہین آتا ہے

کھینچ لاتا دل مضطر ہی کوچی مین
آپ سی عاشق ناکام نہین آتا ہے

عشق مین سوز رو زاری و افسون
سب ہین بیکار کوئی کام نہین آتا ہے

دل کا آغاز محبت مین برا نقشہ ہے
نظر اچھا ہمین انجام نہین آتا ہے

دور مین تیری نہین کیا مرا رند و شمار
ساقیا میری طرف جام نہین آتا ہے

بعد مرنے کی سحر اپنی بھی بیگانی ہین
غیر اعمال کوئی کام نہین آتا ہے

دیکھو نزاکت اوس صنم جامہ زیب کی
نازک شکم مین چبھتی ہی گرمی قریب کی

دریا دلون کو کیون تعلّی سی ہو گریز
مد نگاہ بحر ہی جانب نشیب کی

کب زیور و لباس کی ہی مجھ کو فکر
صورت جو اچھی ہی نہین محتاج زیب کی

سوتی نہین رقیب جو در سی تمام رات
تاثیر کیا ہی میری فغان کی نہیب کی

دامن کی طرح ہو مہ کنعان کا جیب چاک
دیکھی جو شکل اوس صنم جامہ زیب کی

بیدرد تونے کشتۂ فرقت کی لی خبر
ہر چند منہ پہ جان آگئی تھی غریب کی

کیا جب ملا ہے بعدہ کون ذرا بھی تیر سحاب
تقدیر میں ہی صحابت یاں نوغریب کی

وہ دل عاشقوں کی چھینتا ہی یک بات
تاثیر دیکھنا سخن دلفریب کی

بعد فنا بھی قبر مری اٹھ لئی زمین ہے
کیا بیقرار یاں ہیں دل ناشکیب کی

بو ہی گلاب ہی جو لب لعل رنگ میں
خوشبو تن میں یار کی آتی ہی سیب کی

اک جامہ زیب یار کا کشتہ ہوں اے سحر
چادر چڑھی ہی مزار پہ میری کریب کی

ہر عضو جسم سوز محبت سے داغ ہے
یاں روز و شب عقیدت شمع و چراغ ہے

جوش جنون سے سینہ پہ گلزار داغ ہے
فصل بہار ہی مرا دل باغ باغ ہے

جلتا ہی طرح سے مری دل کا داغ ہے
ہی روغن فتیلہ بہ روشن چراغ ہے

اک جوش غل سے دل باغ باغ ہے
رشک بہشت کنج مرا خانہ باغ ہے

کس رنگ گلعذار کا مد نظر میں ہی خیال
کوٹھری میں ہنج ریگ ان قتلہ سراغ ہے

ای داغ عشق شعلہ رخان سے فرم کرم
مدت ہوئی کہ خانۂ دل بے چراغ ہے

وہ گل چمن مین آیا تھا گلگشت کو کبھی
غیرت سی اب تلک جگر لالہ داغ ہی

کیا کیجیی شکایت بیمہری صنم
ہچکی بندہی ہی تی سی ایکدم فراغ

شور و فغان سی ہی کیونکہ مجہو کو رنج
بلبل کی زمزمہ سی گل بددماغ ہی

کیونکر نہ زلف دیکہہ کی ہو محو داغ دل
کالیکی سامنی کہین جلتا چراغ ہی

گہائل ہون تیغ ناز سی کس شعلہ رو کی مین
ہر زخم دل جو رشک لب جام و جاغ ہی

ساقی بن اشک سرخ بہر آتی ہین آنکہہ مین
لبریز خون دل سی ہمارا ایاغ ہی

ای عندلیب کہہ گلی بیتاب کی وصل
نخوت سی باغبان کا فلک پر دماغ ہی

میری چلن پہ غیر قدم مارنی لگا
کبک دری کی چال اڑاتا کلاغ ہی

ٹھنڈا نہ کسطرح سی ہو پیریمین داغ عشق
ہوتی ہی جبکہ صبح تو بجہتا چراغ ہی

تنہا مین قمری قد سرو سہی نہین
پروانہ شمع حسن کا ہر مرغ باغ ہی

ای چشم طفل اشک کو رکہنا نگاہ مین
مردم کی دودمان کا یہ چشم و چراغ ہی

آدم کیطرح خلد سی نکلا ہون ای سحر
اب لکہنؤ کہان ہی کہان عیش باغ ہی

حسن افزای رخ مہان کی بالی ہوے ۔ ایک ماہ چاردہ کی گرد وہالی ہوے

خار مژگان کی تصدیلن ہوا صحرا لوز ۔ دیدۂ خونبار میری پانونکی چھالی ہوے

اشک خون رویا چمن مین باڈینگ سرخ ریز ۔ خونسی لبریز سب اشجار کی تھالی ہوے

نور رخ سی مثل انجم ہوگئی رخشان گہر ۔ غیرت عقد ثریا کان کی جہالی ہوے

میری آنکھونسی ہوا یہ جوش طوفان سرشک ۔ غیرت جیحون و عمان شہر کی نالی ہوے

مچھلیان ندیہ مین سب جانبخش ہوے ۔ آب حیوان کے بھنور اوس کانکی بالی ہوے

بام پر اولٹی جو تونی وہ جی روشن نقاب ۔ مثل موسی غش ہزارون وہ دیکھنی والی ہوے

حکم آتش فرقت ساقی مین کہتی ہی شراب ۔ جام حب منہ سی لگا ہونٹونمین تبخالی ہوے

پھر بہار آئی جنون عشق پھر تازہ ہوا ۔ زخمہای داغ کہنہ یک بیک آلی ہوے

اسقدر سوز فراق یار نی دی لاگ گہ ۔ تیر آتشبار سان اخگر فشان نالی ہوے

پھلجھڑی سی چہوٹتی ہی آنکھ سی رونیکی وقت ۔ قطرہای اشک گرم آتش کی پرکالی ہوے

زلف و کھلاکی کیا آشفتہ سر تونی ہمین ۔ دن پریشانی کی ہمپر تین ہی کالی ہوے

کور ہوجاتی ہی تیری سامنی عین کمال ۔ میل پھر چشم بد سرمہ کی دنبالی ہوے

لگ گئی تقدیر مین اسکی جو ہی تیر نگاہ
نیزہ خطی ترہی سرمہ کی دنبالی ہوے

جا ہی خون شعلے مر شی رگ سی نکلے وقت قتل
بہلی جوہر کی عیان تلوار مین چھالی ہوے

آگیا مردونکی بھی خواب راحت مین خلل
شور محشر نالہ ہی عشاق کی نالی ہوے

ہجر مین ہی بسکہ یاد کاکل مشکین یار
رات سی افزون ہی نظرونمین دن کالی ہوے

جانگزا ہی بسکہ کالی رات ہجر یار کی
میری نظرونمین ستاری سانپ کی چہالی ہوے

جرم الفت پر کیا جسنی کہ اک عالم کو قتل
ای سحر اب ہم بھی اوسکی چاہنی والی ہوے

الفت لب و قامت کی زبس دلمین بھری ہے
پتھر مری مرقد کا عقیق شجری ہے

افسون جدائی یار تیری جلوہ گری ہے
آئینہ مین ہی عکس کہ شیشہ مین پری ہے

ہین اختر تابان یہ عیان کاہکشان سے
یا گوہر غلطان ستی یہ مانگ بھری ہے

شاداب ہی ہر زخم بدن مثل گل تر
کہیتی مری آب دم خنجر سی ہری ہے

ای غیرت خورشید ترا حسن ہی ہمشکل
جنت مین خجل حور پرستانمین پری ہے

در وو دل عشاق نکیون عود کی بو دے
زیب بدن یار لباس اگری ہے

جو داغ ہی دل کا تو زنبور کی صورت
زنبور ہر اک تیر ستمگر کی سری ہے

فرقت مین یہ قلب کی ہی جان پہ صدمہ
ہر چند کہ سل صبر کی چھاتی پہ دھری ہے

یہ عارض گلرنگ کی سرخی کا ہی عالم
گویا کہ گلابی مین مئی ناب بھری ہے

بوئی گل و باد سحر اب ہی سحر و شام
اک خلق جہان گذرانی سفری ہے

گردش سی فلک کی ہین سحر اہل ہنر خوار
اس عصر مین عزت کا سبب بی ہنری ہے

جو فکر خود فروشی بکوا ای شکر پی ہی ہوتی
زر خورشید لا کر زہرہ تیری مشتری ہوتی

تجھی کیا چاہیئی تھی کی لڑائی قاتل عالم
دلوں سی عاشقوں کی تو نی بانگ اپنی بھری ہوتی

مین ہون عاشق ترا ای آفتاب حسن زیبائی
نہ اوسکو دیکھتا ہرگز جو قابو مین پری ہوتی

مثل باد صبا خاک اڑاتا سر پہ مین پھرتا
ملاقات اوس ستمگر سی جو حاصل سرسری ہوتی

دلا خوش ہو نہ گر وہ سیمبر غیروں سی ہی بیٹھا
رقیبو با ہمین باہم ہی جنگ زرگری ہوتی

اگر دل مین خیال اوس غیرت بلقیس کا رہتا
سلیمان کی قسم ہی بند شیشہ مین پری ہوتی

خرام ناز جانان سی اوسی تشبیہ ہم دیتی
تری چال ایسی مستانہ جو ہی کبک دری ہوتی

سحر اوس غیرت گلزار کی صولت سی کچل کر
اگر شاخ نہال آرزو سی دل ہری ہوتی

قاتل مری مسیح کی تقریر ہو گئی
آب بقا مین زہر کی تاثیر ہو گئی

دریا مین عکس یار سی تنویر ہو گئی
بجلی ہر ایک موج کی تحریر ہو گئی

سوہان روح نغمۂ مطرب ہی ہجر مین
اک درد سر صدای مزامیر ہو گئی

ہم تو انھین پکارین وہ اغیار کی سنین
اولٹی ہماری نالی کی تاثیر ہو گئی

قاصد پھرا نہ لیکی مری نامہ کا جواب
برگشتہ یکقلم مری تقدیر ہو گئی

رسوا کیا خراب کیا اہی ستم شعار
لے اب تو جرم عشق کی تعزیر ہو گئی

پنہان ہوا ہی ماہ نقاب سحاب مین
بی پردہ کسکی چاندسی تصویر ہو گئی

خط ہی نمود مصحف رخسار یار پر
مرقوم حاشیے پہ یہ تفسیر ہو گئی

برہم ہین آپ بوسۂ گیسو پہ کیون حضور
اچھا معاف کیجیی تقصیر ہو گئی

کیونکر مین یار بحر شہادت کو پیرتا
بہر عبور پل تری شمشیر ہو گئی

ق

قاتل سی ایکدن مری احباب نی کہا
عاشق کی تیری موت گلوگیر ہو گئی

تم یاد اوسکی یونہی [illegible] آتی ہی رہی | یان قبر بھی غریب کی تعمیر ہو گئی

[illegible] لے ای سحر وہ زلف مسلسل کھلی وہان
اب تیری قید ہونی کی تدبیر ہو گئی

بیوفا تجھسا جہان مین نہین پیدا کوئی | باوفا مجھسا نہوگا تراشیدا کوئی
[illegible] جو تشبیہ پری سی تو برا مان گئے | لوم سجیان نہین آپ سے اچھا کوئی
[illegible] ہو آنکھہ چرانا کب تک | نگہ لطف کی رکھتا ہی تمنا کوئی
یار آتا ہی تری کلبۂ احزان کی طرف | جھوٹھون اتنا نہین دیتا ہی دلاسا کوئی
جھوٹ ہی لاف محبت نہین بیتا کوئی ساتھ | سچ تو یہ ہی نہین دنیا مین کسیکا کوئی
ہو نہ آزردہ اگر سرو سی تی قد کو مثال | سیدھی سی بات پہ ہو جاتا ہی ٹیڑھا کوئی
الٹی بیبو [illegible] بیکار دوا کرتی ہو | مرض عشق سی ہوتا نہین اچھا کوئی
مرگیا یون تپ فرقت سی مین اچھا ہو کر | جسطرح لیتا ہو بیمار سنبھالا کوئی
ایسا اس عہد مین تھوڑا ہی خریدارونکا | مفت دل بیچتا ہون نہین لیتا کوئی
[illegible] پہ ہی خاک ہر اک دشت کی چہانی [illegible] | تیری دیوانہ سی چھوٹا نہین صحرا کوئی

اہی سحر شک ہی اتنا تو وہ فرماتی ہیں
تم سے اچھا ہی مرا چاہنے والا کوئی

جیمین آتا ہی وانہ چشم سی خون کیجیے
سنگ کوہستان و خاک دشت گلگون کیجیے

نجد سونا ایک مدت سی پڑا ہی ای جنون
جیمین ہی آباد چلکر جانب ہامون کیجیے

سیر گر آب وان کی ہی صنم مد نظر
دیکھی رونا مرا یا سیر جیحون کیجیے

گر نہ تھا منظور ملنا تو ادا یہ کون تھی
چہرہ دکھلا کر ہمین ناحق کو مفتون کیجیے

بہر تشبیہ قد دلدار چلکر چھانٹیے
سرو کی مصراع ناموزون کو موزون کیجیے

عشق چشم یار مین بیکار کیون بیٹھی رہین
جیمین آتا ہی کہ ورد سورۂ نون کیجیے

ای نگار شوخ یہ کسنی کہا تھا آپ سے
دل سحر کا لیکے ہاتھونمین حنا خون کیجیے

صاف ای نگار کدورت سی جو سینا ہو جای
دل سلیمان کی انگوٹھی کا نگینا ہو جای

گر کری گلگشت چمن گر وہ مرا گل اندام
برگ گل زیر قدم ریزۂ مینا ہو جای

پہونچی ای کاش مرا عرش معلی پہ دماغ
مجکو معراج مری بام کا زینا ہو جای

بوسہ ملجای تو کچھ خضر سی کم نہیں ہم
نہ ملی آگی گلی سے جو ہلال ابرو کم
اوسی مسیحا کی یہ شیامہ مین لکہا ہی ہینے
پھر وہ کافر نہ کبھی صاف ہو جب تک گز
تم نے سب سمل خفا ہو جو خدا نا کردہ

آب حیوان لب جانان کا پسینا ہو جای
عید کا چاند بھی خالی کا مہینا ہو جای
تم جو آجاو تو جینے کا قرینا ہو جای
اوسکی دل مین جو مری ہمت کینا ہو جای
سہل مر جانا ہو مشکل مجھی جینا ہو جای

اثر سرمہ ہی خاک در جانان مین سحر
دیدۂ کور مین پڑ جای تو بینا ہو جای

غصہ ہی بہت بوسہ ابرو جو لیا ہے
جلادون مین قاتل تہ ہر شی رم کی جا ہی
دل اسکی منہدی کی طرح جب تو ہی جلتا
ہم خوف سی چپ بیٹھی ہین نخچیر تسی وہ ساکت
نہ وصل میسر ہی نہ اب ولمیں یہ ہاخون
خط یار کو کیا لکھون کہ نایاب ہی قاصد

کہتے ہین مری ہاتھہ تری آج قضا ہے
تسمہ تو ابھی گردن بسمل مین لگا ہے
ای بت تری رفتار ہی یا قہر خدا ہے
ہی بزم خموشان کہ صدا ہی نہ ندا ہے
شدت ہی مرض کی نہ دوا ہی نہ غذا ہے
ان وزدون کبوتر مجھی عنقا سی سوا ہے

عارض کی تہ ریکان کا موتی ہی چمکتا
یا جلوہ نما بدر کی پہلو مین سہا ہی

مدت سی دکھاتا نہین وہ گل رخ رنگین
اک خون کا دریا مری آنکھون سی بہا ہی

جاؤ نہ ابھی پاس ہی بیٹھو کوئی دم ہم
تم جاؤ ذرا دیر تو جی مین لہو ٹھہرا ہی

مرتی ہی مری یار فقط ان بتونکو چھوڑا
غمزہ ہی نہ عشوہ نہ کرشمہ نہ ادا ہی

کرتا ہی ستم عاشق ناشاد و حزین پر
اور بت تجھی مطلق نہین کچھ خوف خدا ہی

بیجا نہین ہم صدمۂ فرقت کو اوٹھاتی
جو کچھ ہی یہ سب اپنی لگاوٹ کی سزا ہی

دل یار کو دیتی ہو سحر یہ سمجھ لو
ٹالی نہ ٹلیگا وہ جو ہونا ہی ہوا ہی

بن تو ہی گلشن مین ہر گل شعلۂ بی دود ہی
دل تجھ بن پھولونکا ہی سو آتش نمرود ہی

آتش رنگ حنا ہر دم ہی گرم جستجو
صاف سا عاشق شمع تجھ شعلۂ بی دود ہی

دیکھی ہی ہم نے کیا اوس سے صفائی کی سبیل
اب تو راہ نامہ و پیغام بھی مسدود ہی

جھک کی چلنا کیون نہو مخلوق و خالق کو پسند
سرکشی کی جنس شیطان کی طرح مردود ہی

کچھ کہی کوئی مرا مذہب یہی ہی اے سحر
جو عدو حیدر کا ہی ہان وہ مردود ہی

تمام شد

رباعیات

ہی قدرت کا غضنفر حیدرؑ — دستِ حق و بازوی پیمبر حیدرؑ
ہی دل مین تمنا کہ قیامت کی دن — کہتا مین اوٹھون قبر سی حیدرؑ حیدرؑ

ایضاً

احمد کی جو بستر پہ بسرات کری — یون کون ادا حق مواخات کری
اللہ رہی مواخات کہ جسکی اوپر — اللہ ملائک سی مباہات کری

ایضاً

گو سبہائیون سی سنمن تہی حیدرؑ چہوٹی — رتبی مین بڑہی ہوئی ہین اکثر چہوٹی
گو عمر مین تہی خورد یہ تہی سب سی بزرگ — نبیون سی تہی جسطرح پیمبر چہوٹی

ایضاً

ہی عبد خدا جہان کا معبود علی — خود ساجد حق خلق کا مسجود علی
ہی ذات ید اللہ سی اسلام کا فخر — کعبہ صدف و گوہر مقصود علی

ایضاً

گیا اور مین فرقت مین بجلا کرتا ہون — ہر دم کف افسوس ملا کرتا ہون
سوز غم فرقت سی جو ہی سوز و گداز — ہر شب صفت شمع جلا کرتا ہون

ایضاً

بن آپ کی بیہوش رہا کرتا ہون — ہون نزع مین جیتا ہون مین مرتا ہون
آنکھون مین ہی دم جسم ہی بی تاب و توان — ایجان مین زیست کی دن بھرتا ہون

ایضاً

ہر وقت نکر چاک گریبان بس کر — بیہودہ نکر نالہ و افغان بس کر
عالم تری آہون سی جلا جاتی ہی کہین — بس کر سحر بی سر و سامان بس کر

ایضاً

ای ہرزہ درای قیس خصلت چپ رہ	اس شور و فغان سی کہ نہ آفت چپ رہ
افشانہ کہیں نہ ہو تمام اپنی زبان	چپ رہ چپ رہ نہ کر قیامت چپ رہ

ایضاً

دیوانہ ہوا عشق مین مسکن اپنا	کاہیدہ ہوا کاہ صفت تن اپنا
ہر رشتہ جون اپنی ہی بھی ہوا بیگانے	الفت مین تری جہان ہی دشمن اپنا

ایضاً

تا چند یہ راز عشق پنہان کیجے	کب تک نہ بھلا چاک گریبان کیجے
یہ روئیی یاد کر کی دندان صنم	لبریز دُر اشک سی دامان کیجے

ایضاً

کیون عشق مجھی ضعیف کمزور کیا	کاہیدہ مثال کمر مور کیا
ہی گرد و غبار مین اُٹھا جسم مرا	ای خانہ خراب زندہ درگور کیا

ایضاً

جو دل کہ اسیر ہجر دلدار نہو	آگاہ مری حال سی زنہار نہو

کیا جانی وہ اذیت پریشان حالی		جو زلف کی دام مین گرفتار نہو

ایضاً

افسوس کہ تقدیر نی ناسازی کی | | نیرنگی عالم نی دغا بازی کی
اوس ماہ لقا سی کردیا مجکو جدا | | ای چرخ عجب تفرقہ پردازی کی

ایضاً

ای عشق مرا چین نہ بہایا تجہکو | | کچہہ میر استانا ہی خوش آیا تجہکو
دیکھی تری دوستی بس اچہانہ خراب | | جیسا کہ سُنا تھا ویسا پایا تجہکو

مخمس

لذت رنج سفر کرنا [illegible] چاہیے
سر سی اس رہ مین قدم مردانہ مارا چاہیے
جلد چلکر روضۂ اقدس پہ وارا چاہیے
سرور عالم کی مرقد کا نظارا چاہیے
خاک پلکو نسی مدینی کی بہارا چاہیے

تیغ بیمہر سی ابی قاتل نہ مارا چاہیے
قلب عاشق تیغ عشوہ سی دوپارا چاہیے
تیر مژگان سی مشبک دل ہمارا چاہیے
دونون ابرو کا تری ہمکو اشارا چاہیے
قتل کو عشاق کی خنجر دودھارا چاہیے

یاد حق دل مین نہان و آشکارا چاہیے
ماسوی المحبوب عالم سی کنارا چاہیے
کبر سی نفرت فقیرون سی مدارا چاہیے
پشت پا ہر دم سر نخوت پہ مارا چاہیے
بہوت نفس کشتنی کا یون اوتارا چاہیے

دل کی صورت ہوا وہ حرص سے بہرتا ہی نہین
کام کوئی مرضی معبود کا کرتا ہی نہین

زیر رستم دیو اکوان بلا وہ شی سے ڈرتا نہین
نفس سرکش تیغ الا اللہ سے بھی مرتا نہین

اک سکندر بہر سرکوبی دارا چاہیے

پیش نہ ہر عاشقی تریاک بھی تاثیر ہے
عقل جالینوس بھی یان قائل تقصیر ہے

کام رو کی ساحرون کی ہمسری تقصیر ہے
مار زلف یار کی کاٹی کی کیا تدبیر ہے

چشم افسونگر سے اسکا استفسارا چاہیے

رات دن کھیلی جہان کی قصہ خوانی دیکھ لی
لذت بزم وصال یار جانی دیکھ لی

الغرض سب عشرت دنیائی فانی دیکھ لی
لطف طفلی ہو چکا سیر جوانی دیکھ لی

اب تو پیری مین دلا سب سے کنارا چاہیے

بسکہ طفلی سے تری فرقت کا ہو مین مبتلا
کر دیا بار محبت نے مرا قامت دوتا

کیونکر اوس کوہ حسین جاؤن اوٹھکی بستر سے دلا
آہ ہوا اک تو جوانی عشق مین مثل عصا

ضعف پیری کی لیے کچھ تو سہارا چاہیے

وصل و فرقت مین کبھی جیتے کبھی مرتے ہین ہم
صورت پروانہ جانبازی کا دم بھرتے ہین ہم

راز عشق سمجھے ہر نہاں سمجھے ہیں ہم | او کھلی میں سر دیا گلو سی کٹی ہی ہم

عشق وہ سینہ فشین کا آشکارا چاہیے

کیا دکھاتا ہی بھلا شمشیر قاتل دمبدم | جلد اس ناخن سی کر عقدہ کشائی اے صنم

دیکھتا سفاک کیا ہی جلد گردن کر قلم | سر مرا مدت سی تیری تیغ کی بھوکی ہی ہم

ہم جو [illegible] سی مری اب تو اوتارا چاہیے

خوب سمجھا ہی سحر تحصیل دنیا کفر ہی | غیر حق کرنا طلب مطلب ہر اک جا کفر ہی

ہاتھ داماں توکل سی اوٹھانا کفر ہی | عرض حاجت اپنی ہم صورت سے گویا کفر ہی

ہر مصیبت میں خدا ہی کو پکارا چاہیے

مخمس بر غزل شیخ امام بخش ناسخ مرحوم

میں بخت دل نہ قطرۂ خون چکیدہ ہوں | خشک و تر زمانہ سی دامن کشیدہ ہوں

ہستی عذاب نزع ہی وہ آفریدہ ہوں | ہوش رمیدہ ہوں نہ حواس پریدہ ہوں

وحشت میں میں صدای گلوی بریدہ ہوں

مثل شراب سرخ بہا کر لہو مرا | بی جھجھکے یار ساقی سفاک ہنس پڑا

حیرت ہی کچھ لے رحم مری حال پر کیا — کیون میرا سرا و تار کی وہ مست جوش ہوا

کیا مین بھی مثل شیشہ می سر بریدہ ہون

کیونکر ہوا جناب خرابات ہر مین — لاؤن کہان سیتی تاب خرابات ہر مین

ہون سر خوش و خراب خرابات ہر مین — مثل خم شراب خرابات ہر مین

زاہد برای بادہ کشی [illegible] ہون

یہ ضعف سی سبک تن لاغر ہی اتنا آہ — مرکب ہی دوش باد مر اثل برگ کاہ

بانگ جرس کی طرح بلا شک و اشتباہ — لونگا مین سبکو چھوڑ کی ملک عدم کی راہ

ہر چند قافلے مین ہون لیکن جریدہ ہون

دل لگ گیا ہی شوخی رفتار یار پر — دیتا ہون جان نرگس بیمار یار پر

قد خم ہی شاخ گیسوی طرار یار پر — طاقت ہی طاق ابروی خمدار یار پر

محراب کعبہ حاج کہین وہ خمیدہ ہون

بندہ ہی تیری حسن کا آفاق نازنین — زہرہ جبین سی ماہ ہی چہرہ لیسی شرمگین

ہر دل عزیز خاتم خوبی کا ہی نگین — تیرا غلام کچھ مہ کنعان فقط نہین

کہتا ہی مشتری بھی مین تیرا خریدہ ہون

ہر دو سحر مین بطرح کچھ ہی سو ہی کھلا
بی صبح آفتاب ہی نکلا کہین دکھلا
خورشی طلوع صبح کا ہوتا ہی بے لقا
اوا آفتاب منہ افق بام سی دکھا

مانند صبح مین بھی گریبان دریدہ ہون

عاشق سیاہ کا دین زلف سیہ کا ہون
ہی برج منقلب مین مرا اختر زبون
ہر شب سیاہی مجکو دباتی ہی سرنگون
تھا چاک جیب صبح تو مشہور ہی جنون

مین تیرہ بخت شام گریبان دریدہ ہون

ساقی کی ہجر مین ہی دل مضطرب طپان
چہرسی رنگ سر سی اوڑی ہی جیسی آسمان
ہی دخت رزکی دید بھی کا ہم نصیب جان
کسکو خبر کہ شیشہ کہان ہی قدح کہان

بی یار بزم بادہ مین ہوش پریدہ ہون

وحدت کی بالموسی ہی مخفی نمود غیر
چھایا ہو نہین جہان مین نہین ہست بود غیر
ہی رشتہ گسستہ یہان تار و پود غیر
ہرگز نظر نہین مجہی آتا وجود غیر

عالم تمام ایک بدن ہی مین دیدہ ہون

تار نفس ہی نالون سی وابستہ ہمدمو
قالب تہی کرون جو رہون چپ بیادوکو
امر محال کی مجہی تکلیف اب ندو
ممکن نہین ہی ضبط فغان چشم ہو وو
بی اختیار صورت صور دمیدہ ہون

نالان ہین گلرخان جہان اس نمود پر
کب انکو ہی وقوف زیان اور سود پر
سیمان ہی نظر دو رنگی چرخ کبود پر
ہنستا ہون مین کمال کی نسبت اپنی وجود پر
باغ جہان مین مثل انار رسیدہ ہون

لازم ہی آدمی کو وہی چال کو اوٹھاے
جس سی وقار دیدۂ اہل جہان مین پاے
استاد کی یہ بات نہ کیونکر سمجھ کو بہاے
گو جان جا ہی غم نہین لیکن نہ بات جاے
ناسخ وہ کچہ رہا ہی تو مین بہی کشیدہ ہون

مخمس بر غزل مرزا فسخ صاحب مرحوم

تصور ہی جو ہر دم لالہ رخسار خود بین کا
تو داغ نو سی ہی سینہ رشک گلہاے بساتین کا
چمن امی عندلیبو آنکھہ مین پھولا ہی نسرین کا
گل دیدار پایا ہی جو باغ حسن رنگین کا
مرا نظارہ دامن ہی تہی مژگان ہاتھ گلچین کا

یہ وحشت نی اہی تنگ کاکل اوس ہندوی بیدین کا
ہی شک چشم آہو داغ عشق حیرت آگین کا

جگر میں پی میں منی سارہی ہی سودا موی مشکین کا
تصور ہی مجہی ہر دم تنگ و بوی زلف پرچین کا

یہ گل پر خون ہی اب پہلو میں نافہ آہوی چین کا

کہلا ہی داغ سینہ حلقہ اوس خلخال زرین کا
جگر کرتا ہی ٹکڑی ٹکڑی عالم لعل نوشین کا

رخ پر رنگ کی ہی جوش اشک خونین کا
رولاتا ہی جو خون دل خیال اوسکی رنگین کا

مرا دامان پر لخت جگر دامن ہی گلچین کا

سر شام آگیا جب دہیان زلف عنبر آگین کا
ہر اک اختر ہوا معلوم نافہ آہوی چین کا

زبس محو تصور تہا مین حسن بت خود بین کا
خیال آیا جو روی وش عرق قطرات سیمین کا

تماشا شبکو دیکہا صبح تک مہتاب و پروین کا

نظر بہر کر جو دیکہین روی وش کی صفائی کو
مثال آئینہ حیرت ہو عشاق فدائی کو

شعاع مہر ہو تار نظر ساری خدائی کو
دکہائی مہر اوج حسن اگر رنگ طلائی کو

تو عالم ہو ہر اک مرغ نگہ مرغ زرین کا

ازل ہی سی نہین دل مجروح تیری تیغ ابرو کا
کیا عالم کو مینی اضطراب نالہ سی ماہر

ہوا ہون سب سے اول ناوک بیداد سی آخر	تڑپتا خاک و خون مین مجھ سی سیکھا ہی اک طائر

مین بسمل ہون شکار افگن تری ترچھی چتون کا

ہی مہ عنبر فتیلہ چاندنی اوسکا دہوان سارا	ہوا جو بو کا بوسا تیکا مہکتا ہی کان سارا
زمین ہی مشک خیز اور آسمان عنبر فشان سارا	بنا ہی عنبر ترا ہی صبا مغز جہان سارا

کھلا ہی آج جوڑا کسکی جعد عنبر آگین کا

جلایا خرمن ہوش و خرد کا تو نگی تجلی سے	جگر ٹکری ہی تیغ ساق سیمین کی صفائی سے
نکیونکر گرم تر ہو آہ آتشبار تجلی سے	طلائی رنگ نی مارا مجھی برق تجلی سے

مین یارو کشتہ ہون اک مہوش کے تیغ زرین کا

نہین آرام کی جا دہر سونا عین خامی ہی	تلاش عیش یان تضییع اوقات گرامی ہے
رہ بیدار مغز مین محاصل نیکنامی ہے	شب ہستی کی غفلت مین ہی الجھکا ہے

صباح حشر کو دیکھیگا لطف اس خواب نوشین کا

بیان جو صف و کیا او سی غیرت گل کی نزاکت کے	چبھین کانٹی سی تن فرش مخمل پر جو آ بیٹھے
پی گلگشت اگر وہ مہوش گل پیرہن نکلے	کرے پامال کیا مینا ہی [illegible]

کہ خارستان ہی اوسکی زیرِ پا گلزارِ قالین کا

مشابہ ہو نہ اوس سے کیونکہ پری حور و آدم ہو ‌ ‌ ہی اک برقِ تجلی اوس مین ہی حسنِ شبستان سے محکم

کہون کیا جلوہ نوہا اوس سپہرِ حسن کے یارو ‌ ‌ جبین و عارض و عقدِ دُر و قطراتِ عرق دیکہو

تماشا ہی مہ و مہر و بنات النعش و پروین کا

ہوا سے کیا باغ مین ہی آشیان برباد ای بلبل ‌ ‌ ہی خوفِ باغبان و وحشتِ صیاد ای بلبل

تجہی ہی آہِ پُر درد و اثر کب یاد ای بلبل ‌ ‌ ہنسے کیونکر نہ گل سنکر تری فریاد ای بلبل

سنا اوسنے نہین نالہ دلِ عشاقِ غمگین کا

ہوی ہی بزمِ طرب ماتم سراسر خوش ہین سب محزون ‌ ‌ ہی نالِ چنگ و نی مویہ گر اور سینہ آتش خروشان از خون

سرِ جم کاسہ ہی خشتِ سرِ خم خاکِ افلاطون ‌ ‌ صراحی ہچکیان لیتی ہی چشمِ جام ہی پرخون

مگر مارا گیا ہی دو میخواران پیشین کا

نکلوون سے حیرت فزا ہو خطِ سبز پشتِ لعلِ لب ‌ ‌ کہ دودِ آتشِ یاقوت ہوتا ہی مرکب

ہوی منحوس روی روشن بدر حبشِ ظلِ مہِ نخشب ‌ ‌ جلاتی کیون نہ مہرِ انور شمعِ کافوری کو روز و شب

دلکو سونپا اوس تنجۂ مرجانی و ساقِ بلورین کا

نہین محتاج زیبائی کا تو اے مشتری طلعت
ترا حسن جہان افروز ہی اللہ کی قدرت

بتان آذری کیواسطے درکار ہی زینت
جو ہی حسن خداداد اوسکو مشاطہ کی کیا حاجت

کہ ہی مست عروس مہر کب محتاج تزئین کا

جوانی کی تو شب بیخود بنا ہی مست دامن
ہوا کافور مشک زندگی براق موی تن

ہی کیا کیفیت مے اب کہ ہی خوف شب مدفن
سیہ کاریسی پیری مین تیرہ ہی اپنی عمر مزمن

کہ صبح کوچ کو غافل نہین حظ خواب نوشین کا

نہ پوچھو اے بت تو اپنی بار سنگ عشق کا عالم
اوٹھا اوسکو سکین کیا تاب سام طاقت رستم

پڑے گر کوہ پر یہ تو قارون کا وہ ہو ہم جم
زمین پر ٹیک دی سینی کو پیل آسمان آدم

جو حامل ہو تری غزلت گزین کی بار تمکین کا

اجل ہی غم آسایش مجھی اے سرو سیمین تن
جنازہ تخت گہ عشرتکدہ ہی گوشہ مدفن

اثر شہد لب شیرین کا ہی اے شمع روشن
مجھی ہی شربت آب زندگی کا تلخی [illegible]

مزا ہی کام جان مین بوسہ ہای لعل نوشین کا

بجا ہی گر غزال اے سرو سیمین تن کو خوش آئی
مری [illegible] پامال کیا مینا ہی [illegible]

تھی جیسی جانفزا پیراہن یوسف بدن پہ بو ویسی ہی
گل مضمون نازک مین ہے بو اوس نازنین تن کی

نکیون ہو شوق گلرو کو مری شعر رنگین کا

کہون گر مطلع دیوان حسن اوس پری پیکر کو
تو سمجھون رو مطلع مطلع خورشید انور کو
حواس خمسہ موزونی جو بخشین فکر نو بر کو
کرون ضم باہم آہ و سرو شمشاد و صنوبر کو

اگر ہو قصد مصراع قد موزون کی تضمین کا

فلک جلکر شرر افشان نہین کب آہ سوزان سے
کہ ہے طاوس آتشبار ہر شب آہ سوزان سے
عیان لاحول کا ہوتا ہے مطلب آہ سوزان سے
نہ بھاگین کیونکر اغیار شرر آہ سوزان سے

کہ یہ تیر شہاب آسا ہے وہ لشکر شیاطین کا

ہے کیا شرم نام ننگ کو ہی خاکساری مین
ملین جب سلطنت کی ڈھنگ کو ہی خاکساری مین
نہ جانا تم ہر اک لتنگ کو ہی خاکساری مین
ہے تخت و تاج خاک و سنگ کو ہی خاکساری مین

ترا کوچہ ہے اخگاہ شاہی تیری مسکین کا

مراغ تن افزون ہے خلعتہای مزور سے
ہے قد رسایہ دیوار برتر چتر قیصر سے
[illegible] دللو رسوزش مشجر سے
نہین ہے مسند مخمل کی کم خار اوسکی بستر سے

حسد ہی بالشِ بالِ ہما کو خشت بالین کا

شہیدِ ناز جانان خندہ جاوید ہی گویا
کفن کو چادرِ صبح اور ہی غسل آب جان افزا

جنازہ ہی بنات النعش ہر اک نخل ماتم کا
لب جان بخش خط روح افزا کا جو تھا کشتا

مسیح و خضر نی سامان کیا تجہیز و تکفین کا

سحر ہی مست صہبای ایاغ حسن کا فرخ
اثر دیکھہ اوس گل نازک دماغ حسن کا فرخ

دل بیتاب پروانہ چراغ حسن کا فرخ
لکھا ہی مصحف رنگین حبیب باغ حسن کا فرخ

قلم ہی بلبل خوش لہجہ گلزار مضامین کا



واسوخت

یاد ایام کہ کچھہ غمسی سروکار نہ تھا
غمزہ نرگس بیمار کا بیمار نہ تھا
دل کسی زلف پریشان کا گرفتار نہ تھا
رو کش سلک گہر آنسو ونکا تار نہ تھا
روز و شب شام و سحر عیش و طرب ہوتا تھا
اسطرح بیخبر و بیخواب مین کب ہوتا تھا

یہی اغلب ہی آنکھونکو نہ آگاہی تھی
مضحکہ جانتی تھی عشق کو رونی کو ہنسی
نالہ کیا چیز ہی کانون نی سنا تھا نہ کبھی
کچھہ نہ واقف تھی کہ ہوتی ہی محبت کیسی
ننگ و ناموس کا اک پاس رہا کرتا تھا
دلکو رسوائی کا وسواس رہا کرتا تھا

خود فراموش رہتی تھی کسی شخص کے یاد — عشق کو جانتی تھی فتنہ و آشوب فساد
طبع تھی بند تعلق سی ہمیشہ آزاد — سرسری جانتی تھی قصۂ قیس و فرہاد

آشنا ہونٹوں سی افغان نہ کبھی ہوتی تھی
صحبت دست و گریبان نہ کبھی ہوتی تھی

گر کسی شخص کو سنتی تھی کسی پر شیدا — خوب ہنستی تھی کہ سودائی ہی یہ دیوانا
دلمین کہتی تھی الٰہی یہ محبت ہی کیا — ننگ و رسوائی کا جسمین نہین ہے وہیان اصلا

رونا اور نالہ و فریاد کا کرنا کیسا
زندگی بھر لب جانبخش پہ مرنا کیسا

دیکھکر ہمکو کوئی منہ جو چھپا لیتا تھا — آنکھ اوٹھا کر نہ ادہر دیکھتی تھی ہم اصلا
نازبیجا سی طبیعت کو تنفر تھا سدا — خوش نہ آتی تھی کسی شخص کی بیہودہ ادا

ٹیڑھی رہتی کسی خنجر ابرو کی ساتھ
بل کیا کرتی تھی پیچ و خم گیسو کی ساتھ

لال آنکھیں تھین تب غش سی چہرہ تھا زرد — اسطرح کا ہمکو رہتا تھا دل زار مین درد

ہر نفس لب پہ ہا کرتا تھا یوں دم سرد
ہرزہ گردی سے جمی تھی نہ سراپا پر گرد

گہر اشک نہ دامن پہ کبھی گرتی تھے
دشت میں یوں نہ بگولی کیطرح پھرتی تھے

رابطہ کچھ بھی تھی لب سے نہ کبھی آہ و فغان
نالۂ گرم نہ تھا شعلہ فشاں صاعقہ سان

چشم حیران تھی نہ آئینۂ تصویر بتان
تھا رگ ابر بہاری نہ سر ہر مژگان

حال آشفتہ نہ تھا کاکل و سنبل کیطرح
جامہ صد چاک نہ تھا پیرہن گل کیطرح

دل میں خار مژہ رہتا تھا خلش افزا کب
آشنا نالہ و فریاد سے مطلق تھی نہ لب

متردد تھی نہ روز اور متفکر تھی نہ شب
جیکو غم جسم کو کاہش تھی نہ تھا دل کو تعب

کو بکو پھرتی نہ تھی کثرت بیتابی سے
رات بھر تارے نہ ہم گنتی تھی بیخوابی سے

دمبدم رہتا تھا کب ذکر صنم ورد زبان
رات دن مہر خموشی تھی نہ یون قفل دہان

برق سان تھا دل پر سوز نہ سینے میں طپان
چہرۂ فق سے نہ ظاہر تھا وفور خفقان

رنگ رخ صدمۂ دل سی نہ اوڑا کرتا تھا
اشک خونین سی نہ دامن کبھی یون بھرتا تھا

خلد تھی بزم طرب عیش کی شادابی سی
دل تھا آرام مین واقف تھی نہ بیتابی سی

چین سی سوتی تھی آگہ نہ تھی بیخوابی سی
اشک مثل دُر نایاب تھی نایابی سی

اشک گلرنگ سی دامن مرا گلگون کب تھا
لالہ سان داغ انیس دل پُرخون کب تھا

دشت پیمائی مصیبت تھی نہ ہر روز قدم
ننگی سر کوہ و بیابان مین پھرتی تھی ہم

پائی پُرآبلہ سی خار نہ یکسر تھی بہم
اپنی ہمسایہ سی وحشت مین یون کرتی تھی رم

ہمکو دیوانہ نہ ابنائی زمان کہتی تھی
لڑکی پتھر لیی گھیری نہ ہمین ہتی تھی

یہ نہ سمجھی تھی کہ ہمپر یہ بلا آئیگی
رنگ یہ گردش افلاک نیا لائیگی

دوری راحت جان روح کو تڑپائیگی
جیتی جی جیسی جانشین کی چھڑوائیگی

دشت مجنون دل شوریدہ کو دکھلائیگا

عشق دیوانہ بنائیگا غضب لائیگا

اب جو دیکھا تو بلا عشق کو پایا ہمنے
گل یہ کھائی کہ چمن تازہ کھلایا ہمنے

داغ پہ داغ دل زار پہ کھایا ہمنے
نالۂ گرم سی بجلی کو جلایا ہمنے

عشق میں چشم صنم اک جوش جنوں لے آیا
وہ مرض جس سی کہ پرہیز تھا آگی آیا

مضطرب ہوں کہوں کیا حال دل خانہ خراب
جا بجا اشک آنکھوں سی ٹپکا ہے جا بجا خون خناب

سینے میں پارۂ سیماب صفت ہی بیتاب
زندگی بحر فنا میں ہی نقش بر آب

جوش گریہ جو ہی آتا نہیں خواب آنکھوں میں
دم ہی اٹکا کوئی دم مثل حباب آنکھوں میں

پھونکی دیتی ہی بدنکو تپ ہجران فراق
دل ہی سینی میں طپاں وصل صنم کا مشتاق

بیٹھنے میں ہی قلق ضعف سے اٹھنا ہو شاق
دفتر عقل کی ہیں درہم و برہم اوراق

یاد رفتار میں غزال غم سی ہی پامال اپنا
عشق کاکل میں پریشاں ہے بہت حال اپنا

نیند آتی نہین فرقت مین قلق کی مارے
صاف یاد آتی ہین وہ دانت جو پیارے پیارے

صبح کرتی ہین ہر اک رات کو گن گن تارے
تارے سجاتی ہین سب پیش نظر ہو کے

شعلۂ رخ کی تصور مین جلا کرتا ہون
رات دن مین کف افسوس ملا کرتا ہون

اپنی محبوب پہ کسطرح نہ مین شیدا ہون
حسن مین مثل ہی کوئی اوسکا نہین جسکو چاہون

جان کیون اپنی مسیحا کی نہ انداز پہ دون
دیکھون یوسف کو تو کیا نام زبانی بھی نہ لون

عمر بھر اوس یم خوبی سی کنارا نکرون
حور بھی سامنی آئی تو نظارا نکرون

ایسا محبوب نفاکیش ہی کسکو ملتا
ناز بیجا سی نہ آگاہ ہو وہ مہ اصلا

اپنی عاشق کی خوشی مین جو ہو مصروف سدا
کج ادائی کو سمجھتا ہو بدا و ر نازیبا

رنگ عاشق کا جو فق دیکھی تو حیران ہو جای
بال آشفتہ سر مو تو پریشان ہو جای

چشم عاشق کو جو نمناک کشیدہ دیکھے
منہ پہ منہ رکھکی گلے لگ کی وہ آنسو پونچھے

رنگ فق چہرے کا ہو مجھ سے جاتے دیکھے
رنج میں کیوں ہو خطا کوئی ہوئی کیا مجھ سے

نہ ہو نا مروت کرو تمکو مری ہی کی قسم
منہ سے ہی آہیں نہ بھرو تمکو مری ہی کی قسم

رنج عاشق کو نہ ہو ہرگز گوارا انکو
یہ حیا ہو کہ کسی سے نہ ہو نظارا انکو
کوئی مانع ہو محبت سے کنارا انکو
مریں حسرت سے رقیب ایسا ہو وہ اشارا انکو

شہر گردی ہو نہ اوس میں نہ ہرجائی ہو
نہ تو خودکام ہو نہ محو خود آرائی ہو

پارسا ہو نہ مناہی کی طرف مائل ہو
رحم ہو شرم مروت ہو نہ سنگین دل ہو
ایک بلبل کی سوا سب سے وہ گل غافل ہو
ذی لیاقت ہو وفادار ہو اور عاقل ہو

خودسر و موذی و سفاک و ستمگار نہ ہو
دلربا دلبر و دلکش ہو دل آزار نہ ہو

ہم جو آن آتے نہ سوئیں وہ نہ سوئے دو دو شب
نہ گوارا کرے عاشق کا غم و رنج و تعب
تلخ کاموں سے تو شیر ہو وہ شیریں لب
دلمیں ہو مہر طبیعت میں نہ ہو قہر و غضب

جلوۂ حسن مین ہو بدر نہ فائق اوس سے
منہ اوتر جاے ہو آزردہ ہو عاشق اوس سے

حسن ایسا کہ زمانے مین نہ پیدا ہو نظیر
ہے جبین نصف مہ اور بدر ہے رخسار منیر

مہر کو زرد کرے چاند سے اوسکی تصویر
قوس چرخ ابروے کج اور مژہ غمزہ تیر

شمع گردن کا دہوان ہے وہ چلیپا کاکل
گوشوارے ہین ثریا شب یلدا کاکل

کان اوس کان صباحت کے ہین شگ گل تر
ہے ہر اک چین جبین وہ کش خط محور

لب لعلین ہین جو یاقوت تو دندان گوہر
چشم شہلا وہ کہ شرمندہ ہو جس سے عبہر

سرمہ سا چشم بلاے دل و جان عاشق
لب جان بخش مسیحائی وہ ان عاشق

غنچے سے تنگ دہن غیرت گلبرگ وہ لب
دیکھکر جلوۂ زلف و لب و رخ ہے عجب

غیرت کوکب رخشان ہین وہ دندان سب
حسن آباد ہین کیا چین و ختن شام حلب

مشک و یاقوت و قمر سے کہین بہتر ہین

سنبل و غنچہ و گل باغ مین شرمندہ ہین

آنکھ وہ دیدہ آہو نی جو دیکھی نہ کبھو
ہو بہو ابرو خمدار ہے مد آہو
غیرت سنبل تر گھونگر و والی گیسو
بالون مین عنبر سارا سی زیادہ خوشبو

جھلہ موباف سی ہٹی کی ہی پیا چوٹی
ذو ذنب سی ہے فروزندہ دو بالا چوٹی

گورا گورا وہ گلا صاف اگر دیکھی پای
صدمہ رشک سی لب جو کی چہاتی پھٹ جای
شمع کافوری کھلی جلکی پہا نتک شرمای
نو سی چشم تماشائی مین پانی بھر آی

مہر شرمندہ ہی فق روی مہ روشن ہے
واہ کیا چہرہ پر نور ہی کیا گردن ہے

ہاتھ وہ ہاتھ فدا جن پہ ہے یکدست جہان
شاخہای شجر طور ہین اونپر قربان
پنجے نی پھیر دیا پنجہ مہر تابان
منفعل دست حنائی سی ہی شاخ مرجان

مرتبہ طالب دیدار کو ہی موسی کا
نور پیدا ہی ہتیلی سی ید بیضا کا

لوح سیمین سے صفا مین فزون سینہ صاف
بہتر آئینہ سی بلور سی افزون شفاف

سخت حیرت ہے کہون چہاتیونکے کیا اوصاف
دل ٹہر کتا ہی جسے دیکہکی تقصیر معاف

فلک حسن کے ہین کوکب رخشان دونون
نخل قامت سی ہین یا سیب نمایان دونون

شکم نرم کی خوبی کا کہون کیا عالم
شکم پر جا ہی تو حیران ہو سارا عالم

دیکہا مخمل مین نہ آئینہ مین بہیا عالم
ایک نظارے کی رکہتا ہی تمنا عالم

نازکی پر شکم صاف کی دل شیدا ہے
پا ہی نظارہ پہسلتا ہی نشان پیدا ہے

ناف آہو سی ہی وہ ناف کہین خوشبوتر
دیدۂ حور جنان ناف کمر تا نظر

اور نزاکت مین کمر ہی کہ برگ گل تر
یا کمر بال گرہ بال کی ہے ناف کمر

گل نشگفتہ فردوس ہے یا ناف اوسکی
سنبل خلد کا ہی تار کمر صاف اوسکی

کب نزاکت سی کمر اوسکی نظر آتی ہی
مثل موجہ معنبر مین لپٹ جاتی ہی

بسکہ باریک ہی وہ بال کو شرماتی ہی
جنبش ناز سی رفتار مین بل کھاتی ہی

باد کی جھوکی سی ہر گام لچک جاتی ہی
چشم عشاق مین بجلی سی چمک جاتی ہی

پاؤن ایسی کہ صفائی مین خجل ہی نور
خار مخمل کو صحبت مین ہی گم کرون حور

اونکی نرمی و لطافت کا کرون کیا مذکور
ہی شب وصل عمود سحری سان پر نور

زانو کب چشم تصور سی جدا ہوتی ہین
مہر و مہ کاسۂ زانو پہ فدا ہوتی ہین

ساق یا شمع کہ شاخ شجر ایمن ہی
پشت پا سرخی یاقوت پہ چشمک زن ہے

صورت قد شہاب ایک سی الکی روشن ہے
کف نازک سے خجل برگ گل گلشن ہے

سرو رعنا کو کیا سیدھا قد بالا نی
پیسے دل کبک کی رفتار قیامت زا نی

سر سی لی تا بقدم نور کا پتلا ہی وہ
شعلۂ طور ہی یا آتش موسی ہی وہ

سر بسر حسن مجسم ہی تماشا ہی وہ
قدرت خالق انوار سراپا ہی وہ

گویا سانچی مین ہی ڈھلا ہوا تن اوس کا
کوئی بھی روپ نہین عضو بدن اوس مہ کا

جا ہی انصاف ہے جس شخص کا ایسا ہو حبیب
کیون نہ وہ ہووی نہ ناکام ہو مرنیکی قریب

دم نقد وصل سی رہ جائی فراق اونکو نصیب
جیتی جی مردون سی بدتر ہون نکیونکر وہ غریب

ایسی محبوب کا جو صدمۂ فرقت دیکھے
تا کہ وہ شادی و آرام کی صورت دیکھے

تلخی مرگ جدائی ہو نہ کسطرح شاق
دارو وصل سوا اسکا نہین ہی تریاق

ہو گیا ہر رگ و پی مین اثر زہر فراق
مبتلا طرفہ بلا مین ہی جان مشتاق

اک طرف ضعف ہی اور حیرت سکتہ کسو
شوق ہے ایک طرف وحشت و سودا کسو

ہر شب اوس رخ کی تصور مین بسر ہوتی ہے
آستین آٹھ پہر اشکون سی تر ہوتی ہے

کثرت آہ و فغان شام و سحر ہوتی ہے
دل کی حالت مری ہر روز بتر ہوتی ہے

زیست سے یاس ہی ہر وقت بسکہ کرتا ہون

طلب وصل کی خالق سے دعا کرتا ہوں

کیا کروں طاقت پرواز اگر میں پاتا
اپنی بلقیس کے میں شہر کو اڑ کر جاتا

تیزی میں مرغ سلیماں کو بھی میں شرماتا
سارے عالم میں سلیمان جہاں کہلاتا

روز اٹھکر نہ اٹھاتا میں جفا فرقت کی
سر شوریدہ پہ آتی نہ بلا فرقت کی

الغرض فرقت دلدار قیامت ہے مجھے
دوری جان جہاں قہر ہے آفت ہے مجھے

ناتواں ہوں نہیں رفتار کی طاقت ہے مجھے
سد رہ جو غرض بعد مسافت ہے مجھے

کوئی صورت نہیں جو وصل کا ساماں ہو جاے
ہاں خدا چاہے تو مشکل مری آساں ہو جاے

ای سحر شکوہ بیمہری گردوں کب تک
عرض کر حق سے کہ ای خالق انسان و ملک

راز مکنوں جو ہے تجھپہ ہے ظاہر یک یک
تجھسے انجاح مطالب ہے بلا شبہہ و شک

مرض ہجر سے اب جلد شفا دے مجکو
پھر مرے رشک مسیحا سے ملا دے مجکو

تاریخ بنای مسجد جامع مصطفی آباد

مسجد جامع بنا فرمود سلطان زمان — دیده حق بین ندیده ثانی او در منام

گنبد او همسر ماه از کمال ارتفاع — پایه بنیان یافته از پشت ماهی انضمام

طاق هر محرابش از جوش صفا رشک هلال — هر ستون پر ضیایش شمع بزم احترام

قبه گنبد مدار تیر آسمان — هر مناره هاش قطبین سماوی را قیام

هست صحن با فضایش رشک افزای صفا — هر ستون و هر مصلا روکش رکن و مقام

صحن او چون صحن گلزار جنان مینو سرشت — حوض پر آبش مثال زمزم بیت الحرام

در حریمش روز و شب مشغول طاعت قدسیان — در رکوع و در سجود و در قعود و در قیام

میشود هر دم گمان صبح از جوش صفا — مر شب بیدار را از شام تا آغاز بام

قبه او شعله طور است کز نظاره اش — میشود بیخود ملک چون موسی عالیمقام

خم محرابش مثال ابروی حور جنان — عارض غلمان بصفا از مرمر او کرده وام

هست هر طاق بلندش بسکه در آفاق طاق — از نظیرش عقل عاجز شد بوقت اهتمام

فکر تاریخ عمارتش داشتم در دل بحر | ناگهان ملهم شدم از فیض رب الکرام

پی محرابش گزیدم از برای اعتکاف

گفتمش اینست بیشک ثانی بیت الحرام

۱۲۵۵ھ

تاریخ عروسی حضرت سلطان عالم محمد واجد علی شاه

صاحبقران اعظم سلطان خلق عالم | کز صولتش بلرزد از روم تا به تفلیس

اسفندیار جرأت نوشیروان عدالت | در حسن رشک یوسف در علم مثل ادریس

گردون فلک بکاخش محکوم حکم عامش | تیر و زحل مه و خور بهرام زهره برجیس

عهد سعید او کرد احکام رمل مهمل | شد هم خواص لحیان با شیر شکل انکیس

خاصیت کواکب شد پاک از نحوست | تربیع ز منجم جهان نهد به تسدیس

در ساعت همایون آهنگ عقد فرمود | ناهید شد مشرف از اقتران برجیس

در وجد پیر گردون از نغمهٔ اغانی | زهره برقص آمد بر چرخ لیل تعریس

گلزار بحران شد دهر از خلاع گلگون | باغ جهان ز فیضش شد غیرت فرادیس

خالی ز بخشش او کردند کان و دریا	سائل ز لعل و گوہر پیمانۂ کاس و ہم

کلک سخن بہ صنعت بنوشت سال تاریخ

در حجلہ گہ سلیمان آید مہد بلقیس

۱۲۶۷ھ

تاریخ شادی مرزا ولیعہد بہادر

شہ کشور ہند سلطان عالم سکندر شکوہ و سلیمان عالم

بعدل و سیاست نگہبان عالم جہانبان و خاقان و قاآن عالم

فلک رتبہ واجد علی شاہ عادل وہ گل ہی ہی آفرینش عنادل

جہان گر ہی قالب تو ہی بادشاہ دل بجا ہی وہ سی گر کہیں جان عالم

پی وصلت درۃ التاج شاہی جناب ولیعہد ظل الٰہی

بپا جشن ہی ماہ سی تا بماہی چراغان فضای شبستان عالم

سلیمان کو وصلت ہوئی ہی پری سی قمر متصل ہی شہ خاوری سی

قران زہرہ کو ہو گیا مشتری سی ہی سعادت سی مملو ہی ایوان عالم

بناہی ولیعہد خورشید سیما بنا باشکوہ فریدون مع دارا
کرن کا ہی سہری کی لڑیون پہ جلوا رخ پر ضیا مہر تابان عالم

طرب خیز از بس ہوای جہان ہی جہان عشرت گلشن بیخزان ہی
خزان سی بری ہی باغ ہندوستان ہی فضا پر بہار گلستان عالم

پری جن ملک حور انسان و غلمان لگی کہنی یون شش جہت سی بالحان
ہمیشہ رہی عیش و عشرت کا سامان سلامت رہی شاہ شاہان عالم

ہزارون کی بر مین ہین ملبوس گلگون ہوا ارغوان زار ہی ہر گردون
چمن ہی شقائق کا بزم ہمایون گل عیش ہی زیب دامان عالم

سحر جب لگا کرنی تاریخ موزون بہ عجز عا ئیہ ہاتف نی بتلایا مضمون
